www.besturdubooks.wordpress.com

ادیان کی جنگ

دینِ اسلام یا دینِ جمہوریت

تالیف: مولانا عاصم عمر صاحب دامت برکاتہم

www.besturdubooks.wordpress.com

ادارۂ حطین

انتساب

رحمۃ للعالمین، محمد مصطفیﷺ کے دین پر قربان ہو جانے والوں کے نام...... جو اس جرم میں غائب کر دیئے گئے اور گم شدہ کہلائے...... حالانکہ ان کے نام تاریخِ اسلام کے سینے پر سنہری حروف سے لکھے جا چکے، جن کو روزِ محشر محمدﷺ کا رب ظاہر فرمائے گا...... جنھوں نے جان کی قربانی دے کر امت کو خلافت کا بھولا ہوا سبق یاد کرایا اور جو خلافتِ اسلامیہ کے درخت کو اپنے لہو سے سیراب کر رہے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

پیش لفظ

الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ وبعد،

جب یہ امت دورِ عروج میں تھی تو اس کے علماء وفقہاء کی توجہات کا مرکز یہ ہوتا تھا کہ وہ بیرونی فکری یلغاروں سے اسلامی عقائد کو محفوظ رکھیں، علم و عمل کے میدانوں میں کفار کے حملوں کا مقابلہ کریں، دینِ حق کی پاکیزہ دعوت کو چہار دانگ عالم میں نشر کریں، اس دعوت کو دلائل و براہین اور تیغ و سنان ہر دو ذرائع سے غالب کریں، گمراہ فرقوں کی تحریفات کو اہلِ سنت کے یہاں در آنے سے روکیں اور دین کے روشن چہرے پر زمانہ گزرنے کے ساتھ جو گرد و غبار پڑے اسے نہایت تن دہی سے صاف کرتے جائیں...... تاکہ اللہ جل شانہ نے اپنے دین کی حفاظت کا جو وعدہ کیا ہے، اس کی تکمیل میں ان کا حصہ بھی لکھا جا سکے۔ تبھی اس امت کے اہلِ علم کبھی روم و فارس کے خلاف میدانِ جہاد میں برسرِ پیکار نظر آئے، کبھی خوارج اور روافض کے فتنوں کا علمی و عملی مقابلہ کرنے میں مصروف رہے، کبھی یونانی فلسفے کے زہریلے حملوں سے امت کے عقائد کا تحفظ کیا، کبھی باطنی فرقے کی سازشوں سے امت کو خبردار کیا، کبھی جابر حکمرانوں کے آگے کلمہء حق کہہ کر اذیتیں سہیں اور کبھی تاتاری یلغار اور کبھی صلیبی حملوں کے مقابلے کے لیے امت کو بیدار کیا۔ اللہ کی رحمتیں ہوں ان علماء اور ائمہ پر!

پھر جب امت پر زوال آنا شروع ہوا تو ترجیحات تبدیل ہونے لگیں۔ امت بیرونی خطرات سے منہ پھیر کر داخلی کھینچاتانی اور باہمی اختلاف کا شکار ہو گئی۔ امت کے علماء کی صفوں میں بھی مسلمانوں کے متفقہ اصول و عقائد کے تحفظ سے زیادہ مسلمانوں کے اندر ہی فروعی مباحث پر معرکے جمانے کا رجحان بڑھنے لگا، شریعت کی حاکمیت قائم کرنے سے زیادہ اپنے اپنے مکتبہء فکر کو غلبہ دلانے کا جذبہ زور پکڑتا گیا...... اور نتیجتاً یہ امت اپنے داخلی اختلافات میں ایسی الجھی کہ ہر قسم کی بیرونی یلغار کے لیے دروازے چوپٹ کھل گئے اور ان دروازوں پر کوئی دربان، امت کا کوئی محافظ، کوئی نگہبان و پاسبان باقی نہ بچا...... سوائے اہلِ علم واہلِ درد کی ایک قلیل تعداد کے جو تنہا اتنا بڑا محاذ سنبھالنے کے لیے ناکافی ثابت ہوئے۔ نتیجتاً مغرب نے نہ صرف ہمیں عسکری اور سیاسی طور پر مغلوب کیا، بلکہ

مغرب کے متعفن شرکیہ عقائد وافکار بھی امت میں در آئے۔ اسلام کے بنیادی اصولوں سے متصادم نظریات کو عین اسلام قرار دیا جانے لگا، اسلام کی ایک ایسی تشریح کی جانے لگی جو 'حاضر و موجود' نظام اور غالب تہذیب سے مفاہمت پر مبنی ہو، بلکہ اس کی ہر قدر، ہر عقیدے، ہر تصور کو اسلام ہی سے ثابت کرتی ہو۔ ماضی قریب تک یہی غلامانہ ذہنیت اور زوال پذیر قوموں کا یہی اسلوب ہماری علمی فضا پر راج کرتا رہا...... اور اس کے خلاف مزاحمت کرنے والی آوازیں کمزور اور ناتواں ہوتی گئیں۔

لیکن اللہ نے اس دین کی حفاظت کا وعدہ کیا ہے۔ یہ اللہ کا آخری دین ہے اور اس کی اپنی طبیعت میں کفار کی توقع سے کہیں زیادہ بغاوت و مزاحمت کا مادہ اور پلٹنے جھپٹنے کا جذبہ و قوت موجود ہے۔ پس اللہ کے فضل سے گزشتہ سالوں میں...... بالخصوص روس کے خلاف جہاد اور پھر گیارہ ستمبر کے مبارک واقعات کے بعد...... امت میں پھر سے بڑے پیمانے پر بیداری کا ایک عمل شروع ہوا ہے۔ بیرون سے آنے والی فکری و عسکری یلغار کے مقابل کھڑی کمزور آوازیں توانا ہونے لگی ہیں، مجاہدین کی غربت واجنبیت دور ہو رہی ہے، حق گو علماء کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے اور امت نے الحمد للہ پھر سے عروج کی طرف سفر شروع کر دیا ہے۔ اس سفر کا آغاز ہو جانے کی ایک اہم دلیل یہ ہے کہ امت کے اہلِ علم میں، عرب و عجم کے دینی حلقوں میں، اللہ رب العزت مستقل ایسے افراد اٹھا رہے ہیں جو اسلاف کے علماء کی طرح امت کو درپیش حقیقی خطرات کی طرف متوجہ ہوئے ہیں، بیرونی یلغاروں کے خلاف بند باندھنے کا کام کر رہے ہیں، امت کو فروعی و نظری مباحث سے نکال کر اہم تر اصولی اور عملی امور کی طرف متوجہ کر رہے ہیں اور بالخصوص مغرب کے جو زہریلے افکار ہمارے یہاں در آئے ہیں، ان کی نشان دہی کرنے، ان کا ابطال کرنے اور اسلام کی پاکیزہ تعلیمات کو ان کے اصل رنگ میں پیش کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔

ایسے ہی اہلِ علم میں سے ایک، مجاہد عالمِ دین مولانا عاصم عمر صاحب دامت برکاتہم بھی ہیں، نحسبہ کذلک واللہ حسیبہ۔ آپ کا نام برصغیر کے علمی حلقوں میں کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ اس سے قبل بھی آپ کی متعدد تحریرات منظرِ عام پر آچکی ہیں جن میں نہایت دلسوزی سے امت کو ان خطرات سے خبردار کیا گیا ہے جن میں وہ گھری ہوئی ہے اور اسے اپنے دین کی طرف واپس پلٹنے اور اسے مضبوطی سے تھامنے کا درس دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان تحریرات کو خصوصی مقبولیت سے نوازا اور انہیں عوام وخواص میں یکساں پذیرائی ملی۔

آپ کی زیرِ نظر تصنیف وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کرتی ہے...... اور عصرِ حاضر کے سب سے بڑے فتنے، فتنہ ءِ جمہوریت کی حقیقت آشکارا کرتی ہے۔ کتاب میں جمہوریت کا مفصل شرعی محاکمہ کیا گیا ہے اور عقل اور دل دونوں کو اپیل کرنے والے دلائل کے ذریعے جمہوری فکر و فلسفے اور جمہوری نظام کی قباحت اور اس کا اسلام سے صریح تصادم واضح کیا گیا ہے۔ نیز شریعت سے ہٹ کر فیصلے کرنے والی عدالتوں کی شناعت و خطرناکی بھی قرآن و سنت اور ائمہ ءِ کرام کے اقوال کی روشنی میں بخوبی بیان کی گئی ہے۔ مصنف نے ایک محبت کرنے والے داعی کی طرح امت کو جمہوریت کے فتنے کے مفاسد سمجھائے ہیں، ہر اس دلیل کا جواب دینے کی کوشش کی ہے جسے جمہوری نظام میں شامل ہونے والے حضرات اپنے اس فعل کے جواز میں بیان کرتے ہیں، ہر ممکنہ شبہے کو دور کرنے اور ہر اشکال کو رفع کرنے کی سعی کی...... تاکہ قارئین خود کو اس فتنے سے علیحدہ کرلیں۔ پھر آپ نے موجودہ نظام ہائے باطل کو منہدم کرنے کے اصل راستے، یعنی مسلح جہاد کا شرعی و عقلی جواز بھی بیان کیا ہے تاکہ جمہوری نظام سے کٹنے کا فیصلہ کرنے والوں کی صلاحیتوں کو درست رخ دیا جاسکے۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ آپ کی اس تصنیف کو جمہوریت کا بت توڑنے کا ذریعہ بنادے اور بالخصوص اہلِ دین طبقات کو اس کے سحر سے نکالنے کا باعث بنادے۔ اللہ اس تصنیف کے ذریعے اہلِ پاکستان کی گردنوں پر مسلط باطل نظام کی برائی، دینِ جمہوریت کا دینِ اسلام سے تضاد اور مغربی افکار کا اسلامی عقائد سے تصادم یہاں بسنے والے مسلمانوں کے قلوب و اذہان پر منکشف فرمادے...... تاکہ وہ اپنی زندگیاں اس نظام کو الٹانے، مغربی عقائد، مغربی افکار اور مغربی طرزِ حیات سے نجات پانے اور اس کی جگہ اسلامی عقائد عام کرنے، اسلامی طرزِ زندگی رائج کرنے اور شرعی نظام قائم کرنے کے لیے وقف کردیں۔ آمین!

وصلی اللہ علی نبینا محمد و علی آلہ وصحبہ وسلم

ادارۂ حطین

www.besturdubooks.wordpress.com

فہرست

www.besturdubooks.wordpress.com

مطالعہ سے پہلے...... گزارشات

الحمد لله وحده الذي له الخلق والأمر، وهو يخلق كما يشاء ويأمر كما يشاء، والصلاة والسلام على رسوله الذي بعث بأربعة سيوف ليظهر الدين على الأديان كلها، ﷺ۔

امابعد!

تاریخِ فتن کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ کہنا غلط نہ ہو گا کہ فتنۂ جمہوریت تاریخِ اسلام کے ان چند فتنوں میں سے ایک ہے جس کے تھپیڑوں نے امتِ مسلمہ کے وجود پر دیرپا اثرات چھوڑے ہیں۔ یہ ایسا تاریک فتنہ ہے کہ جہاں صرف علم کی شمعیں کافی نہیں بلکہ نورِ نبوت ہی سے راہِ حق کو تلاش کیا جا سکتا ہے۔

فتنۂ جمہوریت...... اللہ کے مقابلے میں اس نظام کو معبود بنانے کا فتنہ...... قانون سازی کا حق اللہ سے لے کر اس نظام کو دے دینے کا فتنہ...... اللہ کے قوانین کو منظور ہونے کے لیے غیر اللہ کا محتاج بنانا...... مسلمان کو اللہ کی عبادت سے نکال کر غیر اللہ کی عبادت میں اس طرح داخل کر دینا کہ پتہ بھی نہ چلے...... موجیں مارتا فتنہ...... تاریکی واندھیریوں کا فتنہ جہاں ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہیں دیتا، کوئی دلیل سمجھ میں نہیں آتی، جس کا کفر سے بھرا وجود سراپا بے ضرر اور اسلام سے غیر متصادم نظر آتا ہے۔

سو اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہو گا کہ جمہوریت صرف ایک فتنہ نہیں بلکہ فتنوں کو جنم دینے والی متعدّی بیماری ہے جو امتِ مسلمہ کے وجود سے کچھ اس طرح چمٹی ہے جیسے جونک چمٹ جایا کرتی ہے۔

چونکہ بندے کا علم اس قابل ہر گز نہیں تھا کہ اس موضوع پر کچھ لکھ سکتا، لٰہذا اس کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے بندے نے آخری حد تک احتیاط سے کام لیا ہے۔ قلم کی لگام کہیں بھی اپنے ہاتھ میں نہیں لی بلکہ سارا سفر اس حال میں طے کیا کہ اس کی لگام کو سلفِ صالحین کی تعلیمات سے باندھے رکھا، اور خود اس مقلد سوار کی مانند رہا جو کسی ماہر ڈرائیور کی گاڑی میں آرام سے سفر کرتا چلا جا رہا ہو۔

سو کتاب کی تیاری میں بندے نے ایک بار پھر یہی کوشش کی ہے کہ علماء متقدمین (فقہاء، مفسرین، محدثین) کی کتابوں سے دلائل لیے جائیں تاکہ کسی بھی مسلک یا مکتبِ فکر کو کسی شک اور تردد کی گنجائش نہ رہے۔

قارئین کی آسانی کے لیے کتاب کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا باب مسائلِ تکفیر میں اہلِ سنت کے اسلوب کا اجمالی بیان ہے۔ دوسرا باب جمہوریت کے بیان پر مشتمل ہے۔ تیسرے باب میں قرآن سے ہٹ کر فیصلہ کرنے والی عدالتوں کے بارے میں تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ چوتھے باب میں جمہوریت میں شریک جماعتوں اور افراد کے حکم پر بحث کی گئی ہے جبکہ آخری باب میں اسلامی نظام کے لیے مسلح جدوجہد کی شرعی حیثیت پر بات کی گئی ہے۔

ایک طرف اس موضوع پر علمی دلائل درکار تھے تو دوسری جانب یہ فکر بھی دامن گیر رہی کہ اگر کتاب زیادہ علمی بنی تو شاید عوامی مزاج اس کو قبول نہ کرے۔ لہٰذا عام مزاج کا خیال رکھتے ہوئے اس موضوع کو ہلکے اور آسان انداز میں سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ لیکن اگر کہیں علمی بحثیں آئیں تو ان کو سمجھ کر پڑھنے کی ضرورت ہے خواہ ان بحثوں کو تین بار پڑھنا پڑے۔ کیونکہ معاملہ صرف معلومات میں اضافہ یا سنسنی خیز انکشافات کا نہیں ہے بلکہ سیدھا عقیدے کا مسئلہ ہے۔ اگر اس دور میں بھی ہم اسلام و کفر کے فرق کو نہ سمجھے تو پھر کب سمجھنے کا وقت ملے گا؟

ان موضوعات سے متعلق حضراتِ احناف کی جانب سے عموماً یہ بات سامنے آتی رہی ہے کہ مجاہدین کی جانب سے اس موضوع پر اکثر حوالے علمائے اہلِ حدیث کے دیے جاتے ہیں، چنانچہ بندے نے علمائے احناف کے دلائل کتاب میں جمع کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ مسلمانوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ یہ کوئی اختلافی مسائل نہیں ہیں جنھیں صرف علمائے اہلِ حدیث ہی نے بیان کیا ہے، بلکہ یہ بحثیں عقیدے کے ان مسائل میں سے ہیں جس میں تقریباً تمام سلفِ صالحین کا اتفاق رہا ہے۔

اگر اہلِ علم حضرات کو کسی بھی بحث سے متعلق کوئی اشکال و اعتراض ہو تو بندے سے کتاب کے شروع میں دیئے گئے ای میل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ چونکہ ہمارا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں کہ اہلِ علم حضرات خصوصاً اور عام مسلمان عموماً ان بحثوں کا کھلے دل سے مطالعہ کریں، اختلاف کرنا ان کا حق ہے، اگر اس کے رد میں ان کے پاس دلائل ہیں تو ضرور ان کو پیش کیا جائے، ان شاءاللہ ہم

یا ہمارے ساتھی دیانت داری کے ساتھ اس کا مطالعہ کریں گے۔

البتہ ان اہلِ قلم سے معذرت ہے جن کے قلم کا تقدس کیری لوگر بل والی امریکی امداد حاصل کر کے خونِ مسلم میں لت پت ہو چکا ہے...... جو حق و باطل کی اس جنگ میں اپنی زبان و قلم کو ابلیسی اتحاد کے ہاتھوں نیلام کر چکے ہیں...... جنھوں نے محمد ﷺ کے رب کو چھوڑ کر امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو ہی رب مان لیا ہے۔

اور ان اہلِ قلم کو ہم معذور سمجھتے ہیں جن سے ''پستول کی نوک'' پر اس باطل نظام کے حق میں کتابیں یا فتاوٰی لکھوائے جاتے ہیں۔ ہر ملک کی مقتدر قوتیں ابلیسی نظام کو بچانے کے لیے ''موت کی دھمکی'' دے کر ان اہلِ قلم کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ اللہ کے راستے میں قتال کرنے والوں کے خلاف الفاظ کے بم برسائیں۔

البتہ وہ علمائے حق جو اب تک جہاد کے خلاف نہیں بولے اور نہ ہی انہوں نے مجاہدین کے خلاف کوئی فتوٰی یا تحریر لکھی...... باوجود اس کے کہ ان کو بھی ڈالروں کا لالچ دیا گیا...... اور ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ ان کو جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی جاتی رہی ہیں...... لیکن اس سب کے باوجود وہ باطل کے سامنے جھکنے پر تیار نہیں ہو رہے...... یہ علمائے حق ہمارا فخر ہیں، ان کی محبت ہمارے دل میں موجیں مارتی ہے، ان کی یاد سے ہمارے جوش و جذبے کو حرارت ملتی ہے، مراکش تا فلپائن، داغستان تا مالدیپ...... ہر مجاہد ان کو اپنا رہبر و رہنما مانتا ہے خواہ اس کا تعلق کسی بھی خطے یا کسی بھی مسلک سے ہو، وہ رفعِ یدین کرتا ہو یا نہ کرتا ہو، وہ آمین زور سے کہتا ہو یا آہستہ۔ علمائے حق کے نام سے ہر مجاہد محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو نورِ نبوت ان کو عطا فرمایا اسی کی روشنی میں مجاہدین اپنا جہاد جاری و ساری رکھے ہوئے ہیں۔ اللہ ان سب کی جان و ایمان کی حفاظت فرمائے اور انہیں اپنی آنکھوں سے خلافت کو قائم ہوتا دیکھنے کا موقع عطا فرمائے۔

ہدایت اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے، سو اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس محنت کو صرف اپنی رضا کے لیے قبول فرمائیں، اور اس کے ایک ایک حرف کو امتِ مسلمہ کے لیے جنت کے درجات میں بلندیوں کا ذریعہ بنائیں۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ذریعے مسلمانوں کو عام نفع پہنچائیں اور برّصغیر کے مسلمانوں کو خلافتِ اسلامیہ کے لیے اٹھا کھڑا کرنے کا سبب بنائیں (آمین)۔

مقدمہ

کیا آج کا عالمِ اسلام اتنا ہی کمزور ہے جتنا کہ آج سے دس سال پہلے تھا؟ کیا عالمِ کفر کا وہ رعب و دبدبہ، وہ فرعونیت و رعونت اسی طرح باقی ہے؟ دنیا میں أنا ربکم الاعلیٰ کا اعلان کرنے والی طاقتوں کا کرّوفر آج بھی ویسا ہی ہے جو اس صدی عیسوی کے شروع میں تھا؟ کل تک موت و زندگی بانٹنے کی دعوے دار قوتیں کیا آج بھی اسی حالت پر باقی ہیں؟

اسلام کے احیاء اور دفاع کے لیے اٹھ کھڑے ہونے والے مٹھی بھر مجاہدین کیا آج بھی اسی کسمپرسی کے عالم میں ہیں جس میں آج سے دس سال پہلے تھے؟ کیا اب روئے زمین پر کوئی خطہ بھی انہیں پناہ دینے کو تیار نہیں؟ اور کیا آج بھی ان کا اسی طرح پیچھا کیا جا رہا ہے یا اب وہ اپنے دشمنوں کا پیچھا کر رہے ہیں؟

اگر انصاف سے دیکھا جائے تو حقیقت یہ ہے کہ طالبان کے صرف دس سالہ جہاد نے دنیا کا نقشہ، طاقت کا توازن اور طاقت کے عالمی محوروں کو تبدیل کر دیا ہے۔

اہلِ ایمان جو کفر کی غلامی کو اس عذر کے ساتھ قبول کر چکے تھے کہ ہمارا اور کافروں کا کیا مقابلہ...... ہم پر جہاد فرض نہیں کیونکہ ہم کافروں سے ٹکرانے کی طاقت نہیں رکھتے...... طالبان کی قربانیوں کی بدولت عالمِ اسلام کا بچہ، جوان، بوڑھا حتیٰ کہ عورتیں بھی اب یہ حقیقت سمجھ چکی ہیں کہ مسلمان اگر قتال فی سبیل اللہ کے لیے نکل کھڑا ہو تو آج بھی بدر و حنین کی یادیں تازہ کی جا سکتی ہیں۔ امتِ مسلمہ جو گزشتہ صدی میں مار کھانے، ذلیل ہونے اور اپنے گھر بار تک سے محروم ہو جانے کو ہی اپنا مقدر سمجھ بیٹھی تھی، آج الحمد للہ اس کی عورتیں بھی دنیا میں اپنے نبی ﷺ کے نظام کی باتیں کر رہی ہیں۔ امت کے نوجوان جو کل تک اپنے گھروں کو جلتا، بستیوں کو اجڑتا اور عزتوں کو پامال ہوتا دیکھ کر گھٹنوں میں منہ چھپا کر رونے کے سوا کچھ نہیں کر سکتے تھے، آج اپنے گھروں کی آگ سے دشمنانِ امت کے گھروں کو راکھ کا ڈھیر بنا رہے ہیں۔

ایک ارب سے زیادہ کی تعداد رکھنے والی امتِ مسلمہ ستّر سال تک اپنے حقوق کے لیے در در کی ٹھوکریں کھاتی رہی، اقوامِ متحدہ سے بھیک مانگتی رہی...... آج اس امت کے صرف مٹھی بھر مجاہدین

نے جب اللہ کے راستے میں قتال کا آغاز کیا تو کفر کے سربراہان اس امت کو ''پرامن'' ذرائع سے اپنے مطالبات منوانے کی ترغیب دینے کے لیے دوڑیں لگائے پھرتے ہیں۔

فرعون کے لہجے میں بات کرنے والا امریکہ ،افغانستان و عراق میں لگے اپنے زخموں کو اس مریل کتے کی طرح چاٹنے پر مجبور ہے جس کی گردن میں زخم لگ گیا ہو اور اس کی زبان اس کے زخموں تک پہنچنے سے قاصر ہو، جس کی وجہ سے وہ بار بار بھونکتا ہو۔ وہ ابلیسی قوتیں جو نیٹو کے جھنڈے تلے اکٹھی ہو کر خراسان کے سرفروشوں کو مٹانے کے لیے آئی تھیں،اس طرح ایک ایک کر کے بھاگنے لگیں کہ اپنے آباء واجداد کی ''بہادری'' کو بھی داغ داغ کر گئیں۔ وہ جو دنیا بھر کی ملٹری کے استاد و اتالیق مانے جاتے تھے، جن کو جنگی ماہر اور جنگ کے اصول بنانے والا کہا جاتا تھا، طالبان نے ان کو جنگ کے کچھ ایسے انداز سکھائے کہ اپنی جنگوں کے لیے انھیں فوجیوں کے ڈائپرز (Diapers) لگانے کے ''جدید اصول'' وضع کرنے پڑے۔ کیا کسی قوم کی ماؤں نے ایسے لڑنے والے بہادر بھی جنے ہیں؟

کیا اب بھی آپ جہاد کی اس کرامت کو تسلیم نہیں کریں گے کہ کل تک امریکہ اپنی مرضی کے میدانِ جنگ منتخب کیا کرتا تھا، آج مجاہدین کی عالمی قیادت نے اپنے رب کی مدد سے جنگ کا نقشہ کچھ یوں پلٹا ہے کہ مجاہدین کے منتخب کردہ میدان میں اس کو مجبوراً آنا پڑتا ہے۔

طاقت کا توازن بھی دیکھیے، کہ کل تک امریکہ کے صرف آنے کی دھمکی سے ایٹمی طاقتوں کے جرنیلوں کے پتّے پانی ہو جاتے تھے (اس محاورے کا مطلب کسی حکیم سے پوچھئے) جبکہ مجاہدینِ اسلام آج امریکہ کو زبردستی اپنے سجائے میدانوں میں گھسیٹ کر لانا چاہتے ہیں لیکن پنٹاگون والوں کے پتّے نے کام کرنا ہی چھوڑ دیا ہے...... کرائے کے فوجی اکٹھے کرنے کے لیے مختلف ملکوں میں جا کر روتے پھرتے ہیں لیکن اب کوئی ملک فوجی دینے کو تیار نہیں...... سوائے ازلی غلاموں کے!

سرزمینِ صومالیہ پر اس کا انتظار ہے۔ برکتوں اور رحمتوں والی زمین، سرزمینِ انبیاء، شام و فلسطین میں بھی ملٹی نیشنلز کی کرائے کی فوج، یعنی امریکی فوج کو آنا ہی ہو گا۔ کالے جھنڈوں والے مجاہدینِ اسلام کے انداز کچھ ایسے لگتے ہیں کہ عالمی کفر کو مارنے میں اپنے خراسانی بھائیوں کی تقلید کرنا چاہتے ہیں۔ بلادِ مغربِ اسلامی (تیونس، الجزائر، مالی، لیبیا وغیرہ) بھی یہودی ساہوکاروں کے پرانے نمک خوار، فرانسیسیوں کا قبرستان بننے کے لیے تیار ہیں،ان شاءاللہ۔ رہا مصر! تو کیا خبر کہ اسرائیل

کو بچانے کی فکر میں ملکہء برطانیہ کے تخت کا آخری زوال بحرِ قلزم (جہاں فرعون ڈوبا تھا) میں ہو جائے......!

اور وہ بازی گر...... مکار...... اللہ اور انسانیت کے دشمن...... انبیاء کے قاتل...... جو اسٹیج سے بہت دور بیٹھ کر کٹھ پتلیوں کو حرکت دیتے رہے...... آج جب اللہ کے سپاہیوں کے ہاتھ ان کے گلے تک پہنچنے لگے تو انہیں اس جنگ کی حرارت کا اندازہ ہوا جو انہوں نے اس دنیا میں صدیوں سے بھڑکائی ہوئی ہے اور جس کی آگ میں وہ مزے سے انسانی لاشوں پر ہاتھ سینکتے رہے ہیں۔ دو عالمی جنگیں انہی اللہ کے دشمنوں نے اپنے ابلیسی نظام کو کروڑوں انسانوں کی ہڈیوں پر کھڑا کرنے کے لیے بھڑکائیں...... لیکن صرف جہاد کی تین ضربوں سے آج وہ اپنی چھ سو سالہ کمین گاہ سے بھاگنے پر مجبور ہو گئے...... اور وہ نظام جس کو انہوں نے چھ سو سال کی مسلسل اور انتھک محنت سے کھڑا اور بڑا کیا...... نسل در نسل جس کی آبیاری کی...... یہاں تک کہ اپنی غیرت، عزت تک کو اسے سینچنے کے لیے بیچ ڈالا...... صرف چند سالہ جہاد اور امت کے ایک چھوٹے سے گروہ کی قربانی نے ان کے خوابوں کے اس محل میں دراڑیں ڈال دیں اور اب تو اس نظام کی دیواروں میں جھریاں صاف دیکھی جا سکتی ہیں۔ ان شاءاللہ وہ دن اللہ کے راستے میں لڑنے والی اس امت کی بین الاقوامی فتح کا دن ہو گا جس دن آپ اس مالیاتی نظام کے دھڑام سے گرنے کی خبر سنیں گے...... اور پیپر کرنسی کا خاتمہ ہو گا جو یہود کی اجارہ داری کا سب سے مؤثر ہتھیار ہے۔

اللہ کے فضل سے مجاہدین کی جہادی ضربوں نے اس نظام کو اتنا غیر متوازن کر دیا ہے کہ اب اس کو بچایا نہ جا سکے گا۔ اقتصادی اعداد و شمار کے جن گورکھ دھندوں سے انہوں نے آج تک دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکے رکھی، اب یہ اتنا گڑ بڑ ہو چکا ہے کہ اس کو مزید نہیں چلایا جا سکتا۔ بالآخر ملٹی نیشنلز کے جادوگروں کے سامنے اب دو ہی راستے ہیں...... یا تو اہلِ اسلام کے مقابلے میں کلی طور پر آخری شکست تسلیم کر لیں، لیکن شاید وہ ابھی ایسا نہ کریں...... دوسرا راستہ یہ ہے کہ وہ اگر اس امت کے خلاف جنگوں کو جاری رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں جنگ میں ایندھن جھونکنے کے لیے اصل زر یعنی سونا...... جی ہاں! اب انہیں سونا نکالنا ہی ہو گا...... جس کو ساری انسانیت کو دھوکہ دے کر محفوظ غاروں میں چھپا کر رکھا گیا ہے۔

عالمِ اسلام کے خلاف اس جنگ کو اب رنگ برنگے کاغذوں (پیپر کرنسی) سے جاری نہ رکھا جا

سکے گا...... تمہیں آخر کار سونا نکالنا ہی پڑے گا...... وہ دن ان شاءاللہ بہت جلد آئے گا۔

سو اپنے بھی جان لیں اور دشمن بھی سمجھ لیں کہ یہ صدی وہ نہیں جس میں خلافتِ عثمانیہ کا سورج غروب ہوا تھا...... یہ نئی صدی ہے...... اسلام کے عروج کی صدی...... احیائے خلافت کی صدی...... مسلمانوں کی شان و شوکت لوٹ آنے کی صدی اور کفر کے ٹوٹ کر بکھر جانے کی صدی...... اکیسویں صدی عیسوی کی ابتداء اور پندرہویں صدی ہجری کا تیسرا عشرہ...... دنیا بہت بدل چکی ہے، طاقتیں اور ان کے محور تبدیل ہو چلے۔ پہلے کس کی جنگ کس کے ساتھ تھی...... سرد ہو یا گرم...... کہیں اس امت کا شمار بھی تھا؟ لیکن اب وہ سب اور ان کے اتحادی ایک طرف اور اہلِ ایمان ایک طرف...... اب ان سب کی جنگ ایک ہی قوت کے ساتھ ہے...... ان کے نظام کو للکارنے والوں کے ساتھ...... اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام نافذ کرنے والوں کے ساتھ...... بہت کچھ تبدیل ہو چکا ہے...... اگر آنکھیں ہوں تو دیکھا جا سکتا ہے...... بلکہ نابینا بھی دل کی آنکھوں سے دیکھ سکتا ہے...... لیکن اگر دل کی آنکھیں ہی نور کھو بیٹھی ہوں تو ان کے لیے کچھ بھی نہیں...... ان کے لیے کچھ بھی نہیں...... نہ جہاد نہ جہاد کا کوئی فائدہ...... ان کے نزدیک یہ سب امریکہ اور ایجنسیوں کا کھیل ہے...... افسوس نابینا پر نہیں، افسوس تو اس پر ہے جس کے سر کی آنکھیں ہیں لیکن دل کی آنکھیں اپنا نور کھو بیٹھی ہیں کہ روشنی و تاریکی سب برابر ہیں۔ اگر ایمانی نور ہے تو بتایئے کیا اس دور میں خلافت کا قیام ناممکن ہے؟ کیا موجودہ دور میں کسی مسلم ملک میں اسلامی نظام قائم ہونے کی صورت میں اس کو چلانا واقعی ناممکن ہے؟

اگر اسلامی حکومت قائم ہو گئی تو بین الاقوامی معاملات کو کس طرح چلایا جائے گا؟ عدالتی نظام کیا ہو گا......؟؟؟ ...... یقیناً اب ایسے بودے اور بے کار سوالات اس امت کے کسی فرد کو نہیں کرنے چاہئیں جو محمد ﷺ پر سچا ایمان رکھتا ہو اور قادیانی اور قادیانیت کو کفر سمجھتا ہو۔ اب اس امت کے ہر فرد کو احساسِ کمتری سے نکل کر ایمان و یقین کی دولت سے دامن بھر لینا چاہیے۔ اب خلافت کے علاوہ کسی نظام، کسی نئے نام اور کسی نعرے پر اس امت کو کان بھی نہیں دھرنا چاہیے۔ جمہوریت کا چہرہ بے نقاب ہو چکا...... سرمایہ دارانہ نظام کی لاش میں بھی کیڑے ابل رہے ہیں...... اب صرف اللہ کا بنایا نظام...... قرآن کا نظام جو محمد ﷺ لے کر آئے وہی اس دنیا کو اس ظلم و جبر سے نکال سکتا ہے۔

چنانچہ مسلمانوں کو اب مایوسی کے راستوں کو چھوڑ کر امیدوں، حوصلوں اور ولولوں کی شاہراہِ مستقیم پر آ جانا چاہیے جہاں شہسوارانِ اسلام سرپٹ دوڑے چلے جاتے ہیں...... ہر باطل نظام کو اپنے پیروں تلے روندتے ہوئے...... انسانیت کے دشمنوں کے بنائے بتوں کو مسمار کرتے ہوئے...... ہر نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتے ہوئے......اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام غالب کرنے کے لیے میدان میں آ جانا چاہیے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

باب اوّل

تکفیر کے مسائل میں اہلِ سنت کا اسلوب

تکفیرِ حق...... اہلِ سنت کا مسلک

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو نماز، روزہ اور دیگر عبادات ادا کرنے کا حکم فرمایا اور ساتھ ساتھ ان میں داخل ہونے کا طریقہ بھی بتایا۔ چنانچہ نماز فرض کی اور ساتھ ہی ساتھ اس میں داخل ہونے کی شرائط کو بھی بیان فرمایا۔ داخل ہونے کے بعد وہ کیا باتیں ہیں جو نماز سے خارج کر دیتی ہیں، اگرچہ بندہ رکوع وسجدہ پھر بھی کرتا رہے...... ایک بار نماز سے خارج ہو جانے کے بعد وہ کیا طریقہ ہے جس کے مطابق مسلمان دوبارہ نماز کو شروع کرے......؟ یہ سب بتایا۔ مثال کے طور پر کوئی آدمی صحیح طریقہ پر نماز میں داخل ہوا لیکن پھر دورانِ نماز ایسا عمل کر لیا جس کی وجہ سے نماز ٹوٹ جاتی ہے، اس کے بعد بھی یہ نماز کو جاری رکھے، رکوع سجدے کرتا رہے، تو کیا کوئی اس کو نماز پڑھنے والا کہہ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ کیونکہ اگرچہ ظاہری شکل یہ نمازیوں جیسی بنا رہا ہے لیکن نماز کے دوران یہ ایک ایسا کام کر چکا ہے جس سے حقیقت میں یہ نماز سے خارج ہو چکا ہے، لہٰذا اس کے لیے ضروری ہے کے از سرِ نو نماز شروع کرے۔

سو جاننا چاہیے کہ دنیا میں سب سے قیمتی چیز ایمان ہے۔ اس میں داخل ہونے کا طریقہ کیا ہے...... داخل ہونے کے بعد اس کو صحیح رکھنے اور فساد سے بچانے کے لیے کن کن باتوں کا خیال کرنا ضروری ہے...... اس سب کا علم حاصل کرنا نہایت اہم ہے۔ پھر جب تک ایمان کی ضد یعنی کفر کے بارے میں علم نہ ہو تو ایمان کو کیسے پہچانا جا سکتا ہے؟ وہ کیا مسائل ہیں جو ایمان وکفر کی سرحدوں کا تعین کرتے ہیں؟ مسلمان کون ہے اور کافر کون؟ کافر مسلمان کیسے ہوتا ہے اور وہ کیا باتیں ہیں جن سے مسلمان کلمہ پڑھنے، نماز و روزہ ادا کرنے کے باوجود کافر ہو جاتا ہے......؟

اگر اسلام میں یہ مسائل نہ ہوتے اور سلفِ صالحین ان مسائل کو بیان نہ کرتے تو ایمان کی سرحدات کی حفاظت کس طرح کی جا سکتی تھی؟ اگر سلفِ صالحین تکفیر کے باب کو چھپا جاتے تو ایمان ایک کھیل اور مذاق بن کر رہ جاتا۔ خواہش پرست جو چاہتے کرتے رہتے، ان کی لمبی زبانیں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف چلتی رہتیں، رحمۃ للعالمین کا مذاق اڑاتے رہتے، اور بآوازِ

بلند کلمہ پڑھ کر اپنا مسلمان ہونا بھی ظاہر کرتے رہتے۔

اگر علمائے حق ان مسائل کو بیان نہ کرتے تو آج باطل فرقوں کو کوئی باطل کہنے والا نہ ہوتا۔ قادیانیوں کو بھی مسلمان ہی سمجھا جا رہا ہوتا اور قادیانیوں کی محبت میں مبتلا لوگ ان کو کلمہ گو ثابت کر کے اہلِ قبلہ میں ہی شمار کر رہے ہوتے۔ سب سے بڑھ کر وہ گمراہ فرقہ جس کے خمیر ہی میں جھوٹ و بہتان ہے، وہ کبھی جبریل امین پر الزام لگاتا، کبھی رحمۃ للعالمین کی تنقیص کرتا، کبھی ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کے خلاف دل کے پھپھولے ٹھنڈے کرتا، کبھی اصحابِ رسول ﷺ پر اپنی نفرتوں کے تیر برساتا...... اور پھر ایک بار زور سے کلمۂ طیبہ پڑھ کر اپنا مسلمان ہونا ثابت کر دیا کرتا۔

لیکن یہ کیسے ہو سکتا تھا کہ دنیا کی دولت کی حفاظت کے انتظام کیے جاتے اور اس چیز کی حفاظت کا کوئی انتظام نہ ہوتا کہ جس سے بڑی دنیا میں کوئی دولت نہیں، جس کے بغیر کسی کا کوئی عمل قبول نہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ایمان کی حفاظت کے اصول بتلائے کہ یہ کس طرح باقی رہ سکتا ہے اور کس طرح ختم ہو سکتا ہے، ایمان کی سرحدات کیا ہیں اور کفر کی حدیں کہاں سے شروع ہوتی ہیں، کیسا ایمان اللہ کی نظر میں ایمان ہے اور کیا چیز اس کو نفاق میں تبدیل کر دیتی ہے۔

اسی لیے علمائے امت نے بھی تکفیر کے باب کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا اور امت کو ان حدود کا پابند بنایا جو ایمان اور کفر کے درمیان محمد ﷺ نے قائم فرمائی ہیں۔ پس جس طرح کسی مسلمان کو کافر کہنا بہت خطرناک بات ہے، اسی طرح کسی کافر کو مسلمان کہنا بھی نہایت خطرناک ہے۔ ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ دونوں جانب اعتدال سے کام لے۔ یاد رہے! اعتدال وہ نہیں جس کو وائٹ ہاؤس اور لندن و پیرس سے اعتدال کہا جائے، اعتدال وہی ہے جس کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے اعتدال کہا ہے اور سلفِ صالحین نے جماعت در جماعت اس کو ہم تک پہنچایا ہے۔

لہٰذا کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہونی چاہیے کہ یہ مولوی جس کو چاہتے ہیں کافر بنا دیتے ہیں۔ یہ شیطان کا جملہ ہے جو اس کے کارندے آئے دن اپنی زبانوں سے نقل کرتے رہتے ہیں۔ علماء کسی کو کافر نہیں بناتے، بلکہ وہ شخص اپنے عمل سے پہلے ہی کافر ہو چکا ہوتا ہے، علماء تو صرف اس کے کفر کو ظاہر کرتے ہیں کہ اس شخص نے وہ بات کہی یا کی ہے جو کلمہ پڑھنے کے باوجود کافر بنا دیتی ہے۔

چنانچہ علامہ یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جس طرح ترکِ نماز، ترکِ زکوٰۃ، ترکِ روزہ اور ترکِ حج کا نام 'فسق' ہے، بشرطیکہ ان کے فرض ہونے کو مانتا ہو اور صرف عمل نہ کرتا ہو، اسی طرح انہی تعبیرات صلوٰۃ، زکوٰۃ، صوم، حج کو تسلیم و اختیار کرنے کے بعد ان کو معروف و متواتر شرعی معنٰی سے نکال کر غیر شرعی معنٰی میں استعمال کرے اور ایسی تاویلیں کرے جو نہ صرف قرآن و حدیث کے خلاف ہوں، بلکہ چودہ سو سال کے عرصے میں کسی بھی عالمِ دین نے نہ کی ہوں، تو اس کا نام قرآن کی اصطلاح اور اسلام کی زبان میں 'الحاد' اور اس شخص کا نام 'ملحد' ہے۔ قرآنِ کریم نے ان الفاظ: کفر، نفاق، الحاد، ارتداد کو انسانوں کے خاص خاص عقائد، اقوال، افعال و اخلاق کے اعتبار سے افراد اور جماعتوں کے لیے استعمال فرمایا ہے، اور جب تک روئے زمین پر قرآنِ کریم موجود رہے گا، یہ الفاظ بھی، ان کے یہ معنٰی اور مصداق بھی باقی رہیں گے۔

اب علمائے امت کا فرض ہے کہ وہ امت کو بتلائیں کہ ان کا استعمال کہاں کہاں، یعنی کن کن لوگوں کے حق میں صحیح ہے، اور کہاں کہاں غلط؟ یعنی یہ بتلائیں کہ جس طرح ایک شخص یا فرقہ ایمان کے مقررہ تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد مومن ہوتا ہے اور مسلمان کہلاتا ہے، اسی طرح ان کو نہ کرنے والا شخص یا فرقہ کافر اور اسلام سے خارج ہے۔ نیز علمائے امت کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ ان حدود و تفصیلات کو یعنی ایمان کے مقتضیات اور موجباتِ کفر، کفریہ عقائد و اقوال و افعال کی تحدید (حد بندی) اور تعین کریں تاکہ نہ کسی مومن کو کافر اور اسلام سے خارج کہا جا سکے، اور نہ کسی کافر کو مومن و مسلمان کہا جا سکے۔ ورنہ اگر 'ایمان و کفر' کی حدود اس طرح مشخص و معین نہ ہوئیں تو ایمان و کفر کا امتیاز مٹ جائے گا اور دینِ اسلام بازیچۂ اطفال بن کر رہ جائے گا اور جنت و جہنم افسانے!

اسی لیے علمائے امت پر، کچھ بھی ہو اور کیسے ہی طعنے کیوں نہ دیے جائیں، رہتی دنیا تک یہ فرض عائد ہے اور رہے گا کہ وہ خوف و خطر اور لومۃ لائم (ملامت کرنے والوں کی ملامت) کی پروا کیے بغیر، جو شرعاً 'کافر' ہے اس پر 'کفر' کا حکم اور فتویٰ لگائیں اور اس میں پوری پوری دیانت داری اور علم و تحقیق سے کام لیں، اور جو بھی فرد یا فرقہ قرآن و حدیث کی نصوص کی رو سے 'اسلام' سے خارج ہو اس پر اسلام سے خارج اور دین سے بے تعلق

ہونے کا حکم اور فتویٰ لگائیں، اور کسی بھی قیمت پر اس کو مسلمان تسلیم نہ کریں جب تک سورج مشرق کی بجائے مغرب سے طلوع نہ ہو یعنی قیامت تک''۔[1]

پس یہ بات واضح رہے کہ کفر کو کفر کہنا اور اہلِ کفر کا کفر عیاں کرنا اہلِ سنت کا منہج تھا اور رہے گا۔ اگرچہ یہ باب انتہائی نازک ہے جس میں داخل ہونے کے لیے بندہ دس سال سوچتا رہا اور اسی انتظار میں رہا کہ کاش ہمارے مستند علماء میں سے کوئی اپنے اس فرض کو پورا کرے۔ لیکن جن جن حضرات نے ابتدا کی، اللہ کے دشمنوں نے انہیں شہید کر دیا، اور باقی حضرات سے امید ہی رہی۔

لہٰذا صرف اور صرف اللہ ہی سے مدد مانگتے ہوئے، اور اس بات کی پوری کوشش کرتے ہوئے کہ قرآن و حدیث اور سلف صالحین سے ہٹ کر کوئی بات نہ کی جائے، انتہا پسندی کی سرحدوں سے دور اور مداہنت کی دیواروں سے پرے، اہلِ سنت کے راستے پر چلتے ہوئے، اس بات کی پوری کوشش کی ہے کہ اس موضوع پر اپنی بات کو علمی انداز سے رکھا جائے تا کہ قاری کو دلائل تسلیم نہ کرنے میں ضد کے سوا کوئی چیز رکاوٹ نہ بنے اور وہ تسلیم نہ کرے تو اس لیے نہیں کہ دلائل کمزور ہیں بلکہ اس لیے کہ غلامی نے سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت کو ہی چھین لیا ہے۔

سلفِ صالحین میں سے جن علم کے پہاڑوں کے حوالے دیے گئے ہیں، کوئی بھی دیانت دار قاری صرف ان کا نام دیکھ کر ہی بات کو تسلیم کر لے گا۔ لیکن جو نہ ماننا چاہے تو اس کے لیے قرآن بھی کوئی معنیٰ نہیں رکھتا۔ سو جو زندہ رہے دلیل پر زندہ رہے اور جو ہلاک ہو وہ دلیل پر ہی ہلاک ہو، پھر یہ نہ کہے کہ ہمیں تو اس بارے میں علم ہی نہ تھا۔

[1] مقدمۂ اکفار الملحدین؛ از مولانا یوسف بنوریؒ، ص: ۴۳، ۴۴

خوارج کون؟

عالمِ اسلام کا حکمران طبقہ دو سو سال سے اس امت کا خون چوس رہا ہے، اپنی سفلی خواہشات کو معبود بنائے بیٹھا ہے، ان خواہشات کی تکمیل کے لیے مسلمانوں کو ذلت کی زندگی جینے پر مجبور کیا ہے، اپنی اولاد کے پیٹ بھرنے کے لیے عام مسلمان کے منہ سے نوالہ تک چھین لیا ہے...... اپنے اقتدار کو دوام بخشنے کے لیے اسلامی غیرت کا سودا کیا ہے...... کافروں کے ہاتھوں مسلمانوں کو ذلیل کرایا ہے...... عالمِ اسلام کے وسائل کو کوڑیوں کے دام اپنے انگریز آقاؤں کی جھولی میں ڈال دیا ہے...... اسلامی قوانین کی جگہ ابلیسی نظام رائج کیا اور پھر اس نظام کی حفاظت کے لیے باقاعدہ فوج اور پولیس بنائی ہے۔

آج جبکہ پورے عالمِ اسلام میں بیداری ہے، کافروں اور اسلام کے دشمنوں سے نفرت عام مسلمان میں پائی جارہی ہے، الحمدللہ ہر ملک کا عام مسلمان اس حقیقت کو جان چکا ہے کہ صدیوں سے جو ذلت اس امت پر مسلط ہے اس کی اصل وجہ یہی طبقہ ہے جس نے اپنی دنیا بنانے کے لیے محمد ﷺ کی امت کو یتیمی ولاچاری کا اسیر بنایا ہے۔ آج مسلمان اپنی کھوئی ہوئی عزت واپس لینا چاہتا ہے...... امریکہ ویورپ کی غلامی سے نکلنے کا خواہش مند ہے...... کفریہ نظام سے باغی ہو کر اس دنیا میں اللہ کے نظام کو نافذ دیکھنا چاہتا ہے...... گناہوں سے اٹے اور ظلم میں دبے اس ماحول میں اس کا سانس گھٹتا ہے...... وہ آرزومند ہے کہ اسلام کی تروتازہ بہاروں میں جیے...... صرف ایک اللہ کا بن کر رہے...... اپنی آنکھوں سے مسلمانوں کی عزت دیکھے...... اس کے کانوں میں کسی عافیہ صدیقی اور فاطمہ کی چیخیں نہ پڑیں......!

یہ جذبہ صرف نوجوانوں، بوڑھوں اور بچوں کا ہی نہیں بلکہ گھروں میں موجود محمد ﷺ کی روحانی بیٹیاں اور عائشہ وحفصہ (رضی اللہ عنہما) کی جانشین بھی اب سروں پر کفن باندھے شریعت یا شہادت کا نعرہ لگا چکی ہیں۔

لہٰذا خواہشات کے معبود کو بچانے کے لیے حکمران طبقہ، ان کے عسکری اور مذہبی محافظ سبھی حرکت میں آچکے ہیں۔ قوت سے اس عوام کو کچلنا چاہتے ہیں...... نوجوانوں کے دینی جذبات کو ختم کرنے کا عزم کیے ہوئے ہیں۔ قوت کا استعمال اتنے بڑے پیمانے پر ہے جیسے کسی بڑے دشمن ملک سے

جنگ ہو رہی ہو۔ جبکہ مذہبی ہتھیاروں کا استعمال بھی اندھا دھند طریقے سے کیا جا رہا ہے۔ لمبے چوڑے فتووں کی بوچھاڑ کی جا رہی ہے...... واعظوں کے وعظ ہیں...... اہلِ قلم کی تحریروں سے امریکی جراثیمی وکیمیائی مواد کی بدبو آ رہی ہے۔ اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جہاد کرنے والے باغی ہیں...... ہندوستان میں بتوں کے نظام سے بغاوت کر کے محمد ﷺ کے نظام کے لیے لڑنے والے دہشت گرد ہیں...... شراب کو حلال (اجازت/پرمٹ) کرنے والوں...... بدکاری کے اڈّوں، مساج سینٹروں، نائٹ کلبوں کو جائز (قانونی) قرار دینے والوں سے قتال کرنے والے خوارج ہیں...... اللہ کے قانون کو معطل کر کے، غیر اللہ کے قانون کے مطابق نظام زندگی چلانے والے، اللہ کے نظام کو رد کر دینے والے...... اللہ کے نظام کو قوت کے زور پر اٹھا کر پھینک دینے والے...... اللہ کے حرام کو حلال کر لینے والے طبقے کو جو کافر کہتے ہیں، وہ تکفیری ہیں......!

یہ ہیں وہ جراثیمی وکیمیائی مواد سے لیس ہتھیار جو اس طبقے کی جانب سے آ رہے ہیں جو دو سو سال سے اس امت کے بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کو یرغمال بنائے ہوئے ہے۔ جس نے محمد ﷺ کی روحانی بیٹی کو گلی گلی، سڑک سڑک، دفتر دفتر اور فیکٹری فیکٹری ذلیل کیا ہے۔ اس کو گھر کی شہزادگی والی زندگی سے نکال کر فٹ پاتھوں، بسوں اور دفتروں میں دھکے کھانے پر مجبور کیا ہے۔ اس طبقے نے محمد ﷺ کی امت کو ان بدترین کافروں کا غلام بنایا ہے، جو اپنے گھروں میں بھی حکمرانی کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ انھوں نے کافروں کو اتنی ہمت دی ہے کہ وہ جب چاہیں ہمارا قرآن جلائیں...... جب چاہیں ہمارے پیارے نبی ﷺ کے گستاخانہ خاکے بنائیں...... یہ طبقہ پھر بھی ان کے کہنے پر کلمہ گو مسلمانوں کے خلاف اپنی فوج استعمال کرتا ہے...... ان کے لیے جان دیتا ہے اور مسلمانوں کی جان لینے کو حلال (آئینی) کہتا ہے۔

انصاف اور دیانت داری سے دیکھا جائے تو عالمِ اسلام پر مسلط اس حکمران طبقے میں وہ تمام نشانیاں پائی جاتی ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے خوارج کے بارے میں بیان فرمائی ہیں۔

خوارج کی نشانیاں:

خوارج کی ایک نشانی یہ تھی کہ انہوں نے شادی شدہ زانی مرد و عورت کو سنگسار کرنے سے انکار کیا تھا۔ چنانچہ علمائے امت نے ان کو اس انکار کرنے کی بنا پر کافر کہا ہے۔ اس لیے کہ اس رجم پر امت کا اجماع ہے، اور یقینی طور پر رجم ضروریاتِ دین میں سے ہے۔

اب آپ فیصلہ کیجئے کہ خوارج مجاہدین ہیں جو اللہ کی زمین پر پورا کا پورا دین نافذ کرنا چاہتے ہیں یا وہ جو شادی شدہ زانی مرد و عورت کو سنگسار کرنے اور دیگر حدود اللہ کو نافذ کرنے سے صاف انکار کرتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کے قانون کے مقابلے دوسرا قانون بنا لینا، ریاستی قوت کے ذریعہ اس پر عمل کرانا، اگر کوئی مسلمان اللہ کی حدود کو نافذ کرے تو اس کے خلاف جنگ کرنے کے لیے جمہوریت کے تمام ستونوں (پارلیمنٹ، عدلیہ، انتظامیہ اور میڈیا) کا متحد ہو کر ان کو نیست و نابود کرنے میں لگ جانا...... یہ سب اللہ کی نازل کردہ سزاؤں کا انکار نہیں تو پھر انکار کی کیا تعریف ہے؟

خوارج کی ایک اور نشانی ان کا صحابہؓ سے بغض رکھنا، ان کی تکفیر کرنا اور صحابۂ کرامؓ اور ان سے محبت کرنے والوں کے خلاف جنگ کرنا ہے۔ انصاف کیجئے! آج کے خوارج کون ہیں؟ وہ جو صحابہ رضی اللہ عنہم کی محبت میں اپنے جسم کی تکہ بوٹی کرا رہے ہیں یا وہ جو ناموسِ صحابہؓ کا دفاع کرنے والوں کے خلاف ریاستی طاقت استعمال کر رہے ہیں؟ اور ان محفلوں و جلوسوں کو ریاستی تحفظ فراہم کر رہے ہیں جن میں ہمارے پیارے صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام لے لے کر گالیاں دی جاتی ہیں؟

اسی طرح خوارج کی کچھ نشانیاں حضرت ابو سعید خدریؓ سے مروی ایک حدیث میں بھی بیان کی گئی ہیں جس میں ذکر آتا ہے کہ ایک بار غنیمت کی تقسیم کے موقع پر ذوالخویصرہ نبی ﷺ کی طرف بڑھا اور کہنے لگا:

اے محمد! اللہ کا خوف کیجئے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا، کون اللہ کی اطاعت کرنے والا ہو گا اگر میں ہی اللہ کا نافرمان ہوا؟ کیا اللہ تعالیٰ تو مجھے زمین والوں پر امین بنا کر بھیجیں اور تم مجھے امین نہ سمجھو؟ ایک صحابی نے اس کو قتل کرنے کی اجازت مانگی، غالباً یہ حضرت خالد بن ولیدؓ تھے، تو آپ ﷺ نے فرمایا اس کو چھوڑ دو۔ جب وہ واپس پلٹ گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی پشت سے (یا فرمایا کہ اس شخص کے بعد) ایک قوم نکلے گی جو قرآن پڑھے گی مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا، وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے، وہ مسلمانوں سے جنگ کریں گے اور بت پرستوں کو چھوڑ دیں گے (ان سے قتال نہیں کریں گے)۔ اگر میں نے ان کو پایا تو ان کو قومِ عاد کی طرح قتل کروں گا۔[2]

---

[2] اللؤلؤ والمرجان فيما اتفق عليه الشيخان؛ بَاب ذِكْرِ الْخَوَارِجِ وَصِفَاتِهِمْ؛ الجزء الاول؛ ص:۲۳۰

اس حدیث میں آپ ﷺ نے خوارج کی یہ نشانیاں بیان فرمائی ہیں:

أ. خوارج قرآن پڑھیں گے لیکن یہ قرآن ان کے حلق سے نہیں اترے گا۔

آج دیکھیے کہ قرآن کس کے حلق سے نہیں اتر رہا؟ کس کے لیے سورۂ اخلاص تک پڑھنا دشوار ہے؟ مجاہدین کے لیے یا حکمران طبقے کے لیے؟ مجاہدین تو الحمد للہ نہ صرف قرآن پڑھتے ہیں بلکہ اس قرآن کے احکامات کے نفاذ کے لیے اپنی جانیں، مال اور گھر بار تک قربان کرتے ہیں۔اسی جرم کی پاداش میں حکمران طبقہ ان پر خفیہ ٹارچر سیلوں میں بدترین تشدد کرتا ہے، اور ان سے یہی کہتا ہے کہ قرآن کے قانون کو نافذ کرنے کا راستہ چھوڑ کر پرامن شہری یعنی کفریہ نظام پر راضی رہنے والے بن جاؤ۔

ب. وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔

اللہ کے نظام کو چھوڑ کر انگریز کے نظام کا محافظ بننا، ساری عمر اللہ کے قرآن کی بجائے اپنے بنائے آئین سے فیصلے کرنا، اللہ کی حدود کا مذاق اڑانا، اللہ کی حدود کو وحشت و درندگی کہنے والوں کو عزت و تکریم دینا اور ان کی حفاظت کرنا، کافروں کا ساتھی بن کر مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنا...... یہ سب دین سے نکلنا نہیں تو اور کیا ہے؟

ج. وہ مسلمانوں سے جنگ کریں گے اور بت پرستوں کو چھوڑ دیں گے۔

آپ ہی بتایئے کہ بھارت کو دوست کون بنا رہا ہے؟ کشمیر کا سودا کس نے کیا؟ شہدائے کشمیر سے غداری کس نے کی؟ کون ہے جو کشمیر اور بھارت میں جہاد نہ تو کرتا ہے اور نہ ہی کرنے دیتا؟ جبکہ مجاہدینِ خراسان تو آج بھی بھارت سے جہاد کر رہے ہیں اور بھارت کے فتح ہونے تک یہ جہاد ان شاء اللہ جاری رہے گا۔ پھر وہ کون ہے جو بارہ سال سے کلمہ گو مسلمانوں کا خون بہا رہا ہے؟ مشرقی سرحدوں سے فوج ہٹا کر مغربی سرحدی پٹی پر مسلمانوں کا قتلِ عام کون کر رہا ہے؟ کس نے کفار کو اسلامی ملک پر حملہ آور ہونے میں مکمل تعاون فراہم کیا؟ کس کے اڈوں سے جہاز اڑ کر افغانستان کی اینٹ سے اینٹ بجاتے رہے؟ کس نے مسلمانوں کی عورتوں کو قیدی بنا کر ڈالروں کے عوض امریکہ کو بیچا؟ کس نے قبائلی پٹی کے مساجد و مدارس کو مسمار کیا، بازاروں اور عام آبادیوں پر آہن و بارود کی بارش برسائی؟ ......یقیناً فیصلہ کچھ زیادہ مشکل نہیں ہونا چاہیے کہ خوارج کون ہیں؟

سلفِ صالحین نے تو مانعینِ زکوٰۃ (جنہوں نے آپ ﷺ کے وصال کے بعد زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا تھا) کو کافر کہا، حالانکہ وہ دین کے باقی تمام احکامات کو تسلیم کرتے تھے، تو پھر ان لوگوں کا کیا حکم ہو گا جو صلوٰۃ اور زکوٰۃ سمیت بیشتر احکامِ اسلام معطل کیے بیٹھے ہوں، اللہ کی حدود کے نفاذ سے انکاری ہوں، اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ جا ملے ہوں، ان کے ساتھ ہو کر مسلمانوں سے جنگ کرتے ہوں، اس جماعت کو ختم کرنے کا عزم رکھتے ہوں جو اس وقت تمام عالمِ اسلام میں کافر قوتوں اور شیطانی لشکر کے مقابلے تنہاڈٹی ہوئی ہے اور پورے عالمِ اسلام کے لیے واحد امید کی کرن ہے کہ اگر یہ جماعت شکست کھا گئی اور امریکہ غالب آ گیا تو پھر باقی عالمِ اسلام کی طرف بڑھنے سے اس شیطانی لشکر کو کون روکے گا؟ کون سی دیوار یہودیوں کے وسیع تر اسرائیل کے ناپاک عزائم کے راستے میں حائل ہو گی؟

اللہ کے جھنڈے کو بلند کرنے والی جماعت کو ختم کرنے کے لیے اٹھنے والی یہ قوتیں بالواسطہ یا بلا واسطہ شیطانی لشکر کو تقویت پہنچا رہی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کی رو سے ایک جماعت قیامت تک حق پر قائم رہے گی اور قتال کرتی رہے گی۔ مسلم شریف کی روایت ہے:

"لَنْ يَبْرَحَ هَذَا الدِّينُ قَائِمًا يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ"۔

"یہ دین ضرور قائم رہے گا اور اس کی حفاظت کے لیے مسلمانوں کی ایک جماعت قیامت تک قتال کرتی رہے گی"۔[3]

یہ مجاہدین ان شاء اللہ اس حدیث کا مصداق ہیں اور اللہ کا وہ مبارک لشکر ہیں جس نے کھلم کھلا شیطانی لشکر کو للکار کر اس کی خدائی کے خمار کو کافور کیا ہے اور کچھ بعید نہیں کہ کل کو یہی لشکر امام مہدی کی حمایت کے لیے بھی جائے۔

دیانت داری سے فیصلہ کیجیے! خوارج کون ہیں؟ وہ مجاہدین جو دشمنانِ اسلام سے لڑتے ہیں اور امتِ مسلمہ کے دفاع میں اپنی جانوں کی بازیاں لگا دیتے ہیں یا وہ جو دشمنانِ اسلام کے ساتھ مل کر

---

[3] صحيح المسلم؛ الجزء ١٠، كتاب الإمارة، بَاب قَوْلِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي ظَاهِرِينَ عَلَى الْحَقِّ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ

اہلِ ایمان کا خون اپنے لیے حلال کر لیتے ہیں؟ سر زمینِ شام کو دیکھیے! وہاں مسلسل شیعوں کے ہاتھوں مسلمانوں کا خون بہایا جاتا رہا، مسلمانوں کی بستیاں اس طرح مٹادی گئیں کہ ان کو دفنانے والا بھی کوئی نہ بچا، لیکن اس حکمران طبقے اور نام نہاد مسلم افواج نے ان کی مدد کے لیے کیا کیا؟ الحمد للہ یہ مجاہدین ہی ہیں جو وزیرستان سمیت سارے عالم سے اڈ اڈ کر شام پہنچے...... صرف اس امت کی خاطر...... صرف محمد ﷺ کی امت کی بہنوں بیٹیوں کی عزت بچانے کی خاطر...... اہلِ سنت و الجماعت کی جانیں بچانے کی خاطر...... لیکن افسوس کہ پھر بھی یہی خوارج ٹھہرے!

یہ کیسی حق گوئی ہے کہ امریکہ و بھارت سے دوستی و محبت اور ان کی مدد کرنے والے امن پسند نیک صالح مسلمان کہلائیں، جبکہ امتِ مسلمہ کو عالمی استبداد کے ظلم سے نجات دلانے کے لیے عالمی کفر کے خلاف لڑنے والے خوارج ٹھہریں؟

ہمیں ان درباریوں سے کوئی شکوہ نہیں جنھوں نے علم کا بوجھ اٹھایا ہی اس دن کے لیے تھا کہ ان کا علم دنیاوی عہدوں کے حصول کا ذریعہ بنے، ہمیں ان جبہ و دستار والوں سے بھی کوئی شکایت نہیں جو ایف بی آئی اور سی آئی اے کے دعوتی فنڈ سے کتابوں کی شکل میں ضخیم فتاویٰ شائع کرتے ہیں، بلکہ انہی کی گود میں بیٹھ کر اپنی کتاب کی تقریبِ رونمائی بھی کرتے ہیں...... نہ ہم ان کے ضخیم فتاوی سے پریشان ہوتے ہیں، نہ اس کی فکر کرتے ہیں، کیونکہ ان کی اور ہماری تو تاریخی کشمکش ہے۔ جب بھی اہلِ حق نے حق کی آواز کو بلند کیا، سرکاری علم کے حاملین بھی اسی طرح نمودار ہوئے جیسے برسات میں جگہ جگہ کھمبیاں اگ آیا کرتی ہیں۔

نیز جنگوں میں دشمن کی صفوں سے پھول نہیں آیا کرتے......بقولِ شاعر:

؎ولقد أمر على اللئيم يسبني　　　　فمضيت ثمة قلت لايعنيني

لیکن گلہ تو ان سے ہے جن کے بارے میں ہم اس خوش فہمی میں رہے کہ وہ اہلِ حق کے قافلے کے راہی ہیں۔ جن کے بارے میں ہمارا ہمیشہ یہ گمان رہا کہ ہم اگر آگے آ گئے تو پیچھے ہماری پشت کی حفاظت کرنے والی ایک مضبوط دیوار موجود ہے جو ٹوٹ تو سکتی ہے لیکن جھک جانا اس کی تاریخ میں نہیں لکھا...... لیکن افسوس صد افسوس......

؎ دیکھا پلٹ کے پیچھے جو کمیں گاہ کی طرف
اپنے ہی دوستوں سے ملاقات ہو گئی

افسوس کہ آپ کے قلم کے تیر ان جسموں پر برستے ہیں جن کو امریکی ڈرون، جیٹ طیاروں اور توپ وٹینک نے پہلے ہی چھلنی چھلنی کیا ہوا ہے۔ کیا آپ کو جوشِ خطابت کی یلغار کے لیے اتنی بڑی دنیا میں کوئی اور نظر نہیں آیا جس پر بمباری کر کے کفر کے قلعوں کو کمزور کر دیا جاتا......؟ صرف مجاہدین ہی ملے ہیں کہ جن کے جوڑ جوڑ سے پہلے ہی درد کی ٹیسیں اٹھتی ہیں؟ مجاہدین کے دلوں کو قلم سے کاٹنے سے پہلے ایک بار ان دلوں میں اتر کر تو دیکھ لیتے کہ ان میں اب مزید اپنوں کے زخم سہنے کی جگہ نہیں......؟ شرفاء تو وہ ہوتے ہیں جو:

؎ زخم دینے میں بھی انصاف کیا کرتے ہیں

اگر اپنے الفاظ کے نشتروں پر اتنا ہی ناز تھا تو کچھ وار امت کے ان دشمنوں پر بھی کر دیے ہوتے جنھوں نے اس امت کو زخم ہی زخم دیے ہیں! کیا آپ کو ہمارے علاوہ امریکہ، اسرائیل، بھارت کی ہندو قیادت، کفر کے فرنٹ لائن اتحادی نظر نہیں آئے؟ اپنے آج کو بچانے کے لیے اپنا ماضی ہی مسخ کرنے پر آمادہ ہو گئے؟ آپ کی ہر تحریر ہمارے خلاف نہیں بلکہ اپنے ماضی کے خلاف ہے۔ آپ خود گواہ رہیے گا کہ ماضی سے تعلق ہم نے نہیں توڑا بلکہ ہم تو اپنی لاشوں کے پل بنا کر اس امت کے حال کو اس کے ماضی سے جوڑنا چاہتے ہیں...... ماضی سے تعلق تو آپ توڑ رہے ہیں...... اسلاف کے دامن کو چاک آپ کا قلم کر رہا ہے......!

امریکی گرین کارڈ کو مقصدِ حیات بنانے والوں سے کیا گلہ...... گلہ تو ان سے ہے جنھوں نے بچوں کو انگلی پکڑ کر چلنا سکھایا اور آج خود ہی معذور بن کر بیٹھ گئے! وہ جو کل تک قافلہ کی جان تھے...... ہدی خواں تھے...... جو اپنی جوشیلی ہدی سے قافلوں کے تن من میں آگ لگا دیا کرتے تھے...... آج کیا ہوا کہ خود کسی ہدی خواں کے منتظر ہیں؟ اور وہ جو ان قافلوں کے محافظ تھے...... دیکھیے تو کشمیر کے قافلوں کو مشرف اور اس کے ٹولے نے لوٹ لیا...... شہدائے کشمیر کے خون کو دلّی کے بازار میں بیچ دیا گیا...... کشمیر کی بہن کی آواز بھی اب چیختے چیختے رندھیا گئی...... چیخیں آہوں اور سسکیوں میں تبدیل ہوئیں...... دریائے جہلم کی موجیں آج بھی اہلِ پاکستان کے نام کشمیر کی بیٹی کی فریادیں لے کر آ رہی ہیں...... آسام، گجرات، یوپی، حیدر آباد آج بھی ہماری راہ تکتے ہیں...... دلّی و سومنات کی فتح تو دور، بھارت کا تسلط اب کراچی تا اسلام آباد بڑھتا جا رہا ہے......! کیا اس مسافر سے زیادہ قابلِ ترس بھی کوئی ہو گا جو ساری عمر سفر میں رہا اور جب منزل سامنے نظر آنے لگی تو سو گیا بلکہ راستے کے پڑاؤ کو

ہی منزل سمجھ بیٹھا؟

انصاف کیجئے!...... انصاف! کہ شرفاء دشمنی میں بھی دیانت داری سے کام لیا کرتے ہیں۔ انصاف کیجئے! آپ اسلاف کے بیان کردہ تکفیر کے باب (وہ مسائل جن میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک مسلمان کلمہ پڑھنے کے باوجود کن باتوں سے کافر ہو جاتا ہے) کی روشنی میں فیصلہ کیجئے کہ کیا اللہ کی شریعت کو قوت کے زور پر رد کر دینے والا طبقہ اہلِ ایمان میں شمار کیا جا سکتا ہے؟ کافروں کے ساتھ مل کر اہلِ ایمان کے قتل کو آئینی (حلال) کہنے والا گروہ مسلمان کہلانے کا حق دار ہے؟ بھارت سے دوستی اور مسلمانوں سے جنگ کرنے والا مسلمان باقی رہ سکتا ہے؟ کفریہ نظام سے فیصلہ کرتی عدالتوں پر بضد رہنا، ان کی حفاظت کو فرض سمجھنا اور اہلِ ایمان کو جبراً اس کے تحت فیصلے پر مجبور کرنا، کفر اور کافروں کی تعظیم کرنا، شعائر اللہ (جہاد وغیرہ) اور نبی کریم ﷺ کی سنتوں کا مذاق اڑانا...... اگر یہی سب ایمان ہے تو پھر کفر کیا ہے؟ اگر یہی اہلِ سنت کا مسلک ہے تو پھر مرجئہ کس کو کہتے ہیں؟

ہمیں سمجھایئے کہ اگر دین سے خارج ہو جانے والوں کو کافر کہنا ہی خارجی ہونے کی علامت ہے تو خلیفۂ اول، رفیقِ غار حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں آپ کیا کہیں گے جنہوں نے زکوٰۃ نہ دینے والوں کو کافر قرار دیا جبکہ وہ کلمہ پڑھتے اور نماز بھی ادا کرتے تھے، اور بعد میں تمام صحابہ نے ان کی تائید کی۔ کیا ان سرکاری فتوے داغنے والوں کے نزدیک وہ سب بھی (نعوذ باللہ) خوارج تھے؟

امام ابو حنیفہؒ نے ابو جعفر منصور کے خلاف خروج کو جائز قرار دیا اور خود بھی عملی تعاون کیا۔ بتاؤ کیا امام صاحبؒ خارجی تھے جو امامِ وقت کے خلاف خروج پر لوگوں کو ابھار رہے تھے؟

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ نے تاتاریوں کے خلاف اس وقت جہاد کیا جبکہ تاتاری اسلام قبول کر چکے تھے، کیا آپ کے نزدیک امام ابن تیمیہؒ بھی خارجی ٹھہرے؟

امام مالکؒ سے ایک روایت کے مطابق کسی ایک فرض کا تارک بھی کافر ہے۔ کیا کسی نے ان کو خارجی کہا؟

امام احمد بن حنبلؒ نماز چھوڑنے والے کو کافر کہتے تھے۔ جبکہ اس دور میں کسی نے بھی امام

صاحبؒ کو خارجی نہیں کہا۔ ان کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

امام اسحاق ابن راہویہؒ فرماتے ہیں:

''جو شخص جان بوجھ کر نماز چھوڑ دے یہاں تک کہ ظہر سے مغرب اور مغرب سے آدھی رات ہو جائے تو وہ اللہ کا کفر کرنے والا ہے، اس کو تین دن تک توبہ کی مہلت دی جائے پھر بھی رجوع نہ کرے اور کہے کہ نماز کا ترک کرنا کفر نہیں تو اس کی گردن اڑا دی جائے جبکہ تارک ہو، اور اگر نماز پڑھتا ہو اور پھر یہ کہے تو یہ اجتہادی مسئلہ ہے''۔[4]

ان کے بارے میں بھی اپنی رائے بتائیے گا؟

اے علمائے کرام! آپ ہی انصاف سے بتایئے خوارج کون ہیں؟ وہ جو بھارت کے ساتھ امن معاہدے کرتے ہیں؟ جو بھارت کو یہ سہولت فراہم کرتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کے دریاؤں پر ڈیم بنائے؟ جو ہندوؤں کے ساتھ بقائے باہمی کی بنیاد پر رہنا چاہتے ہیں؟ اور جو دوسری جانب مجاہدین سے جنگ کرتے ہیں، اللہ کے دشمنوں سے صلح کرتے ہیں، ان کو دوست بناتے ہیں اور مسلمانوں کے خلاف کافروں کا ساتھ دیتے ہیں؟ مجاہدین کے خلاف ہندو فوج کی مدد کرتے ہیں اور مجاہدینِ اسلام کے لیے بد دعائیں کرتے ہیں؟ امریکی فوجیوں کی حمایت میں فتوے دیتے ہیں، امریکی فوجیوں کے ساتھ بیٹھ کر محبت کی پینگیں بڑھاتے ہیں اور انہی کے خرچے پر کتابیں لکھتے ہیں، جبکہ مسلمانوں کے قتل کرنے کے لیے امریکیوں کو مشورے دیتے ہیں...... انصاف سے بتایئے کہ خوارج کون ہیں؟

---

[4] مجموع الفتاوٰی؛ ج:۷، ص:۳۰۷

دوسرا باب:

جمہوریت کا بیان

جمہوریت کے بارے میں معتدل بحث کی ضرورت

جمہوریت کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کی بحث کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ اس کی پیدائش سے ہی علمائے امت نے اس کے بارے میں تحریر کرنا شروع کر دیا تھا۔ البتہ ہمارے اس دور میں اس بحث میں تیزی آئی ہے اور جمہوریت سے متعلق افکار و خیالات میں باہم متصادم آراء کے حامل فریق ہمارے سامنے آئے ہیں۔ ایک فریق جمہوریت کو شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں کفر کہتا ہے اور جمہوری عمل میں شرکت کو درست نہیں سمجھتا، جبکہ دوسرے فریق میں سے بعض اس میں جزوی ترمیمات کر کے اسے اسلامی بنانے کے لیے کوشاں ہیں جبکہ بعض کے بقول تو اسلام ہی نے دنیا کو جمہوریت کی تعلیم دی ہے اور مغرب نے جمہوریت کا سبق مسلمانوں ہی سے سیکھا ہے۔ بہر صورت، یہ دوسرا فریق یہ نظریہ رکھتا ہے کہ اس دور میں اسلامی انقلاب لانے اور محمد ﷺ کی شریعت نافذ کرنے کی جدوجہد جمہوریت ہی کے ذریعے کرنا درست راہ ہے۔

کسی بھی طالبِ علم کے لیے اس اختلاف میں کوئی رائے قائم کرنا یا یہ فیصلہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ کیا حق ہے اور کیا باطل؟ کس کے نظریات اسلامی ہیں اور کس کے غیر اسلامی؟ اور یہ پیچیدگی اس وقت اور زیادہ ہو جاتی ہے جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ جمہوریت کو کفر کہنے والوں میں ایسے چوٹی کے علماء موجود ہیں، جن کی صرف علمی استعداد ہی نہیں بلکہ تقویٰ و دیانت داری کی قسم کھائی جا سکتی ہے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ دوسری جانب وہ لوگ جو اس کو اسلامی قرار دیتے ہیں اور اس میں شرکت کو ضروری سمجھتے ہیں، ان میں بھی ایسے افراد شامل ہیں جن کے پیچھے چلنے والے پہلے فریق سے کم نہیں اور جن میں ایسے اہلِ علم بھی شامل ہیں جن کے علمی مقام و دیانت کے سبھی قائل ہیں۔

کسی بھی بحث میں دلائل جس کے پاس بھی زیادہ ہوں یا شریعت کی روشنی میں جس فریق کی بات حق و سچ ہو، یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ انسان فیصلہ کرنے میں ان دلائل سے زیادہ جس بات کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے، وہ یہ ہوتی ہے کہ ''قوم کے بڑے'' کس کے ساتھ ہیں۔ حتیٰ کہ انبیاء جیسی مقدس شخصیات کو بھی اس پیچیدہ صورتِ حال سے گزرنا پڑا۔ حالانکہ اگر دلائل کے اعتبار

سے دیکھا جائے توانبیاء کے حق وسچ ہونے میں کس کو شک ہو سکتا ہے، کہ انبیاء پر براہِ راست وحی نازل ہوتی تھی؟

چنانچہ اس میں کوئی شک نہیں کہ انسان کے سامنے جب کوئی دعوت پیش کی جاتی ہے تو اس کو قبول یا رد کرنے میں وہ اپنے بڑوں کی طرف دیکھتا ہے۔اس کے بڑے اگر اس دعوت کو قبول کرتے ہیں تو اس معاشرے کے عام لوگ بھی اس کو قبول کر لیتے ہیں، لیکن اگر کسی بھی معاشرے کے بڑے اس دعوت کو رد کر دیں تو پھر دعوت دینے والوں کو ابتدا ہی میں سخت مشکلات پیش آتی ہیں۔ اس صورت میں داعیوں کے سامنے جو اعتراض بار بار کیا جاتا ہے وہ یہ ہوتا ہے کہ: آپ زیادہ سمجھ دار ہیں یا بڑے زیادہ سمجھ دار ہیں؟ اگر یہ سب جو آپ بیان کر رہے ہیں حق ہوتا تو ہمارے بڑے اس کو کیوں نہ اختیار کرتے؟

لیکن کیا ''قوم'' کے بڑے ہمیشہ حق پر ہوتے ہیں؟ کیا ''نوجوان'' ہمیشہ غلط ہوتے ہیں اور ان کا طریقۂ کار کبھی بھی درست نہیں ہوتا؟ کیا شریعتِ اسلامیہ میں یہ کوئی معیار ہے کہ بڑوں اور چھوٹوں کی آراء جب مختلف ہو جائیں تو بڑوں کی بات ہی قابلِ اعتبار اور قابلِ عمل ہو گی؟ اور کیا حق کو صرف اس لیے رد کر دیا جائے گا کہ وہ معاشرے کے مشہور و نامور افراد کی زبان سے جاری نہیں ہوا؟ کیا اس قسم کے اعتراض حق کو رد کرنے والے پہلے ہی سے نہیں کرتے چلے آرہے؟

خاتم النبیین محمد ﷺ کے دشمن بھی ایسے ہی اعتراضات کیا کرتے تھے:

﴿وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَذَا الْقُرْآنُ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ﴾ (الزخرف: 31)

''وہ کہتے کہ اس قرآن کو دونوں بستیوں (مکہ وطائف) میں کسی بڑی شخصیت پر کیوں نہ اتارا گیا''۔

اللہ تعالیٰ نے دوٹوک انداز میں ان کو جواب دیا:

﴿أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ...﴾ (الزخرف: 32)

''کیا آپ کے رب کی رحمت کی تقسیم یہ (کافر) کرتے ہیں......''؟

کہ یہ فیصلہ کریں گے کہ اللہ کی رحمت کس کو عطا کی جائے؟ اللہ کی رحمت کا مستحق کون ہے؟ وہ جس کو یہ بڑا سمجھتے ہیں یا وہ جس کو اللہ نے بڑا سمجھا اور بڑا بنانے کا فیصلہ کیا جا چکا؟ ان کے نزدیک بڑے

ہونے کا معیار دنیا ہے،اس کی شہرت،چمک دمک، بڑے بڑے القاب ہیں، ٹی وی اور اخبارات اور کانفرنسوں میں نمایاں نظر آنا ہے...... سو یہ دنیا اللہ نے ان میں تقسیم کر دی ہے، لیکن اللہ کی رحمت ان سب پر بھاری ہے اور اللہ جس کو چاہیں اپنی رحمت کے لیے منتخب فرمالیں۔

اسی طرح اگر انبیاء کی دعوت کی تاریخ اٹھا کر دیکھی جائے تو پھر اس اعتراض کی حقیقت میں کوئی زیادہ وزن نظر نہیں آتا، کیونکہ جتنے بھی انبیاء آئے اور اپنی دعوت کا آغاز کیا تو سب سے پہلے جس طبقے نے ان کی مخالفت کی وہ قوم کے 'بڑے' ہی تھے۔ جبکہ انبیاء ان کی نظر میں کم عمر ہوا کرتے تھے۔ انبیاء علیہم السلام کی مخالفت کرنے والوں میں وقت کے مشہور و معتبر افراد پیش پیش رہے۔ پیسہ، ذہانت، شہرت اور حلقۂ احباب کے اعتبار سے انبیاء کے مخالفین کو معاشرے میں بڑا مقام حاصل ہوا کرتا، جبکہ انبیاء کی دعوت کو جو طبقہ سب سے پہلے قبول کرتا اس کے بارے میں یہ 'بڑے' کہا کرتے تھے کہ:

﴿...وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا...﴾ (ھود:27)

''......اور ہم تمہارے ماننے والوں میں صرف وہی لوگ پاتے ہیں جو ہم میں چھوٹے (کم حیثیت) ہیں......''۔

کبھی یہ ''بڑے'' نبی پر ایمان لانے والوں کو بے وقوف کہتے تھے:

﴿...قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا آمَنَ السُّفَهَاءُ...﴾ (البقرة: 13)

''......(منافقین) کہنے لگے کہ کیا ہم ان بے قوفوں کی طرح ایمان لے آئیں......''۔

ابراہیم علیہ السلام نے جب بتوں کو توڑا تو اس وقت آپ کی عمر (ابن کثیر کی روایت کے مطابق) سولہ سال تھی۔ جبکہ اس نظام کا کفر اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام پر اس سے پہلے ہی واضح کر دیا تھا۔ آپ غور فرمائیے! ایک طرف 'نوجوان' ہیں (جن کو بڑوں نے جذباتی بھی کہا ہو گا) اور دوسری جانب قوم کے ذہین و فطین، جہاں دیدہ و تجربہ کار بڑے ہیں۔ لیکن کیا کسی میں یہ جرأت ہے جو خلیل اللہ کو جذباتی نوجوان کہہ کر ان کے طریقۂ کار کو غلط کہہ سکے اور قوم کے بڑوں کو حق بجانب قرار دے؟

امام ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے:

"اللہ نے ہر نبی کو جوان مبعوث فرمایا اور جس عالم کو بھی علم سے نوازا جوانی ہی میں نوازا"۔[5]

اگر آپ ﷺ کی سیرتِ مبارکہ کا مطالعہ کریں تو ہم دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جو چیز اپنے صحابہ کو سمجھائی وہ یہ تھی کہ حق و باطل کو پہچاننے کا معیار صرف عمر میں چھوٹا بڑا ہونا نہیں ہے بلکہ معیارِ حق شریعتِ محمدیہ ﷺ ہے۔

لہٰذا اہلِ سنت کے نزدیک صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین، معیارِ حق ہیں، باوجودیکہ ان میں کوئی عمر میں چھوٹا اور کوئی بڑا تھا۔ اس کی وجہ وہی حق ہے جو رسول اللہ ﷺ نے ان پاک ہستیوں کو سکھایا تھا، اور وہ ان سب میں مشترک تھا۔

صحابہ کرامؓ کی سیرتِ مبارکہ اٹھا کر دیکھیں تو کتنے ہی کم عمر صحابہ ایسے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے علم کی دولت سے نوازا اور اختلاف کی صورت میں بڑی عمر کے صحابہ مسائل میں ان کی طرف رجوع کیا کرتے تھے۔

حنفی مسلک میں کتنے مسائل ایسے ہیں جن میں استاد (امام ابو حنیفہؒ) کے مقابلے شاگردوں (امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ) کے قول پر عمل کیا جاتا ہے۔ یہی معاملہ تمام مسلکوں میں ہے اور اہلِ حدیث حضرات کے یہاں بھی ہے۔

چنانچہ یہ کس قدر زیادتی کی بات ہے کہ آج ہم حق بات کو پہچان لینے کے باوجود اسے صرف اس لیے رد کر دیتے ہیں کہ "ہمارے بڑے" اس حق کے ساتھ نہیں ہیں۔ کیا اللہ کی رحمت کی تقسیم بندوں نے اپنے ہاتھ میں لے لی ہے؟ کیا قیامت کے دن اللہ کے سامنے ایسے لوگ کوئی حجت قائم کر پائیں گے، اور کیا محض بڑوں کے پیچھے چلنے کی دلیل ان کے کسی کام آپائے گی؟

چنانچہ اپنے قارئین سے درخواست ہے کہ وہ اس بحث کو پڑھنے سے پہلے اپنے اپنے ذہنوں میں تھوڑی دیر کے لیے ان بڑی شخصیات کو نہ لائیں جو اس وقت جمہوریت کی حمایت و مخالفت میں پیش پیش ہیں۔ بلکہ دونوں فریقوں کے دلائل کا غیر جانب داری کے ساتھ مطالعہ کریں تاکہ حق کو قبول کرنے میں ضد یا کوئی تعصب رکاوٹ نہ بنے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

---

[5] بحوالہ تفسیر ابن کثیر

﴿...وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلَّا تَعْدِلُوا اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى...﴾

(المائدۃ:8)

”...... کسی قوم کی دشمنی تمہیں ناانصافی پر نہ ابھار دے۔ تم انصاف کرو کہ یہی تقویٰ سے زیادہ قریب ہے......“۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

”اعرف الرجال بالحق، ولا تعرف الحق بالرجال“۔

”تم افراد کے ذریعے حق کو نہ پہچانو، بلکہ حق کے ذریعے افراد کو پہچانو“۔[6]

نیز یہاں یہ بات بھی واضح رہے کہ اگر دلائلِ واضحہ کو ادب کے ساتھ باوقار علمی انداز میں پیش کر کے اکابر اہلِ علم میں سے کسی کی اجتہادی خطاء کی نشان دہی کی جائے تو اس سے کسی طور بھی ان کی تنقیص لازم نہیں آتی، نہ ہی ان کے علمی مقام کو گھٹا کر پیش کرنا مطلوب ہوتا ہے......اور نہ کسی کو ایسا مطلوب ہونا چاہیے۔ اسلام کی تاریخ میں بڑے بڑے ائمہ اور علم کے ستون بھی بعض اوقات شاذ آراء ذکر کر گئے ہیں یا ان سے اجتہادی خطا ہو گئی ہے۔ ایسے مواقع پر ہمارے اسلاف کا طریقہ یہی رہا ہے کہ ان کے علمی مقام اور جلالتِ قدر کا مکمل اعتراف کرتے ہوئے، ان کی خطاء کی اچھی توجیہ بیان کرتے ہوئے، خطاء کو خطاء کہا جائے۔ یہ دونوں راہیں افراط و تفریط پر مبنی ہیں کہ کسی عالم کو کسی ایک مسئلے میں خطاء کرتے دیکھ کر ان کا علمی مقام اور دینی خدمات بھلا دی جائیں اور ادب کا دامن ہاتھ سے چھوڑ کر ان کی شخصیت کو ڈھانے میں مصروف ہو جایا جائے...... یا اس کے برعکس نبی ﷺ اور آپ کے صحابہ کے بعد کی شخصیات کو حق و باطل کا پیمانہ بنالیا جائے اور ان کی شخصیت کا دفاع کرتے کرتے ان کی خطاء واضح ہو جانے کے بعد بھی ان کے ہر غلط اجتہاد میں ان کی پیروی کی جائے۔ اس افراط و تفریط سے بچنا اور اسلاف کی راہِ اعتدال تھامے رکھنا ہی سفینہء نجات ہے۔ علامہ ابنِ قیم رحمہ اللہ جلیل القدر شخصیات کی اخطاء سے تعامل کا درست طریقہ سمجھاتے ہوئے فرماتے ہیں:

[6] مختصر التحفة الإثنى عشرية

"قد تکون منه هفوة أو زلة هو فيها معذور بل مأجور لاجتهاده، فلا يجوز أن يتبع فيها، ولا يجوز أن تهدر مكانته وإمامته ومنزلته في قلوب المسلمين"۔

"عین ممکن ہے کہ کسی (جلیل القدر) شخص سے غلطی کا ارتکاب ہو جائے یا وہ کسی مقام پر پھسل جائے لیکن (چونکہ وہ غلطی یا پھسلنا کسی عذر کے سبب ہوا، اس لیے) اسے معذور سمجھا جائے گا بلکہ یہ بھی ممکن ہے کہ اجتہادی غلطی ہونے کی بناء پر اسے اجتہاد کا ایک اجر بھی ملے۔ البتہ اس کی غلطی میں اس کی پیروی کرنا جائز نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ جائز ہوگا کہ اس شخصیت کی اس غلطی کی بناء پر اس کے مقام و مرتبے کو ڈھایا جائے اور لوگوں کے دلوں میں موجود اس کی قدر و منزلت کو ختم کیا جائے"۔[7]

نیز اس بحث کے مطالعہ سے پہلے اپنے قارئین سے ایک درخواست اور بھی ہے، کہ یہاں پر کتاب کو بند کریں اور وضو کر کے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں (اگر نفل کا وقت ہے، ورنہ صرف وضو کرلیں) اور اپنے رب کے سامنے سجدے میں گر جائیں۔ دل کے تمام دریچے حق کے لیے کھول دیں اور اپنی عاجزی کا اعتراف کرتے ہوئے...... گڑگڑا کر اللہ سے مانگیں کہ الٰہِ واحد! ہماری سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا۔ دونوں جانب بڑے بڑے لوگ ہیں، ہم کیا کریں؟ اے اللہ! آپ ہمارے دل میں حق کو ڈال دیجئے اور پھر اس پر جما دیجئے، خواہ ہمیں ساری دنیا سے لڑنا پڑے۔ اے ابراہیم علیہ السلام کے رب! جن کو آپ نے بتوں کی بستی میں پیدا ہونے کے باوجود بتوں کو توڑنے کی ہمت عطا فرمائی، حالانکہ ان کے مقابلہ میں ان کا باپ، چچا، تایا، خاندان کے بڑے اور قوم کے قائدین تھے...... جبکہ حضرت خلیل علیہ السلام ان "بڑوں" کی نظر میں کم عمر جذباتی بچے تھے...... اے محمد ﷺ کے رب! ہم اعتراف کرتے ہیں کہ ہمارے دلوں میں ہماری مذہبی شخصیات کی عقیدت و محبت ہے لیکن آپ اپنی اور اپنے حبیب ﷺ کی محبت کو ان ساری محبتوں پر غالب فرما دیجئے...... اور جو بھی حق ہے ہمیں اس کو قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائیے۔ باطل سے بے زاری، نفرت، عداوت اور بغاوت ہمارے دلوں میں پیدا فرما دیجئے اور اس کے پیچھے چلنے سے ہماری حفاظت فرمائیے۔

[7] العمل الإسلامي بين دواعي الإجتماع ودعاة النزاع، إعداد: مركز الدراسات والبحوث الإسلامية في باكستان، مع تقديم الشيخ أسامة بن لادن رحمه الله، ص:٦٤

اے وہ ذات جس نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو حق کی جستجو عطا فرمائی، چنانچہ وہ جگہ جگہ حق کی تلاش میں تھکتے رہے...... اے وہ ذات جس کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور محبت و عقیدت، اطاعت وفرمانبرداری اور خوف وامید آپ ہی کے لیے خاص ہے، اس میں کوئی آپ کا شریک نہیں! ہم بھی مختلف جماعتوں، گروہوں، فرقوں اور شخصیات کے پیچھے بھاگتے بھاگتے اب تھک چکے ہیں...... ہماری مدد کیجیے اور خاص اپنی جانب سے ہماری رہنمائی فرما دیجیے، جیسا کہ آپ نے اصحابِ کہف کی مدد فرمائی...... اے وہ ذات جو خالق بھی ہے اور قانون بنانے والا بھی، اس امت کی حالت پر رحم فرما دیجیے اور حق کے لیے ہم سب کے دلوں کو کھول دیجیے، خواہ یہ حق ہمارے نفس کو کتنا ہی کڑوا کیوں نہ لگے۔ آمین۔

جمہوریت (Democracy) کیا ہے؟

چونکہ یہ ایک اصطلاح (Terminology) ہے جس کو خاص معنیٰ میں استعمال کیا جاتا ہے، لہٰذا اصطلاح کا اصول ہے کہ اس کی وہی تعریف معتبر ہوگی جو اس کو وضع کرنے والوں نے بیان کی ہے۔

Democracy کے معنیٰ:

یہ لفظ اصلاً یونانی ہے جو دو لفظوں سے مل کر بنا ہے۔ Demos اور Kratos

Demos کے معنیٰ: People یعنی عوام

اور Kratos کے معنیٰ: Rule یعنی حاکمیت۔

یعنی Rule of the People یا عوام کی حاکمیت۔

جمہوریت کی تعریف:

Democracy: Free and equal representation of people.

A government in which the supreme power is vested in the people and exercised by them directly or indirectly through a system of representation usu.

involving periodically held free elections

Democratic System of Government: A system of government based on the principle of majority decision-making.[8]

ترجمہ:

جمہوریت: لوگوں کی آزاد اور مساوی نمائندگی۔

ایک ایسا نظامِ حکومت جس میں حاکمیتِ اعلیٰ عوام کے پاس ہوتی ہے اور عوام ہی بالواسطہ یا بلاواسطہ طریقے سے حکومت چلاتے ہیں۔ نظام میں عوام کی نمائندگی ہوتی ہے جو بالعموم ہر کچھ عرصے بعد آزاد انتخابات کے ذریعے سے نمائندے چن کر کی جاتی ہے۔

جمہوری نظامِ حکومت: ایک ایسا نظامِ حکومت جو اکثریت کی بنیاد پر فیصلہ سازی کے اصولوں پر قائم ہو۔

ایک ایسا نظام جس میں حاکمیتِ اعلیٰ اللہ کی بجائے عوام کی ملکیت ہو (نعوذ باللہ) اور حکومت عوام کے ذریعے منتخب کی جائے، علم و تقوٰی کے اعتبار سے فرق ہونے کے باوجود بھی سب کی (یعنی ایک عالم اور ایک جاہل کی، ایک فاسق اور ایک پابندِ شرع کی) رائے اس میں برابر ہو۔ ایک ایسی حکومت جس میں عقلِ انسانی ہی نظامِ زندگی بنانے والی اور انسانوں کے لیے ضابطۂ حیات مرتب کرنے والی ہے، اس میں وحی کا کوئی دخل نہیں۔ جس چیز کو انسانی عقل و خواہش نفع قرار دے، وہ نفع ہے اور جس کو نقصان کہے وہ نقصان۔ جس چیز کو انسانی عقل و خواہش حرام (غیر قانونی) قرار دے دے وہ حرام اور جس کو حلال (قانونی) کہہ دے وہ حلال ہے۔ ہو سکتا ہے کہ وحی (قرآن و حدیث) کبھی اس عقل یا خواہش کے موافق ہو جائے لیکن اس نظام میں قرآن و حدیث (نعوذ باللہ) اس وجہ سے قابلِ عمل نہیں کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کا فرمان ہے بلکہ انسان نے اس کو اس قابل سمجھا کہ اس پر عمل کیا جا سکتا ہے تو پھر اس کو قانون بنایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ جمہوریت کی تعریف یہ ثابت کرتی ہے کہ اس نظام میں انسانی عقل اور خواہشات کو قرآن و سنت (وحی) پر بھی بالادستی ہو گی۔

---

[8] Encarta 2009; Encyclopaedia Britannica 2012

کیا جمہوریت اور اسلام ایک چیز ہیں؟

جمہوریت کو اسلامی کہنے والوں یا اسلامی انقلاب کا ذریعہ بنانے والوں کے دلائل:

اَ. بعض لوگ جمہوریت کو عین اسلام کہتے ہیں۔ان کی دلیل یہ ہے کہ اسلام بھی شخصی آزادی کا قائل ہے اور جمہوریت بھی یہی کہتی ہے۔ لہٰذا جمہوریت ہی اسلام ہے اور اسلام ہی جمہوریت ہے۔

ب. یہ کہتے ہیں کہ چونکہ شریعت بھی شورائی نظام کے تحت خلیفہ کا انتخاب کرتی ہے اور جمہوریت بھی اسی کی قائل ہے لہٰذا دونوں ایک ہی چیز ہیں۔

ج. جمہوری نظام میں شامل وہ لوگ جو مذہبی سمجھے جاتے ہیں،ان کا یہ عقیدہ ہے کہ وہ جمہوریت کے ذریعہ شریعت نافذ کریں گے۔ یعنی اس نظام کے ذریعے اللہ کا کلمہ بلند کریں گے۔ان کے عقیدے کے مطابق اس کے علاوہ کوئی اور راستہ ہے ہی نہیں جس کے ذریعہ سے اللہ کی زمین پر اللہ کا کلمہ بلند کیا جاسکے۔ سارے راستے آزمائے جاچکے ہیں لہٰذا جمہوریت ہی واحد راستہ ہے جس پر چل کر دنیا بھر میں شریعت نافذ ہوسکتی ہے۔ چنانچہ یہ حضرات بھی جمہوریت کو کفر نہیں مانتے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہم اس جمہوریت کی ان باتوں کو نہیں مانتے جو کفر ہیں، ہم اس جمہوریت کو مانتے ہیں جو قرآن وسنت کے مطابق ہو۔

د. اس جمہوریت میں شامل بعض مذہبی حضرات اس نظام کو کسی درجہ میں کفر تو مانتے ہیں لیکن ان کا کہنا ہے کہ وہ اضطراراً (مجبوراً) اس نظام میں شامل ہوتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے وہ مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ کرسکیں۔ ہندوستان میں مذہبی سیاسی لیڈروں کا بھی یہی دعویٰ ہے کہ اگر وہ اس نظام کو اختیار کرکے پارلیمنٹ نہ جائیں تو مسلمانوں کے حقوق کی آواز کون اٹھائے گا۔

ہ. اس نظام میں شامل ایک طبقہ وہ ہے جو یہ کہتا ہے کہ اگر ملک کا آئین اسلامی ہو تو جمہوری نظام میں شریک ہونے میں کوئی گناہ کی بات نہیں ہے۔ گویا یہ حضرات بھی جمہوریت کو کفر نہیں مانتے۔

جمہوریت کو کفر کہنے والوں کے دلائل:

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ جمہوریت ایک اصطلاحی لفظ (Terminology) ہے،

لہٰذا اس کی وہی تعریف معتبر ہوگی جو اس اصطلاح کو بنانے والوں نے کی ہے۔ اگر کوئی اپنی جانب سے اس کی من مانی تعریف کرتا ہے تو اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا، کیونکہ اصطلاح کے اسی معنٰی کا اعتبار کیا جاتا ہے جس معنٰی و مفہوم کے لیے اس کو بنایا جاتا ہے۔

لہٰذا لفظ جمہوریت جب بھی بولا جائے اس کے وہی معنٰی مراد ہوں گے جو وضع کرنے والوں نے بیان کیے ہیں اور جو ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں۔ نیز یہ بھی واضح رہے کہ ہم یہاں 'اسلامی جمہوریت' نامی کسی فرضی تصور پر بات نہیں کر رہے جو جمہوریت میں شریک بعض دینی حضرات کے بقول انہوں نے اقتدار میں آکر نافذ کرنا ہے...... اس لیے کہ ۶۵ سال سے تو یہ فرضی تصور بس کتابوں تک ہی محدود ہے اور تاحال دنیا میں کہیں ظہور پذیر نہیں ہوا کہ ہم اس پر بات کریں۔ (اگرچہ ہمارا یقینِ واثق اور ایمانِ کامل ہے کہ جمہوریت کو اسلامی بنانا اسی طرح ناممکن ہے جیسے بت خانے کو اسلامی بت خانے اور شراب خانے کو اسلامی شراب خانے میں تبدیل کرنا)۔ لیکن ہم تو یہاں اسی موجودہ جمہوری نظام پر بات کر رہے ہیں جو ۶۵ سال سے عملاً نافذ ہے اور جس میں یہ دینی جماعتیں بھی شریک ہیں۔ بلاشبہ ملک میں بالفعل قائم و موجود یہ جمہوریت انہی معنی کی حامل جمہوریت ہے جو ہم اوپر بیان کر چکے ہیں۔

جمہوریت کی اصطلاحات اور ان کا مفہوم:

جمہوری نظام بنانے والوں نے عام مسلمانوں کو زیادہ دھوکہ ان اصطلاحات کے ذریعے دیا ہے جو انھوں نے اس کے لیے وضع کی ہیں اور انتہائی مکاری کے ساتھ ان کو استعمال کرتے ہیں۔ اگر کوئی بھی مسلمان ان اصطلاحات کے معنٰی و مفہوم کو سمجھ لے تو اس پر اس جمہوریت کی حقیقت سورج کی طرح روشن ہو جائے گی۔

آئین بمعنٰی شریعت:

اسلام میں لفظ ''شریعت'' جس معنٰی میں استعمال ہوتا ہے جمہوریت میں یہی معنی لفظ ''آئین'' کے ہیں۔ مثلاً جیسے ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ کام شریعت کے مطابق ہے اور یہ شریعت کے خلاف ہے، اسی طرح جمہوریت میں یوں کہا جاتا ہے کہ فلاں کام آئین کے مطابق ہے اور فلاں آئین کے خلاف ہے۔ یعنی یہ آئینی ہے اور یہ غیر آئینی ہے۔ جس طرح محمد ﷺ کی شریعت کا انکار کرنے والا شریعت سے خارج ہو جاتا ہے، اور اگر توبہ نہ کرے تو اس کی سزا موت ہے، اسی طرح جمہوریت کی شریعت (آئین) کا منکر بھی اس شریعت کا باغی کہلاتا ہے، اگر توبہ نہ کرے تو بھارت میں اس کی

سزا وہ ہے جو کشمیری مسلمانوں کو دی جا رہی ہے، جبکہ پاکستان میں اس کی سزا وہ ہے جو اہلِ سوات اور جامعہ حفصہ کی طالبات کو دی گئی، یعنی اس شریعت کی محافظ فوج کے ہاتھوں املاک کو مالِ غنیمت قرار دے کر لوٹ لیا جانا اور باغیوں کو قتل کر دینا۔

نظریہ بمعنیٰ عقیدہ:

جمہوریت میں لفظ ''نظریہ'' اسی معنیٰ میں بولا جاتا ہے جس معنی میں شریعت میں لفظ ''عقیدہ'' بولا جاتا ہے۔ چنانچہ جمہوری لوگوں میں سے جب کوئی یوں کہے کہ ہمارا یہ نظریہ ہے تو اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ وہ یہ کہہ رہا ہے کہ ہمارا یہ عقیدہ ہے۔

قانونی بمعنیٰ حلال:

جس طرح شریعتِ محمدی ﷺ میں ''حلال'' کا لفظ استعمال ہوتا ہے اسی طرح شریعتِ جمہوریت میں ''قانونی'' کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ اگر جمہوریت میں یوں کہا جاتا ہے کہ ''شراب کا کاروبار کرنا اور شراب پینا قانونی ہے''، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ شریعتِ جمہوریت میں شراب کا کاروبار کرنا اور شراب پینا حلال ہے۔ اسی طرح سود لینا اور دینا حلال ہے۔

غیر قانونی بمعنیٰ حرام:

شرابی کو گواہ ہونے کے باوجود اسّی کوڑے مارنا ''غیر قانونی'' ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ شرابی کو گواہ ہونے کے باوجود اسّی کوڑے مارنا ''حرام'' ہے۔ شادی شدہ زانی یا زانیہ کو مطلوبہ گواہ ہونے کے باجود سنگسار کرنا غیر قانونی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جمہوریت کی شریعت میں ایسا کرنا حرام ہے۔ اسی طرح اللہ کے کلمہ کی سربلندی کے لیے جہاد کرنا غیر قانونی یعنی حرام ہے۔

ڈیوٹی (Duty) بمعنیٰ فرض:

جمہوریت کی شریعت میں جب ''ڈیوٹی'' کا لفظ بولا جاتا ہے تو اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ یہ کام انجام دینا اس پر ''فرض'' ہے، بلکہ اس فرض کی ادائیگی کو عبادت بھی کہا جاتا ہے۔ اور اگر اس فرض کی ادائیگی میں کوتاہی کی جائے یا اس کو بالکل ہی چھوڑ دیا جائے تو ایسا فوجی یا پولیس والا سزا کا مستحق ٹھہرتا ہے۔ محمد ﷺ کی شریعت میں اس مفہوم کے لیے ''فرض'' کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ یعنی کسی بات کو اپنے اوپر اس طرح لازم سمجھنا کہ اس کے کرنے سے ''اجر و نفع'' ملنے کا یقین رکھنا اور نہ

کرنے سے ’’نقصان، گناہ یا سزا‘‘ ملنے کا عقیدہ رکھنا۔

کیا ووٹ شرعی مشورہ ہے؟

آج بعض حضرات اس کفر کو اسلام ثابت کرنے کے چکر میں جمہوری انتخابات کو اسلام کے عطا کردہ تصورِ شورائیت کا مترادف ثابت کرنا چاہتے ہیں اور عام مسلمانوں کو قرآنِ کریم کی یہ آیت سناتے ہیں کہ:

﴿إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا ...﴾ (النساء: 58)

’’اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتے ہیں کہ تم امانتوں کو ان کے حق داروں تک پہنچاؤ......‘‘۔

چنانچہ ووٹ بھی ایک امانت ہے اس لیے یہ ان کے حق داروں کو پہنچاؤ۔ آیئے انتخابات اور شریعت کے عطا کردہ تصورِ مشورہ کے مابین چند بنیادی فرق دیکھتے ہیں تاکہ ہم جان سکیں کہ آیا ووٹ واقعی کوئی امانت یا مشورہ ہے یا ایک یکسر فرق تصور:

أ. اسلام میں مشورہ ایک رائے ہوتی ہے۔ اس کو تسلیم بھی کیا جا سکتا ہے اور رد بھی کیا جا سکتا ہے۔ جبکہ جمہوریت میں جو ووٹنگ کی جاتی ہے اس میں اکثریت کی رائے کو رد نہیں کیا جا سکتا۔

ب. اسلام میں جن لوگوں سے مشورے کا کہا گیا ہے وہ ایسے لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے مشورہ اور رائے کی صلاحیت سے نوازا ہے۔ جبکہ جمہوریت میں ووٹ کا حق ہر ایک کو حاصل ہے۔ عالم و جاہل، ولی اللہ و زانی، مسلمان و کافر...... یہاں سب ایک جیسے ہیں۔

ج. شریعت کی رو سے مسلمانوں کے معاملات میں کافر، مرتد یا زندیق مشورہ نہیں دے سکتا، جبکہ جمہوریت ان سب کو ایک جیسا بنا دیتی ہے۔

د. اسلام میں یہ بات بھی طے ہے کہ مشورہ کن امور میں کیا جا سکتا ہے، مثلاً دین کے بنیادی اصولوں پر مشورہ نہیں کیا جاتا بلکہ ان اصولوں پر جوں کا توں عمل کیا جاتا ہے، جبکہ انتخابات میں تو ایک طرف اسلام لانے کے دعویدار اور دوسری طرف خالص سیکولرازم کے علم بردار کھڑے ہوتے ہیں اور عوام اگر سیکولر منشور کو قبول کر لیں اور سیکولر جماعت کو زیادہ ووٹ دے دیں تو اس ’’عوامی مینڈیٹ‘‘ کا احترام لازم ہو جاتا ہے، والعیاذ باللہ!

جمہوری انتخابات کی مثال:

چند اوباش کسی حرام کام کے لیے اکٹھے ہوئے۔ اور طے یہ ہوا کہ اس بار یہ حرام فعل کون کرے گا؟ اس کا فیصلہ عوام کرے گی۔ چنانچہ عوام سے کہا گیا کہ آپ جس کو اس حرام کے لیے ووٹ دیں گے اس بار وہی یہ کام کرے گا۔اب اگر کوئی یہاں کھڑے ہو کر یہ کہے کہ بھائی یہ مشورہ ہے اور مشورہ امانت ہے...... تو کیا حرام کام میں مشورہ دینا بالاصل جائز ہے کہ اسے امانت تک قرار دے دیا جائے؟

معاہدہ اور صلح کا تصور، شریعت اور جمہوریت میں:

کفر کی غلامی، جہاد کی نفرت اور جینے کے شوق نے مسلمانوں کو اس قدر پست ہمت کر دیا کہ اصول واقدار (Principles&Values) ہی الٹ گئیں۔ ذلت کو عزت کہہ دیا گیا اور غلامی کو آزادی۔

آج جمہوری لوگ کافروں کی غلامی اور ان سے اتحاد کو صلح اور معاہدہ کہہ دیتے ہیں اور سیرت کے واقعات کو سیاق و سباق سے کاٹ کر دلیل دیتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بھی یہودِ مدینہ سے معاہدہ کیا تھا۔ واضح رہے کہ اسلاف نے معاہدے و صلح کی تعریف یہ بیان کی ہے:

احناف:

”الصلح علی ترک القتال مؤقتا“۔

”ایک مدت تک قتال کے چھوڑنے پر صلح کرنا“۔[9]

مالکیہ:

”صلح الحربی مدة لیس هو فیها تحت حکم الاسلام“۔

”حربی سے ایک مدت تک صلح کرنا جس میں وہ اسلام کے قانون کے ماتحت نہیں ہوں گے“۔[10]

[9] بدائع الصنائع؛ الجزء ۷، ص: ۱۰۸

[10] الشرح الکبیر مع حاشیة الدسوقي؛ الجزء ۲، ص: ۲۰٦

شوافع:

"مصالحة أهل الحرب على ترک القتال مدة معينة بعوض أو غيره سواء فيهم من يقر منهم على دينه ومن لم يقر"۔

"حربی کافروں سے ایک معین مدت تک کے لیے قتال چھوڑے رکھنے پر مصالحت کرنا، کسی چیز کے بدلے یا بغیر بدلے کے، خواہ ان میں سے کوئی اپنے دین کا اقرار کرتا ہو یا نہ کرتا ہو"۔[11]

حنابلہ:

"أن يعقد لأهل الحرب عقداعلى ترک القتال مدةعوض وبغير عوض"۔

"اہلِ حرب سے ایک مدت تک قتال کو چھوڑ دینے پر معاملہ کرنا کسی چیز کے بدلے یا بغیر بدلے کے"۔[12]

امام ابن قیمؒ:

" مُصَالَحَةُ أَهْلِ الْحَرْبِ عَلَى تَرْكِ الْقِتَالِ مُدَّةً مُعَيَّنَةً بِعِوَضٍ أَوْ غَيْرِهِ"۔

"حربی کافروں سے ایک معین مدت تک کے لیے قتال چھوڑے رکھنے پر مصالحت کرنا کسی چیز کے بدلے یا بغیر بدلے کے"۔[13]

اسی لیے فقہاء نے صلح کو موادعت بھی کہا ہے جس کے معنیٰ ہیں کچھ مدت کے لیے کافروں سے قتال چھوڑ دینا یا عارضی جنگ بندی کر لینا۔ پھر ائمہ ءاربعہ اس بات پر بھی متفق ہیں کہ یہ صلح ایک مخصوص مدت تک ہو گی۔ نیز یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ تمام فقہاء کے نزدیک صلح صرف اسی صورت میں جائز ہے جبکہ اس میں اسلام کا کوئی فائدہ ہو، اس کے بغیر صلح جائز نہیں۔ یعنی حکمران طبقہ صرف اپنی عیاشیوں کے لیے اگر یہ صلح کرتا ہے اور اپنے اقتدار کو دوام بخشنے کے لیے ایسا کرتا ہے تو یہ بالکل جائز نہیں۔

---

[11] مغني المحتاج؛ الجزء ٦، ص: ٨٦

[12] المغني؛ الجزء ٩، ص: ٢٣٨

[13] الخلاصة في أحكام أهل الذمة؛ الجزء الأول، لأبي حمزة الشامي

صورتِ مسئلہ:

اب آپ اس صلح کو اپنے تصور میں لائیے جس کو فقہاء بیان کر رہے ہیں، کہ اسلامی لشکر کافروں کے ملک کے ملک فتح کر کے وہاں اسلامی شریعت نافذ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ اب ایک مرحلہ پر خلیفۂ وقت یہ محسوس کرتے ہیں کہ اب مجاہدین کو کچھ وقت آرام کی ضرورت ہے، یا رسد و کمک کے لیے کچھ وقت تیاری کی ضرورت ہے، یا اب جس کافر قوم پر حملہ آور ہونا ہے اس کے اسلام لانے کی امید ہے، یا وہ جزیہ دینے پر تیار ہو جائیں گے وغیرہ وغیرہ۔ ایسے وقت میں کفار اپنی جان بچانے کے لیے صلح کی پیشکش کرتے ہیں تو خلیفہ ان کو کہتا ہے کہ ہم تمہیں اس شرط پر کچھ مدت کے لیے چھوڑ دیتے ہیں کہ تم ہمیں ذلیل ہو کر جزیہ دو گے، لیکن تمہارے ملک میں ہمارا اسلامی قانون نافذ ہو گا، یا یہ صورت ہو سکتی ہے کہ خراج دو اور کچھ مدت کے لیے ہم تمہارے خلاف قتال کو ملتوی کر دیتے ہیں۔

یہ ہے وہ صلح جس کو فقہاء نے اپنی کتابوں میں بیان کیا ہے۔

جبکہ آج جو صورتِ حال ہے وہ یہ ہے کہ ہم کافروں کی منتیں کرتے ہیں کہ ہمیں زندہ رہنے دو اور ہمارا تورا بورا نہ بناؤ، ہم تمہارے دجالی نیو ورلڈ آرڈر کے تحت زندگی گزارنے پر راضی ہیں اور اس میں ہم تمہاری اطاعت کریں گے، اللہ کے قرآن کی بجائے اقوامِ متحدہ کے ابلیسی چارٹر کو دل و جان سے مانیں گے، ملکوں سے تعلقات اسلام کی بجائے اقوامِ متحدہ کے منشور کے مطابق قائم کریں گے، عالمی ابلیسی ادارہ جس کسی مسلم ملک کے خلاف جنگ کا اعلان کر دے ہم پر ان مسلمانوں کی مدد حرام ہے، ہم اپنے دنیاوی مفاد کی خاطر مسلمانوں کے خلاف کافروں کا ساتھ دیں گے، اپنے ملکوں میں سودی نظام کو قائم رکھیں گے اور اس کی حفاظت کے لیے اپنی پولیس و فوج استعمال کریں گے۔ ہم کافروں کے ملک میں رہیں گے اور اس کافر ملک کی ہر شرط کو تسلیم کریں گے، بس آپ ہمیں اپنے ملک میں جینے کی اجازت دے دیں......

ذرا آپ تصور کیجیے کہ کہاں اسلامی صلح اور معاہدہ اور کہاں آج کافروں سے اتحاد! کافروں سے اتحاد کو صلح اور معاہدہ کہنا اسلامی اصطلاحات میں کھلی تحریف ہے۔

جمہوری اصطلاحات کو نہ سمجھنے کے خطرناک نتائج:

جمہوری اصطلاحات میں غور نہ کرنے کی وجہ سے یہ نقصان ہو رہا ہے کہ جب کوئی مسئلہ یا فتویٰ علماء سے دریافت کیا جاتا ہے تو وہ ان جمہوری اصطلاحات کو سامنے نہیں رکھتے جو اس نظام میں رائج ہیں بلکہ ان کا فتویٰ شرعی اصطلاحات کو سامنے رکھ کر دیا جاتا ہے۔اس کو سمجھنے کے لیے یہاں چند مثالیں پیشِ خدمت ہیں جن سے بات واضح سمجھی جاسکتی ہے کہ علماء جو فتویٰ دیتے ہیں وہ بھی عموماً اپنے فتویٰ میں بددیانتی نہیں کرتے البتہ اصطلاحات کی تبدیلی کے سبب ان کو دھوکہ ہو رہا ہے۔

سوال:۔

اگر علماء سے یہ فتویٰ لیا جائے کہ درج ذیل حرام کاموں میں تعاون کرنا کیسا ہے:

أ. پولیس اور فوج کا کفریہ نظام اور سودی کاروبار کا دفاع کرنا؟

ب. پولیس اور فوج کا نائٹ کلبوں، شراب خانوں، جسم فروشی کرنے والی فاحشہ عورتوں، ناچنے گانے والی محفلوں کا دفاع کرنا؟

ج. مجاہدین کے خلاف لڑنا؟

تو ظاہر ہے ان کا جواب یہی ہوگا کہ یہ مذکورہ تمام کام حرام اور گناہِ کبیرہ ہیں اور گناہِ کبیرہ میں تعاون کرنا حرام ہے۔اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿... وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ...﴾ (المائدة: 2)

”...اور گناہ اور زیادتی (کی بنیاد) پر ایک دوسرے کی مدد مت کرنا...“۔

لہٰذا کسی حرام کام میں مدد کرنا بھی گناہِ کبیرہ ہے۔

فتویٰ میں عموماً اتنا ہی جواب دیا جاتا ہے جتنا سوال سے متعلق ہو۔چونکہ سوال میں صرف اس عمل کے متعلق پوچھا گیا ہے سو یہ عمل گناہِ کبیرہ ہے،اور اہلِ سنت کا عقیدہ ہے کہ:

”لا يكفر مسلم بذنب ما لم يستحله“۔

"کسی مسلمان کو گناہ کبیرہ کی وجہ سے کافر نہیں کہا جائے گا جب تک کہ وہ اس (گناہِ کبیرہ) کو حلال نہ سمجھنے لگے"۔[14]

سوال کرنے والے نے سوال ہی ادھورا پوچھا ہے اس لیے جواب بھی ادھورا ملا۔ موجودہ کفریہ نظام کو سامنے رکھتے ہوئے مکمل سوال اس طرح ہونا چاہیے تھا:

مفتیانِ کرام کیا فرماتے ہیں ایسے کلمہ گو شخص کے بارے میں جس کا یہ عقیدہ ہے کہ ایک مخصوص طبقے میں داخل ہونے یا ایک مخصوص نوکری اختیار کر لینے کے بعد اب مندرجہ ذیل کام اس کے لیے صرف حلال ہی نہیں بلکہ مقدس فرض (Duty) کی حیثیت رکھتے ہیں، اور ان کاموں کو انجام دیتے ہوئے کسی بھی مسلمان کی جان لینا اس کے لیے حلال ہے، اور اپنی جان قربان کرنا اس کا فرض اور عین سعادت و شہادت ہے؟ یہ کام درج ذیل ہیں:

سودی کاروبار اور سودی مراکز (مثلاً بینک وغیرہ) کا دفاع کرنا اور اس دفاع کو فرض سمجھنا؟ اس کی حفاظت کے لیے کسی بھی مسلمان کی جان لینے اور اپنی جان دینے کو مقدس فرض جاننا؟

نائٹ کلبوں، مساج سینٹروں، شراب خانوں، جسم فروشی کرنے والی فاحشہ عورتوں، ناچنے گانے والی محفلوں کی پہرے داری کرنے کو اپنے لیے قانونی یعنی حلال سمجھنا، اور اس کو اپنی ڈیوٹی یعنی فرض کہنا؟

ایسے جلوس کی پہرے داری کو اپنے لیے قانونی (حلال) سمجھنا جس میں ان مقدس ہستیوں (صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین) کو گالیاں دی جائیں جن سے محبت ہر مسلمان کے عقیدے کا حصہ ہے؟

اپنے افسروں کے کہنے پر نفاذِ شریعت کا مطالبہ کرنے والوں اور قرآن پڑھتی معصوم بچیوں کے قتل اور مسجد پر حملے کو اپنے لیے حلال یعنی قانونی سمجھنا، ختمِ نبوت ﷺ کے عقیدے کی حفاظت اور صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کی ناموس کی حفاظت کے لیے نکلنے والوں پر ڈنڈے برسانے اور آنسو گیس پھینکنے کو اپنے لیے قانونی (حلال) سمجھنا؟ اور یہ کہنا کہ ہم تو اپنے افسروں کے حکم کے پابند ہیں؟

جواب:

---

[14] الشرح الميسر على الفقهين الأبسط والأكبر للإمام أبي حنيفة رحمة الله عليه؛ الجزء الأول، بيان أصول الإيمان، باب لا يكفر مسلم بذنب ما لم يستحله

یقیناً اگر سوال اس انداز سے پیش ہوگا اور امرِ واقع کو درست انداز سے بیان کرے گا تو جواب بھی فرق آئے گا۔ مذکورہ بالا تمام کاموں کے گناہِ کبیرہ ہونے میں توان سرکاری علماء کو بھی کوئی شک نہیں ہے جو آئے روز ایسے فتوے صادر کرتے ہیں جن کا سارا فائدہ امریکہ، بھارت اور اس کے اتحادیوں کو ہوتا ہے۔ سو جب یہ افعال متفقہ طور پر گناہِ کبیرہ ہیں تو اس بات پر بھی علماء کا اتفاق ہے کہ گناہِ کبیرہ کو اپنے لیے کسی بھی تاویل سے حلال کر لینا کفر ہے۔ یہ ایسا کفر ہے جو ملت سے خارج کر دیتا ہے۔

اس جمہوری نظام میں جو صورتِ مسئلہ ہے وہ یہی ہے کہ پولیس ہو یا فوج، وہ جو بھی ڈیوٹی دیتے ہیں، خصوصاً ایسی ڈیوٹی جس کو جمہوری شریعت نے جائز و حلال (قانونی) قرار دیا ہو، تو فوج وغیرہ اس ڈیوٹی کرنے کو اپنے لیے بھی جائز (قانونی) ہی سمجھتی ہے۔ امارتِ اسلامیہ کے خلاف امریکہ کا ساتھ دینے اور قتلِ مسلم میں کافروں کی مدد کرنے کو اس فوج نے اپنے لیے قانونی (حلال) سمجھا ہے۔ اسی طرح جامعہ حفصہ اور سوات میں نفاذِ شریعت کا مطالبہ کرنے والوں کی جان لینا، ان کی املاک لوٹ لینا، اور ان کی عورتوں کو اٹھانا، اس فوج نے اپنے لیے قانونی (حلال) سمجھ کر کیا ہے۔ اگر کوئی فوجی خونِ مسلم کو اس تاویل کے ساتھ حلال جانے کہ یہ لوگ دہشت گرد ہیں تو بھی یہ تاویل ان کو کفر سے نہیں بچا سکتی، اس کی تفصیل اور دلائل متعلقہ بحث میں آئیں گے۔

البتہ اگر کوئی فوجی یا پولیس والا ان غیر شرعی اقدامات کو حرام سمجھتا ہو، خود کو گناہ میں ملوث تسلیم کرتا ہو اور حرام کو حلال ٹھہرانے کا مرتکب نہ ہو تو اسے کافر نہیں بلکہ صرف فاسق کہا جائے گا۔ ہاں اسے یہ سوچنا چاہیے کہ وہ کتنے عظیم گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہو رہا ہے جو اللہ کی شدید ناراضگی کا باعث ہے!!! نیز اسے یہ بھی جان لینا چاہیے کہ ان جرائم کی بعض صورتیں اتنی خطرناک ہیں کہ انہیں حلال سمجھے بغیر بھی کیا جائے تو محض ان کا ارتکاب کرنا ہی کفر ہے: مثلاً کافروں کی رضا کی خاطر مسلمانوں کو قتل کرنے کا غلیظ جرم، البتہ اس پر تفصیلی بحث کا یہ مقام نہیں۔

خلاصۂ بحث:۔

اس ابلیسی جمہوری نظام میں مسلمانوں کو پھنسانے والے کوئی عام ذہن نہیں تھے بلکہ وہ ایسے مکار تھے، جن کے دماغ میں شیطانیت بجلی بن کر دوڑتی تھی، سوانھوں نے اسلام کی اصطلاحات، اسلامی عقائد اور مسلمانوں کے مزاج کا گہرائی سے مطالعہ کیا۔ اس کے بعد اس جمہوریت کے لیے ایسی اصطلاحات رائج کیں جو ظاہراً اسلام سے متصادم نظر نہیں آتی تھیں۔ چنانچہ انھوں نے بہت حد تک اس میں کامیابی حاصل کی اور عوام تو عوام بہت سے علماء تک کو دھوکہ دینے میں کامیاب ہوگئے۔ جہاں جہاں اسلام اور جمہوریت میں لفظی یا ظاہری مماثلت (Similarity) موجود تھی وہاں اسلام کو اپنالیا گیا اور جہاں دونوں میں تضاد (Contradiction) تھا وہاں مکمل پینترا بدلا گیا اور ایسی اصطلاحات استعمال کی گئیں جن میں ظاہراً اسلامی اصولوں سے کوئی تصادم نظر نہ آتا ہو۔

یہی وجہ ہے کہ ایک فوجی، پولیس والا، جج، وکیل، پارلیمنٹ ممبر ایک طرف یہ اقرار کرتا ہے کہ مذکورہ تمام باتیں حرام ہیں، لیکن دوسری جانب جب اسی حرام کو تسلیم کرنے، اس کا احترام کرنے اور بزورِ قوت اس کو نافذ کرنے کی باری آتی ہے تو فوراً اصطلاح تبدیل کردی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ ''آئینی و قانونی'' ہے حالانکہ مفہوم و مضمون وہی ہے جو اسلامی اصطلاح میں حلال کا ہے۔ گویا بہت سادہ الفاظ میں وہ اللہ کی حرام کردہ کو حلال سمجھتا ہے، اس پر عمل کرنا اور کرانا فرض قرار دیتا ہے، اس کے دفاع کے لیے ریاستی مشینری اور مسلح لڑائی کو جہاد کہتا ہے، اور اس کے لیے کسی بھی کلمہ گو کی جان لینا، مسجد پر گولہ باری کرنا، مدارس پر چھاپے مارنا، اور قرآن پڑھتی امت کی بے گناہ بچیوں کو خون میں نہلا دینا اپنے لیے صرف قانونی اور حلال ہی نہیں سمجھتا بلکہ فرض و عبادت قرار دیتا ہے۔

ایسا صرف اس کا عمل نہیں ہے بلکہ یہ نظریہ (عقیدہ) ہے، اس آئین سے وفاداری، اس آئین کا تقدس، اس کا تحفظ اس کے ایمان (دینِ جمہوریت پر ایمان) کا حصہ ہے۔

اب آپ غور کیجئے کہ صرف اصطلاحات کی تبدیلی سے اس جمہوریت نے کتنے کفر اپنے سینے میں چھپائے ہوئے ہیں، اور محمد ﷺ کے غلاموں کو کس طرح دھوکے میں ڈالا ہوا ہے۔ ایک کفر ہو تو بندہ بات کرے، یہ تو کفر در کفر ہیں، البتہ اس کفر کا نام انھوں نے تبدیل کیا ہے جبکہ حقیقت کھلی اور واضح ہے۔

اعتراض:

پولیس اور فوج وغیرہ اگر اللہ تعالیٰ کے احکامات کو اسی طرح تسلیم کرتی ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے حبیب ﷺ کو دے کر بھیجا ہے تو پھر اس عقیدے کو مانتے ہوئے ان کے عمل کو کفر کس طرح کہا جا سکتا ہے؟ زیادہ سے زیادہ یہ گناہِ کبیرہ کرنے کی وجہ سے فاسق ہیں؟

جواب:

چلیے ہم بھی اس بات کو تسلیم کر لیتے ہیں کہ اس طبقے کا اللہ کے تمام احکامات پر ایمان ہے لیکن آپ کو بھی یہ حقیقت تسلیم کرنی چاہیے کہ ان کا ایمان اس شریعت (آئین) پر بھی ہے جو ان کو پڑھائی گئی ہے۔اس کے ہر حکم پر عمل کرنا اور عوام سے اس پر عمل کرانا یہ فرض سمجھتے ہیں۔ان کا یہ عقیدہ ہے کہ اس قانون کے لیے جان دینا اور کسی بھی کلمہ گو کی جان لے لینا ان کے لیے حلال ہے۔ اگرچہ یہ فرض سودی کاروبار کا دفاع ہو، یا زنا کے اڈوں کی حفاظت، یا اللہ و رسول کے دشمن امریکیوں کی پہرے داری۔ اب عملی صورت یہ بنی کہ اگر کوئی شخص بیک وقت اسلام کے ساتھ کسی اور شریعت کو بھی مانے تو کیا وہ مسلمان ہو سکتا ہے؟ نیز یہ بات قابل غور ہے کہ اس طبقے کا اسلام پر کتنا ایمان ہے اور اس جمہوری سودی نظام کی شریعت پر کتنا؟ یہ اللہ کے نظام کے لیے جان دینا تو دور کی بات، اس کا مطالبہ کرنے والوں کی جان لینا فرض سمجھتا ہے۔اس کفریہ نظام کی حفاظت کو عبادت سمجھتا ہے اور اس کا اپنی زبان سے اعتراف بھی کرتا ہے۔اس کی ساری وفاداری اس سودی نظام کے ساتھ ہے، اس کی رِٹ کو باقی رکھنے کے لیے یہ اپنی جان دینا عبادت سمجھتا ہے اور اس کی رِٹ چیلنج کرنے والے کی جان لینا، حلال کہتا ہے، خواہ وہ اس کا والد، بھائی یا رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔

اب آپ بتائیے کہ اس کا ایمان کس دین پر زیادہ ہے؟ یقیناً اسی جمہوری سودی شریعت پر۔اور یہ صرف اس کا عمل نہیں بلکہ نظریہ و عقیدہ ہے جس کا وہ حلف اٹھاتا ہے۔یہ اس عقیدہ کا منکر اس وقت کہلاتا جب گناہ کو گناہ سمجھ کر کرتا اور اس عمل سے برأت کا اظہار کرتا۔ لیکن یہاں تو معاملہ الٹا ہے، کہ گناہِ کبیرہ کو عبادت اور مقدس فرض کہا جاتا ہے۔

دعوت میں اصطلاحات کا استعمال:

محمد رسول اللہ ﷺ کی شریعت پر ایمان لانے والے جب بھی اس ابلیسی جمہوریت پر ایمان لانے والوں سے بات کریں تو ان اصطلاحات کو استعمال نہ کریں جو جمہوریت میں کی جاتی ہیں، بلکہ ان

کو اسلامی اصطلاحات میں تبدیل کریں تاکہ ہمارے عام سادہ لوح مسلمانوں کو پتہ چلے کہ اسلام کے نام پر ان کے ساتھ کتنا بڑا دھوکہ کیا جارہا ہے۔اور ان اصطلاحات کو اتنا زیادہ استعمال کریں کہ لوگ ان کی حقیقت سے باخبر ہو جائیں۔

ہم پھر یہ بات یاد دلاتے چلیں کہ شریعت محمدیہ ﷺ میں اصل اعتبار عمل اور عقیدہ کا ہے۔ اب چاہے کوئی اس کو کتنے ہی خوب صورت نام دینے لگ جائے......شراب کو جوس، سود کو تجارت، طاغوت کو امیر المؤمنین...... شریعتِ مطہرہ کی یہ شان ہے کہ وہ ان نقابوں کو نوچ کر اتار پھینکتی ہے اور اصل پر حکم لگاتی ہے۔

ہم علمائے حق سے بھی درخواست کریں گے کہ وہ ان کفریہ باتوں کے بارے میں اپنے مقتدیوں اور ماننے والوں کو آگاہ کریں کہ وہی اس بات کے زیادہ حق دار ہیں کہ کفر کو کفر کہیں تاکہ کسی کی یہ جرأت نہ ہو کہ وہ کفر کو اسلام ثابت کر کے اسلامی اصولوں اور بنیادوں کے ساتھ من مانی کرتا رہے، شعائرِ اسلام کا مذاق اڑائے اور اللہ کی حدود کو وحشت و درندگی قرار دے۔

اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ صورتِ مسئلہ کو گہرائی کے ساتھ سمجھا جائے اور پھر شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں اس کا حکم واضح کیا جائے۔

جمہوریت اور اسلافِ امت و اکابرینِ وقت

آیئے دیکھتے ہیں کہ جمہوریت کے بارے میں اسلافِ امت اور اکابرینِ وقت کیا فرماتے ہیں، جو ہمارے لیے مشعلِ راہ اور ہم سے زیادہ اس دین کی سمجھ رکھنے والے ہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ "حجة الله البالغة" کے باب "سياسة المدينة" میں فرماتے ہیں:

"ولما كانت المدينة ذات اجتماع عظيم لا يمكن أن يتفق رأيهم جميعا على حفظ السنة العادلة..."۔

"جبکہ شہر انسانوں کے بڑے ہجوم کا نام ہے، سو ان سب کی رائے کا سنت کی حفاظت پر متفق ہو جانا ناممکن ہے......"۔

معلوم ہوا کہ جمہوری نظام، جو اکثریت کی موافقت کا محتاج ہوتا ہے، اس میں اسلام و مسلمانوں کی

کامیابی ثابت کرنا دھوکہ کے سوا کچھ نہیں۔

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا:

"غرض اسلام میں جمہوری سلطنت کوئی چیز نہیں...... یہ مخترعہ متعارفہ جمہوریت محض گھڑا ہوا ڈھکوسلہ ہے، بالخصوص ایسی جمہوری سلطنت جو مسلم و کافر ارکان سے مرکب ہو وہ تو غیر مسلم سلطنت ہی ہوگی"۔[15]

مولانا ادریس کاندھلویؒ فرماتے ہیں:

"وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ مزدور اور عوام کی حکومت ہے، ایسی حکومت بلاشبہ حکومتِ کافرہ ہے"۔[16]

علامہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ اسلامی جمہوریت کے تصور کو رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"جمہوریت اور جمہوری عمل کا اسلام سے کیا تعلق؟ اور خلافتِ اسلامی سے کیا تعلق؟ موجودہ جمہوریت تو سترہویں صدی کے بعد پیدا ہوئی ہے۔ یونان کی جمہوریت بھی موجودہ جمہوریت سے الگ تھی، لہٰذا اسلامی جمہوریت ایک بے معنی اصطلاح ہے...... ہمیں تو اسلام میں کہیں بھی مغربی جمہوریت نظر نہیں آئی اور اسلامی جمہوریت تو کوئی چیز ہے ہی نہیں، معلوم نہیں اقبال مرحوم کو اسلام کی روح میں یہ جمہوریت کہاں سے نظر آگئی؟...... جمہوریت ایک خاص تہذیب و تاریخ کا ثمرہ ہے، اسے اسلامی تاریخ میں ڈھونڈنا معذرت خواہی ہے"۔[17]

قاری طیب صاحبؒ فرماتے ہیں:

"یہ (جمہوریت) رب تعالیٰ کی صفتِ ملکیت میں بھی شرک ہے اور صفتِ علم میں بھی شرک ہے"۔[18]

---

[15] ملفوظاتِ تھانویؒ؛ ص: ۲۵۲۔ نیز دیکھیے: احسن الفتاویٰ، کتاب الجھاد، باب سیاستِ اسلامیہ

[16] عقائد الاسلام؛ ص: ۲۳۰

[17] ماہنامہ سنابل، کراچی، مئی ۲۰۱۳ء، جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۱۱، ص ۲۷، ۲۸، مدیر مولانا حافظ محمد احمد صاحب۔ نیز دیکھیے ماہنامہ ساحل، کراچی، شمارہ جون ۲۰۰۶ء۔ ماخوذ از امالیٔ علامہ سلیمان ندوی رحمہ اللہ، مرتبہ مولانا غلام محمد رحمہ اللہ۔

[18] فطری حکومت از قاری محمد طیبؒ

سوائے اللہ کو ایک ماننے والو! شرک کا راستہ اختیار کر کے بھی بھلا کوئی اسلام کو سربلند کر سکتا ہے؟

مفتی رشید احمد لدھیانویؒ نے فرمایا:

"یہ تمام برگ و بار مغربی جمہوریت کے شجرۂ خبیثہ کی پیداوار ہے۔ اسلام میں اس کافرانہ نظام کی کوئی گنجائش نہیں"۔[19]

مولانا یوسف لدھیانویؒ شہید نے فرمایا:

"جمہوریت کا نہ صرف یہ کہ اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ وہ اسلام کے سیاسی نظریے کی ضد ہے"۔[20]

مولانا یوسف لدھیانویؒ شہید کی کتاب " آپ کے مسائل اور ان کا حل "میں یہ مسئلہ بھی موجود ہے:

سوال: حرام کو قصداً حلال کہنا بلکہ اسلامی کہنا کہاں تک لے جاتا ہے؟ میں آپ کی توجہ مئی ۱۹۹۱ء میں ہماری قومی اسمبلی کے منظور شدہ شریعت بل کی شق ۳ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ شریعت، یعنی اسلام کے احکامات، جو قرآن و سنت میں بیان کیے گئے ہیں، پاکستان کا بالادست قانون ہوں گے، بشرطیکہ سیاسی نظام اور حکومت کی موجودہ شکل متاثر نہ ہو۔ یعنی ملک کے سیاسی نظام اور حکومت کی موجودہ شکل کے متاثر ہونے کی صورت میں قرآن اور حدیث کو رد کر دیا جائے گا، نہیں مانا جائے گا۔ سیاسی نظام اور حکومتی شکل کے سلسلے میں سپریم لاء آئین ۱۹۷۳ء ہی ہو گا۔

مولانا صاحب! اس بل کا بنانے والا، اس کے منظور کرنے والے، اس کو ملک میں رائج کرنے والے اور ان تمام حضرات کی معاونت کرنے والے علمائے کرام کس زمرے میں آئیں گے؟

---

[19] احسن الفتاویٰ؛ جلد ۶، ص: ۲۶

[20] آپ کے مسائل اور ان کا حل؛ جلد ۸، ص: ۱۷۶

جواب: ......ایک مسلمان کا کام یہ ہے کہ وہ بغیر شرط اور بغیر استثناء کے اللہ تعالیٰ کے اور اس کے رسول ﷺ کے تمام احکام کو دل وجان سے تسلیم کرے۔ یہ کہنا کہ: "میں قرآن وسنت کو بالادست مانتا ہوں بشرطیکہ میری فلاں دنیوی غرض متاثر نہ ہو"، ایمان نہیں بلکہ کٹر نفاق ہے۔ گویا اللہ تعالیٰ کا بندہ ہونے اور محمد رسول اللہ ﷺ کا امتی ہونے سے صریح انکار وانحراف ہے۔[21]

معروف عالمِ دین، مفتی حمید اللہ جان صاحب دامت برکاتھم اپنے ایک نہایت اہم فتوے میں فرماتے ہیں:

"مشاہدہ اور تجربے سے ثابت ہے کہ موجودہ مغربی جمہوری نظام ہی بے دینی، بے حیائی اور تمام فسادات کی جڑ ہے اور خصوصاً اس میں اسمبلیوں کو حقِ تشریع (آئین سازی، قانون سازی کا حق) دینا سراسر کتاب و سنت اور اجماعِ امت کے خلاف ہے...... اور ووٹ کا استعمال مغربی جمہوری نظام کو عملاً تسلیم کرنا اور اس کی تمام خرابیوں میں حصہ دار بننا ہے، اس لیے موجودہ مغربی جمہوری نظام کے تحت ووٹ کا استعمال شرعاً ناجائز ہے"۔[22]

مولانا سید عطاء المحسن شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

"اگر کسی ایک قبر کو مشکل کشا ماننا شرک ہے تو کسی اور نظامِ ریاست، امپیریل ازم، ڈیموکریسی، کمیونزم، کیپٹل ازم اور تمام باطل نظام ہائے ریاست کو ماننا کیسے اسلام ہو سکتا ہے؟...... قبر کو سجدہ کرنے والا مشرک، پتھر لکڑی اور درخت کو مشکل کشا ماننے والا، حاجت روا ماننے والا مشرک، اور غیر اللہ کے نظاموں کو مرتب کرنا اور اس کے لیے تگ و دو کرنا اور اس نظام کو قبول کرنا، یہ توحید ہے؟......

---

[21] آپ کے مسائل اوران کا حل؛ جلد ۱، ص: ۴۹

[22] ماہنامہ سنابل، کراچی، مئی ۲۰۱۳ء، جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۱۱، ص ۳۲

کہاں ہے جمہوریت اسلام میں؟ نہ ووٹ ہے، نہ مفاہمت ہے، نہ ان کا وجود برداشت ہے، نہ ان کی تہذیب برداشت ہے...... اسلام آپ سے اطاعت مانگتا ہے۔ آپ سے ووٹ نہیں مانگتا، آپ کی رائے نہیں مانگتا۔ من یطع الرسول فقد أطاع الله!"[23]

مولانا شاہ محمد حکیم اختر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"اسلام میں جمہوریت کوئی چیز نہیں کہ جدھر زیادہ ووٹ ہو جائیں ادھر ہی ہو جاؤ، بلکہ اسلام کا کمال یہ ہے کہ ساری دنیا ایک طرف ہو جائے لیکن مسلمان اللہ ہی کا رہتا ہے...... جب حضور ﷺ نے صفا کی پہاڑی پر نبوت کا اعلان کیا تھا تو الیکشن اور ووٹوں کے اعتبار سے کوئی بھی نبی کے ساتھ نہیں تھا۔ نبی کے پاس صرف اپنا ووٹ تھا، لیکن کیا حضور ﷺ اللہ کے پیغام کے اعلان سے باز آ گئے کہ جمہوریت چونکہ میرے خلاف ہے، اکثریت کی ووٹنگ میرے خلاف ہے اس لیے میں اعلانِ نبوت سے باز رہتا ہوں"؟[24]

مفتیٔ اعظم دارالعلوم دیوبند مفتی محمود حسن گنگوہیؒ کا فتویٰ:

سوال: کیا ہمارے نبی حضور ﷺ نے جمہوریت کو قائم کیا تھا اور کیا خلفائے اربعہ بھی اسی جمہوریت پر چلے یا انہوں نے کچھ تغیر و تبدل کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے جمہوریت کی تردید فرمائی ہے۔ وہاں قوانین واحکام کا دار ومدار دلائل پر نہیں بلکہ اکثریت پر ہے، یعنی کثرتِ رائے سے فیصلہ ہوتا ہے۔ پس اگر کثرتِ رائے قرآن وحدیث کے خلاف ہو تو اسی پر فیصلہ ہوگا۔ قرآنِ کریم نے اکثریت کی اطاعت کو موجبِ ضلالت فرمایا ہے، ﴿وَإِنْ تُطِعْ أَكْثَرَ مَنْ فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ الآیۃ﴾[25]۔ اہلِ علم اہلِ دیانت اہلِ فہم کم ہی ہوا کرتے ہیں۔ خلفائے اربعہ رضی

[23] خطاب بموقع توحید وسنت کانفرنس، ۲۶ ستمبر، ۱۹۸۷ء، جامع مسجد برمنگھم، برطانیہ، بحوالہ ماہنامہ سنابل کراچی

[24] خزائنِ معرفت ومحبت، ص ۲۰۹

[25] الانعام: ۱۱۶

اللہ عنہم حضور اکرم ﷺ کے نقشِ قدم پر چلنے والے تھے، انہوں نے اس کے خلاف کوئی دوسری راہ اختیار نہیں کی ہے۔

(حررہ العبد محمود عفی عنہ دار العلوم دیوبند ۲۴۔۴۔۱۳۹۰ھ)[26]

صدر وفاق المدارس پاکستان مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم کا مؤقف:

شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم سے پوچھا گیا کہ:

"کیا انتخابی سیاسی نظام یا جمہوری نظم کے تحت اسلامی نظام کا نفاذ ممکن ہے"؟

تو آپ نے فرمایا:

"نہیں، ایسا ممکن نہیں ہے۔ نہ انتخابات کے ذریعے اسلام لایا جا سکتا ہے، نہ جمہوریت کے ذریعے اسلام لایا جا سکتا ہے۔ جمہوریت میں کثرتِ رائے کا اعتبار ہوتا ہے اور اکثریت جہلاء کی ہے جو دین کی اہمیت سے واقف نہیں۔ ان سے کوئی توقع نہیں ہے"۔[27]

حضرت مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ فرماتے ہیں:

"دنیا میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا دین ووٹ کے ذریعے سے، مغربی جمہوریت کے ذریعے سے غالب نہیں ہوگا، اس لیے کہ اس دنیا کے اندر اللہ کے دشمنوں کی اکثریت ہے، فساق وفجار کی اکثریت ہے اور جمہوریت جو ہے وہ بندوں کو گننے کا نام ہے تولنے کا نہیں...... دنیا میں جب بھی اسلام غالب ہوگا تو اس کا واحد راستہ وہی ہے جو راستہ اللہ کے نبی ﷺ نے اختیار کیا تھا اور وہ جہاد کا راستہ ہے......

افغانستان کے اندر طالبان کی حکومت آئی اور اسلامی شریعت آئی، کب آئی؟ جب سولہ لاکھ انسان شہید ہوئے، دس لاکھ آدمی معذور ہوئے، کسی کا ہاتھ نہیں، کسی کی آنکھ نہیں، کسی کا کان نہیں، کسی کی ٹانگ نہیں...... اللہ تعالیٰ مفت میں کسی کو نہیں دیتے جب تک کہ قربانیاں نہ ہوں۔ تو پاکستان میں لوگ یہ تمنا تو کرتے ہیں کہ طالبان کی حکومت ہو یا طالبان

---

26 فتاویٰ محمودیہ؛ جلد چہارم؛ کتاب السیاسۃ والھجرۃ؛ باب جمہوری وسیاسی تنظیموں کا بیان

27 ماہنامہ سنابل، کراچی، مئی ۲۰۱۳ء، جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۱۱، سرِ ورق۔

جیسی حکومت ہو، لیکن اس کے لیے جس قربانی کی ضرورت ہے اس کے لیے وہ تیار نہیں''۔[28]

جمہوریت......قرآن وسنت کی روشنی میں

جمہوریت کا خمیر عین کفر ہے:

اللہ سے ہدایت چاہتے ہوئے اس بحث میں ہم یہ جاننے کی کوشش کریں گے کہ محمد ﷺ کی شریعت اس جمہوریت کے بارے میں کیا فیصلہ سناتی ہے۔ ہر اس شخص کو جو خاتم النبیین محمد ﷺ کو خاتم النبیین مانتا ہے، شریعت ہی کا فیصلہ قبول کرنا چاہیے۔ ہم اس بحث کے جواب میں شریعتِ مطہرہ کے دلائل ہی سننا چاہیں گے، نہ کہ کسی فرد کا عمل۔ اگر اس جمہوریت کے حق میں کسی کے پاس محمد ﷺ کی شریعت سے دلائل ہیں تو اس کو چاہیے کہ وہ پیش کرے۔

جیسا کہ پہلے بتایا گیا کہ جمہوریت کی تعریف کی رو سے اس میں انسانی عقل وخواہشات (یعنی انسانوں) کو وحی پر بالادستی دی گئی ہے، لہٰذا یہ جمہوریت عین کفر ہے۔ جمہوریت صرف وہی ہے جس میں انسان کی بالادستی کو یقینی بنایا جاتا ہے اور حاکمیت کا حق انسان کے لیے خاص کیا جاتا ہے۔ اس کے بغیر کوئی جمہوریت جمہوریت ہو ہی نہیں سکتی۔

کیا جمہوریت ایک الگ دین ہے؟

جیسا کہ آگے چل کر قرآن واحادیث اور فقہاء کی عبارات سے ثابت کیا جائے گا کہ جمہوریت اور اسلام ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ نہ اسلام جمہوریت کے ساتھ اسلام رہ سکتا ہے اور نہ ہی جمہوریت اسلام کی اصل روح کے ساتھ جمہوریت رہ سکتی ہے۔ لہٰذا جمہوریت کے ہوتے ہوئے مسلمان کتنا مسلمان رہ سکتا ہے، اس کو سمجھنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ کچھ اللہ پر ایمان اور اکثر غیر اللہ پر ایمان۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنے ماننے والوں کو مکمل اپنا دیکھنا چاہتے ہیں۔ رائی کے دانے کے برابر بھی اگر کوئی مسلمان ان کے غیر کا بنا تو وہ پھر اسی غیر کا ہے، اللہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ نیز اللہ والا بننے کے

---

[28] ماہنامہ سنابل، کراچی، مئی ۲۰۱۳ء، جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۱۱، ص: ۳۳، ۳۴

لیے ضروری ہے کہ بندہ رسول اللہ ﷺ کو اسی طرح اپنا نبی مانے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ماننے کا حکم فرمایا ہے۔

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا، لوح و قلم تیرے ہیں

جمہوریت کے اندر کفریہ باتیں جو اس کا لازمی جزو ہیں، ان کے بغیر جمہوریت کا وجود ممکن نہیں:

ہر مسلمان کو جاننا چاہیے کہ اسلام اسلام ہے اور کفر کفر۔ اگر آپ یہ ایمان رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس دین کو اپنے حبیب ﷺ پر مکمل فرمایا، تو یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا عالمِ دین، اسلام کو کفر اور کفر کو اسلام ثابت نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ ان فقہاء کے درجات بلند فرمائیں جنھوں نے اپنی زندگیاں اس دین کو سمجھنے میں قربان کیں اور پھر امت کو کھول کھول کر اس دین کی ایک ایک باریکی سمجھا گئے۔ کیا اسلام ہے اور کیا کفر ہے، کیا ہدایت ہے اور کیا گمراہی؟ اللہ کا راستہ کیا ہے اور شیطان والا کون سا ہے......؟ یہ سب سمجھایا۔

لیکن آج دین کی طرف منسوب، گردن تک دنیا کی لذتوں میں دھنسا خواہش پرست طبقہ یہ چاہتا ہے کہ حق و باطل، ہدایت و گمراہی، روشنی و اندھیرا...... ان سب کو اس طرح گڈمڈ کر دیا جائے کہ اسلام و کفر کی کوئی تمیز باقی نہ رہے اور یہ خواہش پرست جو چاہیں من مانیاں کرتے رہیں۔ یہ چاہتے ہیں اسلام کا مذاق اڑانے والوں کے کفر کو بیان نہ کیا جائے، ہمارے پیارے رسول ﷺ کی سنتوں کی توہین کرنے والوں کا حکم بیان نہ کیا جائے، بلکہ وہ تو یہاں تک مطالبہ کرتے ہیں کہ کافروں کو بھی کافر نہ کہو، امی عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے والوں کو بھی کچھ نہ کہا جائے۔

نعوذ باللہ! یہ کس دین کی دعوت دیتے ہیں، جہاں اسلام اور کفر کی سرحدیں متعین نہیں؟ کفر کیا ہے اور ارتداد کسے کہتے ہیں؟ الحاد کیا ہے اور شرک کی تعریف کیا؟ مسلمان ہونے کے لیے کیا ضروری ہے اور کس طرح سے ایمان کی حفاظت کی جاتی ہے؟ اس میں سے کچھ بھی واضح نہیں۔ یہ کیسا دین بنا رکھا ہے جہاں مرتد و زندیق قادیانیوں کو بھی ذمی قرار دے دیا جاتا ہے حالانکہ اس بات پر امت کا اجماع ہے کہ مرتد و زندیق ذمی نہیں بن سکتا۔

لہٰذا جس بات کو اہلِ سنت کی کتابوں میں بالاتفاق کفر لکھا گیا ہے، ہم ہر حال میں اس کفر کو بیان

کریں گے، چاہے ہم پر جو بھی الزام لگایا جائے۔ اگر ہم اپنی طرف سے کوئی بات کہیں تو یقیناً ہم اس الزام کے مستحق ہیں، لیکن ہم اپنے اسلاف کی عبارات ہی ان تمام مسائل میں پیش کریں گے۔ اب جو چاہے ان اسلاف پر الزام لگا کر اپنا عقیدہ وایمان خراب کرے اور خود کو ان کی صف سے نکال کر دجال اور اس کے اتحادیوں کی صف میں کھڑا کرلے۔ اللہ ہی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ اس دن زبانوں پر تالے لگا دیے جائیں گے اور ہر ایک کا چھوٹا بڑا ہر عمل ساری دنیا کے سامنے دکھا دیا جائے گا۔ اس دن نہ کوئی جرنیل کام آئے گا اور نہ کوئی وزیر، نہ سرکاری میڈیا اس کے ساتھ ہوگا نہ وہ شیاطین جو آج ان کی مدد کر رہے ہیں اور اپنے خرچوں پر غیر ملکی دورے کراتے ہیں۔

لہٰذا تمام اہلِ علم پر فرض ہے کہ وہ جمہوریت کے اس کفر کو بیان کریں جو اس میں پایا جاتا ہے۔ ورنہ کہیں قیامت کے دن حق کو نہ بیان کرنے کے جرم میں پکڑ لیا جائے، اعاذنا اللہ من ذلک۔

جمہوریت کے سینے میں چھپے کفر:

أ. انسانی عقل وخواہش کو وحی پر فوقیت

جمہوریت میں عقلِ انسانی کو وحی سے بڑا درجہ دیا گیا ہے۔ جمہوری نظام میں وحی اس وقت تک قابلِ قبول نہیں جب تک عقلِ انسانی (اراکینِ پارلیمنٹ) اس کو منظور نہ کر لے۔ ایسا کرنے کو فقہائے امت نے صریح کفر کہا ہے۔۔ بلکہ جمہوریت تو اس سے بھی آگے جاتے ہوئے انسانی خواہش کو بھی وحی پر مقدم رکھتی ہے...... اور اس کے کفر میں بھلا کیسے شک ہو سکتا ہے؟

اللہ کا نازل کردہ کوئی بھی قانون اس وقت تک واجب العمل نہیں بن سکتا جب تک کہ پارلیمنٹ کے اراکین اس کی منظوری نہ دے دیں۔ یقیناً یہ ایسا کفر ہے جو ملت سے خارج کرنے والا ہے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ نے شادی شدہ زانی مرد وعورت کی سزا کا قانون اپنی سچی کتاب میں اپنے آخری رسول ﷺ پر نازل فرما دیا اور اسی کو اس امت کے لیے قانون کے طور پر باقی رکھا گیا۔ لیکن اس جمہوری نظام میں اللہ کا بنایا ہوا یہ قانون (نعوذ باللہ) اس لائق نہیں کہ اس کو اس جمہوری پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر بھی قابلِ عمل سمجھا جاسکے۔ معلوم یہ ہوا کہ اس نظام میں اگر کوئی قانون اسلام کے مطابق بنایا بھی جاتا ہے تو اسے اس بناء پر قانون نہیں مانا جاتا کہ وہ قانون اللہ نے بنایا ہے بلکہ اس لیے تسلیم کیا جاتا ہے کہ اس کو انسانی عقل یعنی اس جمہوری نظام کے کارندوں نے اس قابل سمجھا ہے کہ اس کو آئین کا حصہ بنا دیا جائے۔ ورنہ اگر اللہ کا حکم ہی کافی ہوتا تو اس کو انسانوں کی منظوری اور بل پیش

کرنے کا محتاج نہ بنایا جاتا، بلکہ اس عمل کے بغیر ہی اس قانون کو تسلیم کر لیا جاتا جو احکم الحاکمین نے اپنے حبیب ﷺ پر نازل فرمایا۔

قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے اس برائی کو یوں بیان فرمایا:

﴿ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ﴾ (غافر: 12)

''تمہاری یہ حالت (جہنم میں ہمیشہ رہنے کی) اس وجہ سے ہے کہ جب صرف ایک اللہ کی دعوت دی جاتی تو تم انکار کر دیتے، اور اگر اللہ کے ساتھ شریک بنایا جاتا تو تم مان لیتے، سو (دنیا میں) سارا قانون اللہ ہی کے لیے ہے، جو بزرگ و برتر ہے''۔

اس جمہوریت کا کفر بھی یہی ہے کہ اللہ کی شریعت کو صرف اللہ کا سمجھ کر نہیں مانتی، بلکہ اللہ کے ساتھ اس پارلیمنٹ کو بھی شریک بنا لیا جائے تو پھر یہ اللہ کی شریعت کو تسلیم کرتی ہے۔ اب علمائے حق ہی بتائیں کہ اس حقیقت کو جانتے ہوئے اللہ کی شریعت کو انسانوں کے سامنے منظور ہونے کے لیے پیش کرنا کیسا ہے؟

نیز یہاں یہ بات بھی سمجھ میں آجانی چاہیے کہ اگر کسی پارلیمنٹ میں سو فیصد دین دار، باشرع حضرات بیٹھے ہوں، لیکن اللہ کی شریعت کو اس وقت تک آئین کا حصہ نہ بنایا جاسکتا ہو، جب تک کہ پارلیمنٹ میں اس کو منظور نہ کرا لیا جائے، تو ایسی پارلیمنٹ کا حکم بھی فرق نہیں ہوگا۔

اگر کوئی یہ کہے کہ ہم اس عمل کے بغیر ہی اللہ کی شریعت کو آئین کا حصہ بنادیں گے تو اس کا ایسا سمجھنا اس جمہوریت کی تعریف، اس کے مزاج اور اس نظام کی ڈوریں ہلانے والوں اور اس کے حقیقی محافظوں کو نہ سمجھنے کی دلیل ہے۔ ایسے لوگ اس جمہوریت کو نہیں سمجھے اور مکمل دھوکہ میں ہیں۔ جمہوریت اس وقت تک جمہوریت کہلا ہی نہیں سکتی جب تک کہ انسانی عقل کی بالادستی ہر چیز میں ثابت نہ کردی جائے، خواہ یہ چیز وہ وحی کیوں نہ ہو جو انبیاء کے سردار پر فرشتوں کے سردار لایا کرتے تھے۔

ب۔ جدید ابلیسی شریعت جس میں خواہشات کو معبود بنایا جاتا ہے:

جمہوریت میں دستورِ حیات و نظامِ زندگی (آئین) بنانا پارلیمنٹ کا حق ہے کہ وہ اپنی خواہش

کے مطابق جسے چاہیں اسے آئین و قانون کا درجہ دے دیں۔ جبکہ محمد ﷺ کی شریعت میں یہ حق اللہ کے سوا کسی اور کو حاصل نہیں۔ سو ایسا عقیدہ رکھنا اللہ کے ساتھ کفر کرنا ہے۔

﴿أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ...﴾[29]

"کیا ان کے ایسے شریک ہیں جنھوں نے ان کے لیے نظامِ زندگی مرتب کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی؟..." (اس کی تفصیل آگے آ رہی ہے)

ج. یہ جمہوریت اللہ کی قانون سازی کی صفت "الامر" (حکم و قانون) کو غیر اللہ (یعنی پارلیمنٹ) کے لیے ثابت کرتی ہے۔

یہی جمہوریت کی روح ہے۔ اس میں اگر کوئی یہ اضافہ کرے کہ یہ قانون سازی قرآن و سنت کے مطابق ہونی چاہیے تو یہ صرف جملہ ہے جو منہ سے نکلا ہے ورنہ جمہوریت کی روح کسی بھی وحی کی پابندی کو قبول ہی نہیں کرتی۔ اس کا واضح ثبوت وہ خلافِ شریعت قانون سازی ہے جو اس "بت" کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ جس چیز کو پارلیمنٹ کی اکثریت حلال (قانونی) کہے وہ حلال، خواہ وہ سود وزنا اور شراب جیسی لعنت ہی کیوں نہ ہو یا اللہ تعالیٰ کی حدود ہی کیوں نہ ہوں جن کو مٹانا تو دور ان میں ترمیم کرنا بھی کفر ہے۔ اسی طرح جس کو پارلیمنٹ حرام (غیر قانونی) کہے وہ حرام، خواہ وہ جہاد جیسی عظیم عبادت ہی کیوں نہ ہو۔

اب اس کا احترام کرنا، اس کو مقدس ماننا اور اس کی پاسداری کرنا ہر رکنِ اسمبلی پر فرض ہے۔ اس کو حرام (غیر قانونی) قرار دینے والا اور اس کی مخالفت کرنے والا اس آئین کا باغی کہلائے گا۔ اب اگر کسی نے اس قانون کو چھوڑ کر قانونِ محمدی ﷺ کے مطابق فیصلہ کرنے کرانے کی کوشش کی تو وہ اس جمہوری شریعت کی رِٹ کو چیلنج کرنے والا سمجھا جائے گا اور ریاست اس کو باغی قرار دے کر اس کے خلاف پیادہ فوج سے لے کر فضائیہ تک استعمال کرنے کو جائز سمجھے گی۔ ایسے لوگوں کی جان لینا اور ان کے خلاف لڑتے ہوئے اپنی جان دینا فرض ہو جائے گا۔ اسی لیے اس نظام میں شامل مذہبی لوگوں کی زبان سے بھی آپ ایک جملہ ضرور سنیں گے، "ہم آئین کی حدود میں رہ کر شریعت کے نفاذ کی جدوجہد جاری رکھیں گے"۔

---

[29] الشوریٰ: ۲۱

جی ہاں آئین کی حدود وہی ہیں جو جمہوریت نے وضع کی ہیں یعنی کوئی بھی قانون (خواہ اللہ ہی کا کیوں نہ ہو) اس وقت تک قانون نہیں سمجھا جائے گا جب تک جمہوری انداز میں اس کو آئین کا حصہ نہ بنایا گیا ہو۔ گویا یہاں ''امر'' اللہ کا نہیں، انسانوں کا چلتا ہے!

د. اسی پارلیمنٹ سے منظور شدہ ضابطۂ حیات کو لوگوں کے لیے نافذ کرنا، لوگوں کو اس کا پابند بنانا، پولیس، فوج، عدلیہ اور دیگر محکموں سے اس کی وفاداری واطاعت پر حلف لینا اور اس پر عمل درآمد کا عقیدہ یعنی نظریہ رکھنا، محمد ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کا صاف انکار ہے۔

ہ. جمہوریت کی شریعت میں مسلمان اور کافر برابر ہیں۔ حالانکہ اس بات پر امت کا اجماع ہے اور قرآنِ کریم میں متعدد جگہ اس بات کو بیان کیا گیا ہے کہ مسلمان و کافر برابر نہیں ہو سکتے۔

و. جمہوری شریعت میں صدر اور کئی عہدہ داران کو مکمل استثناء حاصل ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر آپ کا آئین اسلامی ہے تو پھر تو یہ اسلام سے استثناء دینے کے مترادف ہوا۔ یعنی جمہوری شریعت کے بعض افراد اسلامی شریعت سے بالاتر ٹھہرے! یہ اتنے مقدس ہیں کہ اسلامی آئین بھی ان کو جرم پر سزا نہیں دے سکتا! جبکہ شریعتِ محمدی ﷺ میں تو نبی ﷺ کی بیٹی کو بھی استثناء حاصل نہیں ہے۔ یہ جمہوری نظریہ بھی اجماعِ امت کے خلاف ہے۔

ز. اگر کسی ملک کا آئین ۹۹ فیصد اسلامی ہو اور صرف ایک شق غیر اسلامی ہو، جو باقاعدہ آئین کا حصہ ہو تو شریعتِ مطہرہ اس شرک کو قبول نہیں کرتی۔ لہٰذا اس آئین کو اسلامی نہیں کہا جائے گا بلکہ کفریہ ہی کہا جائے گا۔ لہٰذا اگر کوئی مسلمان اس آئین کو نظامِ حیات یا اس کے مطابق عمل درآمد کو لازمی قرار دے تو یہ محمد ﷺ کے لائے ہوئے دین کو چھوڑنا ہے، کیونکہ یہ ایک ایسی بات کو بندوں پر لازم کر رہا ہے جو اللہ رب العزت نے لازم نہیں فرمائی۔

ح. محمد ﷺ کی شریعت میں کوئی بھی کافر مسلمانوں پر افسر، حاکم یا جج نہیں بن سکتا۔ حتیٰ کہ اگر کوئی ذمی کافر (وہ کافر جو خلافت کے تحت قائم اسلامی حکومت میں جزیہ دے کر رہتے

ہیں، اور ان کی جان و مال کی حفاظت خلافتِ اسلامیہ کی ذمہ داری ہے) بھی افسر بن گیا تو اس کی ذمیت ختم ہو جائے گی اور اس کا خون مباح ہو گا، جیسا کہ امام ابو بکر جصاص ؒ نے "أحكام القرآن" میں فرمایا ہے۔ لیکن جمہوریت کی شریعت میں ہندو، سکھ، عیسائی یا کوئی بھی کافر حاکم اور جج بن سکتا ہے جیسا کہ ہم عملاً دیکھ بھی رہے ہیں۔

ط. جمہوریت کی پارلیمنٹ نے جو شریعت بنائی ہے اس کی رو سے عورت سربراہِ مملکت بن سکتی ہے، یہ عقیدہ بھی اجماعِ امت کے خلاف ہے۔

ي. آپ ﷺ کے دور میں یہود آپ ؐ سے کسی مسئلے کے بارے میں فتویٰ لیتے کہ آپ کی شریعت میں اس کا کیا حکم ہے؟ پھر اگر وہ حکم اپنی خواہشات کے مطابق ہوتا تو اس فتوے کے مطابق فیصلہ لینے کے لیے آپ ﷺ کے پاس آجاتے ورنہ اس کو رد کر دیتے۔ اس کو اللہ تعالیٰ نے ﴿...يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِهِ...﴾[30] فرمایا۔ یعنی، "...یہ اللہ کے احکامات کو ان کی صحیح جگہ سے ہٹا دیتے ہیں..."۔

موجودہ جمہوری نظام بھی چونکہ یہود کی ایجاد ہے لٰہذا اس یہودی خصلت کا اس میں پورا خیال رکھا گیا ہے کہ اسلام کا جو قانون اپنی خواہشات کے مطابق ہو اس کو انسانوں سے منظور کرانے کے بعد اس کو آئین کا حصہ بنالیا جائے تاکہ "اسلام پسندوں" کو بھی اس کفریہ نظام کو اسلامی ثابت کرنے کی دلیل مل جائے اور اپنی خواہشات کا بت بھی راضی رہے۔ اور جہاں خواہشات اللہ کے آئین کو تسلیم نہ کریں وہاں صریح انکار، ضد و عناد، اور اعراض و ٹال مٹول سے کام لیا جاتا ہے۔

پارلیمنٹ کے بارے میں اہم سوال:

ان لوگوں کے کفر میں کسی کو کیا شک ہو سکتا ہے جو پارلیمان میں بیٹھنے کے بعد وہاں پیش کیے جانے والے اسلامی بل کی مخالفت میں ووٹ دیتے ہیں اور جمہوری رستے سے بھی اسلام لانے کی کوششیں برداشت نہیں کر پاتے؟ کیا یہ محمد ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کو کھلم کھلا رد کرنا نہیں کہ نہ

[30] المائدۃ: ۴۱

تو جہاد و قتال کے ذریعے اسلام آنے دیتے ہیں اور نہ پارلیمان کے اندر اسلام کا نام سننا چاہتے ہیں؟ اور پھر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ اس مخالفت کا ''حق'' ان کو دیا کس نے ہے؟ یقیناً اسی جمہوری نظام نے، اسی پارلیمنٹ نے۔ سو ایسا نظام اور پارلیمنٹ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی شریعت کی مخالفت اور اس کو رد کر دینے کو آئینی ''حق'' قرار دیتی ہو، اس سے بڑا کفر کا نظام اور ادارہ بھلا کوئی اور ہو سکتا ہے؟

کیا یہ نظام شریعت بل کی مخالفت کرنے والوں کی حفاظت نہیں کرتا، حالانکہ ان کے ارتداد میں تو کسی کو اختلاف نہیں ہونا چاہیے؟ تو کیا توبہ نہ کرنے کی صورت میں ان کو قتل کرنا قانونی (حلال) ہو سکتا ہے؟ کیا اسلامی بل رد کرنے والوں کی اسمبلی کی رکنیت معطل کی جاتی ہے؟ کیا ان کے ساتھ مرتد جیسا سلوک کیا جاتا ہے؟ ہر گز نہیں۔ کیونکہ جمہوریت کی نظر میں یہ ابھی بھی محترم و مقدس ہیں۔ اور اگر ان کے ساتھ کسی نے چھیڑ چھاڑ کی تو ریاستی مشینری ان کی حفاظت کو یقینی بنائے گی۔

اب آپ دیکھیے کہ اللہ کے قانون کو رد کرنے والوں کو کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا، بلکہ جمہوریت نے ان کو یہ حق دیا ہے۔ لیکن اگر کوئی شہری اس جمہوریت کے قانون کو ماننے سے انکار کر دے تو اس کو باغی کہا جاتا ہے اور اس کا خون بہانے اور اس کے خلاف فوجی آپریشن کرنے کے حق میں پارلیمان متفقہ قرار دادیں پاس کرتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ''ملک کا ریاستی دین'' اسلام نہیں بلکہ لادینیت (سیکولرازم اور جمہوریت) ہے۔

جمہوریت میں انفرادی آزادی بھی نہیں:

اس باطل نظام کے بنانے والوں نے لوگوں کو ایک بڑا دھوکہ یہ بھی دیا کہ جمہوریت میں اسلام کو مکمل آزادی حاصل ہوتی ہے۔ یہ اسلام کے کسی حکم پر پابندی نہیں لگاتی، نماز، روزہ اور دیگر انفرادی عبادات کی ہر مسلمان کو اجازت ہوتی ہے۔ چنانچہ اس آزادی کو اسلامی آزادی سمجھتے ہوئے بہت سے لوگ ہندوستان کو بھی دارالحرب نہیں مانتے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہندوستان میں مسلمانوں کو مکمل آزادی حاصل ہے۔

یہ ابلیسی جمہوریت کے دھوکوں میں سے ایک دھوکہ ہے۔ الفاظ کی ہیر پھیر کر کے اس میں بھی دھوکہ دہی اور مکاری سے کام لیا گیا ہے۔ پہلا سوال تو یہ ہے کہ کیا اسلام اب نعوذ باللہ اتنا حقیر ہو گیا ہے کہ اسے کفر کے نظاموں سے آزادی کی بھیک مانگ کر جینا ہو گا؟ پھر ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ کیا

اس جمہوریت میں واقعتاً مسلمانوں کو نماز، روزے وغیرہ کی وہی آزادی حاصل ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے ماننے والوں کو عطا فرمائی ہے؟ کیا اس نظام کے تحت اسی عقیدے کے ساتھ نماز ادا کی جاتی ہے جس عقیدہ کو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر لازم کیا ہے؟

جمہوریت میں نماز کی آزادی نہیں:

ہمیں نماز ''قائم'' کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ نماز صرف رکوع سجدے کا نام نہیں ہے بلکہ نماز کی فرضیت کا عقیدہ رکھنا، اس کی ادائیگی کے لیے نظامِ صلوٰۃ کھڑا کرنا، جو نہ پڑھے اس پر سختی کرنا، جو نماز چھوڑنے پر ڈٹ جائے یا قوت بنالے اس سے قتال کو فرض سمجھنا، یہ سب نماز قائم کرنے میں شامل اور ضروری ہے۔ جبکہ جمہوریت میں اس کی بالکل اجازت نہیں۔ صرف اتنا ہے کہ جو چاہے پڑھے، اور جو نہ پڑھے، ریاست یا کوئی بھی مسلمان اس کو کچھ نہیں کہہ سکتا۔ لہٰذا جمہوریت میں فرض نماز کی آزادی نہیں بلکہ مباح نماز کی آزادی ہے۔ گویا یہ جمہوریت ایک مسلمان کو یہ عقیدہ رکھنے پر مجبور کرتی ہے کہ نماز فرض نہیں بلکہ مباح ہے، جو چاہے پڑھے، جو نہ چاہے نہ پڑھے۔ یہی معاملہ تمام عبادات کا ہے۔ فرض کو مباح سمجھنے کا عقیدہ کیسا ہے؟ علماء سے اس کا حکم پوچھا جا سکتا ہے۔

جمہوریت کا کارنامہ...... قادیانیوں کو کافر قرار دیا جانا:

جو لوگ جمہوریت کے ذریعہ اسلامی نظام لانے کا عقیدہ رکھتے ہیں، ان کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ ہم نے اس نظام میں شامل ہو کر قادیانیوں کو کافر قرار دلوایا ہے۔ اسی طرح ایک دن ہم اسلامی شریعت بھی نافذ کرلیں گے۔

قادیانیوں کو کافر قرار دیے جانے کو مذہبی سیاسی قوتوں کا بہت بڑا کارنامہ سمجھا جاتا ہے اور اس کو جمہوریت کے ذریعہ اسلام لانے کی دلیل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ قادیانیوں کے خلاف چلنے والی اس تحریک میں جن حضرات نے بھی حصہ لیا، ان کی نیت اچھی تھی اور ان کا مقصد قادیانی فتنے کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا تھا، لیکن اس نظام کو چلانے والے مکار کارندوں نے یہاں بھی علماء کو دھوکہ دینے کی کوشش کی اور قادیانیوں کو بچانے کے لیے اپنے شیطانی ذہن کو کام میں لائے۔

اس سلسلے میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا قادیانی، اسلام کی رو سے کافرِ اصلی ہیں، مرتد یا پھر زندیق؟ اہلِ علم حضرات جانتے ہیں کہ اسلام میں یہ تینوں اصطلاحات الگ الگ مفہوم کے لیے

استعمال کی جاتی ہیں اور ان کا حکم بھی ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

قادیانی کافرِ اصلی تو ہیں ہی نہیں کیونکہ وہ پہلے سے خود کو مسلمان کہتے تھے۔ مرتد اس لیے نہیں ہیں کہ انہوں نے کفر کا ارتکاب کرنے کے باوجود خود کو کافر نہیں کہا تھا، بلکہ اپنے باطل نظریات کے ہوتے ہوئے خود کو مسلمان ثابت کرنے پر مصر تھے۔ چنانچہ ان پر زندیق کی تعریف ہی صادق آتی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ شریعتِ مطہرہ میں زندیق کا کیا حکم ہے؟ تمام اہلِ علم کے نزدیک اس کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ گرفتاری سے پہلے توبہ کرلے تو توبہ قبول ہے، ورنہ گرفتاری کے بعد اس کو صرف قتل کیا جائے گا، توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔

لیکن یہاں تو قادیانیوں کو کافر قرار دے کر ان کو ذمی سے مشابہ حیثیت دی گئی اور ان کی جان ومال کو ریاستی تحفظ فراہم کردیا گیا۔ حالانکہ شرعی حکم یہ تھا کہ پہلے ان کو قادیانی عقیدے سے توبہ کا حکم دیا جاتا، توبہ کرکے صحیح مسلمان ہوجاتے تو ٹھیک تھا ورنہ ان کو قتل کیا جاتا۔ ان کو قادیانیت پر باقی رکھنا اور پھر ان کو ریاستی اور قانونی تحفظ فراہم کرنا گویا ان کے الحاد پر راضی ہونا اور بحیثیتِ جماعت ان کی حفاظت پر ریاست کو مامور کرنا ہے۔ حالانکہ اس بات پر امت کا اجماع ہے کہ رحمۃ للعالمین، خاتم النبیین محمد ﷺ کا گستاخ واجب القتل ہے۔ اگر اس کو کوئی اسلامی ریاست کی اجازت کے بغیر بھی قتل کردے تو اس پر کوئی الزام نہیں۔

اب آپ ذرا ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ جس طبقے کا شریعت میں یہ حکم تھا کہ اس کی جان ومال مسلمانوں کے لیے مباح ہے اور کوئی بھی مسلمان ان کو بغیر ریاست کی اجازت کے قتل کردیتا یا ان کا مال لوٹ لیتا تو شرعاً اس پر کوئی جرم نہیں تھا، اب اس طبقے کی جان ومال کو محترم قرار دے کر ان کی حفاظت کو ریاست کے لیے فرض قرار دے دیا گیا، حالانکہ قادیانی ابھی تک اسی زندیقیت والحاد پر قائم ہیں جس پر وہ اس سے پہلے قائم تھے۔ ان کے عبادت خانے پہلے سے زیادہ ہوچکے ہیں، ان کی تبلیغ پہلے سے کھل کر ہو رہی ہے۔ تو سوچیے کہ قادیانیوں کے ساتھ برا ہوا یا اچھا ہوا؟ یہ تو آپ نے ایک ایسی جماعت کو ریاست کا تحفظ فراہم کردیا جس کو کسی بھی حال میں ملک میں رہنے کی اجازت ہی نہیں ہوسکتی۔ یہ تو کافرِ اصلی سے بھی بدتر ہیں کیونکہ کافرِ اصلی پھر بھی ذمی بن کر کسی مسلم ملک میں رہ سکتا ہے، لیکن زندیق اور مرتد نہیں رہ سکتے۔ اس کے باوجود یہ یہاں ریاست کے امور میں اسی طرح

دخیل ہیں جس طرح اور سب۔

اگر یہ کہا جائے کہ پہلے قادیانی مرتد تھے اور اب ان کی اولادیں کافرِ اصلی کے حکم میں ہیں، تو یہ خیال بالکل غلط ہے۔ قادیانی نہ پہلے مرتد تھے اور نہ اب کافرِ اصلی ہیں۔ شریعت کی نظر میں وہ کل بھی زندیق تھے اور آج بھی زندیق ہیں۔

یاد رکھنا چاہیے کہ جب محمد ﷺ کی محبت میں سرشار مجاہدین نے لاہور میں قادیانیوں کے مرکز پر حملہ کیا تو بعض لوگوں نے یہ کہہ کر اس حملے کی مذمت کی کہ چونکہ قادیانیوں کو کافر قرار دیا جا چکا ہے لہٰذا اب وہ ذمی ہیں۔ یہاں تک کہ بعض علم کا بوجھ لادنے والوں نے یہاں تک کہا کہ قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ قادیانیوں کے ساتھ کھڑے ہوں گے (العیاذ باللہ۔ نقلِ کفر کفر نہ باشد)۔ حالانکہ تمام اہلِ علم کو معلوم ہے کہ قادیانی زندیق ہیں اور زندیق ذمی نہیں بن سکتا۔ لہٰذا جس کسی نے رسول اللہ ﷺ پر اتنا بڑا بہتان باندھا کہ خاتم النبیین ﷺ قیامت کے دن اس ملعون طبقے کے ساتھ کھڑے ہوں گے جس نے ختمِ نبوت کے عقیدے کو لہولہو کرنے کی کوشش کی ہے، اور جو فرقہ براہِ راست آپ ﷺ کا گستاخ اور دشمن ہے...... سو ایسا بھاری جملہ کہنے والوں کو توبہ کرنی چاہیے ورنہ اندیشہ ہے کہ قادیانیوں کی محبت کے جرم میں ان کو قادیانیوں ہی کے ساتھ اٹھایا جائے!

جمہوری قانون سازی اور اسلام:

جمہوری نظام انسان کو یہ اختیار دیتا ہے کہ انسانوں کی اکثریت جو نظامِ زندگی اور دستورِ حیات اپنے لیے پسند کرے، ان کو اختیار ہے۔ جس چیز کو چاہیں حلال کریں اور جس کو چاہیں حرام قرار دے دیں۔ آئینی ریاست وہی کہلا سکتی ہے جس میں انسانوں کے اس حق کو تسلیم کیا گیا ہو۔ اور اگر کسی ریاست میں انسانوں کے اس حق کو تسلیم نہیں کیا گیا تو ایسی ریاست جمہوری آئینی دستوری ریاست کہلانے کی حق دار نہیں ہے۔

دستورِ حیات بنانے میں اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا بالاتفاق کفر ہے، جبکہ اس نظام میں اللہ کے ساتھ صرف شریک ہی نہیں ٹھہرایا جاتا بلکہ اللہ سے (نعوذ باللہ) یہ اختیار لے کر پارلیمنٹ کو دے دیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تو قانون سازی میں شریک بنانے کو کھلا جرم قرار دے کر ایسا کرنے سے منع فرما

دیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿...وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَدًا﴾ (الکھف: 26)

"...اور وہ (اللہ تعالی) اپنے حکم (قانون) میں کسی کو شریک نہیں کرتا"۔

امام بغویؒ فرماتے ہیں:

"ابن عامرؒ اور یعقوبؒ نے اس کی دوسری قرأت "ولا تشرک في حکمه أحدا" کی ہے۔ یعنی، اللہ کے حکم (قانون) میں کسی کو شریک نہ بناؤ"۔[31]

کیونکہ یہ قانون بنانے کا حق صرف اسی ذات کے لیے خاص ہے جس نے اس کائنات کی تخلیق فرمائی۔ شہنشاہِ دوجہاں نے اپنی سچی کتاب میں اعلان کر دیا:

﴿...أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ...﴾ (الأعراف: 54)

"...سن لو! اللہ ہی کے لیے ہے پیدا کرنے کی صفت اور حکم (قانون سازی) کی صفت..."۔

اس آیت کی تفسیر میں مشہور حنفی مفسر وفقیہ، امام ابو اللیث سمرقندیؒ فرماتے ہیں:

"ألا کلمة التنبیه، یعني: اعلموا أن الخلق لله تعالی، وهو الذي خلق الأشیاء کلها وأمره نافذ في خلقه"۔

"اس آیت میں لفظ "ألا" تنبیہ کے لیے ہے۔ مطلب یہ ہے کہ: جان لو خلق (پیدا کرنا) اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہے۔ وہی ذات ہے جس نے دنیا اور ہر چیز کو پیدا فرمایا، اور اسی کا حکم و قانون ان میں نافذ ہو گا"۔[32]

امام نیشاپوریؒ فرماتے ہیں:

---

[31] تفسیر معالم التنزیل المعروف تفسیر البغوي؛ الجزء ٥، للإمام محیي السنة أبي محمد الحسین بن مسعود البغوي [المتوفی ٥١٦ ھ]

[32] تفسیر بحرالعلوم؛ الجزء ٢، للشیخ أبو اللیث السمرقندي

''اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ کسی پر کسی بات کو لازم کرے''۔[33]

امام فخر الدین رازیؒ نے بھی اپنی تفسیر میں یہی بات بیان کی ہے۔[34]

یہ آیت بتارہی ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔اللہ ہی خالق ہے اور اللہ ہی دستور و قانون بنانے والا ہے۔لہٰذا اگر کوئی ان میں سے کوئی بھی صفت کسی غیر کے لیے ثابت کرے گا تو گویا وہ زبان سے پڑھے ہوئے کلمہ لاالٰہ کا انکار کر رہا ہے۔

اگر کوئی شخص کسی مزار پر جاکر قبر والوں سے کچھ مانگے اور یوں کہے کہ اے پیر! مجھے بچہ دے دو، یا کوئی اپنے بچے کو کسی پیر کی جانب منسوب کرے کہ یہ بچہ مجھے فلاں پیر نے دیا ہے تو آپ فوراً اس کو مشرک کہہ دیتے ہیں۔لیکن اگر کوئی شخص یوں کہے کہ وہ قانون سازی کا حق رکھتا ہے، یا یہ کہے کہ دستور بنانا پارلیمنٹ کا کام ہے...... تو کیا آپ اس کو شرک کہنے سے اس لیے رک جاتے ہیں کہ اس کا مرتکب فرد طاقتور یا حکمران طبقے سے تعلق رکھتا ہے؟ حالانکہ اس آیتِ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے تخلیق کی طرح قانون سازی کو بھی خاص اپنی صفت بتایا ہے!

قانون بنانا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور دنیا میں کوئی نہیں جو اپنی طرف سے کوئی قانون بنائے اور کسی چیز کے جائز یا ناجائز، قانونی یا غیر قانونی ہونے کا حکم صادر کرے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"ومن زعم أن الله جعل للعباد شيئا من الأمر فقد كفر بما أنزل الله على أنبيائه، لقوله: ﴿ألا له الخلق والأمر﴾"۔

''اور جس نے یہ گمان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے الأمر (دستور و آئین بنانے) کی صفت میں سے بندوں کے لیے کچھ اختیار دیا ہے، تو تحقیق کہ اس نے کفر کیا ان تمام باتوں کا جو اللہ تعالیٰ

---

[33] تفسير النيسابوري؛ الجزء ٢
[34] دیکھیے تفسیرِ رازی

نے اپنے نبیوں پر نازل فرمائی ہیں، اللہ تعالیٰ کے اس قول کی رو سے کہ: ﴿ألا له الخلق والأمر تبارک الله رب العالمین﴾ ''۔[35]

اللہ کا اس سے زیادہ انکار اور کیا ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہ صفت جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، اللہ سے لے کر انسان کو دے دی جائے اور اس کو اللہ کے برابر کر دیا جائے۔

علامہ سید ابو الحسن علی ندویؒ نے فرمایا:

''ربِ کائنات نے اپنے علاوہ کسی کو یہ حق نہیں دیا کہ وہ کسی چیز کے بارے میں جائز و ناجائز کا فیصلے کریں حتیٰ کہ کسی نبی کو بھی اللہ نے اس بات کی اجازت نہیں دی کہ وہ بغیر اللہ کے حکم کے اپنی جانب سے کوئی بات حرام یا حلال قرار دیں۔ پھر کسی اور کے لیے یہ بات کہاں سے جائز ہو سکتی ہے کہ وہ اللہ کے قانون کے مقابلے میں اپنی جانب سے قانون سازی کرے اور اس میں ان چیزوں کو جائز قرار دے جن کو احکم الحاکمین نے اپنے قیامت تک باقی رہنے والے قانون (قرآن) میں ناجائز قرار دیا، یا کسی ایسی بات کو ناجائز قرار دے کر اس پر پابندی لگا دے جس کو اللہ نے جائز قرار دے کر اس کو کرنے کا حکم فرمایا''۔

عالمِ عرب کے مشہور عالم شیخ سفر الحوالی ''شرح عقیدة الطحاوية'' میں (ألا له الخلق والأمر) کی تشریح میں فرماتے ہیں:

''...... وفي هذه الآية دليل عَلَى أنه لا يجوز لأحد غير الله تَبَارَكَ وَتَعَالَى أن يشرع للناس بأي حال من الأحوال، فالشرع المتبع إنما هو شرع الله ودينه، لأن الله تَعَالَى هو الذي خلق الخلق، فكيف يكون له الخلق ويكون لغيره الأمر والنهي''؟

''اور اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کے لیے یہ جائز نہیں کہ کسی بھی حالت میں وہ لوگوں کے لیے قانون سازی کرے۔ سو وہ شریعت جس کی اتباع کی جانی چاہیے وہ اللہ تعالیٰ کی شریعت اور اس کا دین ہے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ہی مخلوق کو

---

[35] جامع البيان في تأويل القرآن المعروف تفسير طبري؛ الجزء ١٢، تفسير سورة الأعراف: ٥۴، للإمام محمد بن جرير، أبي جعفر الطبري؛ وتفسير القرآن العظيم المعروف تفسير ابن كثير؛ الجزء ٣، تفسير سورة الأعراف: ٥۴، للإمام أبي الفداء إسماعيل بن عمر بن كثير القرشي الدمشقي

پیدا فرمایا، لہٰذا ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ خالق ہو نا تو اس کے لیے خاص ہو اور امر و نہی (یعنی کیا کرنا ہے کیا نہیں کرنا یا قانون سازی) کا حق کسی اور کے پاس ہو"۔[36]

اس کو آپ ایک مثال کے ذریعے آسانی سے یوں سمجھ سکتے ہیں (وللہ المثل الأعلیٰ) کہ جیسے کسی نے گاڑی ایجاد کی تو اس کو چلانے کا طریقہ بھی وہی بتائے گا۔ یہ کرنا ہے یہ نہیں کرنا، گاڑی چلانے کے لیے ایکسلریٹر دبانا ہے اور روکنے کے لیے بریک لگانے ہیں...... سو اس گاڑی چلانے والے کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جو اس موجد کی بات نہ مانے اور من مانی کرے؟ جہاں بریک لگانی ہو وہاں ایکسلریٹر دبادے، گاڑی آگے چلانی ہو تو ریورس گیئر لگادے، گاڑی دائیں موڑنی ہو تو اسٹیرنگ بائیں گھمادے......؟ ظاہر ہے ایسا شخص گاڑی کا بھی بیڑا غرق کرے گا اور عام لوگوں کو بھی اس کے نیچے کچل کر رکھ دے گا۔ اس لیے ایسے اناڑی کو طاقت کے ذریعے گاڑی سے اتار پھینکا جائے گا۔

سو جب اللہ تعالیٰ ہی اس کائنات کے خالق ہیں تو اس کو چلانے کا طریقہ بھی ان کا بتایا ہوا ہی چلے گا، جس کو نظامِ زندگی، طرزِ زندگی یا دستورِ حیات کہا جاتا ہے۔ اگر ان کے علاوہ کسی اور کا طرزِ زندگی چلایا جائے گا تو ہر طرف تباہی ہو گی۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ایسے اناڑیوں کو ڈرائیونگ سیٹ (انسانیت کی قیادت) سے اتار پھینکنے کے لیے اس امت پر جہاد کو فرض کیا اور فرمایا کہ یہ جہاد تمام جہانوں کے لیے رحمت ہے۔

﴿...وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ وَلَكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ﴾ (البقرة: 251)

"......اور اگر اللہ تعالیٰ بعض کو بعض کے ذریعے ختم نہ فرماتے تو زمین میں فساد پھیل جاتا، لیکن اللہ تعالیٰ تمام جہانوں پر فضل فرمانے والے ہیں"۔

اب وہ لوگ جن کو اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کو چلانے کا طریقہ سمجھایا ہے، یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے اناڑیوں کو قتال کی طاقت کے ذریعے اٹھا پھینکیں، تاکہ ساری انسانیت تباہی سے بچ جائے۔

شیخ سفر الحوالی آگے فرماتے ہیں:

---

[36] شرح العقيدة الطحاوية؛ الجزء الأول، باب الشفاعة، لسفر بن عبدالرحمن الحوالي

"وهذا ما فعله النَّاس في الجاهلية الأولى وفي كل جاهلية في كل زمان ومكان، يؤمنون بأن الله له الخلق، ولكن يجعلون لغيره الأمر، فيشرعون ويسنون القوانين، ويحلون ما يشاءون، ويحرمون ما يشاءون، وهذا من الشرك الأكبر الذي لا يغفره الله تَبَارَكَ وَتَعَالَى، وهو حقيقة الطاغوت الذي أمر الله تَبَارَكَ وَتَعَالَى أن يكفر به، ولا يكون الإِنسَان مؤمناً إلا إذا كفر بالطاغوت الذي يشرع من دون الله تعالى..."۔

"قدیم جاہلیت، بلکہ ہر دور اور ہر علاقے کی جاہلیت میں لوگ ایسا کرتے تھے کہ خالق ہونے میں تو اللہ کو مانتے جبکہ نظامِ زندگی بنانے کا حق کسی اور کے لیے ثابت کر دیتے۔ چنانچہ آئین سازی کرتے، قوانین بناتے، جو چاہتے حرام کرتے جو چاہتے حلال کر لیتے...... ایسا کرنا شرکِ اکبر ہے جس کو اللہ تعالیٰ معاف نہیں فرمائیں گے۔ اور انسان اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اس طاغوت سے بغاوت نہ کرے جو اللہ کے مقابلہ میں قانون سازی کرتا ہے......"۔[37]

شریعت کے خلاف قانون سازی کرنے والا خود کو الٰہ اور معبود بناتا ہے:

ارشادِ ربانی ہے:

﴿أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ...﴾ (الشوری: 21)

"بلکہ ان کے شرکاء نے ان کے لیے ایسا دستورِ زندگی ایجاد کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی..."۔

اس کی تفسیر میں علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں:

"(اے نبیؐ) وہ اس دین کی پیروی نہیں کرتے جو اللہ نے آپ کو دیا ہے۔ بلکہ یہ اس دین (دستوری آئینی ریاست۔ راقم) کو مانتے ہیں جو ان کے شیاطین (ماہرین) نے ان کو دیا ہے، خواہ وہ شیاطین انسانوں میں سے ہوں یا جنات میں سے، مثلاً ان کے شیاطین نے ان کے لیے بحیرہ، سائبہ، وصیلہ اور حام وغیرہ کو حرام کر دیا ہے اور مردار کھانے، خون پینے اور

---

[37] ایضا

جوے وغیرہ کو حلال قرار دے دیا ہے (اور یہ اس خود ساختہ حلال و حرام کو تسلیم کرتے ہیں)''۔

قاضی ثناءاللہ پانی پتیؒ تفسیرِ مظہری میں فرماتے ہیں:

''قال ابن عباس رضي الله عنهما: شرعوا دينا غير دين الاسلام''۔

''ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: انہوں نے اسلامی نظامِ حیات کے مقابلے میں ایک اور نظامِ زندگی مرتب کر لیا ہے''۔

آگے فرمایا:

''أيقبلون ما شرع الله أم يقبلون ما شرع لهم شركائهم''۔

''کیا وہ اس آئین کو قبول کرتے ہیں جو اللہ نے بنایا ہے یا اس آئین کو جو ان کے **شرکاء** نے ان کے لیے مرتب کیا ہے''؟

اس سے معلوم ہوا کہ جو کوئی بھی یہ حق کسی غیر اللہ کے ساتھ خاص کرے گا وہ اس کو الٰہ بنانے والا کہلائے گا۔ جیسا کہ امام نسفیؒ نے اپنی تفسیر ''مدارك التنزيل وحقائق التأويل'' میں فرمایا:

''...أيقبلون ما شرع الله من الدين أم لهم **آلهة**...''۔

''...... کیا وہ اس دین (نظامِ زندگی) کو قبول کرتے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے، یا ان کے کوئی اور **معبود** بھی ہیں......''؟

امام نسفیؒ یہ فرما رہے ہیں کہ اگر یہ اللہ کے نازل کیے گئے نظامِ زندگی (نفاذِ شریعت) کو قبول نہیں کرتے، جو محمد ﷺ لے کر آئے ہیں، تو یقیناً اس کے علاوہ کوئی اور نظامِ زندگی اختیار کریں گے، حالانکہ نظامِ زندگی اور دستور و آئین بنانے کی صفت تو صرف اللہ تعالیٰ کی ہے...... اس طرح تو یہ اللہ کے ساتھ اوروں کو معبود بنانے والے بن جائیں گے!

امام ابو اللیث سمرقندیؒ نے فرمایا:

''﴿أَمْ لَهُمْ شُرَكَاء﴾ يعني: ألهم **آلهة** دوني''۔

''یعنی کیا میرے علاوہ ان کے کوئی اور **معبود** بھی ہیں''؟[38]

امام نیشاپوریؒ نے فرمایا:

''......أفيقبلون ما شرع الله لهم من الدين أم لهم **آلهة**''۔

''کیا وہ اللہ کے بنائے دستور کو قبول کریں گے یا ان کے کوئی اور **معبود** ہیں،(جو ان کا دستور بناتے ہیں)؟''[39]

معلوم ہوا کہ اس صفت میں جس کو اللہ کا شریک بنایا جائے وہ اس کا ''معبود'' ہے۔ اور بندے کا کسی کے ساتھ یہ تعلق ''عبادت'' ہے، کیونکہ معبود و الٰہ اسی کو کہتے ہیں جس کی عبادت کی جائے۔ چنانچہ قانون سازی کرنے والی جمہوری آئینی ریاست، پارلیمنٹ اور اس کے اراکین در حقیقت ''معبود'' ہیں جن کی اللہ کے مقابلے میں عبادت کی جاتی ہے۔

مذکورہ بالا آیت کے بارے میں شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں:

''مقصود یہ ہے کہ کسی انسان کو یہ حق نہیں کہ وہ کسی چیز کو حرام قرار دے الّا یہ کہ شریعت نے اس کو حرام قرار دیا ہو''۔[40]

اللہ کے حلال کو حرام اور حرام کو حلال کرنا:

معبودِ حقیقی کے سوا کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ اپنی طرف سے اللہ کے حلال کو غیر قانونی یعنی حرام اور حرام کو قانونی یعنی حلال قرار دے۔ کیونکہ یہ حق صرف معبود کا ہے لہٰذا جو کوئی ایسا کرے یا کسی کا یہ حق تسلیم کیا جائے تو گویا اس کو معبود بنایا جاتا ہے۔

جمہوریت میں اللہ تعالیٰ کے اس حق میں پارلیمنٹ کو بھی شریک بنایا جاتا ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ صرف شریک نہیں بنایا جاتا بلکہ اللہ کا یہ حق مکمل طور پر پارلیمنٹ یا ریاست کو دے دیا جاتا ہے۔ چنانچہ اگر پارلیمنٹ کی اکثریت سود جیسی لعنت کو حلال (قانونی) قرار دے دے، تو وہ اہلِ جمہوریت کے لیے ''مقدس آئین'' کا حصہ ہے اور ان کے عقیدے کے مطابق اس کا احترام واجب ہے۔

---

[38] تفسير بحر العلوم للسمرقندي

[39] تفسير النيسابوري

[40] کتب ورسائل وفتاویٰ ابن تیمیہ؛ جلد ۲۰، ص:۳۵۸

اس برے عمل پر اللہ تعالیٰ نے یوں تنبیہ فرمائی ہے:

﴿قُلْ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِنْ رِزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللّٰهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُونَ﴾(یونس: 59)

"(اے نبیؐ) آپ کہیے تمہاری کیا رائے ہے کہ اللہ نے تمہارے لیے کوئی رزق اتارا تو تم نے اس میں سے حرام و حلال قرار دے دیا۔ آپ کہیے کیا اللہ نے تمہیں (ایسا کرنے کی) اجازت دی ہے؟ بلکہ تم اللہ پر بہتان باندھ رہے ہو"۔

﴿انْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَكَفَى بِهِ إِثْمًا مُبِينًا﴾(النساء: 50)

"آپ دیکھیے! کس طرح اللہ پر بہتان باندھتے ہیں اور کافی ہے یہی گناہِ صریح"۔

اللہ کی بغاوت کو یہ دین کہتے ہیں، اللہ کی تکذیب کو ایمان کہتے ہیں، اللہ نے جس جہاد کو فرض قرار دیا یہ اس کو دہشت گردی قرار دے کر حرام (غیر قانونی) کہتے ہیں......اے ایمان والو! دیکھو تو سہی تمہارے رب پر کس بے جگری اور دھڑلے کے ساتھ جھوٹ گھڑتے ہیں اور اس کی تبلیغ کرتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں علامہ شبیر احمد عثمانیؒ فرماتے ہیں:

"یعنی کیسی تعجب کی بات ہے کہ اللہ پر کیسی جھوٹی تہمت لگاتے ہیں اور باوجود ارتکابِ کفرو شرک کے اپنے آپ کو اللہ کا دوست کہتے ہیں اور اللہ کے نزدیک مقبول ہونے کے مدعی ہیں"۔

اگر سچے ہو تو دلیل لاؤ:

﴿ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هَذَا فَإِنْ شَهِدُوا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ﴾ (الانعام: 150)

"(اے نبیؐ) آپ کہہ دیجیے، اپنے ان گواہوں کو لے آؤ جو اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس چیز کو حرام کہا ہے، تو اگر وہ گواہی دیں تو آپ ان کے ساتھ گواہی نہ دیں،

(یعنی نہ تصدیق کریں اور نہ ہی خاموش رہیں)[41] اور آپ ان کی خواہشات پر نہ چلیں جو ہماری آیات کا انکار کرتے ہیں، اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، اور وہ اپنے رب کے ساتھ شریک بناتے ہیں"۔

امام بیضاویؒ نے گواہی نہ دینے کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ:

"آپ اس گواہی کی تصدیق نہ کیجئے اور اس گواہی کا فساد بیان کیجئے"۔[42]

علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں کہ:

"یہ گواہ ان کے قائدین ہیں جو اس گمراہی کے مؤسس ہیں، جنھوں نے اس کی بنیاد ڈالی ہے"۔[43]

کیا اہلِ جمہوریت کے پاس بھی کوئی سرکاری مولوی ہیں جو اس بات کی گواہی دیں کہ جو کچھ (مثلاً حربی کافروں سے قتال، شادی شدہ زانی کے سنگسار وغیرہ کو) جمہوری پارلیمنٹ نے حرام (غیر قانونی) قرار دیا ہے، قرآن و حدیث سے ان کے پاس دلیل موجود ہے؟...... تو کیا پھر بھی اللہ والے ایسی جگہ بیٹھ سکتے ہیں جہاں اللہ پر ایسا بہتان باندھا جاتا ہو؟ کیا ایسے بت کدے کی حمایت میں قرآن و سنت سے دلائل دے سکتے ہیں جہاں ان عوامی نمائندوں کو اللہ کے برابر بنایا جاتا ہو؟ حالانکہ اس ادارے کا کفر اگر پہلے مخفی تھا تو کم از کم اب ۶۵ سال گزر جانے اور بہت سے علمائے حق کی اس کے خلاف مدلل تحریرات منظرِ عام پر آجانے کے بعد تو یہ کفر ظاہر ہو چکا ہے!

پس اب بھی ان بت کدوں میں بیٹھنے کی جرأت تو وہی انسان کر سکتا ہے جس نے دنیا ہی کی زندگی کو اصل سمجھ لیا ہو اور دنیا کے عیش و آرام ہی کے لیے بھاگ دوڑ کرتا ہو...... کتنا بڑا ظلم ہے اور کیسی بے وفائی ہے محمد ﷺ اور ان کے رب کے ساتھ؟!

حلال کو حرام اور حرام کو حلال کرنے والے کا حکم:

شیخ عبداللہ عزام رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

---

[41] از تفسیر روح المعاني

[42] أنوار التنزيل وأسرار التأويل للبيضاوي

[43] تفسير روح المعاني

"تحليل الحرام وتحريم الحلال في أية جزئية كفر يخرج من الإسلام۔ يقول ابن تيمية: (من ادعى حل النظرة فقد كفر بالإجماع، ومن حرم الخبز فقد كفر بالإجماع)"۔

"کسی ایک بھی حرام کو حلال یا حلال کو حرام کہنا ایسا کفر ہے جو دین سے خارج کر دیتا ہے۔ علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے نامحرم پر نگاہ ڈالنے کے حلال ہونے کا دعویٰ کیا تو اس نے بالاجماع کفر کیا اور جس نے روٹی کو حرام قرار دیا اس نے بالاجماع کفر کیا"۔[44]

امام ابو جعفر طحاویؒ نے "شرح معاني الآثار" میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک روایت نقل کی ہے جس کے بعض طرق "فتح الباري" میں "باب حد الخمر"[٤٥] کے ذیل میں اور "كنز العمال" میں بھی مذکور ہیں:

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"جس زمانے میں یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہم شام کے امیر تھے، شام کے کچھ لوگوں نے یہ کہہ کر شراب پینی شروع کر دی کہ ہمارے لیے تو شراب حلال ہے اور آیتِ کریمہ ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا......﴾[46] سے حلتِ خمر پر استدلال کیا (یعنی شراب کے حلال ہونے پر دلیل بنایا۔ مؤلف)۔ تو یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اس فتنے کی اطلاع دی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فوراً یزیدؓ کو لکھا کہ: "اس سے قبل کہ یہ لوگ وہاں گمراہی پھیلائیں تم انھیں (گرفتار کر کے) فوراً میرے پاس بھیج دو"۔ جب یہ لوگ حضرت عمرؓ کے پاس پہنچے تو حضرت عمرؓ نے ان کے بارے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا۔ تمام صحابہؓ نے متفقہ طور پر عرض کیا، "اے امیر المؤمنین! ہماری رائے میں تو ان لوگوں نے (آیتِ کریمہ میں تاویل کر کے) اللہ تعالیٰ پر بہتان لگایا ہے اور انھوں نے اس

[44] العقيدة وأثرها في بناء الجيل،للشيخ عبدالله عزام رحمه الله، ص: ٨٦

[45] فتح الباري: الجزء ١٢، ص: ٦٠

[46] المائدة: ٩٣

چیز کو دین میں جائز و حلال بنایا ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے ہر گز اجازت نہیں دی، لہٰذا (یہ مرتد ہیں) آپ ان سب کو قتل کیجیے''۔ حضرت علیؓ اس پر خاموش رہے تو حضرت عمرؓ نے ان سے دریافت کیا کہ اے ابوالحسن! تمہاری کیا رائے ہے؟ حضرت علی نے فرمایا: ''میری رائے تو یہ ہے کہ ان لوگوں کو اس عقیدے سے توبہ کرنے کا حکم دیں۔ اگر یہ توبہ کر لیں تو آپ ان کو شراب نوشی کے جرم میں اسّی اسّی کوڑے (حدِ شربِ خمر) لگائیں اور چھوڑ دیں۔ اور اگر یہ (اس عقیدے سے) توبہ نہ کریں تو ان کو (کافر و مرتد قرار دے کر) قتل کر دیا جائے۔ اس لیے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولا ہے اور دین میں اس چیز کو جائز و حلال ٹھہرایا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی''۔ چنانچہ (اس رائے پر سب صحابہؓ متفق ہو گئے اور) حضرت عمرؓ نے ان کو توبہ کرنے کا حکم دیا۔ جب انہوں نے توبہ کر لی تو اسّی اسّی کوڑے (حدِ شربِ خمر) ان کو لگوائے''۔[47]

اب اگر کوئی یہ کہے کہ ہم تو جمہوری نظام میں رہتے ہوئے بھی اللہ کی حرام کردہ کو حرام ہی مانتے ہیں، تو سوال یہ ہے کہ کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ کوئی حرام کو حرام بھی مانے اور پھر اس دستاویز اور اس دستور کو مقدس کہے جس میں ان گنت حرام امور کو حلال اور حلال کو حرام کہا گیا ہے؟ اس دستور سے وفاداری کا حلف اٹھائے، اس کی اطاعت کی طرف لوگوں کو دعوت دے، اس سے بغاوت اور برأت کا اعلان نہ کرے......؟ کیا یہ اللہ کے احکامات کے ساتھ مذاق نہیں؟

﴿وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ...﴾ (العنكبوت:68)

''اور اس سے بڑا ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ گھڑ لے اور جب اس کے پاس حق آئے تو اس کا انکار کر دے......''؟

اللہ تعالیٰ نے دوسری جگہ اس جھوٹ کو بھی بیان کیا جو وہ اللہ تعالیٰ پر بولا کرتے تھے:

﴿وَإِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً قَالُوا وَجَدْنَا عَلَيْهَا آبَاءَنَا وَاللَّهُ أَمَرَنَا بِهَا...﴾ (الأعراف:28)

---

[47] شرح معاني الآثار؛ الجزء٢، ص: ٨٩، للإمام أبي جعفر الطحاوي

”اور وہ جب کسی فحش بات کا ارتکاب کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو بھی اسی پر پایا ہے اور اللہ نے ہمیں اس بات کا حکم دیا ہے......“۔

اسلام کے بعض قوانین کو آئین کا حصہ بنانا:

بالعموم مسلم ممالک کے آئین میں بعض اسلامی دفعات کو شامل کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ یہ اسلامی آئین ہے، لہٰذا اس کی اطاعت کرنا اور اس سے وفاداری کا حلف اٹھانا ہر مسلمان کے لیے فرض ہے۔ اس حوالے سے پہلی بات تو وہی یاد رکھنی چاہیے جو پیچھے بیان کی جا چکی ہے کہ جمہوری نظام میں کوئی قانون اس وقت تک قانون نہیں بن سکتا جب تک کہ عقلِ انسانی یعنی پارلیمنٹ میں بیٹھے انسان اس کو قانون بننے کے قابل نہ سمجھیں...... اور بلاشبہ اللہ کے قانون کو منظوری کے لیے انسانوں کا محتاج بنانا صریح کفر ہے۔

دوسری بات یہ کہ کیا کسی آئین میں بعض اسلامی قوانین کی موجودگی اس کے اسلامی ہونے کے لیے کافی ہے؟ کیا کچھ کفر اور کچھ اسلام کے مجموعے کو اسلام کہا جا سکتا ہے؟ ہر گز نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات کو قرآنِ کریم میں جگہ جگہ بیان فرمایا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

﴿...أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ...﴾ (البقرۃ: 85)

”...کیا تم کتاب کے کچھ حصے پر ایمان لاتے ہو اور کچھ کا انکار کرتے ہو...“؟

اللہ تعالیٰ نے اپنے ماننے والوں کو پورا کا پورا مسلمان ہونے کا حکم فرمایا ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ...﴾ (البقرۃ: 208)

”اے ایمان والو! پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو جاؤ اور شیطان کے طریقے کی پیروی نہ کرو......“۔

یہاں پورے کا پورا اسلام میں داخل ہونے کا حکم ہے، آگے یہ فرمایا گیا کہ شیطان کی پیروی نہ کرو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم پورے کے پورے اسلام میں داخل نہ ہوئے بلکہ کچھ باتوں کو مانا اور کچھ کو چھوڑے رہے تو یہ شیطان کی پیروی ہے۔ اس بات سے شیطان راضی ہو گا۔

آج امریکہ مسلمانوں سے یہی مطالبہ کر رہا ہے کہ تم نماز، روزہ، حج کیے جاؤ، لیکن تجارت، عدالت، بین الاقوامی معاملات میں ہمارا بنایا دین ہی قابلِ اتباع ہو گا۔ چنانچہ جو ایسا کر رہے ہیں امریکہ ان سے خوش ہوتا ہے۔ لیکن جنھوں نے امریکہ کے دین کو ماننے سے انکار کر دیا اور کہتے ہیں کہ اس دنیا میں دین صرف اللہ ہی کا چلے گا، اس کے علاوہ کوئی دین و نظام نہیں چل سکتا تو امریکہ اور تمام وہ طاقتیں جو آخرت کو بھول بیٹھی ہیں، بھڑک اٹھتی ہیں۔ قرآنِ کریم نے اس بات کو یوں بیان کیا ہے:

﴿وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحۡدَهُ اشۡمَأَزَّتۡ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ بِالۡاٰخِرَةِ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِنۡ دُونِهِۦۤ إِذَا هُمۡ يَسۡتَبۡشِرُونَ﴾(الزمر: 45)

"اور جب صرف اللہ کا ذکر (یعنی کوئی اس کی ذات وصفات میں شریک نہیں) کیا جاتا ہے تو آخرت پر ایمان نہ لانے والوں کے دل بھنچے چلے جاتے ہیں، اور جب اس کے علاوہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو وہ خوشیاں مناتے ہیں"۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول ﷺ کو بھی اس بات سے آگاہ کیا کہ کہیں یہود و نصاریٰ آپ کو بعض اسلامی قوانین سے ہٹا نہ دیں۔ ارشاد ہے:

﴿وَأَنِ احۡكُمۡ بَيۡنَهُمۡ بِمَاۤ أَنۡزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعۡ أَهۡوَاۤءَهُمۡ وَاحۡذَرۡهُمۡ أَنۡ يَفۡتِنُوكَ عَنۡ بَعۡضِ مَاۤ أَنۡزَلَ اللَّهُ إِلَيۡكَ...﴾(المائدۃ: 49)

"اور (اے نبیؐ) آپ ان کے مابین اس کے مطابق فیصلے کیجیے جو اللہ نے نازل کیا ہے۔ اور آپ (فیصلے کرنے میں) ان کی خواہشات کی پیروی نہ کیجیے۔ ان کی طرف سے اس بات سے خبردار رہیے کہ کہیں یہ آپ کو فتنے میں ڈال (کر ہٹا) نہ دیں ان احکامات سے جو اللہ نے آپ پر نازل کیے ہیں..."۔

اس آیت میں واضح اشارہ ہے کہ کافروں کی یہ خواہش ہوگی کہ کسی طرح مسلمان قرآن کی بعض باتیں چھوڑ کر ہماری مان لیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اگر کوئی مسلمان ایسا کرنے پر راضی ہو گیا تو ایسا کرنا دراصل ابلیس کی پیروی کرنا اور فتنے میں پڑنا ہے۔

اس کی تفسیر میں حافظ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ:

''اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایسے شخص پر رد کیا ہے جو اللہ کے محکم (یعنی قرآن) کو چھوڑ کر، جس میں خیر ہی خیر ہے، ایسے قانون کی طرف جائے، جو لوگوں کی رائے اور خواہشات پر مبنی ہے اور ان (قانونی) اصطلاحات کی طرف جائے جو لوگوں نے بغیر کسی شرعی دلیل کے گھڑ لی ہیں۔ ......سو جس نے ایسا کیا تو وہ کافر ہے اور اس سے قتال واجب ہے، اس وقت تک جب تک وہ اللہ اور اس کے رسول کے قانون کی طرف نہ لوٹ آئے۔ لہٰذا اس کے علاوہ کسی اور قانون سے فیصلہ نہیں کیا جائے گا، نہ تو چھوٹے مسئلے میں اور نہ بڑے مسئلے میں''۔[48]

ابن جوزیؒ ''زاد المسیر'' میں فرماتے ہیں کہ اس آیت کی تفسیر ﴿...بَعْضِ مَا أَنْزَلَ اللهُ إِلَيْكَ...﴾ (بعض وہ قوانین جو اللہ نے آپ پر نازل کیے ہیں) میں دو قول بیان کیے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ وہ رجم ہے۔ یہ ابن عباسؓ کا قول ہے۔دوسرا یہ کہ اس سے مراد قصاص کی کیفیت ہے۔یہ مقاتلؒ کا قول ہے۔

اس آیت کی شانِ نزول میں امام المفسرین، ابن جریر طبریؒ نے اپنی تفسیر ''جامع البيان في تأويل القرآن'' میں فرمایا:

''بعض یہودی سردار اور علماء جمع ہوئے اور آپس میں کہنے لگے کہ آؤ محمد (ﷺ) کو ان کے دین کے بارے میں فتنہ میں ڈالتے ہیں۔ چنانچہ وہ جمع ہو کر آپ ﷺ کے پاس آئے اور کہنے لگے: اے محمد (ﷺ)! آپ جانتے ہیں کہ ہم یہودیوں کے معزز اور مذہبی پیشوا ہیں، اگر ہم آپ پر ایمان لے آئیں تو تمام یہود ہمارے پیچھے آپ پر ایمان لے آئیں گے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے اور ہماری قوم کے مابین جھگڑا ہو گیا ہے، ہم آپ سے اپنا فیصلہ کراتے ہیں، آپ ہمارے حق میں فیصلہ دے دیں تو ہم آپ پر ایمان لے آئیں گے۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا''۔

اس واقعے میں ان لوگوں پر بھی رد ہے جو اس جمہوری کفریہ نظام میں اس لیے شامل ہوتے ہیں کہ وہ اس کے ذریعہ اسلام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ نبی ﷺ نے تو محض ایک معاملے میں بھی

[48] تفسیر ابن کثیر؛ الجزء ٢

خلافِ شریعت فیصلہ کرنے سے انکار کر دیا، حالانکہ اس سے پوری قومِ یہود کے دین میں داخل ہو جانے جیسی بڑی مصلحت حاصل ہو سکتی تھی۔ تو پھر وہی مصلحتوں کی خاطر ۶۵ سال تک کفریات سے بھرے جمہوری نظام کا حصہ بنے رہنا کیسے درست ہو سکتا ہے؟ پس اسلام کی خدمت کے نام پر جمہوریت میں شامل ہونے والوں کے لیے ضروری ہے کہ اگر وہ واقعی نبیؐ کے وارث ہیں تو آپ ﷺ کی اتباع کرتے ہوئے اس جمہوری کفر کا انکار کریں اور اس کی خاطر ہر مصلحت قربان کرنے پر تیار ہو جائیں۔

علامہ آلوسیؒ اسی آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

''اور آپ ہوشیار رہیے کہ وہ آپ کو اللہ کے نازل کردہ آئین میں سے تھوڑا سا بھی پھیر دیں، باطل کو حق کی شکل میں پیش کرنے کے ذریعے''۔[49]

باطل کو حق کی شکل میں پیش کر کے آج کتنوں کو اس جمہوریت نے اپنی زلف کا اسیر بنایا ہوا ہے۔

یہاں یہ بھی واضح رہے کہ بعض باتوں میں قرآن وحدیث کی پیروی کرنا اور بعض میں کافروں کی ماننا، یہ کوئی معمولی بات نہیں، بلکہ قرآنِ کریم نے اس کو ارتداد یعنی دین سے پیٹھ کے بل پلٹ جانا قرار دیا ہے۔ سورۃ محمد میں ارشاد ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِهِمْ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَى لَهُمْ ۞ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ﴾ (محمد: 25، 26)

''بے شک جو لوگ سیدھا راستہ صاف معلوم ہو جانے کے بعد پیٹھ کے بل پلٹ گئے (بات صرف یہ ہے کہ) شیطان نے ان کو چکمہ دیا ہے اور ان کو لمبی چوڑی امیدیں دلائی ہیں۔ یہ اس وجہ سے ہوا کہ انھوں نے ان لوگوں سے، جو اللہ کے اتارے ہوئے احکام کو ناپسند کرتے ہیں یہ کہا کہ بعض باتوں میں ہم تمہارا کہنا مان لیں گے، اور اللہ تعالیٰ ان کے خفیہ باتیں کرنے کو خوب جانتا ہے''۔

---

[49] روح المعاني في تفسير القرآن العظيم والسبع المثاني

یہ آیت صاف صاف بتارہی ہے کہ بعض باتوں میں کافروں کی پیروی کرنا بعض اوقات مرتد ہو جانے کا سبب بھی بن سکتا ہے۔

علامہ قرطبیؒ اپنی مشہور تفسیرِ قرطبیؒ میں اس آیت کی تفسیر یوں بیان فرماتے ہیں:

”یہ اس وجہ سے ہے کہ انھوں نے کہا ہم بعض باتوں میں تمہاری مانیں گے مثلاً محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرنا، اوران کی دشمنی پر جری رہنا، اوران کے ساتھ شامل ہو کر جہاد کرنے سے بیٹھے رہنااوران کے کام کو خفیہ طورپر کمزور کرنا،انھوں نے یہ باتیں بلاشبہ خفیہ طورپر کہی تھیں مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کوان سے باخبر کر دیا“۔[50]

جبکہ امام ابن جریر طبریؒ اوراکثر مفسرین نے ﴿مَا نَزَّلَ اللّٰهُ﴾ کی تفسیر قتال کی ہے۔یعنی اللہ کے نازل کردہ جس حکم کوانھوں نے ناپسند کیاوہ قتال کا حکم ہے۔

آپ غور فرمایئے! آج عالمی جمہوری نظام میں شامل ریاستیں اور حکمران قتال چھوڑنے میں کافروں کی بات ماننے کا باقاعدہ معاہدہ کرتے ہیں، پھر بھی ان کے ایمان پر کوئی فرق نہیں پڑتااوران کو امام المسلمین ثابت کیاجاتاہے۔

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے تفسیرِ جلالین میں اور قاضی ثناءاللہ پانی پتیؒ نے تفسیرِ مظہری میں اس کی تفسیر یوں فرمائی ہے:

”ان منافقین کی یہ گمراہی اس وجہ سے ہے کہ انھوں نے مشرکوں سے کہا کہ ہم بعض باتوں میں تمہاری مانیں گے؛یعنی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی دشمنی میں تمہارے ساتھ تعاون میں اورلوگوں کو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ جہاد میں جانے سے روکنے میں“۔

قرآنِ کریم اگلی آیت میں ایسے لوگوں کا انجام بیان کرتا ہے:

﴿فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ......﴾ (محمد: 27)

”سواس وقت کیاہو گا جب فرشتے ان کی روحیں قبض کریں گے،ان کے چہروں اوران کی پیٹھوں پرماررہے ہوں گے“؟

[50] تفسير القرطبي؛ الجزء ٢٦

ضروریاتِ دین کا انکار:

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں:

''اور علمائے اسلام اس بات پر متفق ہیں کہ کوئی لشکر (یا جماعت) اگر کسی ایسے حکمِ شرعی کی ادائیگی سے علی الاعلان انکار کرنے لگے جو متواتر ثابت ہے تو ان سے قتال واجب ہے۔ جبکہ وہ کلمۂ شہادت بھی پڑھتے ہوں اور نماز کی فرضیت کا انکار کریں یا رمضان کے روزوں کا یا حج کا یا قرآن و سنت کو آئین ماننے کا یا فواحش یا شراب یا محارم سے نکاح کی حرمت کا انکار کریں یا مسلمانوں کی جان و مال کو بغیر شرعی حق کے حلال جانیں یا سود، جوا، یا کافروں سے جہاد کو حرام کہیں یا اہلِ کتاب پر جزیہ مقرر کرنے کو حرام کہیں اور اسی طرح کے دیگر اسلامی احکامات کو، تو ایسا کرنے والوں سے اس وقت تک جہاد کیا جائے گا جب تک کہ سارا کا سارا دین (آئین و قانون) اللہ کا نہ ہو جائے۔ بخاری شریف و مسلم شریف کی صحیح روایت سے ثابت ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مانعینِ زکوۃ سے قتال کرنے کے بارے میں بحث کی تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ''میں ایسے لوگوں سے قتال کیوں نہ کروں جو ان حقوق کو چھوڑ رہے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول نے فرض کیے ہیں، اگرچہ یہ لوگ اسلام لائے ہیں؟ اللہ کی قسم! اگر انہوں نے اونٹ کی ایک رسی بھی روکی جس کو وہ آپ ﷺ کو ادا کرتے تھے تو میں ان سے ضرور قتال کروں گا''۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اللہ نے ابو بکرؓ کے سینے کو کھول دیا تھا اور وہ حق پر تھے''۔[51]

غور کیجیے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا یہ فرمانا کہ اونٹ کی ایک نکیل بھی اگر روکی تو پھر بھی میں ان سے قتال کروں گا۔ یعنی مکمل زکوٰۃ کا انکار تو بہت بڑی بات ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیں، میں تو اس وقت بھی ان سے قتال کروں گا جب یہ فرضیتِ زکوٰۃ کے قائل ہوں لیکن اس کی مقدار میں کمی کریں جو میرے نبی ﷺ نے مقرر کی ہے۔ رفیقِ غار جیسے نرم مزاج شخص کے مؤقف کی یہ سختی وہی سمجھ سکتا ہے جس کو اپنے کسی بہت قریبی سے بہت محبت ہو۔ آپ کو یہ احساس دامن گیر رہا

[51] کتب و رسائل و فتاویٰ ابن تیمیہ؛ جلد ۲۸، ص: ۵۴۵

ہو گا کہ حبیب ﷺ نے اگر قیامت کے دن پوچھ لیا کہ اے ابو بکر! میں تو پورا دین تمہارے سپرد کر کے گیا تھا، میرے بعد تم نے اس میں کمی کس کی اجازت سے کر ڈالی اور لوگوں کی ناراضگی کے خوف سے اللہ کی شریعت ہی بدل ڈالی......؟

تو کیا آج حکمران طبقے نے اللہ کے قانون کے خلاف اپنی اسمبلی سے ایسا قانون نہیں بنایا جو سراسر کتاب وسنت کے خلاف ہے؟ کیا انھوں نے سود کو حلال نہیں کیا؟ سارے ملک میں سودی کاروبار اور بینک وغیرہ کھلے ہیں۔ کیا انھوں نے ابلیس کو راضی کرنے کے لیے کفار سے قتال کرنے کو حرام و غیر قانونی (دہشت گردی) قرار نہیں دیا اور جہاد کرنے والوں کو سزائیں نہیں دیں؟ امریکیوں کے ساتھ مل کر کلمہ گو مسلمانوں کی جان ومال کو اپنے اوپر حلال نہیں کیا؟ کیا امریکہ کے خلاف لڑنے والوں کو مارنے اور ان کے اموال تباہ کرنے کی اجازت پارلیمنٹ نے نہیں دی (یہ انھوں نے حلال یعنی قانونی سمجھا تبھی کیا)؟ کیا انھوں نے اللہ کی نازل کردہ حدود (رجم، شراب کی حد، قصاص وغیرہ) کے خلاف اپنی اسمبلی سے قانون پاس کرا کے اس کو نافذ نہیں کیا؟

خروج عن الامام کی بحث:

یہاں یہ بات بھی سمجھتے چلیے کہ عالمِ اسلام میں جب بھی کبھی علمائے حق اور مجاہدین اس کفریہ نظام کے خلاف کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ کی زمین پر اللہ کی شریعت نافذ کرنا چاہتے ہیں تو سرکاری علماء کی جانب سے اس کی شدید مخالفت کی جاتی ہے اور اس کو اس لیے ناجائز کہا جاتا ہے کہ یہ خروج عن الامام (یعنی امام المسلمین کے خلاف بغاوت) ہے۔

ایسے ظالم حکمران جو بتوں کے محافظ، ابلیسی نظام کے رکھوالے، اور اللہ کے بندوں کو فوج کی طاقت کے زور پر چھیاسی سال سے (خلافتِ عثمانیہ کے ٹوٹنے کے بعد سے) اسلامی نظام سے دور رکھے ہوئے ہیں، کس طرح امام المسلمین ہو سکتے ہیں؟

زمینی حقیقت:

یہاں صورتِ حال یہ ہے کہ تمام کفریہ طاقتوں نے مل کر پہلے خلافت عثمانیہ کو توڑا، مسلم ممالک میں نافذ شریعتِ مطہرہ کو برطانیہ اور فرانس کی فوجی یلغاروں کے ذریعے ختم کیا گیا اور خواہشات کی بنیاد پر بنائے گئے جمہوری نظام کو عالمِ اسلام پر مسلط کر دیا گیا۔

اس مرحلہ پر یہود کو یہ مشکل پیش آئی کہ اس نظام کو چلانے اور اس کے تحفظ کے لیے مقامی افراد کی ضرورت محسوس ہوئی۔ کیونکہ باہر سے آئی ہوئی فوجیں علاقوں پر قبضہ تو کر سکتی ہیں لیکن مقامی افراد کے نظریات بدلنا ان کے لیے آسان کام نہیں ہوتا۔ چنانچہ اس کا حل یوں نکالا گیا کہ مقامی افراد کی سوچ و فکر کو بدلنے کے لیے مسلم ممالک میں علی گڑھ کے طرز پہ سیکولر نصاب کے حامل اسکول کالجوں کا جال بچھا دیا گیا۔ دعویٰ اگرچہ یہ کیا گیا کہ ہمارا (انگریزوں اور فرانسیسیوں کا) مقصد امتِ مسلمہ کو علم و ٹیکنالوجی کی دولت سے مالا مال کر کے دنیا میں عزت و سربلندی کے راستے پر ڈالنا ہے، لیکن اللہ والے اس وقت بھی اس ''نعرے'' کی حقیقت سے اسی طرح واقف تھے جتنا لوگ آج تجربہ کے بعد اس دھوکہ و فریب سے واقف ہوئے ہیں۔ اور بہت سے تو اب بھی اسی سراب کو منزل سمجھ کر اس کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔

امتِ مسلمہ کی دشمن قوتیں مسلمانوں کو علم و ٹیکنالوجی تو کیا دیتیں، اس جدید تعلیم سے انہوں نے ایسے افراد پیدا کیے جو بول چال اور نام کے اعتبار سے تو مسلمان لیکن ان کے دل و دماغ اپنے آقاؤں کے تھے۔

سو مسلمان گھروں میں پیدا ہونے والی اس نسل کو انگریز کا غلام بنانے کے بعد یہود کی یہ مشکل حل ہو گئی اور پھر اس سیکولر نظام کو چلانے کے لیے انہی افراد میں سے بیوروکریسی بنائی گئی، جبکہ اصل مسئلہ قوت کے ذریعے اس ابلیسی نظام کو مسلم ممالک میں نافذ رکھنے کا تھا۔ لہٰذا اس کے لیے ان سیکولر درسگاہوں سے فارغ افراد پر مشتمل پولیس اور فوج بنائی گئی جس سے اس بات کا حلف لیا گیا کہ وہ اپنے اپنے ملک میں نافذ نظام (سیکولرازم یا جمہوریت) کی وفادار اور محافظ ہوں گی۔

جیسا کہ پہلے بتایا گیا کہ اس انگریز نما طبقے کی زبان، نام اور خاندان مقامی آبادی جیسے ہی تھے چنانچہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ عام مسلمان ان کو اپنا ہی سمجھنے لگے۔ خصوصاً برطانیہ و فرانس کے مسلم ممالک سے نکل جانے کے بعد وہ احساس و جھجک بھی ختم ہو گئی جو اس طبقے کے بارے میں قابض قوتوں کے ہوتے ہوئے تھی۔

انگریزوں اور فرانسیسیوں کے پیچھے اصل قوت وہ طبقہ تھا جنھوں نے اس سیکولر نظام کو بنایا تھا۔ لہٰذا مسلم ممالک سے اگرچہ برطانیہ و فرانس جا چکے تھے لیکن سیکولر نظام کی حفاظت اور اس کو چلانے کے لیے بیوروکریسی، پولیس اور فوج تیار تھی۔ جس طرح انگریز و فرانسیسی فوج پہلے اس کی حفاظت

کرتی تھی اب یہی کام اس پولیس و فوج کا تھا جو مقامی آبادی سے بھرتی کی گئی تھی۔ چنانچہ مسلم ممالک کے آزاد ہونے کے باوجود مراکش تا فلپائن اسلام کہیں بھی آزاد نہ ہو سکا۔ خلافت کے احیاء کے لیے علمائے حق نے کوششیں کیں لیکن ایسی ہر کوشش کو اس پولیس و فوج نے ناکام بنا دیا۔ کہیں قوت کے ذریعے اور کہیں جھوٹے وعدوں کے ذریعے، کہیں آمریت کی قوت سے تو کہیں جمہوریت کی منافقت سے۔

مراکش سے لے کر فلپائن تک کا دین دار طبقہ شاید اس حقیقت کو آج تک نہیں سمجھ پایا یا سمجھنا ہی نہیں چاہتا کہ مسلم ممالک کی فوج و پولیس ہماری نہیں بلکہ اسی سیکولر نظام کی محافظ ہے، یہ اسی کا تسلسل ہے جس کی ابتداء انگریز نے کی تھی۔

شاید یہی وجہ ہے کہ ان ممالک کا دین دار طبقہ اس وقت سخت پریشان ہو جاتا ہے جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ یہ پولیس و فوج نمازیوں پر گولی چلا دیتی ہے، مسجدوں کو مسمار کر دیتی ہے، علماء کو حق لکھنے اور بولنے کے جرم میں پھانسی پر چڑھا دیتی ہے، قرآن پڑھتی معصوم بچیوں کو زندہ جلا دیتی ہے، اور کلمہ پڑھنے اور قرآن کو اللہ کی کتاب تسلیم کرنے کے باوجود اس کو نافذ نہیں ہونے دیتی۔ اور کیوں ہونے دے، جبکہ یہ حلف ہی اس بات کا اٹھاتے ہیں کہ وہ ہر حال میں اس ابلیسی نظام کی حفاظت کریں گے، اس کے مقابلے میں کسی بھی نظام (خواہ محمد ﷺ کا لایا ہوا ہی کیوں نہ ہو) کو نافذ نہیں ہونے دیں گے۔

مسلم ممالک کے عوام ابھی شاید اس فرق کو نہیں سمجھ پائے کہ وطن کی حفاظت اور اسلام کی حفاظت میں کیا فرق ہے؟ ان میں سے بہت ابھی تک یہ سمجھتے ہیں کہ یہ دونوں تو ایک ہی ہیں...... وطن ہو گا تو اسلام ہو گا اور اگر وطن ہی نہ رہا تو اسلام کیسے باقی رہے گا؟ یہ خیال خود ایک دھوکہ ہے جو وطنیت کے بت کی عبادت کی طرف دعوت دینے والوں نے اس امت کو دیا ہے۔ مسلم ممالک کی فوج و پولیس نہ وطن کی محافظ ہے اور نہ ہی اسلام کی۔ یہ صرف اس عالمی ابلیسی نظام کی محافظ ہے جس کے لیے انگریز نے اس کو بنایا تھا۔ اس کو سمجھنے کے لیے ہم چند مثالیں پیش کر رہے ہیں جن سے ان شاءاللہ بات بالکل واضح ہو جائے گی۔

پاکستان میں پرویز مشرف کے دورِ حکومت میں بھارت پاکستانی دریاؤں پر ڈیم بناتا رہا، اپنے جنگی سازوسامان میں بے تحاشا اضافہ کرتا رہا، حالانکہ کسی بھی ملک کے دریاؤں کا بند ہو جانا اس ملک کے

لیے موت جیسا ہے۔ لیکن یہاں تو بھارت سے اپنا پانی بچانے کے لیے جنگ کرنے کی بجائے اس کو اس کام میں سہولت میسر کی جاتی رہی اور پاکستانی فوج اپنا تمام لاؤ لشکر مشرقی سرحد سے ہٹا کر سرحد و قبائل میں ان لوگوں کے خلاف لڑتی رہی جو ملک میں رائج غیر اسلامی نظام کی جگہ نفاذِ شریعت کا مطالبہ کر رہے تھے! اب آپ غور کیجیے کہ ایک جانب وطن (پاکستان) کو بھارت سے اپنی بقاء کا مسئلہ درپیش تھا، جبکہ دوسری جانب فوج یہ محسوس کرتی تھی کہ ملک میں رائج ابلیسی نظام کو اسلام پسندوں سے خطرہ ہے۔ دیکھیے! فوج نے کس خطرہ سے نمٹنے کو ترجیح دی؟ بھارتی ڈیم بنا لینے کی صورت میں وطن کو جو خطرات لاحق تھے ان پر کوئی توجہ ہی نہیں دی گئی، جبکہ سارا زور اس ابلیسی انگریزی نظام کو بچانے پر لگا دیا گیا۔ مشرف کے بعد بھی یہی صورتِ حال جاری رہی۔ اور آج بھی بھارت کے جنگی جنون کے باوجود بھارت سے دوستی کی پینگیں بڑھا کر ملک کو خانہ جنگی کی طرف لے جانے کے سامان تیار کیے جا رہے ہیں۔

غور کیجیے! پاکستان میں موجودہ قوتیں جو ہمیشہ پاکستان کو توڑنے، پاکستان کا وجود مٹانے، اکھنڈ بھارت کا خواب پورا کرنے اور ہر سطح پر بھارتی مفادات کی تکمیل کے لیے سرگرم رہتی ہیں، صرف پاکستان میں ہی نہیں پوری دنیا میں پاکستان اور پاکستانیوں کو گالیاں دیتی پھرتی ہیں...... ان سب کو تو حکومت اور بڑے بڑے عہدے دے دیے گئے، جبکہ سرحد و قبائل جنھوں نے ہمیشہ بھارت کے مقابل اپنے جوانوں کا لہو پیش کیا، جنھوں نے نہ کبھی پاکستان سے علیحدگی کی بات کی اور نہ اس کو کبھی گالی دی...... ان کے حصے میں ڈرون حملے، فوجی آپریشن اور جیل و تشدد آیا!

یہی صورتِ حال عرب ممالک اور دیگر مسلم ممالک میں بھی ہے۔ مقتدر قوتوں کو برطانیہ و امریکہ کی غلامی تو قبول ہے لیکن محمد ﷺ کی غلامی قبول نہیں، ملک کے ٹکڑے کرانا تو قبول ہے لیکن ملک میں محمد ﷺ کا نظام نافذ کر کے ملک کو بچا لینا قبول نہیں۔ اس بات سے بھی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ مسلم ممالک کی مقتدر قوتیں کس کی محافظ ہیں، ملک و ملت کی یا سیکولر نظام کی؟

اب آپ خود سوچیے! ایسے طبقے کو اپنا امام ثابت کرنا جو ہمارا ہے ہی نہیں، انتہائی ظلم و ناانصافی نہیں تو کیا ہے؟ جن کے لیے کفر کرنا ہنسی مذاق ہو، اللہ اور رسول ﷺ کے خلاف جنگ کرنا حلال (آئینی) اور سودی نظام کا دفاع فرض ہو، شراب جن کا مرغوب مشروب ہو، مسلمانوں کے قتل میں ہر طرح کی مدد کرنا فخر کی بات اور بہنوں بیٹیوں کو ترقی کے لیے زینہ بنانا فیشن قرار پایا ہو، کیا

یہی امام المسلمین ہیں؟ کیا یہی خلیفۃ المسلمین ہیں؟

اے اللہ کے بندو! سوچو تو سہی کیا یہی وہ امام ہیں جو تمہاری بہنوں اور بیٹیوں کے نکاح میں ولی بنیں، تمہارے بزرگوں کے جنازے پڑھائیں؟ اے اللہ والو! کیا آپ ان کو اس قابل بھی سمجھتے ہیں کہ آپ ان کی امامت میں ایک وقت کی نماز پڑھنا گوارا کریں؟ یقیناً نہیں۔ تو پھر جب آپ ان کو امامتِ صغریٰ (یعنی نماز کی امامت) کے قابل نہیں سمجھتے تو پھر امامتِ کبریٰ (خلافت و حکومت) کا حق دار کیسے ثابت کرتے ہیں؟

پس اس بات کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ خروج عن الامام کی بحث ان امراء کے متعلق ہے جہاں خلافتِ اسلامیہ قائم ہو، نظامِ حکومت قرآن والا ہو، عدالتیں قرآن کے قانون کے خلاف فیصلہ دینے کو حرام سمجھتی ہوں اور خلیفہ خود حدود اور قصاص کا نفاذ اور جہاد فی سبیل اللہ کرا رہا ہو۔ ایسے میں اگر خلیفہ میں کوئی خرابی ہو تو شریعت یہ دیکھتی ہے کہ کیا خلیفہ میں کوئی ایسی بات پائی جا رہی ہے جس کی وجہ سے اس کے خلاف خروج جائز ہو؟

امام کے خلاف خروج کی بحث کا تعلق جمہوریت کے محافظوں سے ہو ہی نہیں سکتا۔ کیونکہ ایسا حاکم جو نہ صرف جمہوریت کے بت کا محافظ ہو، بلکہ اپنی فوج اور پولیس کی قوت کے ذریعے محمد ﷺ کے غلاموں سے جبراً اس بت کی پوجا کروائے، وہ حاکم امام المسلمین کیسے ہو سکتا ہے؟ اس کو امام المسلمین ثابت کرنا، ایمان کو خطرے میں ڈالنے والی بات ہے۔ علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ تو اپنے دور میں (جب ابھی خلافتِ عثمانیہ موجود تھی) کہتے تھے کہ:

"ومن قال لسلطان زماننا عادل فقد كفر حيث يكون اعتقد الظلم عدلا"۔

"جس نے ہمارے زمانے کے حکمران کو عادل حکمران کہا تو اس نے کفر کیا، کیونکہ اس نے ظلم کو عدل قرار دیا"۔[52]

تو اگر وہ آج کے جمہوری سیکولر حکمرانوں کو دیکھ لیتے اور ان کی توقیر واحترام کی تلقین کرنے والوں کو دیکھ لیتے تو نجانے کیا کہتے؟

---

[52] بحوالہ کتاب: 'تحفة المتخصص' از مفتی ضیاء الرحمان ذاکر، ناشر: مکتبہ عمر فاروقؓ، کراچی۔ اور بعینہ یہی بات امام ابو منصور ماتریدی رحمہ اللہ اپنے زمانے میں فرماتے تھے، جیسا کہ فتاویٰ عالمگیریہ اور دیگر کتبِ احناف میں مذکور ہے۔

کیا آج کے علمائے حق کے سامنے اس حکمران طبقے کی زندگی نہیں ہے؟ کیا ان جرنیلوں، وڈیروں، سودخوروں اور نسل در نسل گورے آقاؤں کی غلامی کرنے والوں کی رنگ رلیوں سے علمائے کرام واقف نہیں؟ علمائے حق کے رب کی قسم! اگر کسی بھنگی کو بھی ان کی زندگی کا علم ہو جائے تو مرتے دم تک بھی ان کو اپنا امام تسلیم نہ کرے۔

نیز یہ بات بھی واضح رہے کہ مجاہدین کا اعلانِ جہاد کسی مخصوص حاکم یا کسی مخصوص حکمران جماعت کے خلاف نہیں بلکہ مسلم ملکوں میں مسلط کفریہ نظام کے خلاف ہے۔ وہ اس کفریہ نظام کے خلاف میدان میں نکلے ہیں، سو جو بھی اس نظام کی حفاظت کے لیے ان کے مقابلہ میں آئے گا وہ اسی نظام کا محافظ سمجھا جائے گا۔

الغرض یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ جمہوریت اپنی اصل کے اعتبار سے عین کفر ہے۔ لہٰذا اس نظام کو چلانے والا ہر گز ہر گز مسلمانوں کا امام نہیں بن سکتا، خواہ اس کا ظاہری حلیہ جیسا بھی ہو۔ وہ شخص بھلا کیونکر مسلمانوں کا امام بن سکتا ہے جو اللہ کی شریعت کو پارلیمنٹ سے منظور کرائے بغیر آئین کا حصہ نہ بنا سکتا ہو؟ جو محمد ﷺ کی لائی شریعت کو اس بات کا محتاج بنائے کہ پہلے اس کو پارلیمنٹ منظور کرے تب جا کر یہ (نعوذ باللہ) اس قابل ہے کہ ملک میں اس کو نافذ کیا جا سکے؟

www.besturdubooks.wordpress.com

تیسرا باب

اللہ کی شریعت کے علاوہ کسی اور قانون سے فیصلے کرنا

(الحکم بغیر ما أنزل اللہ)

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو پیدا کرنے کا مقصد یہ بیان فرمایا کہ وہ صرف اللہ کی عبادت کریں، لیکن اگر عدالت میں قرآن نافذ نہ ہو، تجارت عالمی مالیاتی اداروں کے بنائے قوانین کے تحت کی جاتی ہو، نظامِ حکومت جمہوری ہو...... تو اللہ کی عبادت کس طرح کی جا سکتی ہے؟

حالانکہ اللہ تعالیٰ کا منشا تو یہ ہے کہ روئے زمین سے تمام باطل ادیان کو مٹا کر اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا دین قائم کر دیا جائے۔ صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ کافر بھی اس دین کے عطا کردہ نظام کے تحت زندگی گزاریں، تاکہ کوئی طاقتور کسی کمزور پر ظلم نہ کر سکے، مظلوم کو انصاف دلایا جائے، غریب کو عزت سے جینے کا حق دیا جائے۔

اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کرنے کا حکم صرف مسلمانوں کے مسائل میں ہی نہیں ہے بلکہ کفار کے مسائل و مقدمات بھی (سوائے کچھ شخصی وعائلی معاملات کے) اسی الٰہی دستور وآئین کے ذریعہ حل کیے جائیں گے۔ لیکن آپ سوچوں کی پستی اور اللہ کے صریح حکم سے غفلت کا اندازہ لگائیے کہ کافروں کے مابین فیصلہ تو دور کی بات، مسلمانوں کی عدالتیں مسلمانوں کے مابین فیصلے کافروں کے قانون سے کرتی ہیں۔ اسی کے مطابق زندگی گزارنے پر مجبور کیا جاتا ہے اور ان فیصلوں پر عمل درآمد کے لیے پولیس اور فوج بنائی گئی ہے جو اس کفر کو جبراً نافذ کرتی ہے، اس کی رِٹ کو یقینی بناتی ہے۔ حالانکہ اللہ کا قرآن ہی وہ قانون ہے جس کے مطابق فیصلے کرنے چاہییں۔

﴿فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ...﴾ (المائدۃ: 48)

”سو آپ اس (دستور) کے مطابق فیصلہ کیجیے جو اللہ نے نازل فرمایا ہے، اور ان (کافروں) کی خواہشات کی پیروی نہ کیجیے......“۔

اس باب میں ہم جمہوری نظام کے ایک اساسی ستون، یعنی جمہوری عدالتوں کا جائزہ لیں گے اور

اس غرض سے اس بنیادی سوال کا جواب جاننے کی کوشش کریں گے کہ ان عدالتوں میں اللہ کی شریعت کی بجائے انسانوں کے تراشے ہوئے قانون کے مطابق فیصلے کرنے کا جو عمل جاری ہے، اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

اللہ کی شریعت کے علاوہ کسی اور قانون سے فیصلہ کرنا

﴿... وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ (المائدة: 44)

"...اور جو اللہ کے نازل کردہ (قرآن) سے فیصلہ نہ کریں وہی لوگ کافر ہیں"۔

اہلِ سنت والجماعت کو اللہ رب العزت نے اپنے دین کی حفاظت کے لیے منتخب فرمایا اور دین کو افراط و تفریط اور کمی وزیادتی سے محفوظ رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ قرآن وسنت کو اس کے صحیح معنیٰ و مفہوم کے ساتھ بیان کرنے اور اس کو سلفِ صالحین کی تشریحات کے مطابق سمجھنے کی توفیق عطا فرمائی تاکہ یہ طبقہ دینِ مبین کو ہر قسم کی ملاوٹ سے پاک کرے، تشدد و غلو کے خاردار راستوں سے بچا کر اعتدال کی شاہراہ پر چلائے۔

چنانچہ یہ امت ہر دور میں تاریک سے تاریک فتنوں میں بھی کامیابی سے سفر کرتی رہی۔ دشمنانِ دین کی طرف سے اڑائے گئے گرد و غبار میں بھی اس جماعت نے حق کی راہِ اعتدال کو نہیں چھوڑا، علمائے اہلِ سنت نے اس قافلے کو فکری ڈاکوؤں، مذہبی سوداگروں اور ایمان کے دشمنوں سے بچا کر منزل کی جانب رواں دواں رکھا ہوا ہے۔

آقائے مدنی ﷺ نے فرمایا:

"لا تزال طائفة من أمتي ظاهرين على الحق لا يضرهم من خذلهم حتى يأتي أمر الله..."۔

"میری امت کی ایک جماعت حق کی خاطر قتال کرتی رہے گی، حق پر غالب رہے گی، جس نے ان کا ساتھ چھوڑا وہ اس جماعت کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ آجائے"۔[53]

---

[53] الصحيح لمسلم؛ الجزء ١٠، كِتَاب الْإِمَارَةِ، بَاب قَوْلِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي ظَاهِرِينَ عَلَى الْحَقِّ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ

چنانچہ دیگر موضوعات کی طرح اس مسئلہ (اللہ کے نازل کردہ قانون سے فیصلہ نہ کرنا) میں بھی ہر دور کے علمائے حق نے اپنے دور میں پائی جانے والی کمی و زیادتی کو بیان کرتے ہوئے اس مسئلہ کو شریعت کی تعلیم کی روشنی میں سمجھایا ہے۔

لہٰذا اس دور میں بھی اہلِ علم کے لیے ضروری ہے کہ وہ سب سے پہلے اپنے سامنے موجود صورتِ مسئلہ کو گہرائی کے ساتھ سمجھیں، صرف اس کے ظاہری حالات اور مبہم اصطلاحات کا استعمال ہوتے دیکھ کر اس کے مطابق اس کی شرعی حیثیت کو بیان نہ کریں، تاکہ قرآن و احادیث کی روشنی میں امت کی رہنمائی کر سکیں ۔نہ تو اپنی طرف سے کسی مسئلہ میں تشدد اختیار کریں، اگر شریعت نے لوگوں کو گنجائش دی ہے تو یہ اپنی طرف سے ان پر سختیاں نہ عائد کریں، اور نہ ہی آسانیاں پیدا کرنے کے چکر میں دین کی ان سرحدوں کو ہی پامال کر بیٹھیں جو کفر و اسلام میں امتیاز قائم رکھتی ہیں۔

لیکن افسوس کہ اس دور میں، زیرِ بحث مسئلہ میں لوگوں نے انتہائی سستی اور مداہنت سے کام لیا ہے۔ اور اب تو یہ حال ہے کہ عوام تو عوام اہلِ علم گھرانوں میں بھی اس بات کا احساس نہیں کہ اللہ کی شریعت کے علاوہ کسی اور قانون کے تحت زندگی کی سانسیں لینا، غیر اللہ کے آئین کو حاکم ماننا، اس پر خاموش رہنا، راضی رہنا یہ کوئی چھوٹا موٹا گناہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو سخت الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔

کس قدر زیادتی ہے کہ اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی سخت وعید کو کوئی اپنی طرف سے ہلکا کر کے پیش کرے، کسی صحابیٔ رسول ﷺ کے قول کو غلط جگہ پر پیش کرے۔ شہنشاہِ ارض و سماء لوگوں کو ڈرا رہے ہیں کہ جس نے ہمارے آئین کے علاوہ کسی اور آئین سے فیصلہ کیا وہ کافر ہے...... لیکن ایسے لوگ بھی ہیں جو اللہ کی دھمکی کے سامنے کھڑے ہو جاتے ہیں، خود بھی یہ کفر کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی جری کرتے ہیں کہ نہیں کوئی بات نہیں، یہ کوئی ایسا بڑا جرم نہیں جتنا تم سمجھ رہے ہو۔ گویا (نعوذ باللہ) احکم الحاکمین کی وعید نہ ہوئی، کوئی معمول کی بات ہو گئی! اعاذنا اللہ منہ!

اسی طرح یہ بات بھی اہلِ سنت کے مسلک کے خلاف ہے کہ قرآن و حدیث کے ظاہری ترجمہ کو دیکھ کر اس کو وہ معنٰی پہنا دیے جائیں جو اسلافِ امت سے ثابت نہیں ہیں۔

اپنے دور میں درپیش کسی مسئلہ میں ہم اس وقت غلطی کر بیٹھتے ہیں جب کسی مسئلہ کے بارے

میں ہم اس کا ظاہر دیکھ کر فیصلہ سناتے ہیں اور اس تفصیل کو بیان نہیں کرتے جو سلفِ صالحین نے بیان فرمائی ہے۔ اسی طرح دوسری غلطی یہ ہوتی ہے کہ اسلافِ امت کی بیان کی گئی تفصیل کو ہم آج ایسی جگہ ثابت کر جاتے ہیں جہاں وہ منطبق ہو ہی نہیں سکتی۔

زیرِ بحث مسئلہ (قرآن کے علاوہ سے فیصلہ کرنا) بھی اسی قسم کے مسائل میں سے ہے جن میں صورتِ مسئلہ کی گہرائی میں جائے بغیر موجودہ نظام کے بارے میں شرعی حکم بیان کر دیا جاتا ہے۔ بندہ نے کوشش کی ہے کہ صورتِ مسئلہ کو پوری طرح کھول کر بیان کر دیا جائے تاکہ علمائے حق شریعت کی روشنی میں ہماری رہنمائی کریں۔

تنبیہ:

غیر قرآن سے فیصلہ کرنے والا کافر ہو جاتا ہے یا نہیں؟ اس بحث میں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ یہ ساری بحث صرف ایک شرعی حکم سے متعلق ہے۔ یعنی کوئی جج یا حاکم قرآن کے تمام فیصلے نافذ کرتا ہے لیکن صرف ایک قطعی طور پر ثابت شدہ شرعی حکم میں غیرِ قرآن سے فیصلے سناتا ہے (مثلاً زنا کی شرعی سزا کو بدل کر انگریزی قانون میں بیان کردہ سزا کے مطابق فیصلے کرتا ہے) تو کیا وہ مکمل دائرۂ اسلام سے خارج ہو گیا یا نہیں؟

آیت کا شانِ نزول:

پہلے اس آیت کی شانِ نزول (پسِ منظر) سمجھتے چلیں، اس کے بعد اس آیت کی تفسیر میں مشہور مفسرین (متقدمین و متاخرین) کے اقوال بیان کیے جائیں گے۔ اگر ہم اس بحث کو اچھی طرح سمجھ لیں تو ان شاءاللہ اسلام و کفر، جس کو جدید دجالی ذہنوں نے خلط ملط کرنے کی کوشش کی ہے، الگ الگ ہو جائیں گے۔

﴿... وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ (المائدۃ: 44)

"...اور جو اللہ کے نازل کردہ (قرآن) سے فیصلہ نہ کریں، وہی لوگ کافر ہیں"۔

معارف القرآن میں مفتی شفیع صاحبؒ نے اس کی شانِ نزول امام بغویؒ کے حوالہ سے اس طرح بیان فرمائی ہے:

"یہ زنا کا واقعہ ہے۔ خیبر کے یہودیوں میں یہ واقعہ پیش آیا اور تورات کی سزا کے مطابق ان

دونوں کو سنگسار کرنا لازم تھا۔ مگر یہ دونوں کسی بڑے خاندان کے افراد تھے۔ یہودیوں نے اپنی قدیم عادت کے مطابق یہ چاہا کہ ان کے لیے سزا میں کمی کی جائے اور ان کو یہ معلوم تھا کہ مذہب اسلام میں بڑی سہولتیں دی گئی ہیں، اس بناء پر اپنے نزدیک یہ سمجھا کہ اس سزا میں بھی تخفیف ہو گی۔ خیبر کے لوگوں نے اپنی برادری بنی قریظہ کے لوگوں کو پیغام بھیجا کہ اس معاملہ کا فیصلہ محمد (ﷺ) سے کرا دیں۔ چنانچہ کعب بن اشرف وغیرہ کا ایک وفد ان لوگوں کو لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سوال کیا کہ شادی شدہ مرد و عورت اگر زنا میں مبتلا ہوں تو ان کی کیا سزا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم میرا فیصلہ مانو گے؟ انھوں نے اقرار کیا۔

اس وقت جبریل امین اللہ تعالیٰ کا یہ حکم لے کر نازل ہوئے کہ ان کی سزا سنگسار کر کے قتل کر دینا ہے۔ ان لوگوں نے جب یہ فیصلہ سنا تو بوکھلا گئے اور ماننے سے انکار کر دیا۔ جبریل امین نے رسول اللہ ﷺ کو مشورہ دیا کہ آپ ان لوگوں سے یہ کہیں کہ میرے اس فیصلے کو ماننے یا نہ ماننے میں ابن صوریا کو حکم بنا دو۔ اور ابن صوریا کے حالات وصفات رسول اللہ ﷺ کو بتا دیے۔ آپ ﷺ نے اس وفد سے پوچھا کہ کیا تم اس نوجوان کو جانتے ہو جو گورا مگر ایک آنکھ سے معذور ہے، فدک میں رہتا ہے، جس کو ابن صوریا کہا جاتا ہے؟ سب نے اقرار کیا۔ آپ ﷺ نے دریافت کیا، آپ لوگ اس کو کیسا سمجھتے ہیں؟ انھوں نے کہا کہ علمائے یہود میں روئے زمین پر اس سے بڑا کوئی عالم نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو بلاؤ۔ چنانچہ وہ آ گیا۔ آپ ﷺ نے قسم دے کر پوچھا کہ اس صورت میں تورات کا کیا حکم ہے؟ وہ بولا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کی قسم آپ نے مجھ کو دی ہے! اگر آپ قسم نہ دیتے اور مجھے یہ خطرہ نہ ہوتا کہ غلط بات کہنے کی صورت میں تورات مجھے جلا ڈالے گی تو میں یہ حقیقت ظاہر نہ کرتا۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کی طرح تورات میں بھی یہی حکم ہے کہ ان دونوں کو سنگسار کر کے قتل کر دیا جائے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم پر کیا آفت آئی کہ تم تورات کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہو؟ ابن صوریا نے بتلایا کہ اصل بات یہ ہے کہ زنا کی شرعی سزا تو ہمارے مذہب میں یہی ہے لیکن ہمارا ایک شہزادہ اس جرم میں مبتلا ہو گیا، اس کی رعایت کرتے ہوئے ہم نے اس کو

چھوڑ دیا، سنگسار نہیں کیا۔ پھر یہی جرم ایک معمولی آدمی سے سر زد ہوا تو ذمہ داروں نے اس کو سنگسار کرنا چاہا۔ تو مجرم کے خاندان والوں نے اس کی مخالفت کی اور کہا کہ اگر شرعی سزا اس کو دینی ہے تو پہلے شہزادے کو دو ورنہ ہم اس پر یہ سزا جاری نہ ہونے دیں گے۔ یہ بات بڑھی تو سب نے مل کر صلح کرلی کہ سب کے لیے ایک ہی ہلکی سزا تجویز کردی جائے اور تورات کا حکم چھوڑ دیا جائے، اور اب یہی سب میں رواج ہو گیا''۔

امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے بھی اس آیت کی شانِ نزول اسی واقعے کو قرار دیا ہے۔ دیگر مفسرین نے بیان کیا ہے کہ تورات میں مذکور یہ سزا منہ کالا کرکے دونوں کو الٹا گدھے پر بٹھا کر شہر کے چکر لگوانا پھر کوڑے مارنا تھی۔

چند قابلِ غور باتیں:

أ. آپ ان یہود کا تورات کی سچائی و صداقت پر ایمان دیکھیے کہ وہ غلط بات کہنے کی صورت میں اس بات سے ڈر رہا ہے کہ تورات اس کو جلا ڈالے گی۔ اس کے ساتھ اللہ کی وحدانیت پر یقین بھی ملاحظہ فرمائیے کہ قسم دیے جانے پر ایسا سچ بولنے پر آمادہ ہو گیا جس سے اس کی پوری قوم و مذہب کی بے عزتی ہوتی تھی۔

ب. انہوں نے تورات کے حکمِ سنگسار کا اس طرح انکار نہیں کیا تھا کہ وہ اس کے منزل من اللہ (اللہ کی جانب سے نازل کردہ) ہونے کے منکر ہو گئے تھے، بلکہ انہوں نے تورات کے حکم کے مقابلہ میں اپنی طرف سے ایک اور قانون منظور کرلیا تھا، اور اسی کو نافذ کر دیا تھا۔

ج. علمائے یہود نے تورات کے اندر رجم کرنے کے حکم کو مٹا کر اپنا ترمیم شدہ قانون کسی دستاویز یا دستور کی شکل میں لکھا نہیں تھا اور نہ ہی تورات کے قانون کے مقابلے میں کوئی دستور تحریری طور پر تیار کیا تھا۔ بلکہ ابھی تک تورات میں اللہ کا نازل کردہ قانونِ رجم ہی موجود تھا، یہ ترمیم صرف زبانی کلامی کی گئی تھی۔ جبکہ آج اللہ کے قرآن کے مقابلے میں ایک دستور تحریری طور پر تیار ہے جس کو پڑھایا جاتا ہے اور قرآن کی بجائے اسی کو جبراً ملک میں نافذ کیا گیا ہے۔ اس کے اندر بے شمار خلافِ شرع ترمیمات موجود ہیں پھر بھی اس کو اسلامی کہا جاتا ہے۔ گویا قرآن اسلامی نہیں بلکہ اسلامی وہ ہے جو آئین پاکستان میں ہے۔ یا جو چور کے ہاتھ کاٹنے اور شادی شدہ زانی کو سنگسار کرنے کے قوانین محمد ﷺ

لے کر آئے وہ اسلامی نہیں، بلکہ اسلامی وہ ہیں جو قوانینِ پاکستان میں ہیں؟

د. اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ اللہ کے نازل کردہ قانون میں ترمیم کرنے والوں پر کفر کا حکم لگایا گیا۔

اب آپ ذرا غور فرمایئے کہ آج جمہوریت کے لادین علم بردار اور اس کے مسلح محافظین بھی تو ایسا ہی کر رہے ہیں، بلکہ اس سے کہیں زیادہ بدتر جو یہود کرتے تھے۔ آپ آج جمہوریت میں شریک سیکولر جماعتوں کو دیکھیے کہ وہ کس ڈھٹائی کے ساتھ اس قرآن کے احکامات کو وحشت و درندگی کہتے ہیں، اس کو فرسودہ اور تاریک دور کے قوانین کہتے ہیں، قوت کے زور پر اس کو نافذ ہونے سے روکتے ہیں، اس میں نہ کسی شرافت، نہ ہی کسی خوفِ الٰہی کی پرواکرتے ہیں...... پھر کیا وجہ ہے کہ یہود تو اس حکم ما أنزل اللہ (اللہ کے قانون) کے مطابق فیصلہ نہ کرنے یا اس میں ترمیم کرنے سے مطلقاً کافر اور ان جاحدین و منکرین کے حق میں اتنے دلائل کہ کبھی ان کو پکا سچا مسلمان ثابت کیا جائے، کبھی امام المسلمین بنادیا جائے!

ومن لم یحکم بما أنزل اللہ اور مفسرینِ کرام:

اب آیئے اس آیت کو امت کے ان مفسرین کی تفاسیر سے سمجھتے ہیں جن پر سب کا اتفاق ہے۔

امام المفسرین ابن جریر طبریؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"يَقُول تَعَالَى ذِكْره: وَمَنْ كَتَمَ حُكْم اللَّه الَّذِي أَنْزَلَهُ فِي كِتَابه, وَجَعَلَهُ حُكْمًا بَيْنَ عِبَاده فَأَخْفَاهُ, وَحَكَمَ بِغَيْرِهِ, كَحُكْمِ الْيَهُود...... ﴿فَأُولَئِكَ هُمْ الْكَافِرُونَ﴾ يَقُول: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ لَمْ يَحْكُمُوا بِمَا أَنْزَلَ اللَّه فِي كِتَابه, وَلَكِنْ بَدَّلُوا وَغَيَّرُوا حُكْمه وَكَتَمُوا الْحَقّ الَّذِي أَنْزَلَهُ فِي كِتَابه.

﴿هُمْ الْكَافِرُونَ﴾ يَقُول: هُمْ الَّذِينَ سَتَرُوا الْحَقّ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِمْ كَشْفه وَتَبْيِينه وَغَطَّوْهُ عَنْ النَّاس وَأَظْهَرُوا لَهُمْ غَيْره وَقَضَوْا بِهِ لِسُحْتٍ أَخَذُوهُ مِنْهُمْ عَلَيْهِ"۔

"اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اور جس نے اللہ کے اس حکم کو چھپایا جو اس نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا ہے، اور جس کو اپنے بندوں کے مابین قانون بنایا ہے، چنانچہ اس نے اس قانون کو چھپایا اور یہود کی طرح اس کے علاوہ سے فیصلہ کر دیا...... [وہ کافر ہیں] یعنی یہ لوگ جو اللہ کے نازل کردہ سے فیصلہ نہیں کرتے، بلکہ اللہ کی شریعت کو تبدیل کر دیتے ہیں اور اس حق کو

چھپا جاتے ہیں جو اللہ نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا ہے۔

[ایسے لوگ کافر ہیں] جنھوں نے اس حق کو چھپایا جس کا کھول کر بیان کرنا ان پر لازم تھا، اور لوگوں کی آنکھوں سے اس حق کو اوجھل رکھا، اور لوگوں کے سامنے اس حق کے علاوہ دوسری بات ظاہر کی، اور اسی کے مطابق فیصلہ کیا، رشوت کی وجہ سے جو انہوں نے لی تھی"۔[54]

فائدہ:

امام ابن جریر طبریؒ نے اس آیت کی تفسیر میں جو تفصیل بیان فرمائی ہے وہ آج کے عدالتی نظام میں مکمل پائی جاتی ہے۔ اللہ کے نازل کردہ قانون کو چھپانا، یعنی مقدمات کے دوران کبھی اس کا ذکر ہی نہ کرنا کہ زیرِ بحث مقدمات کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا قانون کیا ہے بلکہ اپنے بنائے قانون ہی کو اسلامی آئین کہنا اور یہ کہنا کہ ہماری عدالتیں اسلامی آئین کی رو سے ہی فیصلے کرتی ہیں، اللہ کے قانون میں تبدیلی کرنا (جیسے شادی شدہ زانی کو سنگسار کی بجائے چند سال جیل کی سزا وغیرہ)...... یہ سب وہی باتیں ہیں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں یہود کو کافر قرار دیا۔

اس آیت کی تفسیر میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا :

"مَنْ جَحَدَ مَا أَنْزَلَ اللّٰه فَقَدْ كَفَرَ، وَمَنْ أَقَرَّ بِهِ وَلَمْ يَحْكُم فَهُوَ ظَالِم فَاسِق"۔

"جو اللہ کی حدود (سنگساری، کوڑے مارنا وغیرہ) میں سے کسی بھی قانون کا انکار کرے، تو وہ کافر ہو گیا۔ اور جس نے ان سب باتوں کا اقرار کیا لیکن ان قوانین کے مطابق فیصلے نہیں کیے تو وہ ظالم و فاسق ہے"۔

حضرت عکرمہؒ نے فرمایا:

"معناه: ومن لم يحكم بما أنزل الله جاحداً به فقد كفر، ومن أقرّ به ولم يحكم به فهو ظالم فاسق"۔

---

[54] جامع البيان في تأويل القرآن؛ محمد بن جرير بن يزيد بن كثير بن غالب الآملي، أبو جعفر الطبري (المتوفى: ٣١٠هـ)

"اس کے معنٰی یہ ہیں کہ جو اللہ کے قانون کا انکار کرتے ہوئے اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے، تو وہ واقعی کافر ہو گیا۔ اور جو اس قانون کا اقرار کرے اور اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے تو وہ ظالم و فاسق ہے"۔ [55]

قرآن کے قانون پر ایمان لانا...... ایک شبہ اور اس کی وضاحت:

ومن لم یحکم بما أنزل اللہ کے بارے میں اسلاف نے جو یہ فرمایا جاحدا بہ (یعنی جو اللہ کے قانون کا انکار کرتے ہوئے اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے، تو وہ واقعی کافر ہو گیا)، اس سے لوگوں کو شاید یہ شبہہ ہوا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ اس کو قرآن کا حصہ یا اللہ کا نازل کردہ ہونے کا یقین نہ رکھتا ہو۔ چنانچہ اگر کوئی اس پر ایمان رکھتے ہوئے قرآن کے قانون کے علاوہ سے فیصلے کرتا ہے تو وہ کفرِ اکبر نہیں بلکہ کفرِ مجازی یا کفر دون کفر (یعنی چھوٹا کفر) ہے۔

وضاحت:

ایسا سمجھنا اسلاف کی عبارت کو سمجھنے میں غلطی ہے۔ یعنی جس طرح خوارج نے اس آیت سے مطلقاً کفرِ اکبر مراد لیا اور اعتدال کے راستے سے ہٹ گئے، اسی طرح اس آیت میں بیان کیے گئے کفر کو مطلقاً کفر دون کفر یا کفرِ اصغر قرار دینا بھی اہلِ سنت کے راستے سے ہٹ جانا ہے۔ یاد رہے کہ سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کفر دون کفر کو مطلقاً نہیں استعمال کیا ہے بلکہ صحابہؓ کے دفاع میں بیان کیا ہے۔

علمائے اہلِ سنت والجماعت نے اس میں تفصیل بیان کی ہے جس کو گزشتہ بحث میں بیان کر دیا گیا ہے۔ ہمارے اسلاف نے واضح طور پر یہ فرمایا ہے کہ یہ حاکم اس بات کا یقین رکھتا ہو کہ متعلقہ مقدمے میں قرآن کے قانون سے فیصلہ کرنا اس پر واجب ہے، اور اس کے خلاف کرنے پر خود کو گناہ گار اور سزا کا مستحق سمجھتا ہو۔ صرف اتنا کافی نہیں کہ وہ ان قوانین کو قرآن کا حصہ سمجھے اور اس کے مطابق فیصلے کو واجب نہ سمجھے۔ یہودی بھی ان آیات کو، جو رجم کے بارے میں تھیں تورات کا حصہ مانتے تھے، لیکن فیصلے میں اس کی جگہ دوسرا قانون بنالیا تھا اور اسی کو شرعی قانون ثابت کر رہے تھے۔ چنانچہ قرآن نے ان کے اس عمل کو کفرِ اکبر قرار دیا۔

---

[55] الکشف والبیان؛ الجزء ٥، أبو إسحاق أحمد بن محمد بن إبراهيم الثعلبي النيسابوري (المتوفى: ٤٣٧ھ)

نیز یہ بات ذرا غور کرنے کی ہے کہ اگر کوئی شخص قرآن کی کسی آیت کو منزل من اللہ یعنی اللہ کی نازل کردہ نہ مانے تو وہ صرف اس نظریہ کی وجہ سے ہی فوراً کافر ہو جائے گا۔ اس کے بارے میں یہ بحث کرنا فضول ہے کہ قرآن کے قانون کے علاوہ سے فیصلہ کرنے سے کافر ہوتا ہے یا نہیں؟ لہٰذا اس آیت کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہو سکتا۔ علمائے امت نے اس کا مطلب یہی بیان کیا ہے کہ قرآن کے قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کو واجب سمجھتا ہو اور اس کے علاوہ کسی بھی قانون سے فیصلہ کرنے کو گناہ سمجھتا ہو۔

اس بات کو امام بیضاوی، امام ابو بکر جصاص، شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ اور امام ابن قیم جوزیہ، امام ابن ابی العز حنفی ، حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہم اللہ وغیرہ نے اور زیادہ واضح اور کھول کر بیان کیا ہے۔ اہلِ علم حضرات کو امام صاحبؒ کی عبارت میں غور کرنا چاہیے۔ چنانچہ بعض مفسرین نے ومن لم یحکم کی تفسیر میں اختصار کے طور پر صرف اتنا فرمایا کہ وہ اللہ کے نازل کردہ پر ایمان نہ رکھتا ہو۔ لیکن ان کی مراد وہی ہے جو دیگر مفسرینِ امت کی ہے کہ اس سے فیصلے کو واجب سمجھتا ہو (دلائل آگے آرہے ہیں)۔

"وقال ابن مسعود، والسدّي: من ارتشى في الحكم وحكم فيه بغير حكم الله فهو كافر"۔

"عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور امام سدیؒ نے فرمایا: جس نے فیصلہ کرنے میں رشوت لی اور اس فیصلہ میں اللہ کے قانون کے علاوہ سے فیصلہ کر دیا تو وہ جج کافر ہے"۔[56]

فائدہ:

ان دونوں حضرات کے نزدیک ایسا شخص بالکل کافر ہے۔

"قال ابن مسعود و الحسن: هي عامة في كل من لم يحكم بما أنزل الله من المسلمين واليهود والكفار أي معتقدا ذلك ومستحلا له فأما من فعل ذلك وهو معتقد أنه راكب محرم فهو من فساق المسلمين..."۔

---

[56] أیضاً

''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حسن بصریؒ نے فرمایا: یہ آیت مسلمانوں اور یہودیوں اور دیگر کفار میں سے ہر اس شخص کے بارے میں عام ہے جو اللہ کے قانون کے مطابق فیصلہ نہ کرے۔ یعنی جو اللہ کی شریعت سے فیصلہ نہ کرے اور اپنے اس فعل کے صحیح اور (قانونی) ہونے کا نظریہ رکھتا ہو (تو وہ شخص صریح کافر ہے)۔ البتہ جو اس کام کو حرام سمجھتے ہوئے کرے تو وہ فاسق مسلمانوں میں سے ہے''۔ [57]

ذرا آج کے نظام جمہوریت میں غور کیجیے اور فیصلہ کیجیے کہ کیا ان عدالتوں والوں کی نہایت غالب اکثریت اپنے فیصلوں کو گناہ سمجھتی ہے؟ وہ تو اپنے نزدیک بہت بڑا خیر کا کام کر رہے ہیں۔ اور کیا یہ عدالتیں غیرِ قرآن سے فیصلے کرنے کو حلال یعنی قانونی نہیں سمجھتیں؟

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ کیا یہ آیت یہود کے بارے میں نازل ہوئی تو آپ نے فرمایا:

''جی ہاں! لیکن تم (یعنی یہ امت) ان یہود کے راستے پر قدم بقدم چلو گے''۔ [58]

علامہ آلوسیؒ نے "روح المعاني" میں امام شعبیؒ کی یہ روایت نقل کی ہے:

''سورۂ مائدہ کی یہ تینوں آیات (ومن لم يحكم بما أنزل الله فأولٰئک هم الكافرون ...... فأولٰئک هم الفسقون ...... فأولٰئک هم الظالمون)، ان میں سے پہلی اس امت کے لیے ہے، دوسری یہود اور تیسری نصاریٰ کے بارے میں ہے''۔

علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں:

''اس بنیاد پر یہ لازم آتا ہے کہ مسلمانوں کی حالت یہود و نصاریٰ سے بدتر ہو گی''۔ [59]

آج کفریہ عدالتوں کو اسلامی ثابت کرنے والے اور کفریہ جمہوری نظام کو اسلامی قرار دینے والے یہود و نصاریٰ سے آگے نہیں بڑھے تو اور یہ سب کیا ہے؟

---

[57] الجامع لأحكام القرآن المعروف تفسير القرطبي؛ الجزء ٦، تفسير سورة المائدة: ٤٤، محمد بن أحمد بن أبي بكر بن فرح القرطبي أبو عبد الله

[58] أيضاً

[59] روح المعاني؛ الجزء ٥، تفسير سورة المائدة: ٤٤

"تفسير ابن جزي" میں بھی امام شافعیؒ کا یہ قول بیان کیا گیا ہے کہ:

"اس آیت میں کافر ہونے کا حکم مسلمانوں کے بارے میں ہے (یعنی جو اللہ کی شریعت سے فیصلہ نہ کریں)"۔

مشہور حنفی فقیہ اور مفسر امام نسفی (۷۱۰ھ وفات) تفسیرِ نسفی میں فرماتے ہیں:

"أي مستهيناً به"۔

"یعنی جو اللہ کی شریعت کو کم اہم سمجھتے ہوئے، اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا وہ کافر ہے"۔

تو کیا آج جمہوری نظام کے مقابلہ میں نفاذِ شریعت کو بے وقعت ہی نہیں سمجھا جا رہا؟ تو پھر توپ و تفنگ اور جنگ کس بات کی؟ دہلی کی سپریم کورٹ کس کی عظمت کی داستان سناتی ہے؟ اسلام آباد کی عدالتِ عالیہ میں اللہ کے قانون کا کیا حشر کیا جاتا ہے؟ پارلیمنٹ کا بنایا قانون وحی سے اعلیٰ، اور وحی کا قانون اس وقت تک قانون نہیں بن سکتا جب تک پارلیمنٹ اس کو منظوری نہ دے دے! بتایئے کون اہم ہے اور کون غیر اہم؟ کس قانون کی رِٹ کو قائم رکھنے کے لیے سوات تا وزیرستان جنگ جاری ہے؟ حالانکہ مجاہدین تو مطالبہ ہی اللہ کی شریعت کا کر رہے ہیں؟

امام بیضاویؒ (۶۹۱ھ وفات) کا نام کس طالبِ علم کے لیے نیا ہے؟ آپؒ نے تفسیرِ بیضاوی میں اس آیت کی تفسیر یوں فرمائی ہے:

"﴿وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللهُ﴾ مستهيناً به منكراً له ﴿فأولئك هُمُ الكافرون﴾ لاستهانتهم به وتمردهم بأن حكموا بغيره، ولذلك وصفهم بقوله ﴿الكافرون﴾"۔

"اور جس نے اللہ کی شریعت سے فیصلہ نہیں کیا، اس قانون کو کم اہم سمجھتے ہوئے (اس کے علاوہ کو زیادہ اہم سمجھا) اس کے مطابق فیصلہ کرنے کے وجوب کا انکار کرتے ہوئے، تو وہ کافر ہے، اس قانون کو کم اہم سمجھنے کی وجہ سے اور اس کے علاوہ سے فیصلے پر ڈٹے رہنے کی وجہ سے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ان کو الکافرون قرار دیا"۔

بتایئے کون غیر اسلامی قوانین پر ڈٹا ہوا ہے اور اس کے لیے جنگ کرتا ہے؟

اسی طرح علامہ زمخشریؒ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ انھوں نے تفسیرِ کشاف میں یہی تفسیر کی

ہے۔

تنبیہ:

علامہ زمخشریؒ اور امام بیضاویؒ کا یہ قول کہ اللہ کی شریعت کے علاوہ کسی قانون سے فیصلے پر ڈٹے رہنے کی وجہ سے وہ کافر ہیں، آج جمہوری عدالتی نظام پر کتنا صادق آتا ہے۔ یہ عدالتیں غیرِ قرآن سے فیصلوں پر سالوں سے ڈٹی ہوئی ہیں، بلکہ قرآن کے مقابلے میں بنائے گئے قوانین کی رِٹ کو یقینی بنانے کے لیے لڑنے کو جہاد کہتی ہیں...... کیا اہلِ حق اس کا حکم بیان کر پائیں گے؟

ابوالفرج ابن جوزیؒ (۵۰۸۔۵۹۷ھ) "زاد المسير" میں فرماتے ہیں:

"...من لم يحكم بما أنزل الله جاحداً له، وهو يعلم أن الله أنزله، كما فعلت اليهود، فهو كافر..."۔

"...... جس نے اللہ کی شریعت سے فیصلہ نہیں کیا، اس کے وجوب کا انکار کرتے ہوئے، حالانکہ وہ جانتا ہے کہ یہ اللہ کا نازل کردہ قانون ہے، جیسا کہ یہود نے کیا تھا، تو وہ کافر ہے......"۔

اس سے معلوم ہوا کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور دیگر مفسرین نے جو اس آیت کے ضمن میں یہ فرمایا کہ "جو اللہ کے قانون کا انکار کرتے ہوئے اللہ کے قانون کے علاوہ سے فیصلہ کرے"، اس سے مراد یہ نہیں کہ وہ اس کو اللہ کی کتاب کا حصہ نہ مانتا ہو، بلکہ یہ ہے کہ وہ اس کے مطابق فیصلہ کرنے کے واجب ہونے کا اعتراف نہ کرتا ہو۔

مفتی شفیع صاحبؒ نے "معارف القرآن" میں ومن لم يحكم بما أنزل الله کی تفسیر اس طرح فرمائی ہے:

"یعنی جو لوگ اللہ کے نازل کیے ہوئے احکام کو واجب نہیں سمجھتے اور ان پر فیصلہ نہیں دیتے بلکہ ان کے خلاف فیصلہ کرتے ہیں وہ کافر و منکر ہیں، جن کی سزا دائمی عذابِ جہنم ہے"۔[60]

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا کہ:

---

[60] معارف القرآن؛ تفسیر سورۃ المائدہ: ۴۴

”یہ آیت یہود کے بارے میں نازل ہوئی لیکن ہمارے اوپر بھی یہ واجب ہے“۔[61]

امام ابو بکر جصاصؒ فرماتے ہیں:

”اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت حسن بصریؒ اور حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ یہ حکم عام ہے ہر اس شخص کے بارے میں جو قرآن کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا اور غیر اللہ کے قانون کے مطابق فیصلہ کرتا ہے“۔[62]

اسی طرح ابو البختریؒ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا یہ بنی اسرائیل کے بارے میں نازل ہوئی ہے تو انھوں نے جواب دیا کہ:

”جی! (البتہ یاد رکھو کہ) بنی اسرائیل بھی تمہارے بھائی ہیں اگر تم یہ سوچتے ہو کہ میٹھا میٹھا تو سارا تمہارے لیے ہے اور کڑوا کڑوا سارا بنی اسرائیل کے لیے ہے۔ نہیں! بلکہ تم ضرور ان کے طریقے کی پیروی کرو گے“۔[63] (والعیاذ باللہ)

یعنی جو بات اپنے اوپر دشوار گزرے اس کو کہیں کہ یہ حکم تو بنی اسرائیل کے لیے تھا اور جس میں نفس پہ کوئی دشواری نہ ہو اس کو خود اپنا لیں۔

امام فخر الدین رازیؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

”جن حضرات نے اس آیت کے بارے میں یہ کہا کہ یہ یہود کے بارے میں ہے، (فرمایا) یہ ضعیف دلیل ہے کیونکہ تفسیر میں اعتبار لفظ کے عموم کا ہوتا ہے نہ کہ خاص سبب کا“۔[64]

مزید فرماتے ہیں:

”امام عطاءؒ (تابعی) نے فرمایا: یہ ’کفر دون کفر‘ ہے یعنی ’یہاں کفر سے مراد کفرِ اصغر ہے‘۔ اور امام طاؤسؒ (تابعی) نے فرمایا: ’یہ ایسا کفر نہیں جو ملت سے خارج کر دے جیسا

---

[61] بحوالہ تفسیر طبری آیت ھذا

[62] أحکام القرآن للجصاص؛ الجزء: ۳، ص: ۵۳

[63] أیضاً

[64] مفاتیح الغیب المعروف تفسیر الرازي؛ الجزء ٦، تفسیر سورة المائدة:۴۴، أبو عبد الله محمد بن عمر بن الحسن بن الحسین التیمي الرازي الملقب بفخر الدین الرازي

کہ اللہ اور یوم آخرت کا انکار ملت سے خارج کر دیتا ہے'۔ گویا ان حضرات نے اس آیت کو کفرِ نعمت کہا ہے، یہ قول بھی ضعیف ہے۔ کیونکہ لفظ کفر جب مطلق بولا جاتا ہے تو اس سے کفر في الدين (یعنی بڑا کفر۔ راقم) مراد ہوتا ہے"۔[65]

جن حضرات نے یہ کہا کہ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جو تمام مقدمات میں اللہ کے قوانین کے خلاف فیصلے کرے وہ کافر ہے، البتہ جو بعض مقدمات میں ایسا کرے وہ کافر نہیں ہے۔ امام رازیؒ اس کا بھی رد فرماتے ہیں:

"...لو كانت هذه الآية وعيداً مخصوصاً بمن خالف حكم الله تعالى في كل ما أنزل الله تعالى لم يتناول هذا الوعيد اليهود بسبب مخالفتهم حكم الله في الرجم، وأجمع المفسرون على أن هذا الوعيد يتناول اليهود بسبب مخالفتهم حكم الله تعالى في واقعة الرجم ...... قال عكرمة: قوله ﴿وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللهُ﴾ إنما يتناول من أنكر بقلبه وجحد بلسانه، أما من عرف بقلبه كونه حكم الله وأقر بلسانه كونه حكم الله، إلا أنه أتى بما يضاده فهو حاكم بما أنزل الله تعالى، ولكنه تارك له، فلا يلزم دخوله تحت هذه الآية، وهذا هو الجواب الصحيح والله أعلم"۔

"اگر اس آیت میں خاص ان لوگوں کے لیے وعید ہوتی جو تمام فیصلوں میں اللہ کی شریعت کی مخالفت کریں تو اس میں ان یہود کے لیے وعید نہ ہوتی جو حکمِ رجم میں اللہ کی شریعت کی مخالفت کر رہے تھے۔ جبکہ تمام مفسرین کا اس بات پر اجماع ہے کہ اس آیت میں ان یہود کے لیے وعید ہے جو واقعۂ رجم میں اللہ کی شریعت کی مخالفت کر رہے تھے۔ ...... عکرمہؒ کا کہنا ہے: اس آیت میں اس شخص کا حکم ہے جو اللہ کے قانون کا دل سے انکار کرے اور زبان سے انکار کرے۔ البتہ وہ شخص جو دل سے اس قانون کے منجانب اللہ ہونے کی تصدیق کرے اور زبان سے بھی اس کا اقرار کرے، لیکن عملاً اس کے مخالف فیصلہ کرے تو

---

[65] ایضاً

وہ اللہ کے قانون کے مطابق ہی فیصلہ کرنے والا کہلائے گا، لیکن اس کو چھوڑنے والا ہو گا، چنانچہ وہ اس آیت میں داخل نہیں۔ یہی جواب صحیح ہے"۔[66]

وضاحت:

یہاں پھر یاد دلاتے چلیں کہ امام رازیؒ نے جو دل کی تصدیق اور زبان سے اقرار کی بات کی ہے، اس سے مراد وہی ہے جو پہلے بیان کیا گیا، کہ اس کے مطابق فیصلے کے واجب ہونے کا اقرار کرتا ہو۔ نیز یہ بات بھی یاد رہے کہ امام رازی یہ حکم اس ریاست، حاکم یا جج کا بیان کر رہے ہیں جو باقی تمام احکام میں قرآن کے مطابق فیصلے کرتا ہے اور صرف ایک قطعی اور صریح شرعی حکم میں قرآن کے خلاف فیصلہ کرتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے دورِ مبارک سے لے کر تاتاریوں کے ہاتھوں سقوطِ بغداد (۶۵۶ھ بمطابق ۱۲۵۷ء) تک کبھی ایسا نہیں ہوا کہ قرآن کے مقابلے میں کسی اور قانون کو بطورِ آئین ملک میں نافذ کیا گیا ہو۔ اس امت میں اس بات کا تصور بھی نہیں تھا کہ عدالتیں قرآن کے علاوہ کسی انسان کے بنائے آئین کے مطابق فیصلے کریں۔ غیرِ قرآن سے فیصلہ کرنے کی زیادہ سے زیادہ صرف یہ صورت ہوتی تھی کہ جج رشوت لے کر فیصلے میں ڈنڈی مار دیتا۔ چنانچہ مذکورہ آیت کے ضمن میں جو بھی بحث بڑے کفر یا چھوٹے کفر کی رہی وہ اسی صورتِ حال کو سامنے رکھ کر کی جاتی رہی، کیونکہ علماء عموماً انہی باتوں کو بیان کرتے ہیں جو ان کے دور میں عامۃ المسلمین کو در پیش ہوتی ہیں۔

لیکن جب عالمِ اسلام پر تاتاری حملہ آور ہوئے، دار الخلافہ بغداد پر قبضہ کر لیا، پھر اس کے بعد یہ لوگ مسلمان ہو گئے۔ لیکن نظامِ حکومت قرآن کی بجائے ایک ایسے آئین سے چلانے لگے جو کچھ چنگیز خان کا بنایا ہوا تھا اور کچھ شقیں اسلام سے بھی جمع کر لی گئی تھیں۔ اس کو "الیاسق یا الیاس" کہا جاتا تھا۔

اس صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے حافظ ابن کثیرؒ نے اس قانون کے بارے میں فتویٰ دیا کہ:

"جس نے اس شریعت محکمہ کو چھوڑا جو محمد ابن عبد اللہ (ﷺ) پر جو کہ خاتم النبیین ہیں، نازل ہوئی، اور منسوخ شریعتوں میں سے کسی کے پاس فیصلہ لے کر گیا تو وہ کافر ہو

---

[66] أیضاً

گیا۔ تو اس شخص کا کیا انجام ہو گا جو (چنگیز خان کے بنائے آئین) الیاس کے مطابق فیصلے کرائے اور اس کو شریعتِ محمدی ﷺ پر مقدم رکھے؟ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایسا شخص باجماعِ امت کافر قرار دیا جائے گا"۔ [67]

سو آپ سوچیے کہ قرآن کے علاوہ سے فیصلہ کرتی عدالتوں کو اسلامی کہنا...... یہ کتنا بڑا جرم ہے؟

ابو جعفر نحاسؒ (۳۸۸ھ) نے فرمایا:

"میں کہتا ہوں کہ فقہاء کا اس بات پر اجماع ہے کہ جو شخص یہ بات کہے کہ شادی شدہ زانی کو رجم کرنا واجب نہیں تو وہ کافر ہو گیا کیونکہ اس نے اللہ کے ایک قانون کو رد کر دیا"۔ [68]

مشہور حنفی فقیہ امام ابو للیث سمرقندیؒ (وفات ۳۷۵ھ) نے اس کی تفسیر میں فرمایا:

"يعني: إذا لم يقر، ولم يبيّن...... يعني: هذه الآية عامة فمن جحد حكم الله فهو من الكافرين"۔

"یعنی جب وہ کسی مسئلے میں اللہ کی شریعت کے مطابق سزا کے حق و سچ ہونے کا اقرار نہ کریں، اور نہ اس قانون کو بیان کریں......یعنی یہ آیت عام ہے جو اللہ کی شریعت کا انکار کرے وہ کافروں میں سے ہے"۔ [69]

برِصغیر کے اہلِ علم طبقے کے لیے نواب صدیق حسن خان بھوپالیؒ (وفات ۱۳۰۷ھ) کوئی اجنبی شخصیت نہیں۔ نواب صاحبؒ "نیل المرام" میں اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"اس آیت میں لفظ من عام ہے جس کا مطلب ہے کہ یہ حکم کسی خاص ایک جماعت کے لیے نہیں ہے بلکہ اس کا حکم ہر حاکم یا جج کے لیے ہے"۔ [70]

---

[67] البداية والنهاية لابن كثير

[68] معاني القرآن

[69] تفسير بحر العلوم للسمرقندي

[70] نيل المرام، تفسير آيت هذا

آیت کی تفسیر اور تاریخی پسِ منظر:

اس آیت کی تفسیر میں بعض مفسرین نے یہ فرمایا کہ اس آیت میں کفر سے مراد کفر دون کفر یعنی چھوٹا کفر ہے۔ نیز بعض مفسرین نے یہ فرمایا کہ یہ آیت یہود کے بارے میں نازل ہوئی۔ آیئے اس کو وضاحت کے ساتھ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ابن عباسؓ کا یہ قول کہ،"ليس الكفر الذي يذهبون إليه"، "یہ وہ کفر نہیں جو وہ مراد لیتے ہیں"، خوارج کے بارے میں کہا گیا ہے۔ کیونکہ خوارج اس آیت کو بنیاد بنا کر بغیر کسی تفصیل کے صحابہ رضی اللہ عنہم پر کفر کا حکم لگاتے تھے۔ حالانکہ اہلِ سنت کے نزدیک اس میں تفصیل ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے الفاظ يذهبون إليه (جو کفر وہ مراد لیتے ہیں) صاف بتا رہے ہیں کہ یہ گفتگو خوارج کے جواب میں ہے، کیونکہ اہلِ سنت کا یہ مسلک تھا ہی نہیں کہ وہ اس آیت کو بنیاد بنا کر نعوذ باللہ کسی صحابیٔ رسول ﷺ کو کافر قرار دیتے۔ لہٰذا جب اہلِ سنت کا یہ مسلک تھا ہی نہیں تو ابن عباس رضی اللہ عنہ ان کے بارے میں یہ کیوں فرماتے، "جو کفر وہ مراد لیتے ہیں"۔

اسی طرح مشہور تابعی ابو مجلزؒ کی وہ گفتگو ہے جو آپ سے بنی عمرو بن سدوس کے لوگوں نے اس بارے میں کی۔ یاد رہے کہ یہ لوگ خوارج تھے۔ ابو مجلزؒ نے ان کو یہی سمجھایا کہ اس آیت میں مطلقاً کفر کا حکم نہیں ہے بلکہ تفصیل ہے۔

اس بحث میں اگر ایک تاریخی پسِ منظر کو ہم سمجھ لیں تو اس آیت کی تفسیر سمجھنا انتہائی آسان ہو جائے گا۔ یہ دو روایات ہیں، جن کو امام ابن جریر طبریؒ نے اپنی تفسیر میں اثر نمبر ۱۲۰۲۵ اور ۱۲۰۲۶ کے تحت روایت کیا ہے۔ اس روایت میں جو گفتگو ہے وہ حضرت ابو مجلزؒ اور بنی عمرو بن سدوس کے لوگوں کے درمیان ہے۔ یاد رہے کہ حضرت ابو مجلزؒ بڑے تابعین میں سے ہیں اور آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرتے تھے۔ جبکہ بنو عمرو بن سدوس کے جو لوگ آپ سے بات کرنے آئے تھے یہ لوگ پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، بعد میں خوارج بن گئے تھے۔

ان کا کہنا تھا کہ علی رضی اللہ عنہ اور تمام صحابہؓ نعوذ باللہ مرتد ہو گئے۔ دلیل کے طور پر وہ اس آیت کو پیش کرتے تھے کہ جو اللہ کے نازل کردہ سے فیصلہ نہ کرے وہ کافر ہے۔ چنانچہ اس بحث نے اس دور میں زیادہ زور پکڑا۔ لہٰذا صحابہ اور تابعین نے ان کے جواب میں یہ فرمایا کہ اس آیت سے جو تم حضرت علی اور دیگر صحابہ میں کفر ثابت کرنا چاہتے ہو، وہ یہ نہیں ہے۔ حضرت علیؓ میں وہ چیز پائی ہی

نہیں جا رہی جو تم ثابت کرنا چاہتے ہو، لہٰذا اس آیت کو دلیل کے طور پر پیش کرنا باطل ہے۔ آپ حضرت ابو مجلز کے الفاظ کو دیکھیں تو بات آسانی سے سمجھ میں آجائے گی۔

ابو مجلزؒ سے خوارج نے پوچھا کہ ان تینوں آیتوں (جس میں اللہ کی شریعت سے فیصلہ نہ کرنے والے کے بارے میں کافر، فاسق اور ظالم ہونے کا بیان ہے) کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ کیا یہ حق ہیں؟ ابو مجلزؒ نے جواب دیا: جی ہاں! خوارج نے پوچھا: تو کیا یہ امراء اللہ کی شریعت کے مطابق فیصلہ کرتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا:

"هو دينهم الذي يدينون به،وبه يقولون، إليه يدعون، فإن هم تركوا شيئا منه عرفوا أنهم قد أصابوا ذنبا"۔

"یہ شریعت ہی تو ان کا دین اور نظام ہے جس کو وہ بطورِ دین اپناتے ہیں، اسی کے وہ قائل ہیں اور اسی کی جانب لوگوں کو دعوت دیتے ہیں۔ اور اگر اس میں سے کچھ چھوڑ دیں تو وہ جانتے ہیں کہ انہوں نے گناہ کا کام کیا ہے"۔

آگے اور گفتگو ہے پھر آخر میں فرمایا کہ:

"یہ آیت یہود و نصاریٰ اور مشرکین اور ان جیسے لوگوں کے بارے میں ہے"۔ [71]

یعنی جو مسلمان امراء و حکام اسی شریعت کو آئین کے طور پر اپنے ملک میں نافذ کر دیں، اسی نفاذِ شریعت کے قائل ہوں، اور اسی کی دعوت دیں، پھر اگر کسی قانون پر عمل کرنے میں سستی یا تاخیر ہو جائے تو خود کو گناہ گار سمجھیں، تو یہ آیت ایسے امراء کے بارے میں نہیں ہے۔ یہ تو ان حکمرانوں کے بارے میں ہے جو یہود و نصاریٰ اور مشرکین کی طرح ہو جائیں کہ اللہ کی شریعت کو چھوڑ بیٹھیں۔ نہ اس کو ملک میں آئین کے طور پر نافذ کریں، نہ اس کی بات کریں، اور نہ ہی اس کی دعوت دیں۔ یعنی ملک میں شریعت بھی نافذ نہ کریں اور ان کی عدالتیں غیر شرعی قانون کے مطابق فیصلے کریں اور پھر خود کو گناہ گار بھی نہ سمجھیں، تو اس وقت ایسے حکمران یہود و نصاریٰ کی طرح مکمل کافر ہوں گے۔ لیکن تم (خوارج) جن صحابہ کو اس آیت کی رو سے کافر ثابت کرنا چاہتے ہو تو یاد رکھو یہ

[71] بحوالہ تفسیرِ طبري؛ الجزء ۱۰

آیت ان کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ یہ آیت یہود و نصاریٰ اور ان لوگوں کے بارے میں ہے جو مقدمات میں یہودیوں جیسے کام کریں۔

اب شاید آپ بات کو سمجھ گئے ہوں گے کہ جن صحابہ یا تابعین مفسرین نے اس آیت کے بارے میں یہ کہا کہ یہ مسلمانوں کے بارے میں نہیں بلکہ یہود و نصاریٰ کے بارے میں ہے تو ان کا مطلب یہی ہے کہ خوارج اس کو صحابہ پر منطبق کرنا چاہتے ہیں، یہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم اس کفر سے پاک تھے جو اس آیت میں بیان کیا گیا، جو یہود کے اندر تھا کہ اللہ کی شریعت کو چھوڑ کر اپنے بنائے آئین سے فیصلہ کرتے تھے اور اللہ کی شریعت کو چھوڑ بیٹھے تھے، پھر اس کو اپنے لیے قانونی اور آئینی قرار دے دیا تھا چنانچہ خود کو اس برے فعل پر گناہ گار بھی نہیں سمجھتے تھے۔

البتہ ان مفسرین کے نزدیک بھی اس آیت کا حکم عام ہے۔ یعنی وہ باتیں جو یہود میں تھیں، اگر کسی مسلمان ریاست، حاکم یا جج میں وہ باتیں پائی جائیں گی تو وہ بھی یہود کی طرح مکمل کافر ہو گا۔ جیسا کہ ابو مجلزؒ کی روایت میں یہ موجود ہے کہ، " جو ان یہود و نصاریٰ کی طرح کرے گا، یہ آیت ان کے بارے میں ہے"۔

یہ بات ہم اپنی طرف سے نہیں کہہ رہے بلکہ امام المفسرین ابن جریر طبریؒ نے اس آیت پر خوب بحث کے بعد اپنی رائے اس طرح بیان فرمائی ہے:

"ابو جعفر ابن جریر طبریؒ فرماتے ہیں: میرے نزدیک ان تمام اقوال میں زیادہ درست یہ قول ہے کہ یہ آیت یہود کے بارے میں نازل ہوئی، کیونکہ اس آیت سے پہلے اور بعد والی آیات بھی یہود کے بارے میں ہیں...... تو اگر کوئی کہنے والا یہ اعتراض کرے کہ اللہ تعالیٰ نے تو اس حکم کو ہر اس شخص کے لیے عام رکھا جو اللہ کی شریعت سے فیصلہ نہ کرے تو آپ نے کس طرح اس کو (یہود کے ساتھ) خاص کر دیا؟

اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کا عام حکم بیان کیا ہے جو اللہ کے قانون کا انکار کرتے ہوئے چھوڑتے ہیں، چنانچہ فیصلہ میں اللہ کے قانون کو اس طرح چھوڑنے والے، جس طرح ان (یہود نے) چھوڑا، کافر ہیں۔ اسی طرح جو کوئی بھی اللہ کے حکم کا انکار کرتے ہوئے چھوڑے گا وہ کافر ہے۔ جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس لیے کہ اللہ کے حکم (قانون) کا انکار کرنا بعد اس کے کہ اس کو معلوم ہے کہ یہ

اللہ نے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے، یہ ایسا ہے جیسے نبی ﷺ کا انکار کرنا، بعد اس کے کہ اس کو آپ ﷺ کے نبی ہونے کا علم ہے۔"[72]

یہاں کافر ہونے سے کیا مراد ہے؟

اب تک کی بحث سے اتنی بات سمجھ میں آچکی کہ اس آیت، ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ میں جو یہ بیان کیا گیا کہ، "جو اللہ تعالیٰ کی شریعت سے فیصلہ نہ کریں، وہ کافر ہیں"، اس کافر ہونے کی تفصیل اسلافِ امت نے بیان کی ہے، جو خوارج سے ہٹ کر اور آج کے جدید مرجئہ سے بچ کر اہلِ سنت والجماعت کا راستہ ہے۔ اب اس کو ہم مزید تفصیل کے ساتھ بیان کریں گے۔

سب سے پہلے یہ سمجھنا چاہیے کہ شریعت میں کفر کی دو قسمیں بیان کی گئی ہیں۔

أ. کفرِ اکبر: اس کو کفرِ حقیقی بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایسا کفر ہے جو دائرۂ اسلام سے خارج کر دیتا ہے۔ جس کے نتیجے میں نکاح بھی ٹوٹ جاتا ہے۔

ب. کفرِ اصغر: اس کو کفرِ مجازی بھی کہتے ہیں۔ اسی کو علماء "كفر دون كفر" بھی کہتے ہیں۔ یہ ایسا کفر ہے جو دائرۂ اسلام سے خارج نہیں کرتا۔

جو لوگ اللہ کی شریعت سے فیصلہ نہیں کرتے، ان کے بارے میں سلفِ صالحین کی بیان کردہ تفسیر کو تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین اور تابعین و فقہاء، مفسرین اور محدثین رحمہم اللہ نے اس آیت کا مطلب یہ بیان فرمایا کہ:

......اگر کوئی قرآن کے قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کو واجب نہ سمجھے، تو یہ کفرِ اکبر میں مبتلا ہے۔ لہٰذا وہ ایسا کافر ہے جو دائرۂ اسلام سے مکمل خارج ہو چکا۔ لیکن اگر کوئی قرآن کے قانون سے فیصلہ کرنے کو واجب سمجھتا ہے، لیکن عملاً اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا، البتہ اپنے اس عمل کو گناہ سمجھتا ہے تو یہ کفرِ اصغر ہے، جو ملت سے خارج نہیں کرتا۔ ایسا شخص فاسق ہے۔

---

[72] تفسیرِ طبري: الجزء ١٠

اس بات کو امام صدر الدین، ابن أبي العز حنفیؒ (۷۳۱ھ تا ۷۹۲ھ) نے "شرح عقیدة الطحاویة" میں مزید تفصیل سے بیان کیا ہے۔ یہ کتاب علمائے عرب میں بھی مقبول ہے۔ یاد رہے کہ "عقیدة الطحاویة" عقیدے کی مشہور کتاب ہے جو تمام بڑے مدارس میں پڑھائی جاتی ہے، اور امام طحاویؒ احناف کے چوٹی کے اماموں میں سے ہیں۔

فرماتے ہیں:

"وهنا أمر يجب أن يتفطن له، وهو: أن الحكم بغير ما أنزل الله قد يكون كفرا ينقل عن الملة، وقد يكون معصية: كبيرة أو صغيرة، ويكون كفرا: إما مجازيا، وإما كفرا أصغرا، على القولين المذكورين. وذلك بحسب حال الحاكم:

فإنه إن اعتقد أن الحكم بما أنزل الله غير واجب، وأنه مخير فيه، أو استهان به مع تيقنه أنه حكم [الله] فهذا كفر أكبر

وإن اعتقد وجوب الحكم بما أنزل الله، وعلمه في هذه الواقعة، وعدل عنه مع اعترافه بأنه مستحق للعقوبة، فهذا عاص، ويسمى كافرا كفرا مجازيا، أو كفرا أصغر .

وإن جهل حكم الله فيها، مع بذل جهده واستفراغ وسعه في معرفة الحكم وأخطأ، فهذا مخطئ، له أجر على اجتهاده، وخطؤه مغفور"۔

"یہاں اس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھنا ضروری ہے، وہ یہ کہ اللہ کی شریعت کے علاوہ سے فیصلہ کرنا، کبھی ایسا کفر ہوتا ہے جو دائرۂ اسلام سے خارج کر دیتا ہے، اور کبھی گناہِ کبیرہ یا صغیرہ ہوتا ہے اور کبھی کفرِ مجازی یا کفرِ اصغر ہوتا ہے۔ اس بات کا تعلق حاکم کی حالت سے ہے۔

اگر حاکم (یا ریاست۔ راقم) یہ نظریہ رکھتا ہے کہ اللہ کے قانون کے مطابق فیصلہ کرنا واجب نہیں ہے، (اور اس کا یہ نظریہ ہے کہ) وہ اس فیصلہ کرنے میں بااختیار ہے (چاہے اللہ کے قانون سے فیصلہ کرے چاہے اس کے علاوہ سے) یا حاکم (یا ریاست۔ راقم) اللہ کے قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کو اہمیت نہ دے، اگرچہ وہ اس بات کا یقین رکھتا ہو کہ یہ اللہ کا قانون ہے، تو یہ تمام صورتیں کفرِ اکبر (یعنی ایسا کفر جو مرتد بنا دیتا ہے) کی ہیں۔

اور اگر وہ اللہ کے قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کو واجب سمجھتا ہے،اور اس فیصلہ میں اس کو اللہ کے قانون کا علم بھی تھا، پھر اس قانون سے فیصلہ کرنے سے رو گردانی کرجاتا ہے، اس اعتراف کے ساتھ کہ اس عمل سے وہ عذاب کا مستحق ٹھہرے گا، تو ایسا حاکم (یا ریاست۔ راقم) گناہ گار ہے۔اس کو ایسا کافر کہا جائے گا جو کفرِ مجازی یا کفرِ اصغر میں مبتلا ہے۔

اور اگر اس فیصلہ میں اللہ کے قانون سے ناواقف ہو، لیکن اس قانون کو جاننے کی جدوجہد کی اور حتی الامکان کوشش کی، پھر فیصلہ میں غلطی کرگیا تو یہ "غلطی کرنے والا" کہلائے گا۔اس کو اس کے اجتہاد کی نیکی ملے گی اور اس کی خطا معاف ہے"۔[73]

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ"منهاج السنة"میں فرماتے ہیں:

"ولا ريب أن من لم يعتقد وجوب الحكم بما أنزل الله على رسوله فهو كافر فمن استحل أن يحكم بين الناس بما يراه هو عدلا من غير اتباع لما أنزل الله فهو كافر..."۔

"اور اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو شخص اللہ کی نازل کردہ شریعت سے فیصلے کے واجب ہونے کا نظریہ نہ رکھے تو ایسا شخص کافر ہے، چنانچہ شریعت کے علاوہ کسی (نظام) کو عدل وانصاف سمجھتے ہوئے لوگوں کے مقدمات کے فیصلہ کرنے کو قانونی (حلال) سمجھے، وہ کافر ہے"۔[74]

امام ابن قیمؒ (۶۹۱ھ۔۷۵۱ھ بمطابق ۱۲۹۲ء۔۱۳۵۰ء) نے بھی "مدارج السالكين" میں یہی تفصیل بیان کی ہے جو امام ابن ابی العز حنفیؒ نے بیان کی ہے۔فرماتے ہیں:

"والصحيح أن الحكم بغير ما أنزل الله يتناول الكافرين، الأصغر والأكبر بحسب حال الحاكم......"۔

[73] شرح الطحاوية في العقيدة السلفية؛ الجزء ۲: باب الإقرار بالربوبية أمر فطري والشرك أمر....، صدر الدين علي بن علي بن محمد بن أبي العز الحنفي

[74] منهاج السنة النبوية؛ الجزء ۵، ص: ۱۳۰ ،أحمد بن عبد الحليم بن تيمية الحراني أبو العباس

''اور صحیح بات یہ ہے کہ قرآن کے علاوہ سے فیصلہ کرنے میں دو قسم کا کفر ہو سکتا ہے، (ایک) چھوٹا کفر (دوسرا) بڑا کفر، اس کا دار و مدار حاکم کی حالت پر ہے......''۔[75]

آگے وہی تفصیل ہے جو امام ابن أبي العز حنفیؒ نے بیان کی ہے۔

پیچھے امام ابو جعفر نحاسؒ (۳۸۸ھ) کی تحقیق لکھی جا چکی ہے کہ فرمایا:

''میں کہتا ہوں کہ فقہاء کا اس بات پر اجماع ہے کہ جو شخص یہ بات کہے کہ شادی شدہ زانی کو رجم کرنا واجب نہیں تو وہ کافر ہو گیا کیونکہ اس نے اللہ کے ایک قانون کو رد کر دیا''۔[76]

امام ابو بکر جصاص حنفیؒ نے ''أحكام القرآن'' میں ایک اور نکتہ بیان فرمایا ہے، جو آج ان لوگوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہے جو غیر اسلامی آئین کو اسلامی ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں، اور غیر اسلامی آئین سے فیصلہ کرتی عدالتوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ اسلامی آئین کی رو سے فیصلے کرتی ہیں۔ فرماتے ہیں:

''فَإِنْ كَانَ الْمُرَادُ جُحُودَ حُكْمِ اللَّه أَوْ الْحُكْمَ بِغَيْرِهِ مَعَ الْإِخْبَارِ بِأَنَّهُ حُكْمُ اللَّهِ، فَهَذَا كُفْرٌ يُخْرِجُ عَنْ الْمِلَّةِ وَفَاعِلُهُ مُرْتَدٌّ...''۔

''اور اگر (اس آیت میں کفر سے) مراد اللہ کے قانون سے فیصلہ کرنے کا انکار یا قرآن کے علاوہ سے فیصلہ کر کے یہ کہنا کہ یہ اللہ کے قانون سے فیصلہ کیا گیا ہے، تو یہ (دونوں صورتیں) ایسا کفر ہے جو ملتِ اسلام سے خارج کر دیتا ہے، اور ایسا کرنے والا مرتد ہے......''۔[77]

جمہوری عدالتیں اور جج:

جمہوری نظام کی عدالتیں صرف اسی قانون کے تحت فیصلہ دینے کو واجب سمجھتی ہیں جو قانون اس نظام کے تحت آئین کا حصہ قرار دیا گیا ہو۔ اس کے علاوہ وہ کسی بھی قانون کے مطابق فیصلے کو حرام یعنی غیر آئینی سمجھتی ہیں۔ اس قدر حرام سمجھتی ہیں کہ وہ اس قانون کے علاوہ کسی اور قانون (خواہ اللہ

[75] مدارج السالکین؛ ص: ۲۵۹

[76] معاني القرآن

[77] أحكام القرآن للجصاص؛ الجزء ٦، باب الحكم بين أهل الكتاب

ہی کا ہو) کو پڑھنا بھی وقت کا ضیاع سمجھتی ہیں۔ ان کے کالجوں میں وہی کفریہ قانون پڑھایا جاتا ہے اور اسی پر مقدمہ لڑنے اور جج بننے کی سند عطا کی جاتی ہے۔ اس کے مقابلہ میں اللہ کے قانون کا کوئی کتنا ہی بڑا عالم و مفتی کیوں نہ ہو، وہ ان کے نزدیک اس قابل ہی نہیں کہ اس کو وکالت یا جج کی سند عطا کی جائے۔ بلکہ یہ لوگ علماء کو حقیر اور جاہل سمجھتے ہیں۔ اس سے ان کے عقیدے کا اندازہ کرنے میں اہلِ علم کو کوئی دشواری نہیں ہونی چاہیے کہ ان کا ایمان کس قانون پر ہے، اللہ کے قانون پر یا اپنے ہاتھوں سے تراشے ہوئے پر؟

چلیے اگر کسی کو ضد ہے کہ وہ بغیر دلیل کے اپنی ضد پر ڈٹ کر ان کو پہلے زمرے (کفرِ اکبر والے) میں شامل نہیں کرتا، تو ہم پوچھتے ہیں کہ وہ ان کو دوسرے زمرے میں کس طرح شمار کر سکتا ہے جبکہ امام ابن ابی العز حنفیؒ کفرِ اصغر والی صورت میں یہ شرط بیان کر رہے ہیں کہ، ''اللہ کے قانون کے علاوہ فیصلہ کرنے والا یہ یقین رکھتا ہو کہ ایسا کرنے سے وہ عذاب کا مستحق ہو گا''؟

آپ ذرا جمہوری نظام کے تحت چلنے والی عدالتوں اور ججوں کا حال ملاحظہ فرمایئے کہ وہ کس دھڑلے سے اللہ کے قانون کے علاوہ سے فیصلے کرتے چلے آرہے ہیں، اور اپنے آپ کو عذاب کا مستحق سمجھنا تو دور کی بات، خود کو منصف، قاضی اور اللہ کا ولی شمار کرتے ہیں۔ لہٰذا ایک حرام بلکہ کفر کرنے کو اللہ کے تقرب کا ذریعہ سمجھنا تمام علمائے امت کے نزدیک ایسا کفر ہے جو دین سے خارج کر دیتا ہے۔ اور امام صاحب کے نزدیک بھی یہ لوگ دوسرے زمرے میں داخل نہیں سمجھے جائیں گے۔

علمائے حق سے چند گزارشات:

کیا موجودہ پارلیمنٹ، عدالتیں اور ان کے جج یہ نظریہ نہیں رکھتے کہ:

تمام مقدمات (خصوصاً سود، زنا، چوری وغیرہ) میں اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلہ سنانا ان پر واجب نہیں ہے بلکہ ان پر واجب اس قانون کے مطابق فیصلہ سنانا ہے جو پارلیمنٹ میں منظور ہو کر آئین کا حصہ بنا دیا گیا؟

امام صدر الدین ابن ابی العز حنفی اور امام ابن قیم رحمہا اللہ اس وقت کفرِ اکبر کا حکم بیان کر رہے ہیں جبکہ حاکم یہ نظریہ رکھتا ہو کہ اس کو اختیار ہے چاہے وہ قرآن سے فیصلہ کرے چاہے غیرِ قرآن سے۔ جبکہ یہاں صورتِ حال یہ ہے کہ حاکم غیرِ قرآن سے فیصلہ کرنے کو ہی اپنے اوپر فرض کیے بیٹھا ہے۔ بلکہ وہ حلف ہی اس کا اٹھاتا ہے کہ وہ اسی آئین کے مطابق فیصلہ کرے گا جو غیر اللہ (پارلیمنٹ)

کی جانب سے منظور ہو گا۔

کیا موجودہ نظام قرآن سے فیصلہ کرنے کو اہمیت دیتا ہے؟ بلکہ یہ تو قرآن کے قانون (سنگساری، کوڑے، ہاتھ کاٹنا، قصاص، سود کی ممانعت وغیرہ) کے نفاذ کو قوت سے روکتا ہے، اس کو ناقابلِ عمل سمجھتا ہے۔ قرآن و سنت اور فقہ کی بجائے ان کے لاء کالجوں میں وہی قانون پڑھایا جاتا ہے جو انگریزوں نے بنایا ہے۔

کیا اس عدالتی نظام میں کوئی اپنے آپ کو گناہ گار سمجھتا ہے؟

کیا غیرِ قرآن سے فیصلہ کرتی عدالتوں کو اسلامی آئین سے فیصلہ کرنے والی عدالت کہہ کر ان کو اسلامی قرار نہیں دیا جا رہا؟

سو علمائے حق سے درخواست ہے کہ وہ امام صدر الدین ابن ابی العز حنفیؒ کی یہ عبارت ان نام نہاد اہلِ علم کو اچھی طرح سمجھائیں:

"...فإنه إن اعتقد أن الحكم بما أنزل الله غير واجب، وأنه مخير فيه، أو استهان به مع تيقنه أنه حكم [الله] فهذا كفر أكبر..."۔

"......اگر حاکم (یا ریاست۔ راقم) یہ نظریہ رکھتا ہے کہ اللہ کے قانون کے مطابق فیصلہ کرنا واجب نہیں ہے، (اور اس کا یہ نظریہ ہے کہ) وہ اس فیصلہ کرنے میں بااختیار ہے (چاہے اللہ کے قانون سے فیصلہ کرے چاہے اس کے علاوہ سے) یا حاکم (یا ریاست۔ راقم) اللہ کے قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کو اہمیت نہ دے، اگرچہ وہ اس بات کا یقین رکھتا ہو کہ یہ اللہ کا قانون ہے، تو یہ تمام صورتیں کفرِ اکبر (یعنی ایسا کفر جو مرتد بنا دیتا ہے) کی ہیں......"۔

اس عبارت میں بیان کی گئی ہر ایک بات الگ الگ، مستقل، کفرِ اکبر ہے۔ جبکہ اس باطل نظام میں یہ تمام کفرِ اکبر جمع ہیں۔

سو کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ان لوگوں کے بارے میں جنھوں نے اپنی عدالتوں کی بنیاد، مرجع و مأخذ اللہ کی کتاب کو چھوڑ کر انسانوں کو بنا لیا ہے کہ انسان جو بھی قانون بنا دیں یہ عدالتیں اسی کے مطابق فیصلہ کرنے کی پابند ہیں، اسی پر عدلیہ میں حلف لیا جاتا ہے اور ساری عمر اسی حلف کی پاسداری و وفاداری میں گزار دی جاتی ہے؟ اسی کے بدلے اجر (تنخواہ، پرموشن) اور اس کے خلاف کرنے پر

عذاب (نوکری کا خاتمہ) کا یقین...... یہ سب کیا ہے؟

نیز امام صاحبؒ کی عبارت کے یہ الفاظ بھی نہایت غور طلب اور مدعا میں واضح ہیں کہ "مع تیقنه أنه حکم الله" کہ حاکم اگرچہ یہ یقین رکھتا ہو کہ یہ آیات و احکامات اللہ ہی نے نازل کیے ہیں لیکن اگر اس کے باوجود فیصلہ اس کے مطابق نہ دے تو بھی وہ کفرِ اکبر کا مرتکب ہے!

اسلام کے ساتھ دوسرا دین قبول نہیں:

اگر علماء یہ کہتے ہیں کہ موجودہ جمہوری عدالتی نظام اللہ کے نازل کردہ قانون پر ایمان رکھتا ہے لہٰذا ان پر کفرِ اکبر کا حکم نہیں لگ سکتا۔ تو ان علماء سے درخواست ہے کہ جن مفسرین کی تفسیر پیچھے بیان کی گئی ہے اس کو دوبارہ پڑھیں اور پھر دیکھیں کہ کیا موجودہ جمہوری نظام میں یہ باتیں نہیں پائی جا رہیں جن کو اسلافِ امت نے کفرِ اکبر کہا ہے۔ نیز یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ کیا صرف زبان سے قرآن کو حق تسلیم کرنے کا نام ایمان ہے؟ ایک طبقہ زبان سے یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ قرآن پر ایمان رکھتا ہے لیکن جس چیز کو قرآن نے کفر کہا، اس کو کفر نہیں مانتا، تو کیا یہ مسلمان ہو سکتا ہے؟ کیا یہ خود اپنے قول کی تردید نہیں کر رہا؟ اسی طرح اگر کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ وہ قرآن کی ساری آیات پر پکا ایمان رکھتا ہے لیکن کسی خاص بت کو سجدے کرنے، اس کو مقدس ماننے، اس کی تعظیم کرنے اور اس کے لیے جینے مرنے کی قسم کھانے کو کفر تسلیم نہ کرے تو کیا دنیا کا کوئی سرکاری عالم اس کو کفر سے بچا سکتا ہے؟

کیا ایسا ممکن ہے کہ کوئی شخص زبان سے کلمۂ طیبہ بھی پڑھتا ہو اور اس کے ساتھ اسلام کے علاوہ کسی اور دین کو بھی مانتا ہو؟ تو کیا اس کو مسلمان کہا جائے گا؟ ہر گز نہیں۔ کوئی بھی شخص ایک وقت میں دو دینوں کا اقرار کرے، یا اسلام کے مقابلہ میں کسی بھی دین کو اختیار کرے، یا دوسرے کسی بھی دین کو اچھا سمجھے، وہ مسلمان نہیں ہو سکتا اور اس کا زبان سے اقرار معتبر نہیں ہو گا۔ جبکہ یہاں تو اس جمہوریت کی محافظ قوتیں (خصوصاً پارلیمنٹ، عدلیہ، فوج اور پولیس) اس دینِ جمہوریت کی حفاظت و وفاداری کا حلف اٹھاتی ہیں، اس کا زبان سے بھی اقرار کرتی ہیں اور ان کا عمل بھی اس کی تصدیق کر رہا ہے۔ جبکہ اسلام کے بارے میں ان کا عمل بغض و عناد ظاہر کر رہا ہے۔ یا کم از کم اسلامی شریعت کے نفاذ میں اس کی مخالفت اور اس نفاذ کو روکنے کے لیے ریاستی طاقت کا استعمال اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ اس آئین کا مخالف ہے جو رسول اللہ ﷺ لے کر آئے، اور جو کوئی بھی رسول اللہ ﷺ

کے لائے دین کا مخالف ہے اس کا حکم علمائے حق سے پوچھا جا سکتا ہے۔

چلیے ہم اور پیچھے ہٹ جاتے ہیں اور سرکاری علماء ہی کی بات مان لیتے ہیں کہ اس نظام کی محافظ قوتیں نفاذِ شریعت کے بارے میں بغض و عناد نہیں رکھتیں۔ لیکن اتنا تو آپ بھی مان ہی لیجیے کہ ان کے دلوں میں اس جمہوریت کی محبت و تعظیم اس حد تک ہے کہ انہوں نے اس جمہوریت کو اللہ کے برابر قرار دے دیا۔ جس کو حرام (غیر قانونی) کر دیا جائے اس کو غیر قانونی (حرام) مان لیا جاتا ہے، جس کو حلال و قانونی کر دیا جائے وہ حلال ہو جاتا ہے۔ اس کی تعظیم، اس کا احترام، اس کی وفاداری اور اس کے دائرۂ کار میں رہتے ہوئے تمام کام انجام دینے کی قسمیں کھانا...... یہ بغیر محبت کے کیسے ہو سکتا ہے؟

آیئے دیکھتے ہیں محمد ﷺ کی شریعت میں اس محبت و تعظیم کے بارے میں کیا کہا گیا ہے جو غیر اللہ کو اللہ کے برابر کر دے۔

غیر اللہ کو اللہ کے برابر درجہ دینا:

قرآن کریم نے ایسا کرنے والوں کے بارے میں فرمایا:

﴿...إِذْ نُسَوِّيكُمْ بِرَبِّ الْعَالَمِينَ﴾(الشعراء: 98)

"...جب ہم تم کو رب العالمین کے برابر کرتے تھے"۔

یہ اہلِ جہنم کے آپس میں جھگڑے کا بیان ہے جو وہ جہنم میں جانے کے بعد اپنے قائدین سے کریں گے!

امام ابن کثیرؒ اس کی تفسیر یوں فرماتے ہیں:

"جہنمی اپنے قائدین سے جھگڑا کریں گے اور کہیں گے، تمہارے حکم کی ہم نے اس طرح فرماں برداری کی جس طرح رب العالمین کے حکم کی فرماں برداری کی جاتی ہے، اور ہم نے رب العالمین کے ساتھ تمہاری عبادت کی"۔[78]

امام بیضاویؒ نے فرمایا:

---

[78] تفسیر ابن کثیر

"عبادت میں یہ جہنمی، ان (قائدین) کا حق ثابت کیا کرتے تھے"۔[79]

یعنی اللہ کے ساتھ تمہیں (جھوٹے معبودوں کو) معبود مان کر عبادت میں تم کو رب العالمین کے برابر قرار دیتے تھے۔

امام ابن قیمؒ "مدارج السالکین" صفحہ ۲۶۰ پر فرماتے ہیں:

"فصل: وأما الشرك فهو نوعان: أكبر وأصغر. فالأكبر لا يغفره الله إلا بالتوبة منه، وهو أن يتخذ من دون الله ندا يحبه كما يحب الله وهو الشرك الذي تضمن تسوية آلهة المشركين برب العالمين...... إلى أن قال...... فذكر إلهه ومعبوده من دون الله..."۔

"شرک کی دو قسمیں ہیں: شرکِ اکبر، شرکِ اصغر۔

شرکِ اکبر: جس کو اللہ تعالیٰ بغیر توبہ کے معاف نہیں کریں گے، وہ یہ ہے کہ کوئی اللہ کے علاوہ کسی کو شریک بنالے، اس سے ایسی محبت کرے جیسے اللہ سے محبت۔ اس شرک کے ضمن میں وہ شرک آتا ہے جو مشرکین اپنے بتوں کو اللہ تعالیٰ کے برابر قرار دیتے تھے، اسی لیے جہنم میں وہ اپنے معبودوں سے کہیں گے: ﴿إِذْ نُسَوِّيكُمْ بِرَبِّ الْعَالَمِينَ﴾ "اللہ کی قسم! ہم صریح گمراہی میں تھے جب ہم تمہیں رب العالمین کے برابر درجہ دیتے تھے"۔ یہ (اللہ کے برابر بنانا) ان کے اس اقرار کے باوجود تھا کہ اللہ تعالیٰ تنہا ہی ہر چیز کے خالق ومالک اور رب ہیں۔ اس اقرار کے باوجود کہ ان کے معبود نہ کچھ پیدا کر سکتے ہیں، نہ کسی کو رزق دے سکتے ہیں، نہ کسی کو مار سکتے ہیں، نہ کسی کو زندہ کر سکتے ہیں۔ اپنے معبودوں کو اللہ کے برابر کرنا صرف ان معبودوں کی محبت اور عظمت کی وجہ سے تھا،...... مشرکین اپنے معبودوں سے اللہ تعالیٰ سے زیادہ محبت کرتے ہیں،...... اگر ان کے معبودوں کی توہین کی جائے تو یہ بپھرے ہوئے شیر کی طرح غضبناک ہو جاتے ہیں، لیکن اگر اللہ تعالیٰ کی توہین کی جائے تو اتنا غصہ نہیں ہوتے"۔

امام ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ:

---

[79] بیضاوی؛ تفسیر آیت ھذا

"دنیا میں اکثر مشرکین اسی قسم کے شرک میں مبتلا رہے ہیں"۔

جمہوریت دراصل اسی شرک کی دعوت دیتی ہے۔ اگر آپ کسی جرنیل یا جج وغیرہ سے پوچھیں کہ اس دنیا کا خالق ومالک، رب اور رازق کون ہے؟ تو یقیناً اس کا جواب یہی ہوگا کہ اللہ۔ لیکن جب اسے کہا جائے کہ پھر اس جمہوری عدلیہ اور آئین ساز اسمبلی کو اللہ کے برابر بلکہ اللہ سے بڑا کیوں ثابت کرتے ہو؟ قرآن کے قانون کو اس وقت تک فیصلے کے قابل کیوں نہیں سمجھتے جب تک کہ غیر اللہ (پارلیمنٹ) کی جانب سے اس کو منظوری نہ مل جائے؟ اسی طرح فوج وپولیس سے پوچھا جائے کہ تم اللہ کی حدود (مثلاً کوڑے مارنا، سنگسار کرنے) کا مذاق اڑانے پر غضبناک نہیں ہوتے، لیکن اگر جمہوری آئین کی رِٹ کو چیلنج کیا جائے تو تم بپھرے ہوئے شیر کی طرح غرّانے لگ جاتے ہو اور تمہاری ساری قوت اس کے خلاف اٹھ کھڑی ہوتی ہے؟ پھر تم اپنے ہی ہم وطنوں اور کلمہ گو مسلمانوں کو ڈنڈوں، آنسو گیس اور طیاروں اور توپوں سے مارنے لگ جاتے ہو!

اے علمائے حق! اگر یہ آئین ساز اور عدلیہ اب بھی شرکِ اکبر میں مبتلا نہیں تو پھر شرکِ اکبر کس کو کہتے ہیں؟

رسول اللہ ﷺ کو منصف (فیصلہ کرنے والا) بنائے بغیر ایمان ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾ (النساء: 65)

"سو قسم ہے تیرے رب کی! وہ مومن نہ ہوں گے، یہاں تک کہ تجھ کو ہی منصف جانیں اس جھگڑے میں جو ان میں اٹھے، پھر آپ کے کیے ہوئے فیصلے کے بارے میں دل میں کوئی تنگی محسوس نہ کریں، اور قبول کریں خوشی سے"۔

امام ابو بکر جصاص رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ جو اللہ کے احکامات میں سے کسی ایک کا رد کر دے یا رسول اللہ ﷺ کے احکامات میں سے کسی ایک کا رد کردے، وہ اسلام سے خارج ہے، خواہ شک کی بناء پر رد کرے یا قبول نہ کرے یا قبول کرنے سے رک جائے، اور یہ صحابہ

رضی اللہ عنہم اجمعین کے اس مسلک کے صحیح ہونے کو ثابت کرتی ہے جس کے تحت صحابہ نے زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کو مرتد قرار دے کر ان کو قتل کیا اور ان کی اولاد کو غلام بنایا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرمادیا کہ جو کوئی بھی اپنے فیصلے اور قانون کو رسول اللہ ﷺ کے سپرد نہ کرے وہ اہلِ ایمان میں سے نہیں ہے''۔[80]

امام ابو بکر جصاصؒ ان لوگوں کو بھی رد کرنے والوں کے ساتھ بیان فرمارہے ہیں جو اس کو قبول کرنے سے رک جائے۔ سو جو ۶۵ سال سے نفاذِ شریعت سے رکے ہوئے ہیں ان کا کیا حکم ہے؟

علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

''رسول اللہ کو حکم (فیصلہ کرنے والا) بنائے بغیر ایمان ممکن نہیں۔ یعنی منافق لوگ کیسے بے ہودہ خیال میں ہیں اور کیسے بے ہودہ حیلوں سے کام نکالنا چاہتے ہیں، ان کو خوب سمجھ لینا چاہیے۔ ہم قسم کھا کر کہتے ہیں کہ جب تک یہ لوگ تم کو اے رسول! اپنے تمام چھوٹے بڑے، مالی جانی نزاعات میں منصف اور حاکم نہ جان لیں گے کہ تمہارے فیصلے اور حکم سے ان کے جی میں کچھ تنگی اور ناخوشی نہ آنے پائے اور تمہارے ہر ایک حکم کو خوشی کے ساتھ دل سے قبول نہ کرلیں گے، اس وقت تک ان کو ہرگز ایمان نصیب نہیں ہو سکتا، اب جو کرنا ہو سوچ سمجھ کر کریں''۔[81]

کیا رحمۃ للعالمین ﷺ کو صرف ربیع الاول کے مہینے میں نبی مانتے ہیں؟ سیرت النبی کی بڑی بڑی محفلیں، نعتیہ پروگرامات اور علمی مناظرے...... لیکن جب اللہ کے رسول ﷺ کو اپنے معاملات میں حکم اور جج بنانے کا وقت آتا ہے تو رسول کو چھوڑ کر رسول کے دشمنوں کے قانون سے فیصلے کرانے چلے جاتے ہیں اور اسی قانون کے تقدس، وفاداری اور پاسداری کی قسمیں کھاتے ہیں۔ نبی پر یہ کیسا ایمان ہے؟ محسنِ انسانیت کے احسانوں کا بدلہ چکانے کا یہ کون سا انداز ہے؟ ختمِ نبوت پر یہ کیسا ایمان ہے کہ خاتم النبیین ﷺ کی لائی شریعت کو عدالتوں سے نکال کر، نظامِ زندگی سے نکال کر، قادیانی اور اس کے آقاؤں کی عدالتوں پر ایمان ہے؟ اللہ کے دشمنوں کا بنایا طرزِ زندگی دنیا میں

---

[80] أحکام القرآن للجصاص؛ ج:۳ ص:۱۸۱

[81] تفسیرِ عثمانی

رائج ہے؟ اے غلامانِ مصطفیٰ! سوچیے! کبھی تو سوچیے.....دل پہ ہاتھ رکھ کر سوچیے۔ یہ کیسی وفا ہے؟ یہ کیسی محبت ہے؟ محمد ﷺ کو ہر میدان اور شعبہ میں نبی مانے بغیر اس امت کی کشتی منزل پر نہیں پہنچ سکتی۔ یہ ذلت جو اس امت پر دو سو سال سے مسلط ہے، اس وقت تک نہیں دور ہو سکتی جب تک کہ ہماری زندگیاں محمد ﷺ کی شریعت کے لیے داؤ پر نہ لگا دی جائیں۔

نیز شریعت کے کسی بھی حکم کو تسلیم نہ کرنا، اس کی ادائیگی کو ممنوع قرار دینا، شریعت کی نظر میں دین سے پھر جانے کے زمرے میں شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَنْ يَتَحَاكَمُوا إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوا أَنْ يَكْفُرُوا بِهِ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا﴾ (النساء: 60)

’’کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے اس کتاب پر جو آپ پر نازل کی گئی اور اس پر جو آپ سے پہلے نازل کی گئی، وہ یہ چاہتے ہیں کہ اپنے مقدمے طاغوت کے پاس لے جائیں حالانکہ ان کو یہ حکم کیا گیا ہے کہ وہ ان (طاغوتوں) کا انکار کریں، اور شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ وہ ان کو بہت دور تک گمراہ کر کے رکھ دے‘‘۔

اس آیت کی تفسیر میں امام ابن جریر طبری، امام قرطبیؒ اور امام ابو اللیث سمرقندی رحمہم اللہ نے یہ روایات نقل کی ہیں:

’’شعبیؒ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ ایک منافق اور یہودی کے مابین کوئی تنازع ہوا، تو یہودی نے اس منافق کو فیصلے کے لیے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کو کہا، کیونکہ یہودی کو معلوم تھا کہ آپ ﷺ رشوت نہیں لیتے ہیں۔ اور منافق نے اس یہودی کو کہا کہ فیصلہ تمہارے حکام (یعنی یہودیوں) سے چل کر کراتے ہیں، کیونکہ اس کو علم تھا کہ یہودی حکام فیصلے کرنے میں رشوت لیتے ہیں۔ چنانچہ جب ان دونوں میں اس بات پر اختلاف ہوا تو دونوں قبیلہ جہینہ کے ایک کاہن کے فیصلہ کرانے پر متفق ہو گئے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی‘‘۔

”عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک منافق جس کا نام بشر تھا اور یہودی جس کا نام زفر تھا، میں کسی بات پر تنازع ہوا، تو یہودی نے کہا کہ ہمارے ساتھ محمد ﷺ کے پاس چلو اور منافق نے کہا کہ نہیں کعب بن اشرف سے چل کر فیصلہ کراتے ہیں۔ اور یہی (کعب بن اشرف) ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے طاغوت کا نام دیا ہے، یعنی سرکشی کرنے والا۔ لیکن یہودی فیصلے کے لیے نبی کریم ﷺ کے علاوہ کہیں اور جانے پر تیار نہیں ہوا۔ جب منافق نے یہ صورتِ حال دیکھی تو وہ اس یہودی کے ساتھ نبی کریم ﷺ کے پاس آیا۔ چنانچہ (تنازع کی تفصیل سننے کے بعد) نبی کریم ﷺ نے یہودی کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ جب یہ دونوں باہر نکلے تو منافق نے کہا کہ میں اس فیصلے پر راضی نہیں ہوں، تم میرے ساتھ ابو بکر کے پاس چلو۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے بھی اس یہودی کے حق میں فیصلہ دے دیا۔ جب یہ دونوں باہر نکلے تو منافق نے کہا کہ میں اس فیصلے پر راضی نہیں ہوں، اس لیے تم میرے ساتھ عمر کے پاس چلو۔ چنانچہ یہ دونوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو یہودی نے کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے، پھر ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، پر یہ راضی نہیں ہوا۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منافق سے دریافت کیا کہ کیا ایسا ہی ہے؟ منافق نے کہا، جی ہاں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، دونوں ذرا ٹھہرو میں آتا ہوں۔ چنانچہ آپؓ اندر گئے اور تلوار لی، پھر آ کر منافق کو تلوار کے وار سے ٹھنڈا کر دیا، اور فرمایا میں اللہ اور اس کے رسول کے فیصلے پر راضی نہ ہونے والے کا اسی طرح فیصلہ کرتا ہوں۔ یہودی وہاں سے بھاگ گیا۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے عمر! تم فاروق ہو۔ اور جبریل علیہ السلام آئے اور فرمایا کہ بلاشبہ عمر نے حق اور باطل کو الگ الگ کر دیا ہے“۔

اس واقعہ سے واضح معلوم ہوا کہ جو شخص کلمے کا دعویٰ بھی کرتا ہو، اس کے باوجود قرآن و سنّت کے فیصلے پر راضی نہ ہو، تو اس کی سزا قتل ہے۔

چنانچہ قرآن و سنت کے مطابق فیصلے کرانے کے لیے جب دعوت دی جائے تو مومنین کی شان قرآن نے یہ بیان کی ہے:

﴿إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَنْ يَقُولُوا

سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾ (النور: 51)

''بلا شبہ مومنین کا قول، جب ان کو اللہ اور اس کے رسول کی جانب فیصلے کے لیے بلایا جائے، یہی ہوتا ہے کہ وہ یہ کہیں کہ ہم نے سن لیا اور ہم نے مان لیا۔ اور وہی کامیاب ہیں''۔

جبکہ منافقین کی پہچان قرآن نے یہ بتائی ہے:

﴿وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَى مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ يَصُدُّونَ عَنْكَ صُدُودًا﴾ (النساء: 61)

''اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ اس (کتاب) کی جانب جو اللہ نے نازل کی ہے اور رسول ﷺ کی جانب، تو آپ منافقین کو دیکھیں گے کہ وہ آپ سے پہلو تہی کرتے ہیں''۔

حکم بغیر ما أنزل اللہ کو ایک بار کرنے اور اس کو عادت بنا لینے میں فرق، اور اس کو بطورِ آئین (شریعت) نافذ کر دینا!

یہاں ذیل میں بیان کیے گئے اس فرق کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ:

أ. ملک میں نفاذِ شریعت کے ہوتے ہوئے صرف ایک معاملے میں قرآن سے ہٹ کر فیصلہ کرنا۔

ب. ملک میں نفاذِ شریعت کے ہوتے ہوئے قرآن سے ہٹ کر فیصلہ کرنے کی عادت بنا لینا۔

ج. ملک میں نفاذِ شریعت کی بجائے کوئی اور نظام رائج کرنا اور عدالتوں کا اس نظام کے تحت حلف اٹھانا اور فیصلے کرنا۔

کفرِ اکبر یا کفرِ اصغر کی بحث و تفریق ایسی ریاست، حاکم اور جج کے بارے میں ہے جو ملک میں نفاذِ شریعت کے ہوتے ہوئے صرف ایک معاملے میں قرآن سے ہٹ کر فیصلہ کرے، یعنی یہ تفریق اس جرم کی پہلی صورت سے تعلق رکھتی ہے۔

لٰہذا یہ بات سمجھنے کی ہے کہ دوسری صورت کے کفر ہونے میں تو کسی درباری مولوی کو بھی شک

نہیں رہا ہے۔ جبکہ تیسری صورت کفرِ اکبر کی گندی ترین شکل ہے۔ اللہ کے ساتھ اس سے بڑا کفر تو بنی اسرائیل کے یہود نے بھی نہیں کیا تھا۔ ان کے فیصلوں کا مرجع و مأخذ (Authority) بھی وحی (یعنی ان کی تورات) تھی، جبکہ جدید ابلیسیتِ جمہوریت کا تو مرجع و مأخذ ہی اللہ تعالیٰ کی شریعت کے مقابلے میں غیر اللہ (پارلیمنٹ) کی شریعت ہے۔

سو ایسے کفر کو اسلام ثابت کرنا اپنے ایمان کو غارت کرنے والی بات ہے، اور ایسے کفر کو عوام کے سامنے بیان نہ کرنا بد ترین کتمانِ حق ہے۔

تنبیہ:

الغرض اس آیت کی تفسیر میں عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کفر دون کفر (کفرِ اصغر) کا سہارا لے کر آج کی عدالتوں کو اس کا مصداق ثابت کرنا صریح خیانت اور عبد اللہ بن عباسؓ کی ذات پر بہتان ہے۔ کیونکہ سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کفر دون کفر کو مطلقاً نہیں استعمال کیا ہے بلکہ خوارج کے رد میں بیان کیا ہے۔

قرآن کے علاوہ سے فیصلہ کرتی عدالتوں کو اسلامی ثابت کرنا:

سو اس بحث کو سمجھ لینے کے بعد ہم تمام مسلمان بھائیوں سے درخواست کریں گے کہ وہ موجودہ عدالتی نظام، جو شریعت کے علاوہ سے فیصلہ کرتی چلی آرہی ہیں، کے بارے میں یہ نہ کہا کریں کہ یہ عدالتیں تو ۷۳ کے آئین کے مطابق فیصلہ کرتی ہیں، اور ۷۳ کا آئین اسلامی ہے، لہٰذا یہ عدالتیں اسلامی آئین سے فیصلہ کرتی ہیں۔ یہ اللہ کی ذاتِ اقدس پر اتنا بڑا بہتان ہے کہ جس سے آسمان ٹوٹ کر گر جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں۔

امام ابو بکر جصاص حنفیؒ نے "احکام القرآن" میں اس نکتے کو بیان فرمایا ہے جو آج ان لوگوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہے جو غیر اسلامی آئین کو اسلامی ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں، اور غیر اسلامی آئین سے فیصلہ کرتی عدالتوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ اسلامی آئین کی رو سے فیصلے کرتی ہیں۔ فرماتے ہیں:

"......فَإِنْ كَانَ الْمُرَادُ جُحُودَ حُكْمِ اللَّهِ أَوْ الْحُكْمَ بِغَيْرِهِ مَعَ الْإِخْبَارِ بِأَنَّهُ حُكْمُ اللَّهِ، فَهَذَا كُفْرٌ يُخْرِجُ عَنْ الْمِلَّةِ وَفَاعِلُهُ مُرْتَدٌّ......"۔

"اور اگر (اس آیت میں کفر سے) مراد اللہ کے قانون سے فیصلہ کرنے کا انکار یا قرآن

کے علاوہ سے فیصلہ کرکے یہ کہنا کہ یہ اللہ کے قانون سے فیصلہ کیا گیا ہے، تو یہ (دونوں صورتیں) ایسا کفر ہے جو ملتِ اسلام سے خارج کر دیتا ہے، اور ایسا کرنے والا مرتد ہے"۔[82]

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"اور (یاد رکھو) جو شخص خدا تعالیٰ کے نازل کیے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے (بلکہ غیر حکمِ شرعی کو قصداً حکمِ شرعی بتلا کر اس کے موافق حکم کرلے) سو ایسے لوگ بالکل کافر ہیں"۔[83]

مفتی شفیع صاحب نے بھی اس آیت کی تفسیر میں یہ بات بیان فرمائی ہے:

"اور یاد رکھو کہ جو شخص خدا تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے، بلکہ غیر حکمِ شرعی کو قصداً حکمِ شرعی بتلا کر اس کے موافق حکم کرے، سو ایسے لوگ بالکل کافر ہیں"۔[84]

چنانچہ ان لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو ان عدالتوں کو اسلامی ثابت کرتے ہیں۔

ومن لم يحكم بما أنزل الله اور فقہائے امت:

قرآن کے علاوہ سے فیصلہ کرنے کی بحث کو فقہائے امت نے بہت آسان انداز میں سمجھایا ہے۔ قارئین کی آسانی کے لیے اس کو بھی ہم یہاں بیان کر رہے ہیں:

کفرِ اکبر:

أ. اس کی ایک تعریف تو پیچھے گزر چکی، جو امام صدر الدین ابن ابی العز حنفیؒ نے بیان فرمائی ہے۔ اس کے علاوہ کوئی شخص یہ نظریہ یا عقیدہ رکھے کہ اس دور میں شریعت کے مطابق چور کا ہاتھ کاٹنا، زانی کو سنگسار کرنا یا کوڑے مارنا، بین الاقوامی تعلقات کی بنیاد قرآن و سنت

---

[82] أحكام القرآن للجصاص؛ الجزء ٦، باب الحكم بين أهل الكتاب، في تفسير المائدة:٤٤

[83] تفسیر بیان القرآن؛ تفسیر سورۃ المائدہ: ۴۴

[84] معارف القرآن؛ جلد ۳، تفسیر سورۃ المائدہ: ۴۴

پر استوار کرنا، قتال فی سبیل اللہ کرنا...... مناسب نہیں، یا قابلِ عمل نہیں، یا ان پر عمل کرنے اور کرانے میں بے عزتی، شرمندگی اور (عالمی برادری میں) توہین سمجھے، یا حدود اللہ میں ترمیم کو جائز سمجھے، یا عملاً ترمیم کر لے، یا یہ نظریہ رکھے کہ انسانوں کے بنائے جدید نظام زیادہ مناسب ہیں...... تو یہ نظریہ کفرِ اکبر ہے جو ملت سے خارج کر دیتا ہے کیونکہ اس نے آپ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کو برا جانا اور غیر اللہ کی شریعت کو اچھا جانا۔

ب. کفرِ اکبر کی ایک صورت یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے قوانین کو بھی اچھا سمجھے لیکن جمہوری آئین کو اس سے زیادہ قابلِ عمل سمجھے۔

ج. یا جمہوری نظام کو نفاذِ شریعت کے برابر سمجھے۔ 'ب' اور 'ج' کا حکم ایک جیسا ہے۔ یعنی یہ دونوں قسم کے افراد کفرِ اکبر، یعنی ایسے کفر میں مبتلا ہیں جو ملت سے خارج کر دینے والا ہے۔ کیونکہ اللہ کے قانون کے مقابلے کسی اور کو اچھا سمجھنا، یا اس کے برابر سمجھنا درحقیقت اللہ کے نازل کردہ کی تردید ہی ہے۔

د. یا محمد ﷺ کی شریعت کو نافذ کرنے سے طویل عرصے تک بہانے بازی کرتا رہا، مخالفت کی یا انکار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿... ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنْتَقِمُونَ﴾ (السجدۃ:22)

"... پھر اس دین سے اعراض کیا، بے شک ہم مجرمین سے انتقام لینے والے ہیں"۔

یہ قسم بھی کفرِ اکبر کی ہے۔ نفاذِ شریعت کا انکار، مخالفت یا دیر تک ٹال مٹول، فقہاء نے ان سب کا ایک ہی حکم بیان فرمایا ہے۔ یہ کتبِ فقہ کے مشہور مسائل ہیں جو کسی بھی مسلک کی کتابوں اور فتاوٰی میں دیکھے جا سکتے ہیں، خصوصاً حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے امداد الفتاویٰ کی ساتویں جلد میں اور مولانا تقی عثمانی صاحب کی شرحِ مسلم شریف (تکملہ فتح الملہم) کی کتاب الامارۃ میں بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔

نیز مشہور حنفی فقیہ، علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ "بحر الرائق" میں فرماتے ہیں:

"فَيَكْفُرُ إذَا ......سخر بأمر من أوامره...... أو جَعَلَ له شَرِيكًا..."۔

"اور اگر اس نے اللہ تعالیٰ کے کسی ایک حکم کا مذاق اڑایا یا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا

تو کافر ہو جائے گا"۔[85]

یاد رہے کہ قانون سازی میں کسی کو اللہ کا شریک بنانا کفرِ اکبر ہے، جو ملت سے خارج کر دیتا ہے۔ جبکہ یہاں صرف شریک ہی نہیں بنایا گیا بلکہ نعوذ باللہ یہ حق مکمل غیر اللہ (پارلیمنٹ) کو دے دیا گیا ہے۔

"... وَكَذَا يَكْفُرُ الْجَمِيعُ لِاسْتِخْفَافِهِمْ بِالشَّرْعِ..."۔

"...... اسی طرح ان تمام لوگوں کو بھی کافر قرار دیا جائے گا جو شریعت کو حقیر سمجھتے ہیں......"۔[86]

"...وَلَوْ صَغَّرَ الْفَقِيهَ أو الْعَلَوِيَّ قَاصِدًا الِاسْتِخْفَافَ بِالدِّينِ كَفَرَ ..."۔

"اور اگر شریعت کو بے وقعت سمجھنے کی وجہ سے فقیہ کو کمتر جانا، تو یہ کفر ہے"۔[87]

غور کرتے جایئے! اس نظام میں ایک عالم کی کیا عزت ہے اور جج کا کیا مقام ہے؟ نفاذِ شریعت اور اس کا مطالبہ کرنے والوں کے ساتھ کیا کچھ ہوتا ہے؟ کبھی وقت ملے تو عدالت کی ان کارروائیوں کی روداد پڑھیے گا، جو اسلامی دفعات سے متعلق ہوتی ہیں۔ عدالت و پارلیمنٹ کے درمیان ان اسلامی دفعات کو کس طرح جھولا جھلایا جاتا ہے، عدالت پارلیمنٹ کی طرف اچھال دیتی ہے، پارلیمنٹ اسلامی نظریاتی کونسل کی طرف...... یہ سب اسلام کا مذاق نہیں، تو پھر مذاق کی تعریف کیا ہے؟

کفرِ اکبر کی عام لیکن سب سے ناپاک صورت:

کفرِ اکبر کی سب سے عام، لیکن خطرناک صورت یہ ہے کہ اللہ کی شریعت کے مقابلے میں ایک شریعت بنائی گئی، جو فرانسیسی، انگریزی، امریکی اور کچھ شریعت سے منسوب (اگرچہ ہے نہیں) نظاموں کا ملغوبہ ہے۔ اس ملغوبے کو نظامِ زندگی کے طور پر نافذ کر دیا گیا اور فیصلوں کا مرجع (Authority) و مأخذ قرار دیا گیا۔ اس کے مطابق فیصلہ کرنے کا حلف لیا جاتا ہے، اس کی

---

[85] البحر الرائق شرح كنز الدقائق: الجزء ٥، باب أحكام المرتدين، زين الدين ابن نجيم الحنفي (٩٢٦۔٩٧٠هـ)

[86] أيضاً

[87] أيضاً

پاسداری و وفاداری کی قسمیں اٹھائی جاتی ہیں، اور اسی پر عمل کرنا لازم قرار دے دیا گیا۔ اس پر جان کی بلی چڑھانا، اور کسی باغی کی جان لے لینا حلال (قانونی) کر لیا گیا۔ جبکہ کوئی اگر یہ چاہے کہ وہ اللہ کی شریعت کو نظامِ زندگی کے طور پر نافذ کرے، یا خود اس کے مطابق اپنی زندگی گزارے، تو اس کو ریاستی قوت کے ذریعے کچل دیا جاتا ہے۔

مذکورہ صورت کفرِ اکبر کی سب سے ناپاک صورت ہو سکتی تھی، لیکن ابلیس نے اور محنت کی اور اپنے کارندوں کو امیدیں دلائیں، ان کی اس بد عملی کو ان کے سامنے خوب صورت بنا کر پیش کیا، لہٰذا اس کفر نے اور ترقی کی اور ایک ایسی صورت وجود میں آئی جس کا تصور بھی کلمہ پڑھنے والا نہیں کر سکتا۔

اللہ پر بہتان اور جھوٹ کی جرأت:

وہ ناپاک، مذموم اور کریہہ صورت یہ ہے کہ اس ابلیسی شریعت کو اسلامی قرار دے دیا گیا جو سراسر اللہ وحدہ لاشریک کی ذاتِ اقدس پر جھوٹ اور بہتان ہے، کہ ایک ایسی چیز کو اللہ کی جانب منسوب کر دیا گیا جو اللہ نے اپنے حبیب ﷺ پر نازل ہی نہیں فرمائی، اور نہ اس پر ان کے پاس کوئی دلیل ہے۔ لیکن خواہش پرست اور دنیا کی عبادت کرنے والے، زندگی کے غلام اور اللہ سے ملاقات کو ناپسند کرنے والے، اپنے معبودوں کے کہنے پر اس کفر کو اسلامی کہنے پر بضد ہیں۔ جو اس آئین کو نہ مانے وہ ان کے نزدیک باغی ہے، اس کا مال و جان ان کے لیے حلال ہے، ان کی پردہ دار خواتین کو اٹھا کر اپنے کیمپوں میں لے جانا "ان کی شریعت" نے جائز ٹھہرایا ہے۔ ما لكم كيف تحكمون؟

افسوس صد افسوس! کس گمان پر اللہ کے سامنے تم تن کر کھڑے ہو جاتے ہو؟ کس زعم میں مبتلا ہو کر اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہو؟ کس بنیاد پر اتنی جرأت کر بیٹھے کہ عرش و کرسی کے مالک پر جھوٹ گھڑتے ہو؟ صرف اس لیے کہ دنیا کے عہدوں کے مزے لوٹو، اس مردار دنیا کی بدبودار لاش کو نوچنے میں تم بھی انہی کے شریک ہو جاؤ جنھوں نے اسی مردار کے بدلے اپنی آخرت کا سودا کر دیا......؟ یا للعجب یا للعجب!......وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللهِ كَذِبًا، "اس شخص سے بڑا ظالم کون ہو گا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ گھڑتا ہو"۔

اللہ کی شریعت کے علاوہ کسی اور قانون سے فیصلہ کرنے کا حکم، خلاصہء بحث:

چونکہ اس باب کی بحث کافی طویل تھی، اس لیے قارئین کی آسانی کے لیے وضاحت کے ساتھ

نکات کی صورت میں بحث کا خلاصہ یہاں ذکر کیے دیتے ہیں۔ اس باب میں کی گئی بحث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اللہ کی شریعت کے علاوہ کسی اور قانون سے فیصلہ کرنے کی دو بڑی صورتیں ہیں:

اول، اس جرم کی وہ صورت جو اگرچہ عظیم گناہ ہے مگر دین سے خارج کرنے کا باعث نہیں:

- یہ کہ بحیثیتِ مجموعی شرعی نظام و شرعی قانون نافذ ہو اور ایک ایسا قاضی جو شرعی قوانین کو واجب العمل سمجھتا ہو اور اس کے ترک پر خود کو گناہ گار سمجھے، کسی ایک آدھ واقعے میں ہوائے نفسانی یا اقرباء پروری یا رشوت خوری کی بناء پر شریعت سے ہٹ کر فیصلہ کر دے، تو اگرچہ یہ سنگین جرم ہے مگر انسان اس کی بناء پر دین سے خارج نہیں ہوتا اور فاسق و ظالم قرار پاتا ہے اور زیادہ سے زیادہ بھی کفرِ اصغر کا مرتکب سمجھا جاتا ہے۔
- یہ کہ ایک پورا نظامِ عدلیہ اور نظامِ حکومت ہی ایسا ہو جہاں شرعی احکام بحیثیتِ مجموعی معطل ہوں اور ان کی جگہ انسانوں کے گھڑے ہوئے قانون نافذ ہوں، اور اس میں شریک قاضی یا جج اس انسانی قانون کے مطابق فیصلے کرتا ہو مگر خود کو شدید گناہ میں مبتلا سمجھتا ہو، اس نظام سے غیر راضی ہو اور اس میں محض اس نیت سے شریک ہو کہ چونکہ اربابِ اختیار اس کے سوا کسی قانون کو نافذ نہیں کرنے دیں گے، اس لیے عوام کے جائز حقوق انہیں دلوانے کے لیے وہ اضطراراً اس میں کام کر رہا ہے اور جیسے ہی شرعی قوانین کے نفاذ کا موقع ملے گا وہ انہیں نافذ کرنے سے لمحہ بھر نہیں رکے گا، تو ایسا شخص کفرِ اصغر کا مرتکب ہے جو اگرچہ گناہ کی ایک نہایت بھیانک صورت ہے مگر دین سے خارج کرنے کا باعث نہیں بلکہ اس کا مرتکب فاسق اور ظالم ہو گا، اس کی گواہی قبول نہیں ہو گی، یہ حرام نوکری کرے گا اور اس کی تنخواہ بھی حرام ہو گی۔

دوم، وہ صورت جو دین سے خارج کرنے کا باعث اور کفرِ اکبر ہے:

- یہ کہ ایک شرعی نظام کا قاضی جو دیگر تمام امور میں شرعی احکامات کے مطابق فیصلے کرتا ہو مگر کسی ایک یا زائد شرعی حکم کو بلا کسی قابلِ قبول شرعی عذر کے طویل عرصے تک معطل رکھے اور اس کی جگہ غیر اللہ کے بنائے قانون کے موافق فیصلہ کرتا رہے تو یہ کفرِ اکبر ہے۔
- یہ کہ ایک شرعی نظام کا قاضی جو دیگر تمام امور میں شرعی احکامات کے مطابق فیصلے کرتا ہو مگر شریعت کے کسی ایک یا زائد قطعی حکم کو حقیر جان کر یا اس دور کے لیے فرسودہ سمجھ کر یا

غیر اللہ کے قانون کو اس سے بہتر جان کر، اس شرعی حکم سے ہٹ کر فیصلہ کرے تو یہ کفرِ اکبر ہے۔

- یہ کہ ایک پورا نظامِ عدلیہ اور نظامِ حکومت ہی ایسا ہو جہاں اللہ کی شریعت کسی دلیل کی حیثیت نہ رکھتی ہو اور شرعی احکام بحیثیتِ مجموعی معطل ہوں اور ان کی جگہ انسانوں کے گھڑے ہوئے قانون نافذ ہوں، اور اس میں شریک قاضی یا جج اس انسانی قانون کے مطابق فیصلے کرتا ہو اور نہ وہ خود کو گناہ گار سمجھتا ہو، نہ ہی کوئی قابلِ قبول شرعی عذر رکھتا ہو، تو یہ بھی کفرِ اکبر کا مرتکب ہے، یعنی ایسا کفر جو دین سے خارج کر دیتا ہے۔

اس باب میں آنے والی اصولی بحث کا خلاصہ یہی ہے۔

نیز اس بحث سے یہ بھی واضح ہے کہ پاکستان کا موجودہ نظامِ عدلیہ اپنے اصول و ضوابط کے اعتبار سے ایک خالص غیر شرعی اور کفریہ نظام ہے کیونکہ اس میں ۶۵ سال سے انسان کے قانون کو رب کی شریعت پر فوقیت حاصل ہے۔ نیز اسی سے ملک کے سیاسی نظام کا کفر بھی واضح ہوتا ہے کیونکہ یہ غیر شرعی قوانین پہلے پارلیمان میں بنتے و تیار ہوتے ہیں اور اس کے بعد ہی عدالتیں ان قوانین کو نافذ کرتی ہیں۔ نیز اس سے اس مجموعی ریاستی ڈھانچے کا باطل ہونا بھی ثابت ہوتا ہے جو ان طاغوتی عدالتوں کو اپنا ایک اساسی ستون سمجھتا ہے، ان کے عمل کو مباح (قانونی) بلکہ مقدس قرار دیتا ہے اور ان کے احترام کو آئین و قانون کی رو سے واجب بناتا ہے۔ اس غلیظ ریاستی ڈھانچے کو اسلامی کہنا بھلا پھر کیسے ممکن ہے؟

رہا ججوں اور وکلاء وغیرہ کا حکم، تو اس حوالے سے خلاصہ تو درج بالا سطور میں ذکر کر دیا گیا ہے لیکن اس خلاصے کو لے کر متعین افراد (یعنی فلاں بن فلاں) پر فتویٰ لگانا چند جملوں میں اجمالاً ممکن نہیں، نہ ہی اس مقام پر یہ ہمارا اصل مقصود ہے، بلکہ یہ مفتی صاحبان کا کام ہے کہ وہ درج بالا صورتوں کو سامنے رکھتے ہوئے اس نظام میں شریک افراد کے حالات کی تحقیق کرنے کے بعد اس پر شرعی حکم منطبق کریں۔ ہمیں اس بحث میں اصل مقصود افراد کا حکم بیان کرنا نہیں، بلکہ اس نظام کا کفر ثابت کرنا ہے۔ رہے اس میں شریک افراد تو ہم انہیں دل سوزی سے یہ دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس خطرناک جرم کی برائی سمجھیں، اس سے توبہ کر کے خود کو ان مکروہ پیشوں سے علیحدہ کریں...... اور اگر اب بھی اسی کفریہ عدالتی نظام کا حصہ بنے رہنے پر مصر ہیں، تو کم از کم اس میں شرکت کو گناہ تو

سمجھیں، اس سے کراہت و نفرت کا اظہار کریں اور خود کو حالتِ اضطرار میں سمجھیں...... شاید کہ یہ امر ان کے جرم کی شدت کو کچھ کم کر دے... اگرچہ رہے گا وہ پھر بھی ایک سنگین جرم ہی!

نیز یہ ساری بحث ہر عام مسلمان کو بھی دعوت ہے کہ وہ اللہ کی شریعت سے ہٹ کر فیصلہ کرنے کے جرم کی شناعت و برائی سمجھے، ان جاہلی عدالتوں کے نظام سے اپنا رشتہ کاٹے اور اپنے فیصلے علمائے کرام سے شریعت کے مطابق کروائے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

چوتھا باب

جمہوریت میں شریک افراد اور جماعتوں کا حکم

کتاب کے دوسرے باب میں نفسِ جمہوریت اور تیسرے باب میں جمہوری نظام کے ایک اساسی ادارے یعنی قرآن سے ہٹ کر فیصلے کرنے والی جمہوری عدلیہ کا کفر واضح کیا گیا ہے۔ اب ایک نظر اس پر بھی ڈال لیتے ہیں کہ اس جمہوری نظام میں شریک ہونے والی جماعتوں اور افراد کا شرعی حکم کیا بنتا ہے؟

جمہوریت پر من و عن ایمان رکھنے والے لادین سیاست دانوں اور فوجی افسروں کا حکم

سوال یہ ہے کہ جب یہ ثابت ہو چکا کہ جمہوریت ایک جدا اور مستقل دین ہے جو اپنی بنیاد سے ہی اسلام کی ضد ہے، تو ملک کی اس لادین سیاسی قیادت اور عسکری اداروں سے وابستہ ان اعلیٰ افسران کا کیا حکم ہو گا جو زبان سے اسلام کا اقرار کرنے کے ساتھ ساتھ دینِ جمہوریت پر بھی ایمان رکھتے ہیں، اپنی زبان سے اس کا علی الاعلان اعتراف بھی کرتے ہیں اور اس دینِ جمہوریت کے دفاع اور نفاذِ شریعت کو روکنے کے لیے اپنی پوری ریاستی قوت بھی استعمال کرتے ہیں؟ کیا ان کا کلمہ پڑھنا ان کو کوئی فائدہ دے گا؟ کیا ان کا اسلام کے ساتھ کسی اور دین کو بھی مقدس ماننا اور اس کی وفاداری کا حلف اٹھانا اسلام کا انکار اور کفر کی تعظیم نہیں؟

جواب:

شریعتِ مطہرہ واضح اور دوٹوک الفاظ میں ایسے کسی بھی شخص کو کافر کہتی ہے جو اسلام کے ساتھ ساتھ کسی اور دین پر یقین رکھتا ہو۔ ایسے شخص کا کلمہ پڑھنا اس کو کوئی فائدہ نہیں دے گا۔ کیونکہ جو شخص اس کلمہ کو پڑھتا ہے اور اس کے باوجود وہ دینِ اسلام کے علاوہ کسی اور دین کا بھی قائل ہے تو گویا وہ اپنی زبان سے پڑھے کلمہ کا انکار کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ اگر کوئی شخص زبان سے اسلام اور اس کے تمام احکامات کو تسلیم کرے لیکن کوئی ایسا گناہ کرے جو دائرۂ اسلام سے خارج نہ کرتا ہو تو ایسا شخص مسلمان ہی سمجھا جائے گا۔ لیکن یہاں جو صورتِ مسئلہ ہے وہ بالکل مختلف ہے، جیسا کہ اوپر بیان

کیا گیا۔

اعتراض:

شاید ابھی کچھ لوگوں کی سمجھ میں بات نہ آئی ہو، اور وہ کہہ رہے ہوں کہ جمہوری نظام چلانے والے جمہوریت کو اسلام کے مقابلے میں نہیں سمجھتے، بلکہ ان کا اصل ایمان تو قرآن پر ہی ہے، اس جمہوریت کو تو محض ایک سیاسی نظام کے طور پر استعمال کرتے ہیں؟ چنانچہ یہ کفرِ اکبر نہیں، کفرِ اصغر ہے؟

جواب:

چلیے ہم بھی اس دعویٰ کو تسلیم کر لیتے ہیں، اور اب یہ دیکھتے ہیں کہ اس حکمران طبقے کا قرآن پر کیسا ایمان ہے، اور ایسے ایمان کے بارے میں محمد ﷺ کی شریعت کا کیا فیصلہ ہے؟

ان لوگوں کا اس جمہوری نظام کے بارے میں یہ عقیدہ ہے کہ جو آئین اس نظام کے تحت بنا دیا جائے، وہی اس قابل ہے کہ ملک میں رائج ہو اور خلقِ خدا اسی کے تحت اپنی زندگی گزارے۔ ہر شہری کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسی کی پاسداری و اطاعت کرے اور اس کا وفادار ہو جائے۔ اگر کوئی اس کے علاوہ (قرآن کے آئین) کی پاسداری کرے، یا اس کے مطابق فیصلہ کرے یا کرائے، یا اپنے معاملات اس قرآن کے مطابق چلانے کی کوشش کرے، تو ایسا شخص یا علاقہ اس نظام کا باغی کہلائے گا، اس کو فوج و پولیس کی قوت سے مٹا دیا جائے گا، اور ایسا کرنا اس جمہوری شریعت کی رو سے حلال یعنی آئینی، بلکہ فرض (ڈیوٹی) ہو گا۔ جو فوج اور پولیس اس "کارِ خیر" میں حصہ لے گی، اس کو انعام سے نوازا جائے گا، اضافی تنخواہیں دی جائیں گی، اور جو اس فوج کے خلاف لڑے گا، وہ نشانِ عبرت بنا دیا جائے گا۔ کوئی قرآن کو جلا ڈالے، ان کو غصہ نہیں آتا، لیکن اگر کوئی جمہوری پرچم کو جلا دے تو یہ غضب ناک ہو جاتے ہیں۔ کوئی محسنِ انسانیت ﷺ، میرے اور آپ کے دل کے سکون، رحمۃ للعالمین محمد ﷺ کی توہین کرے، تو یہ امن و آشتی کا درس دیتے ہیں، لیکن اگر ان کی عدلیہ کی توہین کر دی جائے تو سارا نظام حرکت میں آ جاتا ہے۔ اگر کوئی اللہ کے نازل کردہ قانون کو وحشت و درندگی کہے، وہ پارلیمنٹ میں بیٹھا رہتا ہے، لیکن اگر کوئی اس جمہوری ابلیسی آئین کی شان میں گستاخی کر دے، تو اس کو پارلیمنٹ سے ہی نہیں بلکہ دنیا ہی سے رخصت کر دیا جاتا ہے۔ پارلیمنٹ کی بھاری اکثریت اللہ کی شریعت کو رد کر دے تو ان کو کوئی سزا نہیں، لیکن

اگر اس نظام کو کوئی مسلمان رد کر کے نفاذِ شریعت کی بات کرے، تو اس کو جامعہ حفصہ اور سوات بنا دیا جائے۔ مسلمانوں کے خلاف کافروں کی مدد کرنا، اس نظام میں کوئی جرم نہیں، جبکہ کلمہ کی بنیاد پر دنیا کے کسی بھی خطے میں مسلمانوں کے دشمنوں سے لڑنا دہشت گردی ہے۔ فلسطین کے مسلمانوں کے خلاف یہودیوں کا ساتھ دینے کے لیے فوج فلسطین جائے تو انعام کے قابل ٹھہرے، اور اگر کوئی مجاہد مظلوم فلسطینیوں کی مدد کو جائے، تو وہ جیل جائے۔ خلافت کے خلاف انگریزوں کی طرف سے لڑنا حلال (قانونی)، لیکن احیائے خلافت کے لیے انگریز کے خلاف لڑنا حرام (غیر قانونی)۔ مسلمانوں کا قتلِ عام کرنے امریکی یہاں آئیں، تو ان کی حفاظت اس نظام کے کارندوں پر فرض (ڈیوٹی) ہے، لیکن اپنے مسلمان بھائیوں کی مدد کے لیے آلِ رسول، مکہ و مدینہ سے یہاں آ جائیں تو ان کی باپردہ عورتوں تک کو نشانِ عبرت بنا دیا جائے۔ کشمیر ہمارا ہے...... لیکن وہاں مسلمانوں کا قتلِ عام کیا جائے، اور اگر انہی قاتلوں کے خلاف کوئی ان حکمرانوں کی مرضی کے بغیر جہاد کرنا چاہے، تو اس پر معاہدہ توڑنے کا الزام لگایا جائے، حالانکہ کشمیر میں ظلم کے ہوتے ہوئے بھارتی ہندوؤں کو کیونکر امن دیا جا سکتا ہے......؟

یہ سب امور ان کی زبان سے بار بار کہے جاتے ہیں (ان کے بیانات اٹھا کر دیکھ لیجئے) اور ان کا عمل بھی اسی کے مطابق ہے۔ لہٰذا شریعت ان کا دل چیر کر دیکھنے کا حکم نہیں دیتی بلکہ شریعت ان کے ظاہری قول و فعل پر حکم لگائے گی۔

حکمرانوں کا کفر شک سے بالا ہے!

نیز سوال یہ بھی ہے کہ جس لادین سیاسی اور فوجی قیادت کے بارے میں آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ قرآن پر ایمان لاتے ہیں، ان کی حالت یہ ہے کہ قوت و سرکشی کے زور پر وہ اس قرآن کو نافذ ہونے سے روک رہے ہیں، اور ایک دو سال سے نہیں...... پورے پینسٹھ سال سے! لہٰذا آپ اگر اس کو کفرِ جحود، (یعنی انکار والا کفر) نہیں کہتے تو اس کے کفرِ عناد (ضد کی وجہ سے کفر) ہونے میں آپ کو کیا شک ہو سکتا ہے؟ ان کا قول و فعل اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ انہیں قرآن و سنت والے قانون و آئین سے، شرعی نظام سے، نفاذِ شریعت سے بغض و عناد ہے...... اور یہ کفرِ عناد مخرج عن الملۃ ہوتا ہے، یعنی دائرۂ اسلام سے خارج کر دیتا ہے۔ کیونکہ اسلام کے کسی ایک بھی حکم سے بغض و عناد رکھنا، اس کو ناپسند کرنا، اس کو ماننے میں بلا عذر ٹال مٹول کرنا، یا اس کی مخالفت

کرنا کفر ہے۔ جبکہ یہاں تو سات دہائیوں سے پوری شریعت کو نافذ ہونے سے روکا ہوا ہے۔ مزید بھی اگر نرمی کی جائے تو شریعت سے اعراض یعنی اس کے احکامات کی تنفیذ میں ٹال مٹول تو واضح ہے، اور یہ بھی کفرِ اکبر کی ایک قسم ہے۔

جہاں تک قرآن اور اسلام کو حق ماننے اور اس حق کا اقرار کرنے کا تعلق تھا، تو یہ کام تو یہود بھی کرتے تھے، لیکن عناد کی وجہ سے اپنے تحریف شدہ دین پر اڑے ہوئے تھے، اس کو نہیں چھوڑتے تھے۔ یہی حال ہماری گردنوں پر مسلط حکمران طبقے کا ہے۔ باوجود اس کے کہ ان کو علم ہے کہ قرآن کے قوانین حق و سچ ہیں، اس کا زبان سے بھی اعتراف کرتے ہیں، بلکہ بعض اپنی ذاتی زندگی میں اس کے بعض احکامات پر عمل بھی کرتے ہیں، لیکن جب اس کے مقابلے میں جمہوری قوانین آتے ہیں تو یہ قرآن کے قوانین کو رد کرنے کے لیے قوت کے استعمال کو حلال سمجھتے ہیں، شریعت کے نام لیواؤں کے خلاف لڑنے کو جہاد کہتے ہیں، کلمہ گو مسلمانوں کی جان و مال اپنے اوپر حلال کر لیتے ہیں، قرآن کے نظام کا مطالبہ کرنے والوں کو باغی کہتے ہیں، حالانکہ اصلاً خود اسلام کے باغی ہیں۔

اس طبقے کی صورتِ حال کا گہرائی سے جائزہ لینے کے بعد آپ انصاف سے فیصلہ کیجیے کہ ان کا ایمان قرآن پر ہے یا اس پر جو انھوں نے اپنے ہاتھوں سے تراش رکھے ہیں؟ جو بھی یہ تراش لیں وہی نافذ العمل، وہی دستور، وہی آئین اور وہی قانون بن جاتا ہے۔اسی کے مطابق عدالتیں، اسی کے لیے فوج، اسی کے لیے پولیس، اسی کی عبادت کی طرف بلاتے ذرائع ابلاغ......پھر اگلی بار بھی اسی بت خانے کا طواف کرنے، اسی کے لیے دوڑ دھوپ کرنے، اسی کے مجاور بننے کے لیے کوششیں جس (پارلیمنٹ) میں وہ الٰہ، وہ معبود اور وہ صنم تراشے گئے جو اللہ کے مقابلہ میں پوجے جاتے ہیں۔

سوالے علمائے حق! کیا محمد ﷺ کی شریعت میں یہ اجازت ہے کہ کوئی حکمران قرآن پر ایمان کے ساتھ کسی اور شریعت کو اپنے لیے لازم سمجھے، خواہ یہ شریعت تورات یا انجیل کی ہی کیوں نہ ہو؟ قرآن پر ایمان کا دعوے دار ہو اور جمہوریت کی شریعت (یا کسی بھی اور شریعت) کو نافذ کرنے پر بضد ہو، اور اس نظریہ کا اظہار کرے کہ اس دور میں اس شریعت کے علاوہ کوئی اور شریعت قابلِ عمل نہیں رہی؟ ایسا نظریہ رکھنے والے کا کیا حکم ہے؟ ایسے رکنِ پارلیمان، فوجی افسر یا جج کا کیا حکم ہے جو کفرو اسلام کے ملغوبہ آئین و قانون کو مقدس قرار دے؟ اور اس کی تنفیذ کو ہی اپنا اساسی فرض اور اپنے عہدے پر بیٹھنے کا بنیادی مقصد سمجھتا ہو؟

منافق اور منکر میں فرق ملحوظ رکھیے!

مسلم ممالک کا دین دار طبقہ ان مذکورہ طبقات کے بارے میں یہ کہتا ہے کہ یہ طبقات زیادہ سے زیادہ منافق ہیں۔ اس کو ثابت کرنے کے لیے وہ منافقینِ مدینہ کی مثال دیتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی منافقین کے ساتھ کافروں جیسا معاملہ نہیں فرمایا۔

اگر آپ منافقینِ مدینہ کے حالات کا مطالعہ کریں تو آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ یہ دعویٰ ہی باطل ہے کہ آج کے منکرینِ شریعت حکمران، منافقینِ مدینہ کی طرح ہیں۔ منافقینِ مدینہ نے اعلانیہ طور پر قرآن کے کسی حکم یا قانون کا انکار نہیں کیا تھا۔ حتیٰ کہ جہاد میں نکلنے سے بہانے بنا کر تو بیٹھتے تھے، لیکن جہاد کے بارے میں یہ نہیں کہا تھا کہ ہم مسلح جدوجہد کے جواز کے قائل نہیں ہیں۔ نہ ہی انہوں نے یہ کہا کہ ہم اپنے فیصلے قرآن کی بجائے کسی اور آئین کی رو سے کریں گے، یا ہم کوڑے مارنے اور سنگسار کرنے کے قانون کو نہیں تسلیم کرتے۔ اسی طرح وہ نماز کے بارے میں یہ نہیں کہتے تھے کہ نماز ہر ایک کا ذاتی معاملہ ہے، جو چاہے پڑھے، جو چاہے نہ پڑھے۔ جبکہ آج جو حکمران طبقہ اس امت پر مسلط ہے، وہ یہ تمام باتیں کھلے عام زبان سے بھی کہتا ہے اور اسی کے مطابق اس کا عمل بھی ہے۔ چنانچہ جو ایسا کہتے ہیں، وہ منافق نہیں، شریعت کے منکر ہیں۔ اور اگر اپنے ان باطل نظریات ہی کو اسلام کہنے پر بضد ہوں تو شریعت میں ایسے لوگوں کو ملحد یا زندیق کہا جاتا ہے۔

کیا جمہوریت، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت سے بہتر ہے؟؟؟

ارشادِ ربانی ہے:

﴿أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ﴾ (المائدة: 50)

”کیا وہ جاہلیت کا حکم (نظام) چاہتے ہیں؟ اور یقین رکھنے والوں کے لیے اللہ کے حکم سے اچھا کس کا حکم ہو سکتا ہے“؟

اس کی تفسیر میں علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں:

”اس آیت میں اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر رد فرمارہے ہیں، جو اس مضبوط آئین سے نکلے جس میں ہر قسم کی خیر ہے اور جو ہر شر سے روکنے والا ہے۔ اس سے نکل کر کسی ایسے آئین کو اختیار کر بیٹھے جو محض انسانوں کی آراء، خواہشات اور ان اصطلاحات پر مبنی ہے جن کو

لوگوں نے شریعتِ الٰہی سے ہٹ کر بنا لیا ہے، جیسا کہ اہلِ جاہلیت گمراہی اور جہالت سے فیصلے کرتے تھے جو انہوں نے اپنی آراء اور خواہشات سے گھڑی تھیں، اور جیسا کہ تاتاری چنگیز خان کے بنائے ملکی سیاست کے قانون سے فیصلے کرتے ہیں، جس کو "یاسق" کہا جاتا ہے، یہ مختلف شریعتوں (یعنی یہودیت، نصرانیت اور اسلام) سے لیے گئے قوانین کا مجموعہ ہے۔ اس میں بہت سے قوانین ایسے ہیں جو محض گمان و خواہش کی بنیاد پر بنائے گئے ہیں۔ چنانچہ اس کی اولاد میں اسی (آئین) پر عمل ہوتا رہا، عدالتوں میں یہ لوگ اسے قرآن و سنت سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔ پس ان (نام نہاد مسلمانوں) میں سے جس نے ایسا کیا، تو وہ کافر ہے، اور اس سے قتال کرنا واجب ہے، یہاں تک کہ وہ نفاذِ شریعت کی طرف لوٹ آئے۔ لہٰذا شریعت کے علاوہ کسی بھی آئین سے فیصلہ نہیں کرایا جائے گا، نہ چھوٹے مقدمہ میں نہ بڑے میں"۔

فقیہ امام ابو اللیث سمرقندیؒ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"يعني: يطلبون منك شيئاً لم ينزله الله إليك في حكم الزنى والقصاص كما يفعل أهل الجاهلية"۔

"زنا اور قصاص کے بارے میں وہ آپ سے اہلِ جاہلیت کی طرح اس (قانون) کا مطالبہ کرتے ہیں جو اللہ نے آپ پر نازل نہیں فرمایا"۔

علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"یعنی جو لوگ خدا کی شہنشاہیت، رحمتِ کاملہ اور علمِ محیط پر یقینِ کامل رکھتے ہیں، ان کے نزدیک دنیا میں کسی کا حکم خدا کے حکم کے سامنے لائقِ التفات نہیں ہو سکتا۔ پھر کیا یہ لوگ احکامِ الٰہیہ کی روشنی آجانے کے بعد ظنون و اہواء (رائے اور خواہشات) اور کفر و جاہلیت کے اندھیرے کی طرف جانا پسند کرتے ہیں"؟

اے دینی مدارس کے طلباء کرام! اے فرزندانِ توحید! اسلاف سوال کر رہے ہیں کہ احکامِ الٰہیہ کے ہوتے ہوئے، توحید کے فرزند اس شریعت کی جانب لوٹنا پسند کریں گے جس کو قومی اسمبلی میں بیٹھے بدکاروں، شرابیوں، لٹیروں اور جامعہ حفصہ کی تمہاری بہنوں کے قاتلوں نے منظور کیا ہو؟ محمد ﷺ کی شریعتِ مطہرہ کے آ جانے کے بعد، آپ اس عدالتی نظام کے خلاف خاموش

رہیں گے جہاں غیر اللہ کے بنائے قوانین قابلِ احترام سمجھے جاتے ہوں؟ کیا آپ اس آئین کو مقدس مانیں گے جو اللہ رب العزت کے آئین کے مقابلے بنایا گیا، اور جس کی عبادت کے لیے جنگ کا اعلان کیا گیا ہے؟ ایک طرف محمد ﷺ کی شریعت کا نفاذ چاہنے والے ہیں، اور دوسری طرف اس ابلیسی نظام کو بچانے والی قوتیں ہیں...... اسلاف سوال کرتے ہیں کہ تم کس کا ساتھ دو گے؟ کس کی تعداد میں اضافہ کرو گے؟ اور قیامت کے دن کس کی صف میں اٹھنا پسند کرو گے؟

اللہ کی لعنت سے بچو:

"يكون في آخر الزمان قوم يحضرون السلطان فيحكمون بغير حكم الله، ولا ينهونه فعليهم لعنة الله"۔

"آخری زمانے میں ایسی قوم ہو گی جو حکام کے پاس جایا کرے گی، ان (حکام) کا طرزِ حکومت اللہ کے قانون سے ہٹ کر ہو گا، اور یہ لوگ ان حکام کو اس سے منع نہیں کریں گے، تو ان پر اللہ کی لعنت ہے"۔[88]

"يكون عليكم أمراء إن عصيتموهم قتلوكم وإن أطعتموهم أكفروكم"۔

"تمہارے اوپر ایسے امراء ہوں گے کہ اگر تم نے ان کی بات نہ مانی تو وہ تمہیں قتل کر دیں گے، اور اگر تم نے ان کی اطاعت کی، تو وہ تمہیں کافر بنا دیں گے"۔[89]

خواہشات کی بنا پر اللہ کی شریعت کا انکار کرنا:

اللہ کی شریعت کا انکار کرنے کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ انسان سب کچھ جاننے کے باوجود محض خواہشات کی بنیاد پر حق کا انکار کرتا ہے اور باطل کو باطل تسلیم کرنے سے گریز کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کا نقشہ کھینچتے ہوئے فرمایا:

﴿...أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ﴾ (البقرة: 87)

[88] كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال؛ الجزء ٣، الفصل الثاني: في تعديد الأخلاق المحمودة، علاء الدين علي بن حسام الدين المتقي الهندي البرهان فوري (المتوفى: ٩٧٥هـ)

[89] رواه الديلمي عن عبادة بن الصامتؓ

"...سو جب بھی تمہارے پاس تمہارے رسول وہ شریعت لے کر آئے جو تمہارے نفس کو اچھی نہیں لگتی تھی، تو ایک فریق (یعنی بعض رسولوں) کو تم نے جھٹلا دیا اور ایک کو تم قتل کرتے ہو"۔

﴿الَّذِينَ يَسْتَحِبُّونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا...﴾ (إبراهيم: ٣)

"وہ لوگ جو آخرت کے مقابلہ دنیا پسند کرتے ہیں، اور اللہ کے راستے سے روکتے ہیں، اور اللہ کے راستے میں کجی ڈھونڈتے ہیں..."۔

دنیا میں لذتیں اڑانا، عہدوں کے مزے لوٹنا، گرفتاری کے خوف سے باطل کو حق ثابت کر دینا، عارضی دنیا کو بچانے کے لیے ابدی آخرت کے سودے کو مصلحت کا نام دے دینا، یہی تو دنیا کی محبت ہے۔ اور اللہ کے راستے سے روکنا یہ ہے کہ اللہ کے دین کو نافذ نہ ہونے دیا جائے، شریعت کی ہدایت کے مقابلے جمہوریت کی ضلالت کو پسند کیا جائے، جمہوریت کے کفر کی تحسین و تعریف کی جائے، اور نفاذِ شریعت کے طریقے میں کیڑے نکالے جائیں۔

علامہ زمخشریؒ فرماتے ہیں:

"جو اللہ تعالیٰ کے احکامات کا انکار کر کے غیر اللہ کے احکامات کو اختیار کرتا ہے، وہ خواہشات کی پیروی کرنے والا ہے"۔[90]

محمد ابن سیرینؒ نے فرمایا:

" إن أسرع الناس ردة أهل الأهواء"۔

"لوگوں میں سب سے زیادہ تیزی سے مرتد ہو جانے والے، خواہش پرست ہیں"۔

علامہ انور شاہ کاشمیریؒ "اکفار الملحدین" میں فرماتے ہیں:

"کفر کی ایک نئی قسم، محض خواہشِ نفس اور سرکشی کی بنا پر انکار کرنا:

حافظ ابن تیمیہؒ "الصارم المسلول" میں ص: ۵۲۴ پر فرماتے ہیں:

---

[90] تفسیرِ کشاف

کبھی انکار و تکذیب (عدمِ قبول) ان تمام امور کے یقینی علم کے بعد، جن پر ایمان لانا ضروری ہے، محض سرکشی و سرتابی یا نفسانی اغراض کے اتباع پر مبنی ہوتا ہے، اور یہ حقیقت میں کفر ہے۔ اس لیے کہ یہ شخص اللہ اور اس کے رسول کے متعلق وہ سب کچھ جانتا ہے جن کی خبر دی گئی ہے، اور دل میں ان تمام امور کی تصدیق بھی کرتا ہے جن کی مومنین تصدیق کرتے ہیں، لیکن صرف اس وجہ سے کہ (احکامِ شرعیہ) اس کی اغراض و خواہشات کے موافق نہیں ہیں، ان کو ناپسند کرتا ہے اور ان سے ناخوش و ناراض ہے اور کہتا ہے کہ، ''میں تو ان کو نہیں مانتا اور نہ میں ان کا پابند ہوں، بلکہ میں تو اس حق کو قہر و غضب کی نظر سے دیکھتا ہوں، اور نفرت کرتا ہوں''۔ پس یہ کفر کی ایک نئی قسم ہے (کہ دل میں تو ایمان ہے اور زبان پر کفر) جو پہلی قسم سے مختلف ہے، اور اصولِ دین کے اعتبار سے اس کا کفر ہونا قطعی طور پر معلوم ہے۔ قرآن اس قسم کے معاندین و متکبرین کی تکفیر سے بھرا پڑا ہے۔ بلکہ ایسے کافروں کی سزا اور کافروں سے زیادہ سخت ہے''۔

اس لیے جو شخص بھی جمہوریت کے کفر کو اچھی طرح پہچان لے اور نفاذِ شریعت کی حق راہ کو بھی جان لے، اس کو چاہیے کہ ایمان کے تقاضے پورے کرتے ہوئے حق کو حق اور باطل کو باطل تسلیم کرے اور قدرت کے بقدر اس کا اعلانیہ اظہار بھی کرے۔

جمہوری نظام کے تحت مخلص ہو کر نفاذِ شریعت کے لیے کوشش کرنا؟

اگر یہ کہا جائے کہ جو لوگ اس نظام کے ذریعے اسلامی نظام کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، وہ تو مخلص ہیں، لہٰذا ان کو اس کا اجر ملے گا؟

ایسا سمجھنا نفس کا دھوکہ اور شیطان کا بدعملی کو ان کے سامنے خوب صورت بنا کر پیش کرنا ہے۔ اگر کوئی بھی عمل جو اچھے مقصد کے لیے اخلاصِ نیت کے ساتھ کیا جائے، عند اللہ مقبول ہوتا تو پھر کفار کے بتوں کے پوجنے کے عمل کو کفر کیوں کہا گیا جو اپنے گمان کے مطابق ان بتوں کو اس لیے پوجتے تھے کہ وہ اللہ کا قرب حاصل کریں۔ وہ کہتے تھے: ﴿هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللَّهِ﴾، کہ ''یہ بت اللہ کے یہاں ہمارے سفارشی ہیں''۔[91]

[91] یونس:۱۸

اور کہتے، ﴿مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَى﴾، ''ہم توان بتوں کو صرف اسی لیے پوجتے ہیں کہ یہ بت ہمیں اللہ کا مقرب بنادیں''۔[92]

وہ بھی توان بتوں کو اسی لیے پوجتے تھے کہ وہ ان کے ذریعہ اللہ کے مقرب بن جائیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس عمل کو کفر قرار دیا۔

یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ کوئی بھی عمل اس وقت تک اچھا عمل یعنی نیکی نہیں کہلا سکتا جب تک اس میں دو باتیں نہ پائی جائیں۔ اول، صرف اللہ کی رضا مقصود ہو، دوم، یہ کہ یہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے طریقے پر ہو۔

فضیل بن عیاضؒ نے فرمایا:

"العمل الحسن هو أخلصه، وأصوبه. قالوا: يا أبا علي! ما أخلصه، وأصوبه؟ قال: إن العمل إذا كان خالصًا ولم يكن صوابًا لم يقبل، وإذا كان صوابًا ولم يكن خالصًا لم يقبل؛ حتى يكون خالصًا صوابًا. والخالص ما كان لله، والصواب ما كان على السنة"۔

''نیک عمل وہ ہے جو اخلاص والا اور درست ہو۔ لوگوں نے پوچھا، اے ابو علی! یہ اخلاص والا اور درست عمل کون سا ہوتا ہے؟ (فضیل بن عیاضؒ نے) فرمایا: بے شک عمل اگر خالص ہو اور درست نہ ہو، تو وہ قبول نہیں کیا جاتا، اور جب درست ہو لیکن خالص نہ ہو تو وہ بھی قبول نہیں کیا جاتا...... خالص عمل وہ ہے جو صرف اللہ کے لیے ہو، اور درست عمل وہ ہے جو رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق ہو''۔[93]

آقائے مدنی ﷺ نے فرمایا:

"مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَيْسَ عَلَيْهِ أَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ"۔

---

[92] الزمر: ٣

[93] جهود علماء الحنفية في إبطال عقائد القبورية؛ الفصل الرابع: في جهود علماء الحنفية في تعريف العبادة، وبيان أركانها، وأنواعها، وشروط صحتها، وإبطال عقيدة القبورية في ذلك كله، المبحث الثالث: في أركان العبادة، وأنواعها، وشروط صحتها عند علماء الحنفية، وردهم على القبورية في ذلك كله، المطلب الثالث: في صحة شروط العبادة، أبو عبد الله شمس الدين بن محمد بن أشرف بن قيصر الأفغاني (المتوفى : ١٤٢٠هـ)

''جس کسی نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں ہے، تو وہ عمل رد کر دیا جائے گا''۔[94]

ارشادِ رب کریم ہے:

﴿وَقَدِمْنَا إِلَى مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَنْثُورًا﴾ (الفرقان: 23)

''اور ہم پہنچے ان کے اعمال پر جو انہوں نے کیے تھے پھر ہم نے ان کو خاک کے اڑتے ذرے بنا ڈالا''۔

حافظ ابن کثیرؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"...فكل عمل لا يكون خالصاً وعلى الشريعة المرضية فهو باطل..."۔

''یعنی ہر وہ عمل جو خالص نہ ہو اور اللہ کی شریعت کے مطابق نہ ہو وہ باطل ہے''۔

اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۞ عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ ۞ تَصْلَى نَارًا حَامِيَةً ۞ تُسْقَى مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ﴾ (الغاشية: 2-5)

''کتنے منہ اس دن ذلیل ہونے والے ہیں، محنت کرنے والے تھکے ہوئے، گریں گے دہکتی ہوئی آگ میں، کھولتے ہوئے چشمے کا پانی پلایا جائے گا''۔

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ بہت سے لوگ دنیا میں ایسے کام کرتے ہوں گے جن کو وہ ثواب کا کام سمجھتے ہوں گے، چنانچہ وہ خود کو ان کاموں میں دن رات تھکاتے ہوں گے، لیکن چونکہ وہ آپ ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے راستے سے ہٹ کر ہو گا، اس لیے اللہ کے نزدیک قابل قبول نہیں ہو گا۔

سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ۞ الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا﴾ (الكهف: 103، 104)

---

[94] الصحيح لمسلم؛ الجزء ٩، كِتَاب الْأَقْضِيَةِ، بَاب نَقْضِ الْأَحْكَامِ الْبَاطِلَةِ وَرَدِّ مُحْدَثَاتِ الْأُمُورِ

''آپ کہہ دیجیے، کیا میں تمہیں اعمال کے اعتبار سے نقصان میں پڑنے والوں کا بتاؤں، جن کی کوششیں دنیا ہی میں رائیگاں گئیں اور وہ یہی سمجھتے رہے کہ وہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں''۔

اسی طرح سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿فَكَيْفَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَاءُوكَ يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا إِحْسَانًا وَتَوْفِيقًا﴾(النساء: 62)

''وہ (منافقین جو اپنے فیصلے غیر اللہ کے قانون سے کراتے ہیں) ان کو جب ان کے کرتوتوں کی وجہ سے کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ ہمارا ارادہ تو صرف بھلائی اور ملاپ کا تھا''۔

امام شوکانیؒ فرماتے ہیں کہ:

''(منافقین کا کہنا تھا کہ) آپ ﷺ کے علاوہ کسی اور کے پاس فیصلہ لے جانے سے ہمارا مقصد نیکی کا تھا، نہ کہ برائی کا، اور دونوں جھگڑا کرنے والوں کے مابین صلح کرانے کا تھا، نہ کہ آپ کی مخالفت کا''۔[95]

غیر اسلامی راستے سے اسلام کا غلبہ ممکن نہیں:

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَمَنْ يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ...﴾(النساء: 115)

''اور جو کوئی رسول ﷺ کی مخالفت کرے گا، بعد اس کے کہ اس کے سامنے ہدایت واضح ہو چکی، اور اہلِ ایمان کے راستے سے ہٹ کر چلے گا، ہم اس کو اسی کے حوالہ کر دیں گے جس کو اس نے اپنا بنایا ہے، اور ہم اس کو جہنم میں پہنچا دیں گے......''۔

علامہ ابن کثیرؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

[95] فتح القدیر

"أي ومن سلك غير طريق الشريعة التي جاء بها الرسول صلى الله عليه وسلم فصار في شق"۔

"یعنی جو کوئی محمد ﷺ کی لائی ہوئی شریعت سے ہٹ کر کسی اور راستہ پر چلا، تو وہ محمد ﷺ سے مخالفت میں پڑ گیا"۔

یعنی غیر اسلامی راستے سے اسلام کیسے آسکتا ہے؟ وہ تو محمد ﷺ کے راستے سے ہٹ کر پہلے ہی رسول ﷺ کی مخالفت مول لے بیٹھا، اور جو رسول ﷺ کی مخالفت مول لے لے، اس کو دنیا و آخرت میں کون کامیاب کر سکتا ہے؟ ایسوں کا انجام بقولِ شاعر

؎ نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم
نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے

جو چاہے دیکھ لے، الجزائر تا فلپائن عبرت کی داستانیں بکھری ہوئی ہیں۔ جنھوں نے رسول اللہ ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے راستے سے ہٹ کر اسلامی انقلاب لانا چاہا، ان کا کیا بنا؟ الجزائر کے بعد اب مصر کی عبرت ناک کہانی بھی نگاہوں کے سامنے ہے! اگرچہ آج بعض ممالک میں بعض قوتوں کو اسلام کے نام پر اقتدار مل گیا ہے، لیکن اسلام آج بھی جمہوریت کی پارلیمنٹ کا محتاج ہے، جس طرح اسلام کو منظور کرانے کے لیے پہلے در در کی ٹھوکریں کھانی پڑتی تھیں، انقلاب آنے کے بعد بھی محمد ﷺ کی شریعت پارلیمنٹ کی منظوری کی محتاج بنی ہوئی ہے۔ سو یاد رکھنا چاہیے کہ کسی نام نہاد مذہبی جماعت کو اقتدار مل جانے کا نام اسلامی انقلاب نہیں۔ اسلامی انقلاب کی نظیر دیکھنی ہو تو افغانستان میں طالبان کے نظام کو دیکھ لیتے!

ابن جریر طبریؒ اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

"وَيَتَّبِع طَرِيقًا غَيْر طَرِيق أَهْل التَّصْدِيق, وَيَسْلُك مِنْهَاجًا غَيْر مِنْهَاجهمْ, وَذَلِكَ هُوَ الْكُفْر بِاَللَّهِ, لِأَنَّ الْكُفْر بِاَللَّهِ وَرَسُوله غَيْر سَبِيل الْمُؤْمِنِينَ وَغَيْر مِنْهَاجهمْ"۔

"اور اہلِ ایمان کے راستے کے علاوہ دوسرے راستے پر چلے، اور ان کے منہج کے علاوہ کسی منہج کو اختیار کرے، یہ اللہ کے ساتھ کفر کرنا ہے، کیونکہ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کرنا، اہلِ ایمان کا راستہ اور ان کا منہج نہیں ہے"۔[96]

کیا اس جمہوریت کے باطل ہونے کے لیے اتنا ہی کافی نہیں کہ یہ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا راستہ نہیں ہے؟ اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے اس مقدس جماعت نے قتال فی سبیل اللہ کا راستہ اختیار کیا، جبکہ جمہوریت تو اس قتال فی سبیل اللہ کو حرام قرار دیتی ہے۔

نُوَلِّه ما تَولیٰ کا مطلب اور اہلِ جمہوریت کے لیے عبرت:

علامہ ابن کثیرؒ اس کا مطلب یوں بیان فرماتے ہیں:

"جب کوئی (اس شریعت کے علاوہ) کسی اور راستے پر چلتا ہے تو ہم اس کو اسی پر اس طرح چلا دیتے ہیں۔ اس کے دل میں اس راستے کو خوب صورت بنا دیتے ہیں اور مزین کر دیتے ہیں، استدراج کے طور پر۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: [مجھے اور اس بات کا انکار کرنے والوں کو چھوڑ دیجیے، میں ان کو آہستہ آہستہ جہنم کی طرف لے جاؤں گا کہ ان کو پتہ بھی نہ چلے گا][97] ...... اور اللہ تعالیٰ کا فرمان: [کہ جب وہ شک میں پڑ گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو شک میں ڈال دیا][98]"۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ فرماتے ہیں:

"أي نجعله في الدنيا واليا لما تولى من الضلال"۔

"یعنی جس گمراہی کو اس نے اختیار کیا ہے، ہم دنیا میں اس گمراہی کو اس کا دوست بنا دیتے ہیں"۔[99]

[96] جامع البيان في تأويل القرآن؛ الجزء ٩، محمد بن جرير بن يزيد بن كثير بن غالب الآملي، أبو جعفر الطبري

[97] القلم: ٤٤

[98] الصف: ٥

[99] تفسيرِ مظهري؛ تفسير سورة النساء: ١١٥

خلافت کا قیام چھوڑ کر اس کفریہ جمہوری نظام میں مگن لوگوں کی گمراہی کا سبب یہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں بیان فرمایا ہے۔ شیطان نے اس جمہوریت کے راستے کو ان کے سامنے اس قدر خوب صورت بنا دیا ہے کہ اس کو چھوڑنے کا اب تصور بھی نہیں کر سکتے، مگر وہ جو حق کا طلب گار ہو۔

جمہوریت کے جھنڈے اٹھانا حرام ہے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَغْضَبُ لِعَصَبَةٍ أَوْ يَدْعُو إِلَى عَصَبَةٍ أَوْ يَنْصُرُ عَصَبَةً فَقُتِلَ فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ"۔

"جس نے اندھے جھنڈے (یعنی جن کی حقیقت ہی لوگوں پر واضح نہ ہو) کے تحت قتال کیا، کسی تعصب کی وجہ سے غصہ ہوا، یا کسی عصبیت کی طرف لوگوں کو بلایا، یا تعصب کی بنیاد پر کسی کی مدد کی، اور (ان کاموں کے کرتے ہوئے) مارا گیا، تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہو گی"۔[100]

مفتیٔ اعظم دارالعلوم دیوبند، مفتی محمود حسن گنگوہیؒ، "فتاویٰ محمودیہ" میں سوال نمبر ۷۴۵۱ کے جواب میں فرماتے ہیں (یہ سوال جمہوری انتخابات سے متعلق تھا):

"حضورِ اکرم ﷺ کا جھنڈا اسلام کو بلند کرنے اور کفر کو شکست دینے کے لیے تھا، کیا آپ کے انتخابات میں بھی یہی مقصود ہے؟ کیا یہ سب جماعتیں آپس میں ایک دوسرے کا اسی طرح مقابلہ کرتی ہیں جس طرح اسلام و کفر کا مقابلہ تھا، کہ ہر ایک اپنے جھنڈے کو اسلامی جھنڈا اور دوسرے کے جھنڈے کو کفر کا جھنڈا قرار دے؟ العیاذ باللہ۔ اور کیا یہ انتخابات مروجہ طریقہ پر کرنا اسلامی تعلیمات و ہدایات کے تحت ہے، اور ان میں اسلامی احکام اور شرعی حدود کی رعایت کی جاتی ہے؟ ایک دوسرے کے خلاف تذلیل، تحقیر، تفسیق، تضحیک، تجہیل، تکذیب، افتراء، بہتان، غیبت...... کون سا گندا حربہ ایسا ہے جو استعمال

[100] الصحيح لمسلم: الجزء ٩، كِتَاب الْإِمَارَةِ، بَاب وُجُوبِ مُلَازَمَةِ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِينَ عِنْدَ ظُهُورِ الْفِتَنِ وَفِي كُلِّ حَالٍ وَتَحْرِيمِ الْخُرُوجِ عَلَى الطَّاعَةِ وَمُفَارَقَةِ الْجَمَاعَةِ

نہیں کیا جاتا؟ بسا اوقات تکفیر تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ پھر اس سب کو اسلامی جھنڈے کے تحت کرنا، اور ہر ایک کا اپنے جھنڈے کو اسلامی جھنڈا کہنا تو بہت ہی معیوب اور اسلام کو بدنام کرنا ہے"۔

(حررہ العبد محمود حسن عفی عنہ دار العلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دار العلوم دیوبند)

جمہوریت کفر ہے لیکن اس نظام میں شامل سب لوگ کافر نہیں!

اس میں کوئی شک نہیں کہ جمہوریت ایک مستقل دین ہے، چنانچہ یہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا کھلا انکار ہے۔ لیکن اس سے یہ مطلب لینا ہرگز درست نہیں ہوگا کہ جو شخص بھی اس نظام میں شریک نظر آئے اس پر آنکھیں بند کر کے کفر کا حکم لگا دیا جائے۔ کیونکہ کسی مسلمان کے قول یا عمل کا کفر ہونا ایک مسئلہ ہے اور اس قول یا فعل کے ارتکاب کے سبب خود اس شخص کو کافر قرار دینا دوسرا مسئلہ۔ اس نازک اور اہم فرق کی طرف متوجہ نہ ہونے اور افراد پر کفر کا حکم لگانے میں بے احتیاطی کرنے سے وہ غلو جنم لیتا ہے جسے نبی ﷺ نے امتوں کی ہلاکت کا باعث قرار دیا۔ ارشادِ نبیء کریم ﷺ ہے:

"يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِيَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِي الدِّينِ فَإِنَّهُ أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ الْغُلُوُّ فِي الدِّينِ"-

"اے لوگو! خبردار! دین میں غلو سے بچنا! کیونکہ تم سے پہلے لوگوں کو دین میں غلو ہی نے ہلاک کیا"۔[101]

محمد ﷺ کی شریعت میں یہ مستقل ایک بحث ہے جس کو تکفیرِ مطلق اور تکفیرِ معیّن کہا جاتا ہے۔ اور اس کی احتیاطیں بھی علماء نے بیان فرمائی ہیں۔

1. تکفیرِ مطلق: کسی کفریہ قول یا فعل کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ کفر ہے۔ اس میں اس قول یا فعل کا عام حکم بیان کیا جاتا ہے، کسی فرد کو خاص نہیں کیا جاتا۔
2. تکفیرِ معیّن: کسی کفریہ قول یا فعل کے مرتکب شخص کو خاص کر کے اس کو کافر کہنا۔ اس میں خاص فرد پر حکم لگایا جاتا ہے۔

---

[101] سنن ابن ماجه، كتاب المناسك، باب قدر حصى الرمي

موانعِ تکفیر (کسی خاص کلمہ گو کو کافر قرار دینے کی احتیاطیں):

موانعِ تکفیر سے مراد وہ رکاوٹیں ہیں جو کسی مرتکبِ کفر شخص کو کافر ہونے سے بچاتی ہیں۔ اگر کوئی کفریہ قول یا فعل کسی مسلمان سے سرزد ہو جائے تو شریعت ان پر ایک دم کافر ہونے کا حکم نہیں لگاتی بلکہ کچھ توقف کرتی ہے، یعنی کسی مسلمان کے کفریہ قول و فعل کے باوجود اس کو ایک دم کافر نہیں کہتی۔ بلکہ اس صورت میں بھی چند باتیں ایسی ہیں جو اس کو کافر ہونے سے بچا سکتی ہیں، جن میں سے اہم موانع کی طرف مختصر اشارہ یہاں کیے دیتے ہیں:

أ. عذرِ جہل:

جہالت یعنی لاعلمی کا عذر کسی مسلمان سے کفریہ قول یا کفر کا ارتکاب ہونے کے باوجود بہت سی صورتوں میں خود اس مسلمان کو کافر قرار دینے میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ اس بات کو تمام اہلِ علم نے فتوے کے اصول و آداب میں نقل کیا ہے۔ پھر بالخصوص جمہوریت جیسے مبنی بر دجل نظام کی بحث میں جہاں جمہوریت کی حقیقی شکل اور اس کے شرعی حکم سے جاہل ہونے کے بیسیوں اسباب آج موجود ہیں، بہت سے نامور علماء اس کے حق میں فتاویٰ دے چکے ہیں جس کے سبب عوام مغالطے میں پڑ گئے ہیں، جمہوریت کی مخالفت کرنے والے علماء کے بزور گلے گھونٹ کر ان کی آواز عام مسلمان تک پہنچنے سے روکی جا رہی ہے......ان سب حالات کو سامنے رکھا جائے تو یقیناً کسی فرد کے جمہوریت کو درست سمجھنے یا جمہوری نظام میں شامل ہونے کی بناء پر اسے کافر قرار دینے سے قبل جہالت کے عذر کو سامنے رکھنا مفتی کی اہم ذمہ داری ہے۔ کم از کم جو لوگ اس نظام کی حقیقت کو نہیں سمجھتے یا اس کا کفران پر واضح نہیں ہوا، وہ معذور قرار دیے جائیں گے اور اگرچہ وہ ایک نہایت خطرناک جرم میں مبتلا ہیں لیکن ان پر کفر کا فتوی لگانے سے قبل توقف اختیار کرنا، تحقیق کرنا اور جہل دور کرنا ضروری ہے۔

علامہ انور شاہ کاشمیریؒ فرماتے ہیں:

''الاشباہ والنظائر'' کے فن 'الجمع والفرق' میں اور 'الیتیمہ' میں مذکور ہے:

''جس شخص نے اپنی جہالت کی بناء پر یہ گمان کر لیا کہ جو حرام و ممنوع فعل میں نے کیے ہیں وہ میرے لیے حلال و جائز ہیں، تو اگر وہ (افعال و اعمال) ان امور میں سے ہیں جن کا

دینِ رسول اللہ ﷺ سے ہونا قطعی اور یقینی طور پر معلوم ہے (یعنی ضروریاتِ دین میں سے ہیں) تو اس شخص کو کافر کہا جائے گا، ورنہ نہیں"۔[102]

ب. اکراہ یعنی مجبوری:

کسی کفر کو کرنے کے لیے جان سے مارنے یا جسم کا اساسی عضو تلف کرنے کی دھمکی دی جائے اور غالب گمان بھی یہ ہو کہ اگر اس نے کلمۂ کفر نہیں کہا تو اسے قتل کر دیا جائے گا یا اس کے جسم کا کوئی اساسی عضو تلف کر دیا جائے گا، ایسی صورت میں کلمۂ کفر اس شرط کے ساتھ کہنے کی اجازت ہے کہ اس کا دل ایمان پر جما ہوا اور مطمئن ہو۔ ہاں، افضل یہی ہے کہ کلمۂ کفر کی بجائے وہ شہید ہو جانے کو ترجیح دے۔ ایسے جبر کو شریعت کی اصطلاح میں "اکراہ" کہتے ہیں۔ البتہ واضح رہے کہ "مجبوری" (اکراہ) کی وجہ سے ہر جرم کے ارتکاب کی اجازت نہیں دی جاسکتی، جیسا کہ اپنی جان بچانے کے لیے کسی دوسرے مسلمان کی ناحق جان لینا، اپنا ملک بچانے کے لیے دیگر مسلمانوں کے خلاف کافروں کا ساتھ دینا وغیرہ؛ مجبوری کا عذر بنا کر یہ سب شنیع اعمال کرنا درست نہیں ہوگا۔ پس اکراہ بھی کسی کی تکفیر میں مانع ہو سکتا ہے، یہ ایک مفصل بحث ہے جس کی تفصیل فقہ کی کتابوں میں دیکھی جاسکتی ہے۔

ج. تاویل کا عذر:

کسی مسلمان میں کفریہ چیز پائی جانے کے باوجود اس کو کافر قرار دیے جانے میں ایک رکاوٹ "تاویل" بھی ہوسکتی ہے۔ مثلاً کسی کا یہ تاویل کر کے جمہوریت میں اترنا کہ اگرچہ وہ اس نظام کو غلط سمجھتا ہے لیکن چونکہ اس کے خیال میں اسلامی حکومت قائم کرنے کا کوئی دوسرا راستہ باقی نہیں بچا اس لیے وہ اس کے ذریعے سے شریعت لانے کی کوشش کرے گا۔ اگرچہ ہمیں اس تاویل سے اختلاف ہے اور اس تاویل کو غلط ثابت کرنے کے لیے درجنوں دلائل دینا ممکن ہے، اور اگرچہ اس تاویل کے ساتھ بھی اس غلیظ کفریہ نظام میں شریک ہونا ایک سنگین جرم ہے، لیکن یہ تاویل بہت سی صورتوں میں جمہوریت میں شریک شخص کو کافر قرار دیے جانے سے روک دیتی ہے ۔ یہی تاویل وہ فرق ہے جو سیکولر دین دشمن جماعتوں اور جمہوریت میں شریک دینی جماعتوں میں فرق کرنے کا

---

[102] اکفار الملحدین؛ ص: ۱۹۷

باعث ہے۔ اور یہ تفریق کرنا اور سب کو بلا تفریق ایک ہی لاٹھی سے ہانکنے سے رکنا ضروری بھی ہے۔ الغرض، تاویل بھی کسی کو کافر قرار دینے میں مانع ہو سکتی ہے، البتہ شریعت میں اس کی تفصیل بھی موجود ہے کہ کون سی تاویل قابل قبول ہے اور کن مواقع پر۔

کسی پر کفر کا حکم لگانا عام آدمی کا کام نہیں :

بعض موانعِ تکفیر کا بیان ہم نے یہاں اختصار سے کر دیا تاکہ ہمارے قارئین اس فرق کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیں کہ کتاب میں دی گئی ساری بحث بنیادی طور پر اس نظامِ جمہوریت و دینِ جمہوریت کا کفر ثابت کر رہی ہے۔ لیکن اس میں شریک متعین افراد یا جماعتوں پر حکم لگانا یہاں ہمارے پیشِ نظر نہیں۔ نیز جمہوریت کو کفر کہنے سے سیدھا یہ لازم نہیں آتا کہ اس میں کسی بھی سطح پر اور کسی بھی انداز سے شریک ہونے والے تمام لوگ ہمارے نزدیک بلا تفریق دین سے خارج ہو گئے ہیں۔ یہ نہ تو ہم نے کہا ہے اور نہ ایسی غیر محتاط اور مبنی بر غلو آراء اختیار کرنا مجاہدین کا طریقہ ہے۔ اس کتاب سے ایسا کوئی مفہوم اخذ کرنا ہرگز درست نہیں ہو گا۔ ہاں، ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ اپنی محبوب امت کو جمہوریت کی خطرناکی سے اچھی طرح خبردار کریں اور جمہوریت کا اصل بھیانک ایمان شکن چہرہ کھول کھول کر امت کے سامنے رکھیں تاکہ وہ اس موذی مرض سے خود کو محفوظ کرے اور اس کے خلاف جدوجہد کرے۔

نیز یہاں قارئین کے سامنے نبی کریم ﷺ کا یہ مبارک فرمان بھی رہنا چاہیے کہ:

"إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِأَخِيهِ يَا كَافِرُ فَقَدْ بَاءَ بِهِ أَحَدُهُمَا"۔

"جس نے اپنے مسلمان بھائی کو کافر کہا تو یہ کفران دونوں میں سے ایک کی طرف لوٹے گا"۔[103]

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس کو کافر کہا گیا ہے، اگر اس میں واقعی کوئی کفریہ بات ہے تو پھر تو وہ کافر ہے، لیکن اگر اس میں کوئی کفریہ بات نہیں ہے، اور اس نے بغیر تحقیق کے اس کو کافر کہہ دیا، تو پھر اب یہ کہنے والا خود ایک بہت سنگین گناہ کا مرتکب ہوا ہے۔[104]

---

١٠٣ صحيح البخاري؛ الجزء ١٩؛ كِتَاب الْأَدَبِ، بَاب مَنْ كَفَّرَ أَخَاهُ بِغَيْرِ تَأْوِيلٍ فَهُوَ كَمَا قَالَ
الصحيح لمسلم؛ الجزء الأول، كِتَاب الْإِيمَانِ، بَاب بَيَانِ حَالِ إِيمَانِ مَنْ قَالَ لِأَخِيهِ الْمُسْلِمِ يَا كَافِرُ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"لا يجتمع رجلان في الجنة أحدهما قال لأخيه: يا كافر"۔

''وہ دو آدمی جنت میں اکٹھے نہیں ہوں گے جن میں سے ایک نے دوسرے مسلمان بھائی کو کافر کہا''۔[105]

یعنی جس کسی نے کسی مسلمان کو کافر کہا (جس کے اندر کوئی کفریہ بات نہیں تھی) تو یہ کہنے والا ایسا عمل کر گیا جو اسے جنت سے محروم کر سکتا ہے۔

پس اگر کوئی شخص کسی کفر میں مبتلا ہے تو عام آدمی اس وقت تک اس کو کافر نہ کہے جب تک علمائے حق اس کے کافر ہونے کا فتویٰ نہ دیں، البتہ اس کفریہ عمل کو کفر ضرور کہا جائے گا۔

یوں تکفیر کی بحث کے اعتبار سے لوگوں کو ہم تین درجوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

أ. عام مسلمان: کسی بھی عام مسلمان کے لیے (خواہ مجاہد ہی کیوں نہ ہو)، جائز نہیں کہ وہ ان مباحث کو پڑھ کر عام لوگوں پر یا کسی عالم پر کفر کے فتوے لگاتا پھرے۔ ایسا کرنا یقیناً اس کے ایمان کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ لہٰذا غیر عالم کو صرف اتنا کرنا ہے کہ خود کو اور اپنے گھر والوں اور اقارب کو اس کفر سے بچانا ہے، نہ کہ دوسروں پر حکم لگانا۔

ب. عالم: اہلِ علم حضرات خود کو اس کفر سے بچائیں اور جمہوریت کا کفر لوگوں کے سامنے بیان کریں۔ البتہ کسی خاص جماعت، افراد یا کسی عالم پر کفر کا حکم لگانا ہر عالمِ دین کا کام بھی نہیں کیونکہ اس کام کے لیے علم میں گہرائی و رسوخ کی ایک خاص سطح درکار ہے، جو کم کم علماء کو میسر ہوتی ہے۔

---

[104] حدیث میں کفر کے واپس لوٹ آنے سے مراد یہ نہیں کہ وہ کہنے والا خود کافر ہو گیا، بلکہ گناہ کی شدت بیان کرنا مقصود ہے۔ فتح الباری لابن حجرؒ میں اس حدیث کی شرح میں راجح قول یہ لکھا ہے کہ: ''وَالْحَاصِل أَنَّ الْمَقُول لَهُ إِنْ كَانَ كَافِرًا كُفْرًا شَرْعِيًّا فَقَدْ صَدَقَ الْقَائِل وَذَهَبَ بِهَا الْمَقُول لَهُ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ رَجَعَتْ لِلْقَائِلِ مَعَرَّة ذَلِكَ الْقَوْل وَإِثْمه ، كَذَا اِقْتَصَرَ عَلَى هَذَا التَّأْوِيل فِي رَجَعَ، وَهُوَ مِنْ أَعْدَل الْأَجْوِبَة''۔

[105] مسند إسحاق بن راهويه؛ الجزء الأول، ص: ٣٦٢

ج. محقق علماء: کسی کو کافر کہنا، یہ ہر کس و ناکس کا کام نہیں، بلکہ انتہائی نازک مسئلہ ہے۔ چنانچہ محقق علماء ہی اس بات کے زیادہ حق دار ہیں کہ وہ اللہ کے معاملے میں ملامت کرنے والوں کی ملامت کی پروا نہ کریں اور قیامت کے دن کتمانِ حق کے جرم میں پکڑ لیے جانے سے ڈریں۔ دلی جذبات، نفسانی خواہشات، ذاتی رغبتوں، سب کو ایک طرف رکھ کر علمی قواعد اور فتوے کے آداب و اصولوں کے مطابق حق کو ہر حال میں بیان کریں، خواہ اہلِ اقتدار اور خود ہی الٰہ و رب بن جانے والوں کو کتنا ہی ناگوار کیوں نہ لگے۔ ایک دن سب کو معبودِ حقیقی کے سامنے جا کھڑا ہونا ہے، کامیاب وہی ہے جو اس کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈر جائے اور دنیا کی ہر قوت کے خوف سے آزاد ہو جائے۔ آج بھی موت و زندگی وہی بانٹتا ہے، ہر چیز پر اسی کی بادشاہت ہے۔ جیلوں میں زہر کے ٹیکے لگانے والے، علمائے حق اور مجاہدین کو شہید کر کے سڑکوں پر پھینک دینے والے کچھ بھی نہیں۔

جمہوریت اور بعض علماء:

یہاں یہ سوال یقیناً کیا جائے گا کہ اگر یہ جمہوریت کفر ہے تو پھر بعض علمائے کرام اس نظام میں کیوں شریک ہوتے ہیں، اور ان کا کیا حکم ہے؟

وہ علماء جو اس نظام میں شریک ہوئے اور اب اس دنیا سے جا چکے، ان کے بارے میں ہم یہی کہیں گے کہ ان پر اس جمہوری نظام کا کفر واضح نہیں ہوا تھا۔ لہٰذا شریعت میں یہ ایک عذر ہے، اور عذر کے ہوتے ہوئے کسی خاص شخص کی تکفیر نہیں کی جاسکتی۔ نیز ان میں سے کئی مشہور شخصیات کے بارے میں یہ شہادتیں بھی موجود ہیں کہ آخر میں انہوں نے اس جمہوریت سے برأت کی تھی۔

کسی کفر کا ظاہر ہونا نہ ہونا، اس کفر کا کسی پر پہلے ظاہر ہونا کسی پر بعد میں، یہ کسی کے تقویٰ اور علم کے منافی نہیں۔ اس بحث میں یہ کہنا بے کار بات ہے کہ اگر جمہوریت کفر ہوتی تو تمام بڑے علماء اس کو کفر کیوں نہیں کہتے؟

یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ نے حق و باطل کو واضح کرنے اور دینِ مبین پر آنے والے گرد و غبار کو صاف کرنے کے لیے ہر دور میں مخصوص شخصیات کا انتخاب فرمایا، جو اللہ کا فضل ہے جس کو مل جائے۔

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ، جن کو جبریل امین نے حق و باطل کو الگ کرنے والے (فاروق)

کا خطاب دیا، لیکن مانعینِ زکوٰۃ کے خلاف جب سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قتال کا اعلان فرمایا تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرمانے لگے، کیا آپ ان لوگوں سے قتال کریں گے جو کلمہ پڑھتے ہیں؟ بعد میں خود ہی فرماتے ہیں کہ اللہ نے ابو بکر کے سینے کو کھول دیا تھا۔ اس واقعہ کی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی فضیلت کم نہیں ہو سکتی، لیکن یہ اللہ کی سنت ہے کہ پہلے مرحلے میں کسی ایک شخص یا ایک جماعت کے سینے پر رحمت کی تجلیات پڑتی ہیں۔

تاریخِ اسلام اٹھا کر دیکھیے۔ خلافت کو نبوت کے طریقے پر لانے کے لیے سیدنا حضرتِ حسین رضی اللہ عنہ، فتنۂ خلقِ قرآن میں امام احمد بن حنبلؒ، صلیبیوں کے فتنے کے خلاف سلطان صلاح الدین ایوبیؒ، عالمِ اسلام کو فتنۂ تاتار کے اثرات سے بچانے کے لیے شیخ الاسلام، مجاہدِ میدان، حق پر جیل اور جیل سے ملاقاتِ محبوب کی طرف رحلت کرنے والا، امام ابو حنیفہؒ و امام احمد بن حنبلؒ کا سچا جانشین...... امام ابن تیمیہؒ، دینِ اکبری کے خلاف مجدد الف ثانیؒ، برِ صغیر میں حکومتی زوال کو علم و یقین کی قوت سے مستحکم کرنے والا شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، اسلامی ہند میں شریعت کی خاطر جہاد و قتال کی بناء ڈالنے والا سید احمد بریلویؒ، طاقت ور دشمن کے مقابلے عددی قوت کے عذر کو رد کر کے شاملی کے میدان میں نکل کھڑے ہونے والا قاسم نانوتویؒ، شیعیت کے اس چھپے کفر کو ظاہر کرنے والا حق نواز جھنگویؒ، جبکہ شیعیت اہلِ سنت کے گھروں میں نقب لگانے میں کامیاب ہو چکی تھی، قرآن و سنت کی طرز پر خالص اسلامی ریاست قائم کرنے والا امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد حفظہ اللہ، جبکہ اہلِ علم بھی اس کے عملی قیام سے مایوس ہو چکے تھے اور خلافت کو درس و تدریس سے بھی خارج کیا جا چکا تھا...... أنا ربكم الاعلیٰ کہنے والے فرعون، امریکہ کو للکار کر اس کا غرور پنٹاگون و ورلڈ ٹریڈ سینٹر کے ملبے میں دفنا دینے والا شہیدِ امت، اسامہ بن لادنؒ، پرویز مشرف اور اس کی فوج کے کفر کو للکارنے والا، امامِ وقت...... غازی عبد الرشید شہیدؒ...... فہرست تو بہت طویل ہے، لیکن میری قوم اگر ان چند ہی کے احسانات کا قرض اتار سکے!

یہ تمام تاریخ ہمیں یہ سمجھانے کے لیے کافی ہونی چاہیے کہ ہر دور میں کسی بھی فتنے کے خلاف ابتداء میں کسی ایک ہی شخصیت کا انتخاب کیا جاتا ہے، اس کے بعد آسمانوں میں ان کی قبولیت کا اعلان کر دیا جاتا ہے۔ سو سعادت و خوش قسمتی ہوتی ہے ان کے لیے جو حق و باطل کے واضح ہو جانے کے بعد باطل سے بغاوت کر کے حق والوں کے ساتھ ہو جاتے ہیں، اور بد بختی و شقاوت ان کے حصہ میں

آتی ہے جو صرف عناد و ہٹ دھرمی میں حق کو قبول نہیں کرتے۔

چنانچہ جمہوریت کو صرف اس وجہ سے کفر نہ ماننا کہ بڑے بڑے علماء نے اس کو کفر نہیں کہا، کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس سے یہ لازم آتا ہے کہ ہم علماء پر لعن طعن شروع کر دیں۔

علامہ ذھبیؒ فرماتے ہیں:

"إن الكبير من أئمة العلم إذا كثر صوابه وعُلم تحرّيه للحق واتساع علمه، وظهر ذكاؤه وعرف صلاحه وورعه واتباعه، تغفر زلاته ولا نضلله ونطرحه وننسى محاسنه، نعم ولا نقتدي به في بدعته وخطئه ونرجو له التوبة من ذلک"۔

"اکابر علماء اور ائمہ ءعلم میں سے جس کی بیشتر آراء کی درستی، اس کی حق تک پہنچنے کی تڑپ، علم کی وسعت، ذہانت و فہم کی گہرائی، دین داری و تقویٰ اور اتباعِ حق کا جذبہ معلوم ہو، اس کی غلطیوں سے درگزر کیا جائے گا اور نہ تو اسے گمراہ کہا جائے گا، نہ ہی اٹھا کر پھینک دیا جائے گا اور نہ ہی اس (کی غلطیوں کے سبب اس) کے محاسن بھلائے جائیں گے۔ ہاں، مگر ہم اس کی بدعت یا اس کی خطاء میں اس کی اتباع نہیں کریں گے اور اللہ سے امید رکھیں گے کہ وہ اس کی غلطیوں کو معاف فرمائیں گے"۔[106]

چنانچہ جو علماء اس جمہوریت میں شریک ہوئے، اور اب اس دنیا میں نہیں رہے، ان کے بارے میں ہم یہی کہیں گے کہ اس کا کفران پر کھلا نہیں تھا۔ نیز اس بحث کو طول دینا نہ ہماری دعوت کے لیے فائدہ مند ہے اور نہ ہی یہ ہمارا موضوع ہے، اس معاملے میں بھی ہمیں اپنے اسلاف کا دامنِ اعتدال نہیں چھوڑنا چاہیے جو ایسے امور میں بس اتنا جواب دے دیتے کہ، "تلك أمة قد خلت لها ما كسبت ولكم ما كسبتم"، (وہ ایک امت تھی جو گزر گئی، جو انہوں نے کیا وہ ان کے لیے، اور جو کچھ تم کرو گے وہ تمہارے ساتھ جائے گا)۔ اصل مسئلہ یہی ہے کہ ہم خود کو اور اپنے گھر والوں کو اس کفر سے بچانے کی کوشش کریں۔

---

[106] العمل الإسلامي بين دواعي الإجتماع ودعاة النزاع، إعداد: مركز الدراسات والبحوث الإسلامية في باكستان، مع تقديم الشيخ أسامة بن لادن رحمه الله، ص:٦٢

مسئلۂ تکفیر میں علماء کے مابین نرمی اور شدت کی حقیقت:

علامہ انور شاہ کاشمیری ؒ نے اس بات کو بہت آسان الفاظ میں سمجھایا ہے۔ فرماتے ہیں:

"اور یا یہ اختلاف اربابِ تصانیف کے اختلافِ حالات پر مبنی ہے۔ چنانچہ جس مصنف کا جس گمراہ فرقے سے سابقہ پڑا، اور اسے ان کی گمراہی کی تہہ تک پہنچنے کا موقع ملا، اور ان کے فاسد عقائد و اعمال سے دین کو نقصان پہنچنے کا اسے علم و یقین ہوا، اس نے ان کے بارے میں شدت اختیار کی، اور ایسی شدید تردید کی کہ دھجیاں اڑا دیں اور نام و نشان تک باقی نہ رہنے دیا۔ اور جس مصنف کو ایسا سابقہ نہیں پڑا، اور گمراہی کی گہرائی تک پہنچنے کا موقع نہ ملا، اس نے از روئے احتیاط، مسلمان اور اہلِ قبلہ سمجھ کر بر بنا اصل، کافر کہنے سے احتراز کیا"۔[107]

عوام کے لیے علماء کی اتباع کا ضابطہ

اب مسئلہ یہ ہے کہ ایسے نازک وقت میں عوام کیا کریں؟ عام مسلمان دیکھتا ہے کہ اس جمہوریت کا جھنڈا اٹھانے والوں میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جن کو علماء کہا جاتا ہے۔ بلکہ ان کے پیچھے چلنے والوں کی اچھی خاصی تعداد موجود ہے۔

اس بارے میں مفتی شفیع صاحب ؒ نے انتہائی عمدہ بات بیان فرمائی ہے۔ معارف القرآن، سورۂ مائدہ میں ان آیات کی تفسیر کے بعد معارف و مسائل میں فرماتے ہیں:

"اس میں جس طرح تحریف کرنے والوں اور احکامِ خدا اور سول میں غلط چیزیں شامل کرنے والوں کے لیے وعیدیں ہیں، اسی طرح ان لوگوں کو بھی سخت مجرم قرار دیا ہے جو ایسے لوگوں کو امام بنا کر موضوع اور غلط روایات سننے کے عادی ہو گئے ہیں۔ اس میں مسلمانوں کے لیے ایک اہم اصولی ہدایت یہ ہے کہ اگرچہ جاہل عوام کے لیے دین پر عمل کرنے کا راستہ صرف یہی ہے کہ علماء کے فتوے اور تعلیم پر عمل کریں، لیکن اس ذمہ داری سے عوام

---

[107] اکفار الملحدین؛ ص: ۲۸۹

بھی بری نہیں کہ فتویٰ لینے اور عمل کرنے سے پہلے اپنے مقتداؤں کے متعلق اتنی تو تحقیق کرلیں جتنی کوئی بیمار کسی ڈاکٹر یا حکیم سے رجوع کرنے سے پہلے کیا کرتا ہے، کہ جاننے والوں سے تحقیق کرتا ہے کہ اس مرض کے لیے کون سا ڈاکٹر ماہر ہے، کون سا حکیم اچھا ہے، اس کی ڈگریاں کیا کیا ہیں، اس کے مطب میں جانے والے اور اس کے زیرِ علاج لوگوں پر کیا گزرتی ہے......اپنی امکانی تحقیق کے بعد بھی اگر وہ کسی غلط ڈاکٹر یا حکیم کے جال میں پھنس گیا یا اس نے کوئی غلطی کر دی، تو عقلاء کے نزدیک وہ قابل ملامت نہیں ہوتا۔ لیکن جو شخص بلا تحقیق کسی عطائی کے جال میں جا پھنسا اور پھر کسی مصیبت میں گرفتار ہوا، تو عقلاء کے نزدیک وہ خود اپنی خودکشی کا ذمہ دار ہے۔ یہی حال عوام کے لیے دینی امور کے بارے میں ہے''۔

غیر اسلامی نظاموں نے دنیا کو کیا دیا:

عقلی طور پر بھی اگر اس جمہوری نظام کو دیکھا جائے تو صاف پتہ چلتا ہے کہ یہ انسانیت دشمن نظام ہے۔ اس میں ایک مخصوص طبقے کے مفادات کا تحفظ کیا جاتا ہے، یہی اقلیتی طبقہ ہر ملک میں حکمرانی کرتا ہے، جبکہ عوام کی حالت کولہو کے اس بیل کی سی ہوتی ہے جو سالہا سال کولہو میں جتا رہتا ہے، وہ سمجھ رہا ہوتا ہے کہ سفر کٹ رہا ہے اور وہ جانبِ منزل رواں دواں ہے، لیکن جب آنکھیں کھلتی ہیں تو وہیں کا وہیں کھڑا ہوتا ہے جہاں سے سفر شروع کیا تھا۔

اس نظام میں نام اگرچہ عوامی حکمرانی کا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں موجود ایک اقلیتی طبقے نے اس نظام کے ذریعے عوام کو بھیڑ بکریوں کی طرح ہنکایا ہوا ہے۔ اہلِ یورپ کی حالت یہ ہے کہ ان کا بچہ بچہ ملٹی نیشنلز کے سود خوروں کا مقروض ہے؟ زمینیں ان کی ملکیت سے نکل چکی ہیں، غذائی مواد پر عیسائیت کے دشمنوں کا قبضہ ہے، یہاں تک کہ پینے کے پانی تک پر بھی ملٹی نیشنلز کی اجارہ داری ہے۔ خود امریکی عوام کو اس نظام کے ذریعے انہی قوتوں نے اس کتے کی طرح بنا کر رکھا ہے جس کی زندگی کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں ہوتا کہ وہ اپنے مالک (ملٹی نیشنلز) کے مفادات کی نگہبانی کرتا رہے۔ مالک کے دشمنوں پر بھونکنا، ان پر جھپٹنا اور مالک کے لیے لڑنا...... صرف اس قیمت پر کہ ان کا مالک ان کو چند ہڈیاں ڈال دیتا ہے۔

امریکی عوام بھی ملٹی نیشنلز کے لیے پالتو کتے کا کام کر رہی ہے۔ جہاں ان کے آقا چاہتے ہیں ان کو

جھونک دیتے ہیں۔ یہ جمہوری نظام کا کارنامہ ہے جہاں اصل حکمران دو فیصد اقلیتی طبقہ ہوتا ہے۔ نیز اس نظام کی یہ خاصیت ہے کہ یہ صرف محکوم قوموں کے جسموں پر ہی حکمرانی نہیں کرتا، بلکہ ان کی سوچ وافکار اور نظریات وخیالات بھی جمہوریت کی غلامی میں لت پت ہوتے ہیں۔ چنانچہ محکوم عوام کو صرف نعروں، وعدوں اور تخیلات کی دنیا میں مگن رکھا جاتا ہے۔

جمہوری نظام کی اس جدید تاریخ کا مطالعہ کیجیے اور بتائیے کہ یورپ و امریکہ سمیت اس نظام نے عام انسان کو کیا دیا؟ اللہ تعالیٰ سے جنگ کرکے آخرت تو تباہ کی ہی، دنیا میں بھی کیا ملا...... ذلت و رسوائی، انسانیت کی دشمن قوم کی غلامی، چرچ پر یہود کی بالادستی، دو عالمی جنگیں، کروڑوں انسانوں کا قتل، امریکہ میں کروڑوں ریڈ انڈین کی نسل کشی، آسٹریلیا میں اس کے اصل باشندوں کا مکمل خاتمہ، یہودی ساہوکاروں کی محتاجی، انسان کے اجتماعی معاملات میں مذہبی تعلیمات کا خاتمہ، آزادی کے نام پر گھروں اور معاشرے کی ٹوٹ پھوٹ۔

یہ ایسا ظالمانہ نظام ہے جس کے ذریعے عوام الناس کو مقتدر قوتیں کولہو کے بیل کی طرح ہنکائے چلی جاتی ہیں۔ جس طرح کولہو کے بیل کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر اس کو کولہو میں جوت دیا جاتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ وہ منزل طے کر رہا ہے لیکن جب آنکھیں کھلتی ہیں تو بے چارہ وہیں کا وہیں کھڑا ہوتا ہے۔ یہی حال جدید دور کے انسان کا ہے، جو یہودی ساہوکاروں کے بنائے نظام کے کولہو میں سالہا سال سے جتا ہوا ہے لیکن بے فائدہ۔ اس نظام کے چلانے والے عوام کو یہی دھوکہ دیتے رہتے ہیں کہ منزل قریب آ رہی ہے، لیکن چار پانچ سال بعد عوام کی آنکھ کھلتی ہے تو وہ دیکھتے ہیں کہ جہاں سے سفر شروع کیا تھا ابھی بھی وہیں ہیں، بلکہ اور بھی پیچھے۔

جمہوریت رہے یا آمریت، نظام تو ایک ہی ہے......، عوام کو بے وقوف بنا کر مقتدر قوتوں کو مزید طاقتور بنانا۔ ہر شخص اگر پیچھے پلٹ کر دیکھے تو اس کو معلوم ہو جائے گا کہ ان نظاموں سے اس کو کیا ملا۔

جہاں تک تعلق امتِ مسلمہ کا ہے تو خلافت سے محروم ہونے کے بعد یہ امت اس جدید نظام میں یتیمی کی زندگی گزار رہی ہے جہاں اس کا کوئی پرسانِ حال نہیں۔ جو آتا ہے دلاسے دیتا ہے، پچکارتا ہے اور لوٹ جاتا ہے، پھر جمہوریت کے حسن بازار میں کوئی نیا چہرہ نمودار ہوتا ہے، عوام کے لطیف جذبات کو چھیڑتا ہے، جوش دلاتا ہے اور پھر ڈنک مار کر چلتا بنتا ہے۔

عالمِ اسلام پر ایسے ناپاک طبقے کو مسلط کر دیا گیا ہے جو ہماری زبان سے زیادہ اپنے گورے آقاؤں کی زبان، تہذیب اور انہی کی ثقافت کا دلدادہ ہے۔ جس امت کو خلافتِ اسلامیہ کی چھتری تلے زندگی گزارنی فرض تھی، آج وہ امت اقوامِ متحدہ کی عالمی کفریہ حکومت کے تحت زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ بین الاقوامی سودی مالیاتی اداروں کے تحت اس کا کاروبار و روزگار ہوتا ہے...... اللہ کو چھوڑ کر غیر اللہ کو نظامِ زندگی بنانے کا حق دیا گیا ہے...... اللہ کے قرآن کو اتنا کمتر ثابت کیا کہ جب تک انسانوں کی بنائی پارلیمنٹ اس کو منظور نہ کر دے تب تک اللہ کی سچی کتاب کے قوانین کو آئین کا حصہ نہیں بنایا جا سکتا...... اللہ کے قانون کے علاوہ سے فیصلہ کرنے والی عدالتوں کو پولیس و فوج کی قوت سے محمد ﷺ کی امت پر مسلط کیا گیا ہے۔

اس نظام نے عالمِ اسلام کو دیا کیا ہے؟ اسلامی شان و شوکت کی جگہ امریکہ و بھارت کی غلامی...... صنعت و ٹیکنالوجی پر بالادستی کی بجائے معاشی و اقتصادی زبوں حالی......؟ دنیا پر حکمرانی تو کجا خود اپنے ملکوں میں بھی ان کے انگریز آقا ان پر حکومت کرتے ہیں...... انگریز کا پیدا کردہ وہ طبقہ جن میں سے کئی ایک کا تو شجرۂ نسب بھی محفوظ نہیں؟ اس طبقے کو پورے عالمِ اسلام پر اس طرح مسلط کیا گیا ہے کہ وہ اس سے جونک کی طرح چمٹا ہوا ہے۔ ملک لوٹتے ہیں...... قوم کو بیچ ڈالتے ہیں، ملی غیرت کو عالمی منڈی میں نیلام کرتے ہیں اور پھر ''باعزت طریقے'' سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ یہ نظام تیس تیس سال ان کی حفاظت کرتا ہے...... کبھی نظام کو بچانا پڑے تو ان کٹھ پتلیوں کی بلی بھی چڑھا دی جاتی ہے۔

یہ جمہوری نظام ہی ہے جس نے علماء کو معاشرے کا کمتر فرد بنا کر رکھ دیا ہے جبکہ فساق و فجار کو معزز، مہذب اور ممتاز (Elite) قرار دیا گیا۔ جو اللہ کے قانون سے جاہل ہے وہ جج بنا اور اللہ کے قانون کے عالم کو فیصلے کا اختیار تک نہیں دیا...... اس نظام نے شریفوں سے ان کی شرافت چھین لی...... آزادی کے نام پر معاشرے کو بے حیائی، فحاشی و عریانی کے جوہڑ میں جا گرایا...... اخلاقی قدروں سے محروم کیا...... باعزت اور سفید پوش گھرانوں کی عورتوں کو گھر سے نکلنے پر مجبور کیا...... جس عورت کو اسلام گھر کی ملکہ اور شہزادی کا درجہ دیتا ہے، اس نظام نے اس کو مردوں کی حیوانی خواہشات کی تسکین کا سامان فراہم کرنے والی ایک مشین بنا دیا...... یہی وہ انسانیت کا دشمن نظام ہے جس نے متوسط طبقے کے گھر کے سکون کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا ہے۔

مسلمانوں سے دو وقت کی روٹی کس نے چھینی؟ جب دنیا میں خلافت قائم تھی تو برّصغیر کا مسلم صنعت کار دنیا پر چھایا ہوا تھا...... اس وقت سارا یورپ خوراک کے لیے بھی ہمارے کاشت کار کا محتاج تھا...... جبکہ جمہوریت نے نہ صنعت چھوڑی نہ زراعت...... ملک کی بڑی بڑی صنعتیں ٹھپ ہو گئیں...... زراعت تباہ و برباد ہو گئی...... ہم زرعی ملک ہونے کے باوجود چاول، گندم اور چینی کو روتے ہیں...... نوبت یہاں تک آ پہنچی کہ روزگار ختم ہو گئے...... ایک عام دکاندار کی دکانداری تک کو تباہ کر دیا گیا۔

عوام کے پاس پینے کے لیے پانی نہیں، بھوک سے بلکتے بچوں کا پیٹ بھرنے کے لیے کھانا نہیں، راشن ہو بھی تو کھانا پکانے کے لیے گیس نہیں...... جبکہ مقتدر طبقے کے بچے صبح سے شام تک صرف پیزا اور برگر پر پانچ سے دس ہزار تک اڑا دیں...... پانی کی جگہ جوس پئیں...... کھانا مانگیں تو موتی ملیں...... کیا اس ملک کے عوام بھی انسان نہیں؟ کیا وہ قوم کی ماؤں کی کوکھ سے جنم لینے والے کیڑے مکوڑے ہیں؟

عوام اپنا حق مانگنے کے لیے سڑکوں پر نکلیں تو ڈنڈے کھائیں، پولیس ہمارے سفید ریش بزرگوں کو سڑکوں پر یوں گھسیٹے جیسے بھارتی پولیس...... فوج ہمارے ہی بچوں کو سرِ عام شاہراہوں پر کھڑا کر کے گولیوں سے بھون ڈالے گویا پاکستان نہیں مقبوضہ کشمیر ہو...... ملک وہ لوٹیں، بہنوں بیٹیوں کو وہ بیچیں، ملک سے غداری وہ کریں اور جیلیں ہم کاٹیں...... عدالتوں میں ہم رسوا ہوں، چور ہمیں لوٹیں، ڈاکو گھر خالی کر جائیں، فوج اور پولیس ان کی حفاظت کرے۔ امریکی اس قوم کے بچوں پر ڈرون سے میزائل برسائیں، بھرے بازاروں میں لہو بہائیں اور یہ فوج و پولیس ان کی حفاظت کرے اور ڈالر لے، ان کو حفاظتی حصار میں لے کر باعزت طریقے سے ان کے گھروں کو روانہ کرے، لاشیں ہماری گریں، اقتدار ان کو ملے، چولہے ہمارے بجھیں، ان کے صرف ایک کچن پر چھبیس کروڑ خرچ ہوں، عوام کے گھروں میں اندھیرا ہی اندھیرا...... ان کے محلات ایسے روشن کہ غریبوں کی آنکھیں ہی چندھیا جائیں...... عوام سے ان کی جھونپڑی بھی چھیننا چاہتے ہیں اور اپنے بچوں کے لیے ہر بڑے شہر میں ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کے نام پر محلّات...... یہ سب ایک ہی ٹولہ ہے...... سب ایک دوسرے کے محافظ...... فوج سیاست دانوں کی، سیاست دان فوج کے...... بیوروکریسی اور عدلیہ...... اور جمہوریت ان سب کی......

اے پروردگار! یہ ظاہراً آپس میں لڑتے ہیں لیکن عوام کو لوٹنے پر سب کا اتفاق ہے۔ تھانوں میں عوام لٹے...... عدالتوں کچہریوں میں عوام رسوا ہو...... پٹواری ڈاکے ڈالیں...... بجلی والے بل کی صورت میں دستی بم گھر میں پھینک کر چلے جائیں...... گیس والے گیس دیتے نہیں لیکن حکمران طبقے کے گھروں کا بل بھی عوام ہی سے وصول کرتے ہیں...... بینکوں نے گھروں سے اور عورتوں کو زیور تک سے محروم کر دیا...... یہ طبقہ وہ ہے جو زلزلہ و سیلاب کے متاثرین کے لیے آنے والی امداد بھی خود ہی کھا جاتا ہے......

کیا پرانے چہروں کے چلے جانے اور نئے چہروں کے آجانے سے عوام کے دکھ درد ختم ہو جائیں گے؟ کیا وہ بیوروکریسی جس کے منہ کو مسلمانوں کا خون لگ گیا ہے، باز آجائے گی؟ کیا فوجی اشرافیہ، جرنیل جنھوں نے ہر بڑے شہر میں اپنی سو نسلوں تک کے لیے محلّات بنا رکھے ہیں وہ اس سب سے دست بردار ہو جائیں گے؟ کیا یہ سیاست دان جو ایک دوسرے کے رشتے دار، داماد، سالے، بہنوئی ہیں، یوں ہی اس عوام کی جان چھوڑ دیں گے؟

ہر گز نہیں...... ہر گز نہیں۔ اصل خرابی کی جڑ نظام ہے۔ اس نظام کے رہتے ہوئے کوئی داڑھی والا بھی اگر ملک کا اقتدار حاصل کر لے تب بھی ہمارے مسائل حل نہیں ہوں گے کیونکہ یہ نظام عالمی ابلیسی نظام سے جڑا ہے جہاں سے اس کو زندہ رہنے کے لیے امداد کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو بھی آئے گا وہ اسی نظام کا بندہ بنے گا...... شراب کے پرمٹ بٹتے رہیں گے......رشوت ترقی کرے گی...... جمہوریت کے بندے اللہ سے جنگ یعنی سودی کاروبار جاری رکھیں گے......اس کی حفاظت کے لیے ریاستی ادارے چاق وچوبند رہیں گے......

ہمیں نئے چہروں نئے مہروں کی ضرورت نہیں ہے...... یہ ہمارے بچوں کا پیٹ نہیں بھر سکتے...... یاد رکھو! جنھوں نے بچپن سے کبھی فاقے کی تکلیف برداشت نہ کی ہو وہ تمہارے فاقوں کے درد کو محسوس نہیں کر سکتے...... جن کا اپنا دل کبھی ٹوٹا ہی نہ ہو وہ تمہارے بچوں کے دل ٹوٹنے کا احساس کیسے کر سکتے ہیں؟ یہ آکسفورڈ و امریکہ سے پڑھ کر آنے والی حکمران طبقوں کی اولادیں...... یہ وہاں اس دنیا کو رنگین بنانے کے ہنر سیکھ کر آتے ہیں...... بچپن ہی سے اس ماحول میں گندگی، شراب و شباب نے ان کی انسانی شرافت، اخلاقی اقدار، دینی غیرت، حتیٰ کہ رشتوں کے تقدس کو ختم کر دیا ہوتا ہے...... یہ صرف خواہشات کے غلام ہوتے ہیں، خواہ اس کے لیے انھیں

کچھ بھی کرنا پڑے...... یہ سوداگر ہوتے ہیں ہر اس چیز کے جس کی منڈی میں قیمت لگ سکتی ہو......۔

لہٰذا ہر ایک کو یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ نئے چہرے اور نئے نعرے آ جانے سے اس ملک کی تقدیر نہیں بدلے گی۔ بلکہ اگر کوئی نیا چہرہ اسی نظام کی بات کرتا ہے تو سمجھ لو کہ وہ نیا ڈاکو ہے جس کو امریکہ نے اس عوام کو مزید لوٹنے کے لیے پرمٹ جاری کیا ہے۔ کیونکہ مہنگائی و بے روزگاری کا تعلق بین الاقوامی ابلیسی نظام کے ہاتھ میں ہے جس نے پوری امتِ مسلمہ کو اپنے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے۔ آئی ایم ایف، عالمی بینک اور ان کا مسلط کیا ہوا یہ موجودہ نظام...... امریکہ، اقوامِ متحدہ اور ان کا بدمعاشی سے مسلط کیا ہوا یہ نظام اصل خرابی کی جڑ ہے...... ہمارے وسائل پر ان کا قبضہ ہے...... محنت ہماری فائدہ ان کا...... زمینیں ہماری فصلیں ان کی ہیں......

اصل خرابی نظام کی ہے۔ یہ نظام تمہارا دشمن ہے...... تمہارے دین کا دشمن...... تمہارے بچوں کا دشمن...... نئے چہرے اور خوب صورت نعرے دیکھ کر دھوکہ نہ کھانا۔

یہ سب وہ تحفے ہیں جو اس نظام نے دیئے ہیں جس میں دو فیصد اقلیتی طبقہ حکمرانی کرتا ہے۔ یہی وہ جمہوریت کا انتقام ہے جو عالمی ساہوکار قوتیں (ملٹی نیشنلز) اپنے دو دشمنوں (رومن کیتھولک عیسائی اور مسلمان) سے لے رہی ہیں۔ اور یہ انتقام اس وقت تک چلتا رہے گا جب تک انسانیت اس شیطانی نظام سے بغاوت کر کے اللہ کے بنائے نظامِ حکومت (خلافت) کے سائے میں پناہ نہیں لے لیتی۔

جمہوریت ایک ایسا سراب ہے جس کو پانی سمجھ کر پیاسا اس کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے لیکن پانی ہوتو ہاتھ آئے۔ یہ وہ تاریک بھول بھلیاں ہیں جس میں داخل ہونے کے بعد انسان منزل ہی نہیں راہ بھی گم کر بیٹھتا ہے۔

آج انسانیت اپنی راہ ہی گم کر بیٹھی ہے، اور اس وقت تک سیدھی راہ پر نہیں آ سکتی جب تک کہ خلافت کے نور سے اپنے راستوں کو روشن نہ کر لے۔ اس وقت عالمِ انسانیت کو اگر کوئی اندھیروں، تاریکیوں اور ان غاروں سے نکال سکتا ہے تو وہ اللہ کا بھیجا ہوا نظام ہے...... قرآن و سنت کا نظام...... یہ نظامِ خلافت ہے...... صرف اللہ کا بھیجا ہوا نظام جو فرشتوں کے سردار انبیاء کے سردار کے پاس لے کر آئے...... باقی سب دجل، جھوٹ و فریب ہے۔

ہمیں ایک ایسا نظام چاہیے جو ذخیرہ اندوزی کو حرام قرار دیتا ہو...... ایسا نظام جس میں امیر و غریب، حاکم و عوام، سب کے ساتھ انصاف کا معاملہ کیا جاتا ہو...... ایسا نظام جس میں حاکم بادشاہ

نہ ہو بلکہ عوام کا خادم ہو...... جس کے جسم پر لاکھوں کی کوٹ پتلون نہیں بلکہ پیوند لگے کپڑے ہوں...... جو اپنی عوام سے نوالہ چھیننے کی بجائے اپنے پیٹ پر پتھر باندھ کر اپنی عوام کو کھلائے...... بیوہ و مساکین کے لیے اپنی کمر پر بوری لاد کر لے جائے اور اپنے ہاتھ سے کھانا تیار کرے...... جو راتوں کو شراب کے نشے میں دھت ہو کر قوم کا سودا نہ کرے بلکہ اپنی نیند قربان کر کے راتوں کو اس قوم کے لیے آہ و زاری کرے، فکر مند رہے کہ کہیں اس کی رعایا میں کوئی بھوکا تو نہیں سو گیا کہ قیامت کے دن اس کو پکڑ لیا جائے......

سو اٹھو! اب ہمیں اس نظام کو اکھاڑ پھینکنا ہو گا۔ خالی مظاہروں اور دھرنوں سے ان خونخواروں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا...... مع بچوں کے خودکشیاں بھی ان کے دل کو نرم نہیں کر سکتیں......اٹھو اور اس آگ کو ان کے محلات تک پہنچا دو جو انہوں نے تمہارے سینوں میں سلگائی ہے......

اے میری قوم کے جوانو! کب تک اپنی ہی آگ میں خود کو اور اپنی جوانی کو جلاتے رہو گے؟ گھروں سے نکلو...... مدرسوں اور اسکول کالج سے باہر آؤ اور اس نظام کے ذرے ذرے کو بھسم کر کے رکھ دو...... ان امریکی و بھارتی ایجنٹوں سے آزادی حاصل کرنے کا یہ بہترین موقع ہے...... احیائے خلافت...... خلافت کا قیام جو اس امت پر صرف مستحب یا سنت نہیں بلکہ فرض ہے...... بغیر خلافت کے یہ امت یتیم ہے......

www.besturdubooks.wordpress.com

پانچواں باب

اسلامی نظام کے لیے مسلح جدوجہد

جمہوریت یا "مجلسِ شوریٰ" نہیں...... صرف خلافتِ اسلامیہ

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار

لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

ہماری اس بحث سے کوئی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ ہمیں صرف لفظِ جمہوریت سے چڑ ہے۔ اس کے علاوہ اسی نظام میں معمولی رد و بدل کر کے ایک نیا نظام ملک میں رائج کر دیا جائے جس کی ظاہری اصطلاحات اسلامی ہوں، تو ہم اس کو قبول کر لیں گے۔ ایسا سمجھنا غلطی ہے۔ کوئی بھی ایسا نظام جس میں محمد ﷺ کی لائی شریعت کو بلا چوں چراں آئین تسلیم نہ کیا جائے، عدالتوں کا مأخذ و مرجع (Authority) قرآن و سنت کو نہ قرار دیا جائے (حتیٰ کہ ہم ان پرانی اسلامی اصطلاحات سے بھی دست بردار نہیں ہوں گے جو سلفِ صالحین کے دور میں رائج تھیں) تو ایسے ہر نظام کا یہی حکم ہے جو جمہوریت کا ہے۔ چنانچہ اس جمہوری پارلیمان کا نام بدل کر اگر "اسلامی مجلسِ شوریٰ"[108] رکھ دیا گیا، آئین میں کچھ اسلامی دفعات کا مزید اضافہ کر دیا گیا اور ملک کا سربراہ کسی داڑھی رکھے شخص کو بنا دیا گیا، تو ایسے نظام کا حکم بھی وہی ہے جو جمہوریت کا ہے، اور اس نظام کو چلانے والا باریش شخص بھی اسی جدید بت کا متولی و مجاور ہو گا بلکہ داڑھی منڈھے سے زیادہ خطرناک ہو گا۔

سو جاننا چاہیے کہ صراطِ مستقیم ایک ہی ہے۔ دنیا میں نافذ ہونے کے قابل صرف ایک نظام ہے...... اسلام کا نظام...... اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿إن الدين عند الله الإسلام﴾ اسلام کے نظام کے مقابلے میں ہر نظام باطل ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے نظامِ خلافت کی بنیادیں قائم فرمائیں اور امت نے صدیوں اپنے خون پسینے سے اس کا دفاع کیا۔

---

108 افسوس کہ ضیاء نے 'مجلسِ شوریٰ' کی شرعی اصطلاح کو بھی رسوا کرنے کے لیے اس غلیظ پارلیمان کو مجلسِ شوریٰ کا نام دے دیا۔ یہاں اسی اصطلاح کا رد مقصود ہے، ورنہ خود شوریٰ و مشاورت تو اسلامی سیاسی نظام کے اساسی اصولوں میں سے ہے۔

اہلِ سنت والجماعت کا اس بات پر اجماع ہے کہ دنیا میں خلافت قائم کرنا اس امت پر فرض ہے۔ اگر امت کے اہل الرائے (علماء اور قوم کے صالح بڑے) یہ فرض ادا نہیں کرتے تو پھر ساری امت گناہ گار ہوتی ہے۔ جمہوریت کی غلامی سے پہلے کوئی مسلمان اس بات کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ یہ امت بغیر خلافت کے بھی زندہ رہ سکتی ہے۔ خلافت کس قدر فرض ہے، اس کی اہمیت کا اندازہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اس مبارک عمل سے لگایا جا سکتا ہے جو صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کے وصال کے بعد کیا۔ آپ ﷺ کے جسدِ مبارک کی تدفین کو تین دن تک اس لیے مؤخر کیا گیا کہ تمام صحابہ خلیفہ کے انتخاب کے لیے مدینہ منورہ کے ایک محلے (سقیفہ بنی ساعدہ) میں مشورہ کر رہے تھے۔ جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر سب کا اتفاق ہو گیا تو اس کے بعد آپ ﷺ کی تدفین کی گئی۔

ظاہر ہے کہ خلافت کی یہ اہمیت صحابہ رضی اللہ عنہم نے نبی کریم ﷺ سے ہی سیکھی تھی۔ اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین نے خلافت کے بغیر اتنی دیر بھی زندہ رہنا گوارا نہیں کیا کہ پہلے آپ ﷺ کی تدفین کر لی جاتی۔

اس لیے سلفِ صالحین نے خلیفہ کے انتخاب میں جس تاخیر کی گنجائش دی ہے وہ تین دن کی مہلت ہے۔ اگر ان تین دن میں خلیفہ مقرر نہ ہوا تو پھر خلافت کا قیام امت کے ہر فرد پر فرضِ عین ہو جائے گا جیسا کہ نماز، روزہ۔ اس کو چھوڑنے کی صورت میں پوری امت گناہ گار ہو گی، کیونکہ خلافت کے فرضِ کفایہ ہونے پر تمام امت کا اجماع ہے اور یہ بھی اہلِ علم کو معلوم ہے کہ اگر فرضِ کفایہ کو مقررہ مدت (تین دن) تک ادا نہ کیا جائے تو وہ فرضِ عین ہو جاتا ہے، یعنی اب اس کو قائم کرنا امت کے ہر عاقل بالغ پر فرض ہو جاتا ہے۔

خلافت کے بغیر زندگی گزارنا کیسا ہے؟ نبی کریم ﷺ کی یہ احادیث اس کو بیان کر رہی ہیں:

"...وَمَنْ مَاتَ وَلَيْسَ فِي عُنُقِهِ بَيْعَةٌ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً"۔

"...جو اس حال میں مرا کہ وہ خلیفہ کی بیعت میں نہ ہو تو وہ جاہلیت کی موت مرا"۔[109]

---

[109] الصحيح لمسلم؛ الجزء٩، كتاب الإمارة، بَاب وُجُوبِ مُلَازَمَةِ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِينَ عِنْدَ ظُهُورِ الْفِتَنِ وَفِي كُلِّ حَالٍ وَتَحْرِيمِ الْخُرُوجِ عَلَى الطَّاعَةِ وَمُفَارَقَةِ الْجَمَاعَةِ

"من مات وليس عليه إمام مات ميتة جاهلية"۔

"جو اس حال میں مرا کہ اس پر کوئی امام (خلیفہ) نہ ہو وہ جاہلیت کی موت مرا"۔[110]

"من خرج من الطاعة وفارق الجماعة فمات ميتة جاهلية..."۔

"جو جماعت اور اسلام سے الگ ہوا اور اسی حالت میں مرا تو جاہلیت کی موت مرا"۔[111]

یہ احادیث بتا رہی ہیں کہ بغیر خلافت کے زندگی گزارنا کیسا ہے۔ باقی، خلافت کو بیان کرنے کا یہاں موقع نہیں چنانچہ اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔

خلافت (نفاذِ شریعت) کے لیے مسلح جدوجہد

لوگوں کا ایک گروہ ایسا ہے جو زور و شور سے یہ کہتا ہے کہ یہاں نفاذِ شریعت کے لیے اسلحہ اٹھانا مناسب نہیں ہے (ہر جگہ کے سرکاری لوگ اپنے ملک کے بارے میں یہی کہتے ہیں حتیٰ کہ بھارت کے سرکاری علماء ہندو تک کے خلاف ہتھیار اٹھانے کو حرام قرار دیتے ہیں)۔ آئین (طاغوت) کے تحت پرامن جدوجہد کے ذریعے ہی یہاں اسلام نافذ ہو سکتا ہے۔ بلکہ بعض تو یہاں تک کہتے ہیں کہ اس "مقدس" نظام کے خلاف اپنے دفاع میں بھی اسلحہ اٹھانا جائز نہیں ہے۔ حالانکہ اس دعوے پر ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔

سب سے پہلے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ نفاذِ شریعت کے لیے مسلح جدوجہد کو شریعت میں کس نام سے جانا جاتا ہے؟ قرآن و حدیث اور کتبِ فقہ کی عبارات دیکھنے سے بآسانی یہ پتہ چلتا ہے کہ نفاذِ شریعت کے لیے مسلح جدوجہد کو شریعت میں "قتال فی سبیل اللہ" کہا جاتا ہے۔ معمولی علم رکھنے والے کو بھی اس پر کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہے۔

ائمۂ اربعہ اور تمام سلفِ صالحین کا اس بات پر اجماع ہے کہ قتال فی سبیل اللہ اس امت پر فرض ہے۔ اور فرض کا منکر دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

---

[110] السنة لابن أبي عاصم؛ الجزء۳، باب في ذكر السمع والطاعة، مسند أبي يعلى؛ حديث رقم ۷۳۷۴

[111] الصحيح لمسلم؛ الجزء۹، كتاب الإمارة، بَاب وُجُوبِ مُلَازَمَةِ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِينَ عِنْدَ ظُهُورِ الْفِتَنِ وَفِي كُلِّ حَالٍ وَتَحْرِيمِ الْخُرُوجِ عَلَى الطَّاعَةِ وَمُفَارَقَةِ الْجَمَاعَةِ

اب آپ سوچیے کہ یہ جملہ کون بول سکتا ہے کہ ''نفاذِ شریعت کے لیے مسلح جدوجہد کو ہم جائز نہیں سمجھتے''؟ قرآنِ کریم کی ایک آیت نہیں بلکہ پورا کا پورا قرآن اپنے ماننے والوں کو دعوت ہی اس بات کی دیتا ہے کہ وہ عبادت میں اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ اور یہ بات اہلِ علم سے پوشیدہ نہیں کہ تنہا اللہ کی عبادت، بغیر اللہ کے قانون کے غلبے کے ہو ہی نہیں سکتی۔ نیز یہ بات بھی ہر عقل مند مسلمان سمجھ سکتا ہے کہ جب تک ابلیس کے نظام کا غلبہ اور طاقت موجود ہے، وہ اللہ کے نظام کو نافذ نہیں ہونے دیں گے، کیونکہ اس میں ان کی بے لگام خواہشات کی موت ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس نفاذِ شریعت کے لیے قتال کو فرض قرار دیا۔ جی ہاں! مستحب یا صرف سنت نہیں (اگرچہ کسی بھی سچے عاشقِ رسول کے لیے تو سنت ہونا بھی کافی تھا) بلکہ فرض قرار دیا۔ فرمایا:

﴿وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ...﴾ (الأنفال:39)

''اور تم ان کافروں سے قتال کرو اس وقت تک جب تک کہ کفر کا غلبہ نہ ٹوٹ جائے اور مکمل نظام اللہ کا نہ ہو جائے......''۔

نبی کریم ﷺ نے نفاذِ شریعت کے لیے قتال کی اہمیت کو یوں بیان فرمایا:

''أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ...''۔

''مجھے حکم کیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک قتال کروں جب تک کہ وہ لا الٰہ (کے نظام کی بالادستی) کا اقرار نہ کر لیں...''۔[112]

سوائے اللہ کے بندو! جمہوریت میں کامیابی کے لیے اپنی زبانوں سے اتنا بھاری جملہ کیوں بولتے ہو جو اگر دنیا بھر کے سمندروں پر ڈال دیا جائے تو اس کو بھی گدلا کر دے اور اگر پہاڑوں پہ رکھ دیا جائے تو وہ بھی اللہ کے عذاب کے خوف سے دہل جائیں۔ انصاف سے اس جملے کے معنیٰ اور اس کے حکم کے بارے میں اہلِ علم سے دریافت تو کیجیے کہ ''نفاذِ شریعت کے لیے قتال (یعنی مسلح جدوجہد) کو ہم جائز نہیں سمجھتے، یا ہم اس کا عقیدہ نہیں رکھتے''۔

---

[112] صحيح البخاري؛ الجزء ١٠،كِتَاب الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ، بَاب دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ إِلَى الْإِسْلَامِ وَالنُّبُوَّةِ...، صحيح مسلم؛ الجزء،كِتَاب الْإِيمَانِ،بَاب الْأَمْرِ بِقِتَالِ النَّاسِ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ...

اب آیئے دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے بارے میں فقہائے احناف کے سرخیل امام ابو بکر جصاص رحمہ اللہ کیا فرماتے ہیں:

"...وَالَّذِي يَدُلُّ عَلَى أَنَّ هَذَا الْحُكْمَ غَيْرُ ثَابِتٍ فِي شَرِيعَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَّ الْوَاجِبَ عَلَى مَنْ قَصَدَهُ إنْسَانٌ بِالْقَتْلِ أَنَّ عَلَيْهِ قَتْلَهُ إذَا أَمْكَنَهُ..."۔

"...اور جو اس بات پر دلالت کر رہی ہے کہ دفاع نہ کرنے کا حکم نبی ﷺ کی شریعت میں ثابت نہیں ہے، اور واجب یہ ہے کہ جس مسلمان کو کوئی قتل کرنے کا ارادہ کرے تو قتل کا ارادہ کرنے والے کو قتل کرنا (یعنی اپنا دفاع کرنا) ضروری ہے۔ اگر اس کے لیے یہ ممکن ہو..."۔[113]

آگے چل کر فرماتے ہیں:

"وَيَدُلُّ عَلَيْهِ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: {مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذَاكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ} فَأَمَرَ بِتَغْيِيرِ الْمُنْكَرِ بِالْيَدِ، وَإِذَا لَمْ يُمْكِنْ تَغْيِيرُهُ إلَّا بِقَتْلِهِ فَعَلَيْهِ أَنْ يَقْتُلَهُ بِمُقْتَضَى ظَاهِرِ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ......وَذَهَبَ قَوْمٌ مِنْ الْحَشَوِيَّةِ إلَى أَنَّ عَلَى مَنْ قَصَدَهُ إنْسَانٌ بِالْقَتْلِ أَنْ لَا يُقَاتِلَهُ وَلَا يَدْفَعَهُ عَنْ نَفْسِهِ حَتَّى يَقْتُلَهُ ...... (إلى قوله) وَلَوْ كَانَ الْأَمْرُ فِي ذَلِكَ عَلَى مَا ذَهَبَتْ إلَيْهِ هَذِهِ الطَّائِفَةُ مِنْ حَظْرِ قَتْلِ مَنْ قَصَدَ قَتْلَ غَيْرِهِ ظُلْمًا وَالْإِمْسَاكُ عَنْهُ حَتَّى يَقْتُلَ مَنْ يُرِيدُ قَتْلَهُ، لَوَجَبَ مِثْلُهُ فِي سَائِرِ الْمَحْظُورَاتِ إذَا أَرَادَ الْفَاجِرُ ارْتِكَابَهَا مِنْ الزِّنَا وَأَخْذِ الْمَالِ أَنْ نُمْسِكَ عَنْهُ حَتَّى يَفْعَلَهَا، فَيَكُونَ فِي ذَلِكَ تَرْكُ الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنْ الْمُنْكَرِ وَاسْتِيلَاءِ الْفُجَّارِ وَغَلَبَةِ الْفُسَّاقِ وَالظَّلَمَةِ وَمَحْوِ آثَارِ الشَّرِيعَةِ؛ وَمَا أَعْلَمُ مَقَالَةً أَعْظَمَ ضَرَرًا عَلَى الْإِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِينَ مِنْ هَذِهِ الْمَقَالَةِ. وَلَعَمْرِي إنَّهَا أَدَّتْ إلَى غَلَبَةِ الْفُسَّاقِ عَلَى أُمُورِ الْمُسْلِمِينَ وَاسْتِيلَائِهِمْ عَلَى بُلْدَانِهِمْ حَتَّى تَحَكَّمُوا فَحَكَمُوا فِيهَا بِغَيْرِ حُكْمِ اللَّهِ، وَقَدْ جَرَّ ذَلِكَ ذَهَابَ الثُّغُورِ وَغَلَبَةَ

[113] أحكام القرآن للجصاص؛ الجزء ۵، باب القيام بالشهادة والعدل

الْعَدُوِّ حِينَ رَكَنَ النَّاسُ إِلَى هَذِهِ الْمَقَالَةِ فِي تَرْكِ قِتَالِ الْفِئَةِ الْبَاغِيَةِ وَالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنْ الْمُنْكَرِ وَالْإِنْكَارِ عَلَى الْوُلَاةِ وَالْجُوَارِ وَاَللَّهُ الْمُسْتَعَانُ".

"اور اس پر نبی کریم ﷺ کی یہ حدیث دلیل ہے جو حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے جو کوئی کسی برائی کو دیکھے اس کو چاہیے کہ وہ ہاتھ سے روک دے، اگر ہاتھ سے روکنے کی طاقت نہیں رکھتا تو زبان سے روک دے، اور اگر زبان سے روکنے کی بھی طاقت نہیں رکھتا تو پھر دل سے برا جانے اور یہ درجہ ایمان کا ادنی درجہ ہے"۔ چنانچہ آپ ﷺ نے برائی کو ہاتھ سے روکنے کا حکم فرمایا ہے، اور جب برائی کو روکنا صرف قتل ہی سے ممکن ہو تو اس روکنے والے پر قتل کرنا ضروری ہے، حدیث کا ظاہر اسی مفہوم کا تقاضا کر رہا ہے۔ ......اور حشویہ فرقے کا مذہب یہ ہے کہ اگر کسی انسان کو کوئی قتل کرنے کا ارادہ کرے، تو وہ نہ اس قاتل سے جنگ کرے اور نہ اپنا دفاع کرے، بلکہ یوں ہی قتل ہو جائے۔ اگر معاملہ یوں ہی ہو جیسا کہ اس فرقے کا مذہب ہے، کہ کوئی شخص بغیر دفاع کے قتل ہو جائے، تو پھر یہ معاملہ تو تمام ممنوعہ امور میں جاری ہو گا، کہ جب کوئی فاجر زنا کرنا چاہے، یا مال لوٹنا چاہے تو ہم اس کو ایسا کرنے دیں۔ اس طرح تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ترک ہی ہو جائے گا، فجار و فساق اور ظالم لوگ غالب آ جائیں گے اور شریعت کا نام و نشان مٹ جائے گا۔ میرے علم میں اسلام اور مسلمانوں کے لیے اس سے بڑا نقصان دہ جملہ کوئی نہیں ہے۔ بخدا! اس جملہ نے مسلمانوں کے معاملات پر اور ان کے شہروں پر فاسقوں کا قبضہ کروا دیا، یہاں تک کہ فساق حاکم بن گئے، سو انہوں نے اللہ کے قانون کے علاوہ سے فیصلے کیے اور اس جملے کی وجہ سے اسلامی سرحدیں پامال ہوئیں اور دشمن کا غلبہ ہوا......"۔[114]

نیز امام جصاص رحمہ اللہ نے یہ بھی فرمایا:

"وَإِزَالَتُهُ [أي المنكر] بِالْيَدِ تَكُونُ عَلَى وُجُوهٍ: مِنْهَا أَنْ لَا يُمْكِنَهُ إزَالَتُهُ إلَّا بِالسَّيْفِ، وَأَنْ يَأْتِيَ عَلَى نَفْسِ فَاعِلِ الْمُنْكَرِ فَعَلَيْهِ أَنْ يَفْعَلَ ذَلِكَ.

[114] ایضاً

كَمَنْ رَأَى رَجُلًا قَصَدَهُ أَوْ قَصَدَ غَيْرَهُ بِقَتْلِهِ أَوْ بِأَخْذِ مَالٍ أَوْ قَصَدَ الزِّنَا بِامْرَأَةٍ أَوْ نَحْوِ ذَلِكَ، وَعَلِمَ أَنَّهُ لَا يَنْتَهِي إِنْ أَنْكَرَهُ بِالْقَوْلِ أَوْ قَاتَلَهُ بِمَا دُونَ السِّلَاحِ فَعَلَيْهِ أَنْ يَقْتُلَهُ؛ لِقَوْلِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: {مَنْ رَأَى مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ}، فَإِذَا لَمْ يُمْكِنْهُ تَغْيِيرُهُ بِيَدِهِ إِلَّا بِقَتْلِ الْمُقِيمِ عَلَى هَذَا الْمُنْكَرِ فَعَلَيْهِ أَنْ يَقْتُلَهُ فَرْضًا عَلَيْهِ ”۔

”کسی برائی کو ہاتھ سے روکنے کی کئی صورتیں ہوسکتی ہیں۔ ایک یہ کہ برائی کو تلوار (اسلحہ) کے بغیر روکنا ناممکن ہو۔ اگر کوئی برائی کرنے والے کے پاس (اسی برائی کے ارتکاب کی حالت میں) آئے تو اس پر لازم ہے کہ وہ اس کو تلوار سے روکے۔ جیسا کہ وہ شخص جس نے کسی انسان کو دیکھا کہ وہ اس کو یا کسی اور کو قتل کرنے والا ہے، یا اس کا مال لوٹنے والا ہے، یا کسی عورت سے زنا کر رہا ہے، اور اس شخص کو یہ بات معلوم ہے کہ اس نے اس کو اگر زبان سے روکا تو یہ باز نہیں آئے گا، یا نہتے لڑائی کی تو بھی باز نہیں آئے گا، چنانچہ ایسی صورت میں اس پر لازم ہے کہ یہ اس برائی کرنے والے کو قتل کر دے، کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”تم میں سے جو کوئی برائی ہوتی دیکھے اس کو چاہیے کہ وہ اس برائی کو ہاتھ سے روک دے“۔ لہٰذا جب برائی کو ہاتھ سے روکنا صرف اسی صورت میں ممکن ہو کہ اس برائی کرنے والے کو قتل کیا جائے، تو اس (دیکھنے والے) پر فرض ہے کہ وہ اس کو قتل کر دے“۔[115]

آگے چل کر فرماتے ہیں:

”وَلَمْ يَدْفَعْ أَحَدٌ مِنْ عُلَمَاءِ الْأُمَّةِ وَفُقَهَائِهَا سَلَفِهِمْ وَخَلَفِهِمْ وُجُوبَ ذَلِكَ [الدفاع] إِلَّا قَوْمٌ مِنَ الْحَشْوِ وَجُهَّالِ أَصْحَابِ الْحَدِيثِ، فَإِنَّهُمْ أَنْكَرُوا قِتَالَ الْفِئَةِ الْبَاغِيَةِ وَالْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ بِالسِّلَاحِ، وَسَمُّوا الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ فِتْنَةً إِذَا احْتِيجَ فِيهِ إِلَى حَمْلِ السِّلَاحِ وَقِتَالِ الْفِئَةِ الْبَاغِيَةِ ،....“۔

”اس امت کے سلفِ صالحین، علماء اور فقہاء میں سے کسی نے بھی اس (دفاع) کے وجوب کا انکار نہیں کیا ہے، سوائے فرقۂ حشویہ اور بعض جہال اصحابِ حدیث کے...... بے شک

---

[115] أحكام القرآن للجصاص؛ الجزء ٣، باب فرض الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر

انھوں نے باغی جماعت سے قتال کا انکار کیا ہے اور مسلح امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا انکار کیا ہے؛ اور انھوں نے ایسے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو فتنہ قرار دیا ہے جس میں اسلحہ کا استعمال کیا جائے......"۔[116]

اسی صفحہ پر آگے چل کر فرماتے ہیں:

"...لِأَنَّهُمْ أَقْعَدُوا النَّاسَ عَنْ قِتَالِ الْفِئَةِ الْبَاغِيَةِ وَعَنْ الْإِنْكَارِ عَلَى السُّلْطَانِ الظُّلْمَ وَالْجَوْرَ . حَتَّى أَدَّى ذَلِكَ إِلَى تَغَلُّبِ الْفُجَّارِ بَلْ الْمَجُوسِ، وَأَعْدَاءِ الْإِسْلَامِ حَتَّى ذَهَبَتْ الثُّغُورُ وَشَاعَ الظُّلْمُ وَخَرِبَتْ الْبِلَادُ وَذَهَبَ الدِّينُ وَالدُّنْيَا وَظَهَرَتْ الزَّنْدَقَةُ وَالْغُلُوُّ وَمَذَاهِبُ الثَّنَوِيَّةِ وَالْخُرَّمِيَّةِ وَالْمَزْدَكِيَّةِ وَالَّذِي جَلَبَ ذَلِكَ كُلَّهُ عَلَيْهِمْ تَرْكُ الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنْ الْمُنْكَرِ وَالْإِنْكَارِ عَلَى السُّلْطَانِ الْجَائِرِ..."۔

"کیونکہ انھوں (حشویہ اور جہال) نے لوگوں کو (ایسی باتیں سنا کر کہ برائی کو روکنے کے لیے طاقت کا استعمال جائز نہیں، پر امن جدوجہد کے ذریعہ ہمیں یہ کام کرنا ہے) اسلام کے باغیوں سے قتال کرنے اور حاکم کے ظلم وجور کے خلاف کھڑے ہونے سے بٹھا دیا، جس کا نتیجہ فاجر، مجوس اور دشمنانِ اسلام (اس دور میں زندیق شیعہ، قادیانی، آغاخانی وغیرہ) کے غالب آ جانے کی صورت میں نکلا۔ یہ سلسلہ یہاں تک پہنچا کہ اسلامی سرحدیں سمٹنے لگیں، ظلم عام ہو گیا، اسلامی ممالک تباہ ہو گئے، اور دین و دنیا جاتے رہے۔ زنادقہ (جیسا کہ شیعہ، قادیانی، آغاخانی، سیکولر اور وہ جو کھلے عام حدود اللہ اور جہاد کا انکار کرتے ہیں)، غالی شیعہ اور ثنویہ، خرمیہ، مزدکیہ طاقت میں آ گئے۔ اور یہ سب کچھ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر چھوڑنے اور ظالم حاکم کے خلاف نہ اٹھ کھڑے ہونے کی وجہ سے ہوا......"۔[117]

آج امام ابو بکر جصاص رحمہ اللہ ہمارے اس دور کے حشویہ کو دیکھتے جو منبر و محراب پہ کھڑے ہو کر قادیانیت کی تبلیغ کرتے ہیں، دعوے کرتے ہیں اور فقہ حنفی سے دلائل دیتے ہیں کہ اس ملک

---

[116] أيضاً

[117] أيضا

میں (خواہ یہ طبقہ بھارت میں ہو، امریکہ و برطانیہ میں یا اسرائیل ہی میں کیوں نہ ہو) ہم ہر طرح کی مسلح جدوجہد کے خلاف ہیں۔ جب یہاں اسلامی پولیس، اسلامی فوج اور اسلامی عدالتیں موجود ہیں تو کسی کو کیا ضرورت ہے کہ قانون اپنے ہاتھ میں لے اور ڈنڈے لے کر سڑکوں پر نکل آئے؟ کسی کو کیا ضرورت ہے کہ زنا کرنے والے کو، فاحشہ عورتوں کو طاقت کے ذریعے روکے؟ کسی کو کیا حق ہے کہ اپنی یا کسی اور کی عزت پر حملہ آور ہوتی فوج اور پولیس کا مقابلہ کرے؟ کسی کے لیے یہ جائز نہیں خواہ ان کی بستیوں کو احمد آباد و سورت بنادیا جائے، ان کی مساجد کو رام مندر میں تبدیل کردیا جائے، سوات و باجوڑ بنادیا جائے یا ان کے بازاروں اور کاروبار کو اور کرنزئی اور وزیرستان بنادیا جائے؟

سو تمام اہلِ سنت والجماعت کو جان لینا چاہیے کہ ایسے لوگ جو نفاذِ شریعت کے لیے مسلح جدوجہد کو ڈنڈے والا اسلام یا طالبان والا اسلام کہہ کر اس کا مذاق اڑاتے ہیں، اور طاقت کے استعمال کو جائز نہیں سمجھتے، یہ اہلِ سنت نہیں بلکہ حشویہ کا وہی فکری گروہ ہیں۔ یہی ہیں جن کی بدولت محمد ﷺ کی امت پر فساق وفجار، زانی اور شرابی، عصمتوں کو بیچنے والے، عورتوں کے سوداگر حکمران اور جرنیل غالب آئے ہیں۔ یہ حشویہ کا گروہ ہے بلکہ قادیانی کے پیروکار ہیں، لہٰذا ان کی بات نہیں ماننی چاہیے خواہ یہ ظاہراً جیسے بھی نظر آتے ہوں۔

آپ خود سوچیے! اگر ان کی بات مان لی جائے تو غیرت یہ کیسے گوارا کرے گی کہ کسی کی بہن، بیٹی یا بیوی کے ساتھ کوئی ظالم ظلم کررہا ہو اور یہ بے غیرت شخص اس کے سر پر کھڑا اس کی منتیں کررہا ہو کہ دیکھو میرے بھائی، یہ کام حرام ہے، اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے یہ گندا کام کرنے سے منع کیا ہے......؟ آپ سوچیے کہ روئے زمین پر اس سے بڑا بے غیرت اور بے شرم کوئی ہوسکتا ہے؟ اللہ کے رسول ﷺ نے سچ فرمایا:

> ”لوگوں کو پہلے نبیوں کے کلام سے جو باتیں ملی ہیں ان میں یہ بھی ہے کہ جب تم میں حیا نہ رہے تو جو دل چاہے کرو“۔[118]

---

[118] صحيح البخاري؛ الجزء ١١، كِتَاب أَحَادِيثِ الْأَنْبِيَاءِ، بَاب حَدِيثُ الْغَارِ

یہی نکتہ امام ابو بکر جصاصؒ نے اٹھایا ہے کہ اگر برائیوں سے روکنے کے لیے قوت کا استعمال چھوڑ دیا جائے تو پھر تمام برائیوں کے بارے میں یہی قانون ماننا پڑے گا کہ اس کے سامنے جو کچھ ہوتا رہے لیکن یہ ''پرامن امر بالمعروف اور نہی عن المنکر'' کی دعوت دیتا رہے۔

جب یہ ثابت ہو گیا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لیے اسلحہ اٹھانا فرض ہے جبکہ اس کے علاوہ کوئی اور صورت سے کام نہ بن رہا ہو، تو پھر جان لیجیے کہ دنیا میں سب سے بڑا منکر کفر ہے۔ چنانچہ اس کفر کو ختم کرنے کے لیے اور اس کا زور توڑنے کے لیے اسلحہ اٹھانا بھی فرض ہوا۔

چنانچہ عبد اللہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ جب وہ کافر تمہاری بات نہیں مانتے تو تم ان سے قتال کرتے ہو۔

تم بہترین امت ہو:

قرآنِ کریم نے امتِ محمدیہ ﷺ کی دیگر امتوں پر فضیلت کی یہی وجہ بیان فرمائی ہے۔ فرمایا:

﴿كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ...﴾ (آل عمران: 110)

''تم بہترین امت ہو جس کو لوگوں کے لیے نکالا گیا ہے، تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو......''۔

